ku klux klan, n. کوکلس کلان ؛ ایک خفیہ انجمن جو جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا میں خانہ جنگی کے بعد اس مقصد سے بنائی گئی کہ تشدّد اور دہشت گردی کے ذریعے سفید فام باشندوں کی برتری قائم کی جائے ؛ ۱۹۱۵ء میں بنایا گیا ایک خفیہ گروہ جو صرف سفید فام امریکی نژاد پروٹسٹنٹ فرقے کے باشندوں پر مشتمل تھا اور دُوسرے تمام گروہوں کا مخالف تھاخصوصاً حبشی ، یہودی اور کیتھولک کا ۔

Ku Kluxer, n. کوکلس کلان تنظیم کا رکن ۔

Ku Kluxism, n. کوکلس کلان تحریک یا نظریہ ۔

kulak, n. کولاک ؛ انیسویں صدی کا امیر رُوسی کاشتکار جو زمینوں کی اجتماعی کاشت سے متعلّق رُوسی پالیسی کا مخالف تھا ۔

Kultur, n. (من) کلچر ؛ ثقافت ؛ تہذیب خصوصاً دوسری عالمی جنگ میں جرمنوں کی خود ساختہ ثقافتی برتری ۔

kumiss, koumis, koumiss, koumyss, n. کومیس ؛ گھوڑی یا اونٹنی کا خمیر شُدہ دودھ جِسے ایشیائی خانہ بدوش بطور مشروب استعمال کرتے ہیں ؛ گائے کے دُودھ سے بنایا گیا اس طرح کا مشروب جسے خوراک یا دوائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

kummel, n. جرمنی اور رُوس میں بنائی جانے والی ایک شراب جسے زِیرے کی چاشنی دے کر خوشبودار بنایا جاتا ہے ۔

kumquat, cumquat, n. (نباتیات) لمبوترا گول نارنجی ترشاوا پھل جس کے ترش گُودے اور شیریں بَکّل سے مُربّہ تیار کیا جاتا ہے ؛ وہ درخت جس پر یہ پھل لگتا ہے ۔

kung fu, n. کُنگ فُو ؛ ذاتی مدافعت کی ایک مشرقی تکنیک اور کھیل

kunzite, n. کیلی فورنیا میں پائی جانے والی ایک ہلکی اودی شفاف معدنی شے جِسے جواہرات میں شمار کیا جاتا ہے ۔

kurrajong, currajong, bottle tree, n. (نباتیات) کراجنگ ؛ ایک آسٹریلوی درخت Brachychiton populneum جِسے خوبصورتی کے لیے لگایا جاتا ہےاور جو رسّے بنانےکے لیے مضبُوط ریشہ فراہم کرتا ہے ۔

kurtosis, n. (شُماریات) تعددی خم کے گرد چپٹا یا نوکیلا پن ؛ قلائیت ؛ قوسیّت ۔

kvass, quass, n. (روسی) ایک رُوسی خمیر شُدہ مشروب ، جو رائی ، جَو اور جو کے شیرہ کی آمیزش سے بنایا جاتا ہے ۔

kyack, n. کیاک ؛ خُرجی ؛ خُرجین ؛ زین کے رخ پر گھوڑے کے دونوں پہلوؤں سے لٹکائے جانے والے تھیلے ۔

kyak, n. دیکھیے: kyack ۔

kyanite, cyanite, n. (کان کنی) انعطاف کے لیے استعمال ہونے والا ایلومینو سیلیکیٹ عموماً نیلے بلور اور بلوری مجموعے میں ملنے والا ۔

kymogram, n. ترسیم موج ؛ کیمو گرام ؛ کیموگراف آلے کی مدد سے بنایا گیا اندراجی نقشہ ؛ موج نگارش ۔

kymograph, cymograph, n. (طب) موج نگار ؛ ایک آلہ جو نقشہ نُما صورت میں رفتار یا دباؤ کے تغیّرات کا اندراج کرتا ہے خصوصاً فشار خون کا ۔ (طیرانیات) ایک آلہ جو ہوائی جہاز کے اہتزازات کا نقشہ بناتا ہے ؛ نبض شُمار ۔

kymographic, a. فشار پیمایانہ ؛ کیموگرافِک ؛ کیمو گراف کی طرح کا ۔

kymography, n. فشار پیمائی ؛ رفتار یا دباؤ کی پیمایش ۔

Kymric, Cymric, n. کِیمری؛ ویلش زبان ۔ (صفت) کیمری سے متعلّق ۔

kyphosis, n. (امراضیات) کُب؛ حدبیت ؛ غیر فطری انداز میں ریڑھ کی ہڈّی کا پیچھے مُڑا ہونا (کمان کی طرح) ؛ کُبڑا پن ؛ سنام قوز ؛ کوز پُشتی ۔

kyphotic, a. کُبڑا ؛ ریڑھ کی ہڈّی کا غیر معمولی پیچھے کو جھکاؤ ؛ کُوز پشت ۔

kyte, kite, n (اسکاٹ لینڈ) معدہ ؛ پیٹ ؛ شکم ۔

kythe, v t , v i دیکھیے : Kithe ۔

L

L, l, n. انگریزی حُروف تہجّی کا بارھواں حرف اور نواں حرفِ صحیح ؛ اس حرف کی آواز یا تلفُّظ ؛ اس حرف کی صورت کی کوئی چیز (جیسے : A dining ell) ؛ اس حرف کی دوبارہ طباعت کے لیے طابع کا آلہ ؛ سِلسلے یا ترتیب میں بارھواں ؛ رومن اعداد میں ۵۰ کا ہندسہ ۔

L, L. l, l. (بڑے L سے) لاطینی (Latin) طُول بلد (Longitude) اور برطانوی پونڈ (L) یا (LBS) کی علامت ۔ (چھوٹے l سے) بائیں (left) ، لمبائی (length) ، لیرا (lire یا lira) اور لیٹر (liter یا liters) ۔

la, n. (موسیقی) بڑے سرگم کے چھٹے سُر کے لیے مستعمل رُکن ؛ پہلا سُر A ؛ کھرج ۔ نیز عنصر لینتھنم کی علامت ۔

la, interj. اظہارِ حیرت کا کلمہ ، جیسے دیکھو ! لو ! دیکھ لو !

lab, n. (بول چال) لیبارٹری ؛ معمّل ؛ تجربہ گاہ ؛ دارُالتجّربہ ۔

labarum, n (کلیسیات) وہ جھنڈا جس پر یسُوع مسیح کے لیے یُونانی کے ابتدائی دو حروف XP ، مسیحیت کے طُغرے کے طور پر ، لکھّے ہوتے تھے ۔

labdanum, ladanum, n. سیاہ رال ؛ قیر؛ وہ لاکھ یا رال جو گلاب کوہی سے حاصل کی جاتی ہے ، جس کا تعلق جنس ہڑموڑ (Cistus) سے ہے اور ادویہ ، عطریات اور بخورات میں استعمال ہوتی ہے ۔

labefaction, n. ضُعف یا زوال ، جیسے شہری حاکمیت یا مُقتدرہ کا ؛ تَزلزُل ؛ اِنحطاط ۔

label, n. چٹ ؛ پرچی ؛ طبلقی ؛ لیبل ؛ نشان ؛ کاغذ یا کسی اور مطبوعہ مواد کی پرچی جو کسی چیز پر اس کے مالک ، مشمولات یا نوعیت کے اظہار کے لیے لگائی جاتی ہے ؛ لفظ یا فقرہ جو اشخاص یا خیالات کے اظہـار یا شنـاخت کے لیے استعـمال کیا جائے ؛ ٹریڈ

مارک/تجارتی نشان یا برانڈ ـ (فنِ تعمیر) چھجّا یا کگر جو دروازوں یا کھڑکیوں پر بنی ہوتی ہے ـ (نقابت) ڈھال کی چوٹی پر آر پار بنا یا ہوا نقش جو سب سے بڑے بیٹے کی نشان دہی کرتا ہے ـ (فعل متعدی) پرچی یا چِٹ لگانا یا چسپاں کرنا ؛ شناخت کرنا، ظاہر کرنا یا پرچی کے ذریعے نام زد کرنا ؛ طبقہ بندی کرنا ؛ نام و نشان لِکھ کر چپکانا ؛ لیبل لگانا ؛ چِٹ لگانا ؛ نشان لگانا ؛ نام دینا ـ

labeler, labeller, n. چِٹ یا لیبل لگانے والا ، نامزد کرنے والا ، کسی طبقے میں شامل کرنے والا ؛ طبقہ بندی کرنے والا ـ

labellum, n. (نباتیات) لبِ خرطُوم ؛ لبہ ؛ گُلبرگِ زیریں ؛ ہونٹ سے مشابہ ؛ لب نُما ؛ اکثر سحلب (orchid) کی دو بغلی پتیّوں کے درمیان واقع نمایاں پتّی ؛ شَفتک ؛ لبچہ ـ

labellate, a. لبہ دار ؛ لبچہ دار ؛ شَفتک دار ـ

labelloid, a. لبچہ سا ؛ شَفتک نُما ؛ لب نُما ـ

labial, a. لبی ؛ لبوں سے متعلّق ؛ لب نُما ـ (صوتیات) لبوں سے پیدا ہونے والا/والی (جیسے : b,m,p,or o and oo)؛ شفتینی ؛ شفوی ؛ شفہی ـ (موسیقی) تیکھے کناروں پر ہوا کے اثر سے سُر پیدا کرنے والا جیسے ارغنون کی ہواکش نالیوں میں ـ (اسم) (صوتیات) لبی آواز ؛ شفوی آواز ؛ ارغنوں کی ہواکش نالی یا نلی ؛ حرفِ شفتی ؛ حرفِ شفوی ـ

labially, adv. شفوی طور پر ـ

labialize, v.t. شفوی آواز یا شکل پیدا کرنا ؛ گول بنانا ؛ ہونٹوں سے ادا کرنا (آواز) ؛ لبی آواز نکالنا ـ

labialization, n. شفوی آواز یا انداز پیدا کرنے کا عمل ؛ شفہی صوتیت ـ

labiate, a. لَبہ دار ؛ لب دار ؛ لبی ؛ شفوی ـ (نباتیات) ایک یا زیادہ لب نُما حصّوں کا حامل ؛ دو بَرگہ (Labiatae) نعناعیہ یا پودینے کے خاندان سے متعلّق (کوئی پودا) جس کے ارکان دولبہ تاجِ گُل کے حامل ہوتے ہیں ؛ شکافتہ ؛ دو ورقہ ؛ شفتہ دار ؛ لب نُما ؛ شفتی ـ (اسم) (نباتیات) لبی یا لب نُما پودا ـ

labile, a. (حیاتیات) زوال پذیر ، تغیّر پذیر ؛ قابل تغیر ؛ رواں ؛ لغزندہ ؛ خاطی ـ (کیمیا ، طبیعیات) غیر مستحکم ، ناپایدار ـ (طِب) برقی علاج میں ایک طریقۂ استعمال سے متعلّق ، جس میں فعّال برقیرے کو زیرِ عمل حصّے کے اُوپر پھرایا جاتا ہے ـ

lability, n. زوال پذیری ؛ تغیّر پذیری ؛ لغزش ـ

labiodental, a. (صوتیات) لب دندانی ؛ لب اسنانی ؛ لب دنتی ؛ نچلا ہونٹ اوپر کے دانتوں سے چُھونے پر پیدا ہونے والی (آواز) (جیسے f یا v کی آوازیں) ـ (اسم) اس طرح سے پیدا شُدہ آواز ـ

labiovelar, a. (صوتیات) لب کامی ؛ ہونٹوں کو جزوی طور پر گول یا بند کرنے کی صورت میں پیدا ہونے والی آواز جب کہ زبان کا پِچھلا سِرا تالُو کے قریب ہو یا اُسے چُھو رہا ہو ـ (اسم) اس طرح پیدا ہونے والی یا ترکیب پانے والی آواز ـ

labium, n. لبہ ؛ شفتہ ؛ ہونٹ یا ہونٹ سے مشابہ حصّہ ، لب نُما حِصّہ ـ (حشریات) کسی کیڑے کے مُنھ کا لب نُما زیریں حصّہ ؛ لبِ زیریں ـ (تشریح الاعضا) فُرج کی اندرونی یا بیرونی تہ یا لب ہائے فُرج ـ (نباتیات) دو برگہ تاجِ گُل کا زیریں لب یا برگ ـ

labor, Brit. labour, n. محنت ، مشقّت ؛ مزدوری ؛ ذہن یا جسم کا مُتواتر فعل یا مُشقّت ؛ نفع یا اقتصادی پیداوار کے لیے جسمانی محنت ؛ جو لوگ اس محنت میں مشغول ہوں ، ایک گروہ یا طبقے کی حیثیت سے جیسے محنت کش طبقہ مثلاً (the claims and rights of labor) ؛ کام یا عمل جو کیا جا چکا ہو یا کیا جانے والا ہو ؛ محنت کا نتیجہ یا ثمر ؛ اہلِ محنت ؛ محنت کَش لوگ ؛ کارکُن ؛ دِقّت ؛ جانفشانی ؛ کام ؛ کاج ؛ دَھندا ؛ دماغی محنت ؛ محنت کرنے والا ؛ مزدوری پیشہ ؛ وضعِ حَمل ؛ زچگی ؛ بچّہ جننے کا عمل ـ (فعل لازم) محنت کا ہونا ؛ اپنی جسمانی یا ذہنی قُوّتوں کو کام میں لانا ؛ کام کا کیا جانا ؛ کوشش یا تکلِف سے حرکت میں ہونا ؛ مُشکل سے ڈولنا ؛ ہچکولے کھانا جیسے بحری جہاز کا ؛ لدنا ، بار ہونا ، تکلِیف یا مُصیبت میں ہونا ؛ دردِ زہ میں مبتلا ہونا یا زچگی کی حالت میں ہونا ـ (فعل متعدی) تفصیل سے تخمینہ لگانا ؛ وضاحت کرنا ؛ مفصّل بیان کرنا ، تفصِیل مہیّا کرنا ـ

laborer, n. محنت کش ؛ کمیرا ؛ اَجِیر ؛ مزدُور ؛ قلی ؛ محنتی ـ

laboringly, adv. محنت سے ـ

laborless, a. بے محنت ـ

laboratory, n. لیبارٹری ؛ دارُ التَّجربہ ؛ مَعمّل ؛ تجربہ گاہ ؛ وہ عمارت یا کمرا جو سائنسی یا فنی تحقیق اور تجربے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ وہ جگہ یا مقام جہاں مُطالِعہ ، مشاہدہ یا تجربہ کے وسائل مہیّا کیے گئے ہوں ؛ وہ جگہ جہاں کیمیائی اشیا یا ادویہ تیّار کی جائیں ؛ آزمایش گاہ ؛ کارخانۂ ادویہ سازی ؛ تجربہ خانہ ؛ تجارب گاہ ؛ عمل گاہ ـ (صفت) تجربہ گاہ میں انجام دیئے جانے والے کام یا اعمال سے متعلّق و منسوب ؛ تجربہ گاہی ، مَعمّلی ـ

labor camp, مزدُور بستی ؛ قیدیوں کی بستی جِن کو محنت کے لیے مجبور کیا گیا ہو ؛ بیگاریوں کی بستی ؛ مہاجر زرعی کارکنوں یا مزدوروں کا کیمپ یا بستی ـ

Labor Day, n. محنت کَشوں کا دن ؛ یومِ مزدوراں ؛ ستمبر کا پہلا پِیر جو امریکا اور کینیڈا کے اکثر حِصّوں میں محنت کے احترام میں قانُونی تعطیل کے طور پر منایا جاتا ہے ـ

labored, Brit. laboured, a. محنت سے پیدا شدہ ؛ گراں ؛ مشقت و کوشش کی علامات کا حامل ؛ پُرمشقت (جیسے : a labored speech) ـ

laborious, a. محنت طلب ؛ پُرمشقّت ؛ دُشوار ؛ کام یا خدمت میں مستعد ؛ محنتی ؛ مستقل مزاج ؛ پُرعزم ؛ سخت ؛ کمیرا ؛ محنت کَش ؛ جفا کَش ـ

laboriously, adv. محنت سے ، مشقت سے ، مستقل مزاجی سے ؛ مُشقّتانہ ؛ تکلِیف اُٹھا کر ؛ بہ دشواری ؛ بَدِقّت ؛ جفاکَشی سے ؛ زحمت اُٹھا کر ؛ خُون پسینہ ایک کر کے ؛ دِقّت سے ـ

laboriousness, n. محنت طلبی ؛ تن دہی ، مُستقل مزاجی ؛ جفا کَشی ؛ محنت کَشی ـ

laborite, Brit. labourite, n. حامئ مزدور ؛ مزدور تنظیموں کے مفادات ، نظریات اور اعمال کی حمایت کرنے والا ؛ مزدور دوست ـ (بڑے L کے ساتھ) بُنیادی طور پر مزدوروں کے مفادات سے وابستہ ایک سیاسی جماعت کا رُکن یا اس سے متعلّق ؛ مزدور جماعت کا رُکن ـ

labor-saving, Brit. labour-saving, a. محنت بچاؤ ؛ شخصی محنت

کم کرنے یا منسوخ کرنے کے لیے تشکیل دیا ہوا ؛ محنت بچانے والا ۔

labor union, Brit. labour union, n. انجمن مزدوراں ، اِتّحادیۂ مزدوراں ؛ لیبر یونین؛ تجارتی اتّحادیہ یا انجمن ؛ مزدُوروں کی تنظیم جو اپنے ارکان کے اِقتصادی مفادات اور حالاتِ کار کی بہتری کے لیے بنائی گئی ہو؛ مزدُور سبھا ۔

labradorite, n. لبریڈوراِئیٹ ؛ ناشگافتہ بلّور فلسپار کی قسم کا ایک معدن ، جو اپنی بُوقلمُونی کے لیے مُمتاز ہے ۔

labrador retriever, n. نیو فاؤنڈلینڈ کا شکاری کُتّا جو اپنے چوڑے سر ، سینے اور ہلکی دبیز عموماً سیاہ کھال کے لیے مشہور ہے ۔

labret, n. ہڈّی ، لکڑی یا اس طرح کی کسی چیز کے ٹُکڑے کا زیور جو بعض قدیم اقوام کے ہاں چھدے ہوئے ہونٹ میں پہنا جاتا تھا ۔

labrum, n. شفتۂ اعلیٰ؛ ہونٹ یا ہونٹ سے مشابہ حِصّہ ۔ (حیوانیات) کسی کیڑے یا خول دار حیوان کے منھ کا بالائی حصّہ ؛ بالائی ہونٹ ۔ (صدفیات) معدہ پا یا ناعمہ کے خول کے شگاف کا بیرونی کنارہ ۔ (تشریح الاعضا) کرکُری ہڈّی کا گھیرا جو جوڑ کے استخوانی حصّے کا حلقہ کیے ہوتا ہے ۔

laburnum, golden-chain tree, n. (نباتیات) لیبرنم ؛ شجرۃ النحل ؛ ایک چھوٹا سا آرایشی درخت جو زرد پھولوں کے معلق گچھوں کے لیے اُگایا جاتا ہے ۔

labyrinth, n. بُھول بُھلّیاں ؛ عُقدہ ؛ پیچیدگی ؛ اُلجھن ؛ پیچیدہ اور بل دار راستوں کا مقام ؛ گورکھ دھندا ؛ مُضِل ؛ اشیا یا حالات کی پریشان کُن ترتیب ۔ (تشریح الاعضا) تیہ ؛ حلزون التیہ ؛ کان کا اندرونی حِصّہ جس میں اُستخوانی اور مائع سے پُر ساخت بھی شامل ہے ۔

labyrinthine, labyrinthian, labyrinthic, a. پیچا پیچ ؛ بُھول بھلیاں سے متعلق و مشابہ ؛ پُر پیچ ۔ پیچیدہ ، اُلجھا ہُوا ؛ پیچ دار ۔

labyrinthically, adv. پیچیدگی سے ؛ پرپیچ انداز میں ؛ پیچا پیچ طریقے سے ۔

lac, n. لاکھ ؛ جنوبی ایشیا کا لاکھ کیڑا جو رال کو درختوں پر جمع کر دیتا ہے ، یہ رال لاکھ اور وارنش کی بُنیاد ہے اور سُرخ رنگائی کے مواد کی تیاری میں بھی مُستعمل ہے ۔

laccolith, laccolite, n. (ارضیات) قُبّۂ لاوی ؛ آتشیں چٹان کا تودہ جو اُوپر چھائی ہوئی پرتوں کی تہوں میں گُھس کر قُبّے/گُنبد کی شکل اختیار کر لے ۔

laccolithic, laccolitic, a. قُبّۂ لاوی سے متعلق ۔

lace, n. لیس ؛ فیتہ ؛ تسمہ ؛ رسّی یا ڈوری جو بُوٹ ، جوتے یا لباس باندھنے میں استعمال ہوتی ہے ؛ ہاتھوں سے یا مشین کا بنا ہُوا جالی کا کام یا کپڑے کی باریک قسم ؛ وردی یا ٹوپی کی آرایشی جھالر ؛ بند ؛ گوٹا کناری ؛ بیل ۔ (فعل متعدّی) سُوراخوں یا بکسوؤں سے گزار کر فیتے یا رسّی سے باندھنا ؛ تسموں کو سختی سے کھینچ کر کَسنا یا بھینچنا ؛ گُوندھنا ، بٹنا ؛ مِلانا ؛ جھالر سے مزیّن کرنا ، گوٹا کناری لگانا ؛ کسی اور مشروب میں شراب کی تھوڑی سی مقدار ملانا ؛ شراب کی چاشنی دینا ۔ (بول چال) مارنا یا پیٹنا ؛ ڈانٹنا ۔ (فعل لازم) فیتے سے بندھنا یا کسا جانا ۔

lace into, (بول چال) پیٹنا ، جھڑکنا ۔

laced, a. فیتے سے بندھا ہُوا ۔

lacelike, a. فیتہ نُما ۔

lacer, n. فیتے سے باندھنے والا ۔

lacy, a. فیتے سا ؛ فیتے کا ۔

lacerate, v.t. پھاڑنا ؛ چیرنا ؛ تشدُّد یا چیر پھاڑ سے کٹا پھٹا زخم پیدا کرنا یا گھاؤ لگانا ۔ (مجازاً) عذاب دینا ، تنگ کرنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا ؛ کاٹنا ؛ پرخچے اڑانا ؛ مجرُوح کرنا ؛ زحمت دینا ؛ دُکھ دینا ۔ (صفت) چیرا ہوا ؛ پھاڑا ہوا ؛ عذاب دیا ہوا ؛ مجروح ؛ پاش پاش ؛ خستہ ؛ دریدہ ۔ (نباتیات) کٹی پھٹی شکل کا ، جیسے پتّا پھٹا ہوا ۔

lacerated, a. پھٹا ہوا ۔

lacerable, a. دریدہ ؛ پھٹنے والا ؛ جراحت پذیر ۔

lacerative, a. جراحتی ؛ گوشت کو پھاڑ دینے والا ؛ دِلدوز ؛ دِلخراش ؛ درندہ ۔

laceration, n. پھاڑنے کا عمل ؛ دندانہ دار زخم یا پھٹاؤ جو چیرنے سے پیدا ہُوا ہَو ؛ چیر پھاڑ ؛ دریدگی ؛ ایذا رسانی ؛ دل آزاری ؛ جراحت ۔

lacertilian, lacertian, a., n. چھپکلیوں کے خاندان سے متعلّق یا منسُوب ؛ سوسماراں ؛ چھپکلیاں ؛ کرلیاں ۔

lace-wing, n. فیتہ پر ؛ مختلف عصبی پَر دار کیڑوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص زرچشم (Chrysopa) اور ہیمی روبیئس (Hemerobius) جنس سے متعلّق جس کے پَر فیتہ نُما اور آنکھیں چمکیلی ہوں اور اس کا پہل روپ (لاروا) پودوں کی جوؤں کا شکار کرتا ہے ۔

laches, n. (قانون) ادائے فرض یا قانونی حقّ کے مطالبے میں غفلت یا ناقابل معافی تاخیر ؛ عدم پیروی ؛ عدمِ تعمیل ؛ غفلتِ مُجرمانہ ؛ غفلت ؛ بے خَبری ؛ سُستی ؛ تساہُل ۔

lachrymal, lacrimal, a. اشک آور ؛ اشک فشاں ؛ آنسوؤں سے متعلّق یا مخصوص (جیسے : lachrymal mood) ۔ (تشریح الاعضا) اشکی ، سَرشکی ؛ ان اعضا سے متعلّق یا ان سے قریب جو آنسو پیدا کرتے ہیں ؛ دمعی (جیسے : a lacrimal bone)-(اسم) اشک دان ۔ (تشریح الاعضا) ایک عضویہ جو آنسو خارج اور پیدا کرتا ہے۔نیز lachrymal gland ۔

lachrymatory, lachrymal, n. (رومی عتیق) اشک دان ؛ سرشکیہ ؛ ایک چھوٹا برتن جو مقبروں میں ملا ہے ، جس کے متعلّق یقین کیا جاتا ہے کہ اس میں ماتم گُساروں کے آنسو جمع کیے جاتے تھے ۔

lachrymose, lacrimose, a. رونے کا عادی ؛ پُراشک ؛ اشک آلود ؛ اشک آور ؛ اشک ریز ؛ نم ناک ؛ اشک آلودہ ؛ آبدیدہ (جیسے : lachrymose novel) ۔

lacing, n. فیتے سے باندھنے کا عمل ؛ فیتہ بندی ؛ ڈوری یا فیتہ جو کھینچ کر باندھنے یا کسنے کے لیے استعمال ہو جیسے جُوتوں میں ؛ تسمہ ؛ جھالر یا حاشیہ عموماً چاندی یا سونے کا ؛ کسی مشرُوب یا طعام میں شراب کی چاشنی یا چھڑکاؤ ۔ (بول چال) پٹائی یا تازیانہ زنی ۔

laciniate, laciniated, a. حاشیہ دار ؛ دندانے دار ؛ قاش دار ؛ دریدہ ؛ دنتیلا ؛ جھالر دار ۔ (نباتیات) دندانہ دار ؛ گہرا شگافتہ ؛ نوکیلی لویں یا بناگوش والا مثلاً پتّا یا پتّی ۔

lack, n. فقدان ؛ کمی ؛ کسی ضروری ، پسندیدہ یا رواجی چیز کی کمی یا فُقدان ؛ جس کی خواہش یا ضرورت ہو؛ حاجت ؛ احتیاج ؛ قلّت ؛ کوتاہی ؛ نَقص ؛ نُقصان ؛ مُحتاجی ؛ کمیابی ۔ (فعل متعدی) کم یا مطلوب ہونا (جیسے : to lack funds) ؛ کسی سلسلے میں کم پڑنا

(فعل لازم) موجود نہ ہونا ؛ (to lack the necessary votes : جیسے) ۔ مطلوب یا کم ہونا (عموماً in کے ساتھ) ۔

lacking, a., prep. فاقد ؛ کم ؛ ناموجود ۔

lackadaisical, a. ناتوان ؛ سُست ؛ قُوّت اور شوق سے محروم ۔

lackadaisically, adv. ناتوانی سے ؛ سُستی سے ۔

lackadaisicalness, n. ناتوانی ؛ سُستی ، قُوّت و شوق کا فُقدان ۔

lackaday, interj. (قدیم) رنج و افسوس کا کلمۂ اظہار ، جیسے افسوس ؛ حیف ؛ ہائے ! وائے ! آہ ۔

lackey, lacquey, n. خادِم ، نوکر ، خدمت گار ؛ پیادہ ؛ خوشامدی ، کاسہ لیس ؛ اندھا مُقلِّد ؛ اندھامعتقد ؛ ٹھلوا ؛ ہرکارہ ؛ شاگرد پیشہ ؛ طفیلی ۔ (فعل متعدی و لازم) خادم کی حیثیّت سے کام کرنا ؛ غُلامانہ خدمت کرنا ؛ چاکری کرنا ؛ دربار داری کرنا ؛ جُوتے اُٹھانا ؛ خُوشامد کرنا ؛ خدمت گاری کرنا ۔

lackluster, Brit. lacklustre, a. چمک ؛ روشنی یا توانائی کے بغیر ؛ بے نُور ؛ دُھندلا ؛ ماند ؛ بے آب ۔ (اِسم) چمک کا فُقدان ؛ دُھندلا پن ؛ بے آبی ۔

laconic, a. کم ؛ مُختصر ؛ جامع ؛ چند الفاظ میں بہت کچھ بیان کرنے والا ؛ پُر مغز ؛ پُر ایجاز ؛ کوتاہ ؛ چھوٹا ؛ پُر معنی ؛ قلّ و دلّ ؛ نپا تُلا ؛ اختصار پسند ۔

laconically, adv. مختصراً ؛ بالاختصار ، جامع انداز میں ، ایجازاً ؛ مُختصر اور پُرمغز انداز میں ۔

laconism, n. ایجاز ؛ اختصار ، جامعیت ، مختصر اور پُرمغز بات ؛ مختصر اور متین کلام ۔

lacquer, n. لیکر ؛ لاکھ روغن ؛ ایک وارنش یا روغن جو آتش گیر محلّل میں حل شُدہ رالوں پر مشتمل ہوتا ہے اور بعض اوقات اس میں رنگ بھی ملا دیے جاتے ہیں ، یہ حفاظتی اور آرایشی استرکاری کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایشیائی درخت Rhus verniciflua سے حاصل ہونے والا قُدرتی روغن ، جو سخت چمکیلی آب بالخصوص لکڑی پر پیدا کرتا ہے ؛کوئی لکڑی کی چیز جو عموماً لاکھ روغن سے مزیّن ہو یا اس پر اس کی استرکاری کی گئی ہو ؛ لاک ؛ لاکھ ؛ لاک روغن ؛ لاکی وارنش ۔ (فعل متعدی) لاکھ روغن یا اس سے مشابہ چیز کی تہ چڑھانا یا استرکاری کرنا ۔ (مجازاً) نرم کرنا ، جیسے الفاظ سے ۔

lacquerer, n. لاکھ روغن لگانے والا ؛ نرم کرنے والا ۔

lacrimator, lachrymator, n. تکلیف دہ چیز جو اشک آور ہو،جیسے آنسو گیس ۔

lacrosse, n. شُمالی امریکا کے انڈین کا ایجاد کردہ ہاکی سے مشابہ ایک کھیل جو دس دس کھلاڑیوں کی دو ٹیموں کے درمیان اس طرح کھیلا جاتا ہے کہ میدان کے زیریں حصّے میں آگے بڑھ کر لیکروس چھڑی سے چھوٹی گیند کو مخالف ٹیم کے گول میں پھینک کر نمبر بنائے جائیں ۔

lactal bumin, n. (حیاتی کیمیا) لیکٹ البومن ؛ شیری البومن ؛ دودھ میں پایا جانے والا ایک لحمیہ جو البومن طبقے سے متعلّق ہے اور پھٹے ہوئے دودھ (ماالجبن) سے حاصل کیا جاتا ہے، عموماً بعض غذاؤں، چپکنے والی اشیا اور روغنوں کی تیاری میں کام آتا ہے ۔

lactase, n. (حیاتی کیمیا) لیکٹیز ؛ شِیر پاش ؛ آنتوں کے عرق اور بعض خمیروں میں موجود ایک خامرہ جو لیکٹوز (lactose) سے گلوکوز اور گلیکٹوز پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے ۔

lactate, n. (کیمیا) لیکٹیٹ ؛ دُودھ کے تیزاب کا ایک نمک ؛ نمک شِیری تیزاب ۔ (فعل لازم) دُودھ پیدا کرنا یا نکالنا ۔

lactation, n. شِیر داری ؛ لَبن ؛ میمل جانوروں میں دُودھ کی پیدایش ؛ دُودھ کی پیداوار کا عرصہ ؛ رضاعت یا بچّے کو دودھ پلانے کا عمل ؛ شیر آوری ۔

lactational, a. دُودھ کی پیدایش سے متعلّق ، شیر دارانہ ۔

lactationally, adv. شیر دارانہ طور پر ۔

lacteal, lactean, lacteous,a. دُودھ سے متعلّق و مشابہ ؛ دُودھیا ؛ دُودھ پیدا کرنے والا ؛ شیری ؛ لَبنی ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) متعدّد باریک لِمفی عُروق میں سے کوئی ایک جو لِمف یا خلط مائی کو قنات ہاضمہ سے جذب کر کے یا لے کر قناتِ صدر (سینہ کی نالی) تک پہنچاتی ہے ؛ عِرقِ شیری ؛ عِرقِ کیلوس ؛ رگِ کیلوس ؛ لَبنیات ؛ بدن میں کیلوس پہنچانے والی نلی ۔

lacteally, adv. لَبنی طور پر ؛ شیر آورانہ طور پر ۔

lactescent, a. دُودھیا ؛ دُودھ پیدا کرنے والا ، شِیر خیز ؛ دودھ نکالنے سے متعلق ؛ کیلوس دار ؛ شیرہ دار ؛ شِیری ؛ لَبنی ؛ دُودھِیل ؛ ددھار ؛ لیاری ۔ (حشریات) دودھیا مائع نکالنے والا ۔ (نباتیات) دُودھیا رس بنانے والا ۔

lactescence, lactescency, n. دودھیا پن ، لَبنیّت ؛ شِیریت ؛ شِیرہ دہی ؛ شِیر داری ؛ دُودھ کے رنگ ؛ شِیر نُمائی ؛ کیلوس ۔

lactic, a. لیکٹک ؛ دُودھ سے متعلّق یا دودھ سے پیدا شُدہ ؛ شِیری ، لبنی ۔

lactic acid, n. (حیاتی کیمیا) دُودھ کا تیزاب ؛ لیکٹک تیزاب ؛ ایک شربت نُما تیزاب جو قدرتی طور پر پھٹے ہوئے دودھ میں موجود ہوتا ہے اور تجارتی طور پر مصنوعی انداز میں کاربوہائیڈریٹ (شکری اجزا) کے بکٹیریا کے ذریعے تخمیر سے پیدا کیا جاتا ہے اور غذائیات ، طِب اور صنعت میں کام آتا ہے ؛ شِیر تُرشہ ؛ شِیری تیزاب ۔

lactiferous, a. شِیر آور ، شِیر خیز ؛ دُودھ یا دُودھیا سیّال پیدا کرنے یا پہنچانے والا یا کیلوس دار ؛ لَبن دار ؛ شِیر دار ؛ دُدھار ؛ دُدھَیل ۔

lactobacillus, n. عصا نُما بکٹیریا ، جو دودھ اور شکری اجزا (کاربوہائیڈریٹ) کے خمیر میں دُودھ کا تیزاب پیدا کرتا ہے ؛ شِیر جرثومہ ۔

lactogenic, a. شیرزا ، شِیر آور ۔

lactone, n. (کیمیا) لیکٹون ؛ این ہائیڈرائڈ (anhydrides) کے طبقہ میں سے کوئی ایک جو ہائیڈروکسی ایسڈ (hydroxy acid) میں سے حاصل کیا گیا ہو ۔

lactonic, a. لیکٹون سے متعلّق ؛ لیکٹونی ۔

lactose, milk sugar, sugar of milk, n. (حیاتی کیمیا) لیکٹوز ؛ لَبنی شکر ؛ شکرِ شِیر ؛ قند شِیر ؛ دُودھ سے حاصل شُدہ شکر جو سفید ، بے بُو اور غیر شکری مرکب ہے ۔ یہ بچّوں کی خوراک اور دُوسری غذاؤں کو میٹھا کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

lacuna, n. حفریزہ ؛ رخنہ ؛ خالی جگہ ؛ وقفہ ؛ خلا یا چھوڑی ہوئی عبارت جیسے کسی مسودّے میں ؛ جوف یا قعر ۔ (حیاتیات) پودے یا حیوان کی نسیج میں درزوں یا خلیوں والا جوف ۔ (تشریح الاعضا) ہڈّی

کے مادّے میں متعدّد باریک جوفوں میں سے کوئی ایک ؛ کوئی خلا ، قعر یا گڑھا ۔

lacunal, lacunar, lacunary, a. خلائی ؛ جوفی ؛ قعری ؛ حفریزی ؛ خلا سے متعلّق ۔

lacunar, n. (فنِ تعمیر) وہ گنبد یا چھت جس میں جوف دار دِلّے یا حائطہ بند کوٹھیاں ہوں ؛ ان دِلّوں میں سے کوئی ایک ۔ (صفت) حفریزی ؛ خلا سے متعلق ؛ جوفی ؛ قعری ؛ خلائی ۔

lacustrine, a. تالابی ؛ غدیری ؛ خلیجی ؛ خلیج باش ؛ جھیل کا یا جھیل سے متعلّق ؛ جھیل میں رہنے والا یا جھیل میں یا جھیل کنارے واقع ہونے والا جیسے مختلف جانور اور پودے ؛ جھیل کی تہ میں بننے والا ، جیسے ارضیاتی طبقے یا پرتیں ؛ برکی ؛ تالابی ؛ غدیرباش ؛ جھیل باش ۔

lad, n. لڑکا ؛ لونڈا ؛ نوجوان آدمی ؛ ایک معرُوف اصطلاح جو کسی بھی مذّکر کے لیے استعمال ہو جاتی ہے ؛ ساتھی ، رفیق ۔

ladish, a. طفلانہ ؛ مردانہ ۔

ladhood, n. لڑکپن : طفلگی ؛ طِفلی ۔

ladanum, n. لادن ؛ قیر ؛ سیاہ رال ۔

ladder, n. زینہ ؛ سیڑھی ؛ نردبان ؛ چڑھنے اُترنے کے کام آنے والا ڈھانچا ؛ سیڑھی کی مانند کوئی چیز ؛ عُرُوج تک پہنچنے کا کوئی وسیلہ ؛ رُتبے یا مقام کی نسبت سے سلسلۂ مدارج ۔ (برطانوی) کسی عورت کے موزے میں رَخنہ یا سُوراخ ۔

ladderless, a. بے زینہ ؛ بغیر سیڑھی ۔

ladderlike, a. زینہ نُما ؛ سیڑھی نُما ۔

laddery, a. زینے سے متعلّق ؛ نرد بانی ۔

ladder-back, a. زینہ پُشت ؛ اس کرسی کی پُشت سے منسوب جو دو عمودی بازوؤں کے درمیان اُفقی ٹکڑوں کی حامل ہو ؛ زینہ نُما پشت والی کرسی سے متعلّق ۔

ladder-back, n. زینہ پُشت کرسی ۔

laddie, n. (خصوصاًاسکاٹ لینڈ میں) لڑکا (lad) ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ۔

lade, v.t. لادنا ، جیسے بوجھ یا بار ؛ بوجھ وغیرہ اُوپر رکھنا یا ڈالنا ؛ بار کرنا ؛ تکلیف دہ حد تک لادنا یا بوجھ ڈالنا ؛ اُٹھانا یا ڈبونا جیسے چمچے کے ساتھ ؛ بوجھ رکھنا ؛ اسباب بھرنا ؛ پھینکنا ؛ اُلیچنا ۔ (فعل لازم) بوجھ یا بار کا لادا جانا جیسے جہاز میں ؛ سیّال کا بار کیا جانا ۔

laden, a. لدا ہُوا ، بار کیا ہُوا ، بوجھ ڈالا ہُوا ، ستایا ہوا ؛ گرانبار ؛ دبا ہُوا ۔ (فعل متعدی) لادنا ، بار کرنا ۔

la-di-da, la-de-da, lah-di-dah, a. (بول چال) پُرتکلف انداز میں ؛ عُمدہ یا شایستہ ؛ بنا ٹھنا ؛ نمایشی ؛ ظاہر دار (جیسے : la-di-da speech) ۔ (فجائیہ) اظہارِ تضحیک جس کا نشانہ نمایشی شایستگی ہو ۔ (اسم) وہ شخص جو پرتکلُف حد تک سجیلا ، بنا ٹھنا اور پُرنمایش ہو ؛ ظاہر دار ؛ پرتصنُّع شایستگی یا نمایشی سجیلے پن سے مخصوص رویہ ؛ ظاہر داری ؛ تصنُّع ۔

ladies' man, lady's man, n. محبوبِ زنان ؛ وہ مرد جو عورتوں کے لیے کشش رکھتا ہو اور جو متواتر عورتوں کی توجُّہ کا طالب ہو ؛پسندِ زن ۔

lading, n. لدائی ؛ بارِ جہاز ؛ لادنے کا عمل ؛ لداؤ ؛ جس سے کوئی چیز لادی جائے جیسے جہاز وغیرہ لادا جائے ؛بوجھ ، بار ، سامان ؛ کھیپ ؛ اسبابِ محمولہ ؛ مال ۔

Ladino, n. لڈینو ؛ جنوبی امریکا میں ہسپانوی اور انڈین نسل کا مخلوط فرد ؛ دوغلا ؛ پندرھویں صدی کی ہسپانوی زبان مسیزو جو ہسپانیہ میں عبرانی حُرُوف میں لکّھی جاتی تھی ، جسے عیسائیوں کے دورِ احتساب میں ہسپانیہ چھوڑنے والے یہودی ، بلقانی ریاستوں میں لائے تھے ۔

ladle, n. کفگیر ؛ کرچھا ؛ ڈوئی ؛ چمچہ ؛ لمبے دستے کا ایک برتن جس کے آگے گول پیالہ ، سیّال چیزیں ڈالنے یا نکالنے کے لیے لگا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) ڈوئی یا چمچے سے نکالنا ۔

ladler, n. ڈوئی استعمال کرنے والا ۔

lady, n. خاتُون ؛ بیگم ؛ خانم ؛ عورت ؛ بی بی ؛ بانـو ؛ رانی ؛ اچھّے خانـدان ، اچھّی سماجی حیثیّت یا اچھّے نسب یا شایستگی کی حامِل عورت ؛ عورت کے لیے شایستہ لفظ ؛ گھر کی مالکہ ، خاتُونِ خانہ ؛ وہ جو شُجاعانہ عقیدت کا مرکز ہو ؛ بیوی یا رفیقہ ۔ (بڑے L سے) مریم عذرا (جیسے : Our Lady) ؛ کسی خاص رُتبے کی حامل عورت کا لقب ؛ نواب بیگم ، امیر زادی ، راجکُماری ، خانم کا نیم رَسمی لقب ؛ ایک لقب جو امرا ، نوّابین اور خوانین کی دختران کے ذاتی یا خاندانی ناموں سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے ، اگر شوہر کے ذاتی نام سے پہلے لارڈ لکّھا جاتا ہے تو اس صورت میں اس کی بیوی کے لیے یہ لفظ ذاتی اور خاندانی نام سے پہلے استعمال ہو گا ۔ (صفت) ایک خاتون کے اوصاف کی حامل ؛ خاتون نُما ، خاتون سے مشابہ ۔

lady beetle, n. دیکھیے : Ladybug ۔

ladybird, n. دیکھیے : Ladybug ۔

ladybug, lady beetle, ladybird, n. پنبہ دوز ؛ چتّی دار بھونرا ؛ مختلف بھونروں میں سے کوئی ایک ، جو چھوٹے ، عموماً چمکیلے رنگوں کے ہوتے ہیں اور پودوں کی جوؤں سے خوراک حاصل کرتے ہیں ۔

lady chapel, n. (اکثر بڑے L سے) (خاص طور پر برطانوی) چھوٹا گرجا ؛ مریم عذرا سے منسوب چھوٹا گرجا جو بڑے گرجے سے ملحق ہو ، یہ عموماً صدر کلیسا کے مشرقی سِرے پر واقع ہوتا ہے ؛ بی بی مریم کا گرجا ۔

Lady Day, n. یوم مریم؛ یوم بشارت؛ یوم مریم عذرا ۔ (سابقاً)ان دنوں میں سے ایک جو کنواری مریم کی یاد میں منائے جاتے تھے ، اب صرف عید بشارت کو کہتے ہیں جو مارچ کی پچسیویں تاریخ کو منائی جاتی ہے ؛ یوم نوید ولادت عیسیٰ ۔

ladyfinger, ladysfinger, n. بھنڈی توری ؛ بامیہ ؛ انگلی کی شکل کا ایک چھوٹا اسفنجی کیک ۔

lady-in-waiting, n. خواص ؛ وہ خاتون جو ملکہ یا شہزادی کی خدمت میں رہتی ہو ، مصاحِبہ ؛ حاضر باش؛ پیشِ حُکومت (زن) ۔

ladykin, n. مُنّی بی ؛ ننھی خاتُون ؛ ننھی بی ۔

ladylike, a. بیگمانہ ؛ خاتُون سے مشابہ یا خاتون کے شایاں ؛ خاتُون صفت یا بیگمات کے عادات و اطوار والی ؛ (مرد) زنانہ یا زن صفت یا بنا ٹھنا ؛ مُہذّب ؛ خوش اسلُوب ؛ بااخلاق ؛ مؤدّب ؛ زن مزاج ؛ نازُک ؛ ملائم؛ نرم ۔

ladylikeness, n. خاتون صِفتی ؛ خُوش اسلُوبی ؛ بیگم پن ؛ زَن مزاجی ؛
نازُک اندامی ؛ ملائمت ۔

ladylove, n. محبوبہ ؛ داشتہ ؛ وہ خاتون جس سے
محبّت کی جائے ؛ معشُوقہ ؛ حبیبہ ۔

ladyship, n. خاتون ہونے کی حالت یا منصب ۔
(عموماً بڑے L کے ساتھ) Lady کا خطاب رکھنے والی عورت سے یا اس
کے متعلّق گفتگو کرتے وقت یہ لفظ her اور your کے ساتھ ساتھ
استعمال ہوتا ہے ؛ بیگم اور بی بی کا خطاب ۔

lady's-slipper, lady-slipper, moccasin flower, n. (نباتیات) گُل پاپوش ؛
جنس پاپوش (Cypripedium) کا کوئی ایک پودا جس کے پُھول آگے
نکلا ہوا کالبہ (گُلبرگ زیریں) رکھتے ہیں اور سلیپر (پاپوش) سے کسی
قدر مشابہ ہوتے ہیں ؛ پاپُوش گُل ۔

lady's-smock, lady-smock, cuckooflower, n. رشاد ؛
ایک شلغمی پودا ، جس کے سفید یا قرمزی پھول ہوتے ہیں ؛اس سے
متعلق خاص انواع میں سے کوئی ایک ۔

Laetrile, n. (علم ادویہ) کیمیائی ایمی گیڈا لین (amygdalin) سے
حاصل ہونے والی ایک دوا کا نام جو سرطان کے لیے بھی استعمال ہوتی
ہے ۔ (تجارتی نِشان) ۔

lag, v.i. پیچھے ہونا ؛ پیچھے ہو جانا ؛ مقابلتاً سُستی سے
بڑھنا یا آگے ہونا ؛ زیادہ سے زیادہ ترقی کرنے سے رہ جانا ؛ بتدریج کم
ہونا ؛ انٹے یا بلیئرڈ کے کھیل میں قرعہ اندازی کے ذریعے کھیل کی
ترتیب کا فیصلہ ہونا ؛ آہستہ چلنا ؛پیچھے رہنا ؛ دیر کرنا ؛ دِھیرے دِھیرے
حرکت کرنا ؛ دِھیمے دِھیمے چلنا؛ پیچھے رہ جانا ۔ (اسم) پسماندگی ؛
مربوط واقعات میں وقت کا وقفہ ؛ بالکل آخری ؛ تاخیر ؛ انٹے یا بلیئرڈ کے کھیل
میں ، پسماندگی کا عمل ۔ (برق) متبادل رَو کے دَور میں وولٹیج (-vol
tage) کی منتہا اور رَو (current) کی منتہا کے درمیان حالت (phase)
کی تاخیر ۔

lag, n. لکڑی کی دَھجیّوں یا پٹیوں میں سے
کوئی ایک جن سے ڈھول کا بیرونی حِصّہ بنتا ہے ؛ بھاپ کے سلنڈر کا
ڈھکنا ۔ (فعل متعدی) پٹیوں سے ڈھانپنا یا پٹیّاں لگانا ۔

lag, v.t. (عوامی) قید خانے میں بھیجنا ؛ گرفتار کرنا ۔
(اسم) (عوامی) قید کی سزا ؛ مُجرِم ؛ سزا یافتہ ۔

lagan, ligan, n. (بحری قانون) غریقہ ؛ غرقابہ ؛
سمندر میں ڈوبی ہوئی کوئی شے جو ترنے (buoy) یا اس جیسی کسی
چیز سے اٹکائی گئی ہو تا کہ اسے دوبارہ برآمد کیا جا سکے ۔

lager, lager beer, n. ایک قسم کی بیئر (beer) جس کی
ابتدا جرمنی میں ہوئی ، جس کی عُمر کا تعیّن اس کی کشید کے بعد
کیا جاتا ہے ۔

laggard, a. پیچھے رہ جانے والا ؛ پسماندہ ؛
دِھیا ؛ سُست رفتار ؛ احدی ؛ کاہل الوُجود ؛ آلسی ؛ پھسڈّی ؛ ڈھیلا ۔
(اسم) پیچھے رہ جانے والا شخص ؛ دیر لگانے والا آدمی ؛ آوارہ گرد ۔

laggardly, adv. سُست روی سے ؛ پسماندگی سے ۔

laggardness, n. سُست روی ، پسماندگی ۔

lagging, n. منڈھائی ؛ بوائلر/جوشدان یا تیل کے
حوض (ٹینک) کا اسبسٹاس یا کسی اور مادّے سے بُنا ہُوا حفاظتی خول ؛
خول یا پوشش جو بنائی گئی ہو یا مواد جو استعمال کیا گیا ہو ۔ (فنِ
تعمیر) لکڑی کا چوکھٹا یا تختہ بندی جو زیر تعمیر محراب کو سہارا
دینے یا کُھدائی کو سنبھالنے کے لیے استعمال ہو ۔

lagniappe, lagnappe, n. رُونگا ؛ لُبھاؤ ؛ دستوری ؛ تُحفہ ؛
لُوزیانا اور جنوب مشرقی ٹیکساس میں ایک چھوٹا سا تحفہ جو مالکِ
دُکّان گاہک کو دیتا ہے ؛ جُھونگا ؛ فالتو چیز ۔

lagomorph, n. خرگوش شکل؛ کُترنے والا کوئی میمل جانور
جو اُوپر کے دو زائد دانتوں کی وجہ سے شناخت کیا جاتا ہے جیسے
خرگوش وغیرہ (جنگلی خرگوش ، پالتُو خرگوش ، بے دُم خرگوش) ۔

lagomorphous, a. خرگوش نُما ۔

lagoon, lagune, n. ساحِلی جھیل؛ پانی کا اُتھلا تال جو عموماً
سمُندر سے مربُوط ہوتا ہے ، جھیل یا دریا ۔

lagoonal, a. جھیلی ؛ جھیل سے متعلّق ۔

laic, laical, a. پادریوں کی بجائے دُنیاداروں یا
عوام سے متعلّق ۔ (اسم) غیر کلیسائی ، دُنیا دار ، عام آدمی ۔

laicism, n. ایک سیاسی یا حُکُومتی نظام جو کلیسائی
اختیار یا اثر سے آزاد ہو ؛ غیر مذہبی نظامِ حُکُومت ۔

laicize, v.t. دُنیا دار یا غیر مذہبی بنانا ؛
پادریوں کے دائرۂ اِختیار سے نکالنا (جیسے : to laicize the educationl
system) ؛ قطعی طور پر کلیسائی یا مذہبی معاملے میں غیر مذہبی یا
دُنیا دارانہ عناصر شامل کرنا ۔

laicization, n. دنیا داری ؛ غیر مذہبی بنانے کا عمل ۔

laid paper, n. نشان والا کاغذ ؛ کاغذ جس میں تنگ متوازی
لکیریں یا آبی نِشان ہوں ۔

lair, n. کچھار ؛ غار ؛ باڑا ؛ جنگلی جانور کی
آرام گاہ یا بھٹ ؛ لیٹنے کی جگہ جیسے کوچ یا بستر ۔ (فعل لازم) لیٹنا ؛
آرام گاہ رکھنا ؛ کچھار میں ہونا ۔ (فعل متعدی) آرام گاہ میں رکھنا ؛
آرام گاہ کا کام دینا ۔

laird, n. [لارڈ (Lord) کی ایک صورت]
(اسکاٹ لینڈ میں) زمیندار یا مالکِ مکان ۔

lairdly, a. زمیندارانہ ، مالکانہ ۔

laissez faire, laisser faire, n. عدم مداخلت ؛ صنعت یا
نجی کاروبار کے اقتصادی معاملات میں حُکُومت کی عدم مداخلت ؛
اقل مداخلت کی حِکمتِ عملی ؛ شخصی آزادی میں عدم مداخلت ؛ آزاد
تجارت ۔

laissez-faire, a. عدم مداخلت یا عدم مداخلت سے متعلّق ؛
آزاد تجارت کے بارے میں ۔

laity, n. دنیا دار ؛ عوامُ النّاس ؛ مجموعی طور پر
عام لوگ جو پادریوں سے مختلف ہوتے ہیں ؛ دنیا دار لوگ ؛ عامۃ
النّاس ؛ جمہور ؛ غیر کلیسائی طبقہ ۔

lake, n. جِھیل ؛ تالاب ؛ تال ؛ غدیر ؛ زمین سے گِھرا
ہوا پانی کا وافر ذخیرہ جس کا عموماً سمندر سے براہ راست کوئی رابطہ
نہ ہو ؛ کسی بھی سیّال کا بڑا ذخیرہ ۔

lake, n. اُسرخ رنگ جو لاکھ یا قرمز میں دھاتی مرکب
مِلا کر تیار کیا جاتا ہے ؛ مختلف رنگوں میں سے کوئی ایک، جو
حیوانی ، نباتی اور کولتار کے رنگ دینے والے مواد میں دھاتی مُرکّبات

کی آمیزش سے تیّار کیے جاتے ہیں ؛ لک (رنگ) ۔

lake dweller, n. جھیل باش یا باشندہ ؛ غدیری مکین ؛ حوضی باشندہ ۔

lake dwelling, n. جھیل باشی ؛ غدیری مسکن ؛ قبل تاریخ دور کا ایک مسکن بالخصوص جو کسی جھیل میں بہ کر آنے والے لٹھوں سے بنایا گیا ہو ۔

lake herring, cisco, n. جھیل ہیرنگ ؛ عظیم جھیلوں کی ایک قسم کی سفید مچھلی ۔

Lakeland terrier, n. شمال مغربی انگلستان میں چھوٹے کُتّوں کی ایک قسم جو خاص طور پر لُومڑی کے شکار کے لیے تیّار کی جاتی ہے ۔

laker, n. جھیل سے وابستہ کوئی شخص ؛ جھیل کی مچھلی ، بالخصوص جھیل کی ٹراؤٹ مچھلی ؛ جھیل میں استعمال کے قابل کشتی ۔

lake trout, n. جھیل ٹراؤٹ ؛ ٹراؤٹ مچھلی کی مُختلف انواع میں سے کوئی ایک ، جو سرد جھیلوں میں پائی جاتی ہے ۔

Lally column, n. (فن تعمیر) لَلی سُتُون ؛ نلی کی شکل کا گچ سے بھرا ہوا فولادی سُتُون-(تجارتی نشان) ۔

lam, v.t. (عوامی) پیٹنا یا زدّ و کوب کرنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) تیزی سے دوڑ جانا ؛ بھاگ جانا ۔ (اسم) (عوامی) فرار بالخصوص پولیس سے ۔

on the lam, بھاگتا ہوا ؛ بھگوڑا ۔

take it on the lam, فرار ہونا ، بھاگ جانا ۔

lama, n. لاما ؛ تبتی بُدھ مَت کا پیشوا یا راہب ۔

Lamaism, n. لامائیت ؛ بُدھ مت کی ایک شاخ جو تبّت اور منگولیا میں رائج ہے ، جس کی انفرادیّت شایان مَت اور پیچیدہ راہبانہ حکومت پر ایمان ہے ۔

Lamaistic, a. لامائیت سے متعلّق ؛ لامائی ۔

Lamaist, n. لامائیت پسند ۔

Lamarckian, n., a. فرانسیسی ماہر علوم فطری جین ڈی لمارک (۱۷۴۴ء تا ۱۸۲۹ء) سے متعلق و منسوب [حیاتیات] لمارکی ؛ نظریۂ لمارک ؛ لمارک کا ؛ نامیاتی ارتقا کا نظریہ ؛ لمارکی نظریے کا حامی ۔

Lamarckian theory, Lamarckianism, n. لمارکیت ؛ لمارکی نظریہ ؛ نامیاتی ارتقا کا نظریہ جس میں حاصل شدہ خصُوصیات کی وراثت کے اُصُول کو جائز قرار دیا گیا ہے ۔

lamasery, n. لاما راہبوں کی خانقاہ ۔

Lamaze method, n. لامیز طریقہ ؛ وضع حمل کا فطری طریقہ ۔

lamb, n. میمنا ؛ برّہ ؛ نوعمر بھیڑ یا اس سے حاصل شدہ گوشت ؛ معصُوم اور بہت ہی مسکین شخص ؛ سادہ لوح ؛ سادہ جسے آسانی سے جھانسا دیا جا سکے بالخصوص مالی یا سٹے بازی کے معاملات میں ؛ ناتجربہ کار شخص ؛ بھولا آدمی ؛ گاؤدی ۔ (فعل لازم) بچّہ پیدا ہونا جیسے بھیڑ کا ؛ بچّے کا جنم لینا ؛ میمنا پیدا ہونا ۔

lambaste, lambast, v.t. (عوامی) مارنا یا پیٹنا ؛ تحریری یا زبانی خلش انگیز حملہ کرنا ؛ طعن و تشنیع کرنا ۔

lambda, n. لیمڈا ؛ یُونانی حُروف تہجّی کا گیارھواں حرف جو انگریزی "l" (ایل) کا متبادل ہے ۔

lambent, a. سُبک سیر ؛ کسی سطح پر سُبک انداز میں دوڑنے یا حرکت کرنے والا جیسے شُعلہ ؛ کسی موضوع پر ہلکے پُھلکے یا شوخ انداز میں بات کرنے والا (جیسے : lambent wit) ؛ نرم یا مدھّم جیسے روشنی ؛ ضیائے نرم کا حامل ؛ نرم تاب ؛ جھلملاتا ۔

lambency, n. سُبک سیری ؛ نرم تالی ؛ جھلمل ؛ جھلملاہٹ ؛ روشنی کی لہک ۔

lambently, adv. نرم تابی سے ؛ سُبک سیرانہ ۔

lambert, n. (بصریات) نوریہ ؛ کامل طور پر منتشر کرنے والی سُفید سطح کی روشنی جو ایک لیومن (lumen) فی مُربع سینٹی میٹر کی شرح سے روشنی وُصُول یا منعکس کرے ؛ روشنی کی اکائی ؛ لیمبرٹ (اکائی) ۔

lambrequin, n. قُرُون وُسطیٰ میں ایک حفاظتی پٹکا جو خود کے اوپر پہنا جاتا تھا ؛ پردہ جو دروازے یا کھڑکی کا بالائی حصّہ ڈھانپ لے یا کسی الماری سے لٹکا ہو ۔

lambskin, n. میشا ؛ بھیڑ کے بچّے یا برّے کی کھال جو عموماً اُون کے ساتھ کمائی جاتی ہے ؛ برّے کی کھال سے بنا ہُوا چمڑا ؛ کاف ۔

lamb's-quarters, n. (نباتیات) خرفہ یا کُلفہ ساگ ۔

lame, a. لنگڑا یا جسمانی طور پر ایک یا زیادہ اعضا بالخصوص زیریں اعضا سے معذُور ؛ لُولا ؛ اپاہج ؛ معذُور ؛ نامکمّل یا ناقص ؛ لُنجا ؛ پنگُل ؛ غیر مستحکم ، کمزور ؛ لنگ (جیسے : lame excuse) ۔ (فعل متعدی) لنگڑا کرنا ؛ اپاہج یا معذور بنانا ؛ اپاہج کرنا ؛ لُولا کرنا ؛ بگاڑ دینا ؛ نکمّا کر دینا ۔

lamely, adv. ناقص طور پر ، نامکمّل طور پر ؛ لنگڑا کر ؛ لنگڑاتا ؛ لنگڑوں ، لُولوں یا پنگُل کی طرح ؛ غیر تشفّی بخش طریقے سے ؛ پُھسپُھسے طور سے ۔

lameness, n. لنگڑا پن ؛ ادُھورا پن ؛ لُولا پن ۔

lame, n. (قُرُونِ وُسطیٰ کی تاریخ) عموماً دھات کی پتلی پلیٹ یا پتری جو مِل کر زرہ بکتر کا لچکیلا حصّہ بنتی ہے ؛ زرّہ بکتر کا آئینہ ۔

lame, n. زربفت ؛ دھات،خصوصاً سونے اور چاندی کے تاروں اور مختلف قسم کے دھاگوں سے بُنا ہُوا کپڑا ۔

lame duck, n. (بول چال) وہ سیاسی عُہدے دار جو اپنے نومنتخب جانشین کے فرائض منصبی سنبھالنے سے پہلے اپنی مُدّتِ ملازمت پوری کر چکا ہو ؛ کمزور یا غیر مُوثّر شخص ۔ (عوامی) وہ سٹّے باز جو خاصی رقم ہار چکا ہو ۔ (عسکری عوامی) ناکارہ طیارہ ۔ (صفت) ناکارہ ؛ بے اثر ؛ کمزور ۔

lamella, n. پتلی پلیٹ یا پتری ؛ چاندا ؛ پتلے فلس یا چاندوں میں سے ایک ، جن سے بعض صدفیہ جان داروں کے گُلپھڑے ترکیب پاتے ہیں ۔ (نباتیات) فلس یا چاندوں سے مشابہ حصّے یا گلپھڑے جو کُھمبی کی چھتری کے اندر کی طرف ہوتے ہیں ؛ پودوں کے دو خلیوں کے درمیان کی جھلّی ؛ پترا ؛ ورقہ ۔

lamellar, a. ورقہ ورقہ ؛ پتری دار ؛ پرت دار ۔

lamellate, lamellated, a. متورّق ؛ ورق دار ، ورق ورق ؛ ورقچہ دار ۔

lamellibranch, n. دو صمامے صدفیوں میں سے کوئی ایک ؛

lamination, n. ته داری ، ورق داری ؛ ورق سازی ؛
پرت بندی ؛ پتراؤ ؛ ورق بندی ؛ ورق کاری ؛ بَرگ کاری ۔

lammergeier, lammergeyer, bearded vulture, n. ریش دار گِدھ ؛
دڑھیل گدھ ؛ ریشائیل گِدھ ؛ گِدھ کے خاندان سے یورپ کا سب سے بڑا شکاری پرندہ ، جس کی مونچھیں معلّق پروں پر مشتمل ہیں اور ہسپانیہ سے لے کر ایشیا تک کے پہاڑوں میں رہتا ہے ۔

lamp, n. دِیا ؛ چراغ ؛ سِراج ؛ لیمپ ؛
روشنی ڈالنے والے بلبوں پر مشتمل ایک آرایشی آلہ ؛ روشنی مہیّا کرنے کا کوئی آلہ (بجلی ، گیس یا شُعلہ پذیر سیّال کے ذریعے) ؛ تاب کاری یا حرارت فراہم کرنے کا آلہ (جیسے : sun lamp) ؛ دیپک ؛ چراغ دان ؛ مِشعل ؛ مِصباح ؛ فانُوس ۔ (مجازاً) روحانی اور ذہنی بصیرت کا ذریعہ ۔ (جمع) (عوامی) آنکھیں ۔ (فعل متعدی ، عوامی) دیکھنا ؛ نظر ڈالنا ۔

lampless, a. بے چراغ ؛ بے نُور ۔

lampblack, n. کاجل ؛ دُودِ چراغ ؛ کالک ؛ تقریباً
خالص کاربن کا عُمدہ سیاہ دُھواں ، جو جلتی ہوئی گیس ، تیل یا قیر (pitch) کا دھواں جمنے سے بنتا ہے ، یہ رنگ و روغن اور طباعتی روشنائیوں کو رنگ دینے کے کام آتا ہے ۔

lamper eel, n. دیکھیے : Lamprey ۔

lamplighter, n. کوچہ و برزن کے چراغ روشن کرنے والا ؛
چراغ روشن کرنے کا آلہ جیسے مشعل یا فلیتہ ؛ اُجالیہ ۔

lampoon, n. ہجو ؛ نثر ، نظم یا فن میں تیکھی ہجو ،
جس میں کسی فرد یا صورت حال کا خاکہ اُڑایا گیا ہو ؛ ہجو قبیح ۔ (فعل متعدی) ہجو میں خاکہ اُڑانا یا مضحکہ اُڑنا ۔

lampooner, n. ہجو گو ؛ ہجو کرنے والا ۔

lampoonery, n. ہجو گوئی ؛ بُرائی ؛ مذمّت ؛ بد گوئی ۔

lampost, n. بتی کھمبا ؛ کھمبا یا سُتُون جس میں
چراغ نصب ہو اور جو کسی کوچے ، پارک ، دروازے یا ایسی کسی اور چیز کو روشن کرے ۔

lamprey, lamprey eel, lamper eel, n. تنبُو مچھلی ؛ مرینا ؛
مورینہ ؛ بام مچھلی سے مشابہ ایک جانور جس کا تعلق مدور دہان مچھلی (Cyclostomata) کے طبقے سے ہے ، اس کا مُنھ چوسنا ہوتا ہے جو تازہ اور نمکین پانی کی مچھلی کا شکار کرتا ہے ۔

lamster, lamister, n. (عوامی) مفرور شخص ؛ بھاگنے والا جیسے قانون سے ۔

lanai, n. (جزیرہ ہوائی کا) آنگن ؛ برآمدہ ۔

lanate, lamo.e, n. اُونی ؛ پشم دار ؛ اون سے مُشابہ
کسی روئیدگی یا مادّے سے ڈھکا ہُوا ؛ پشمہ دار ؛ بَالدار ؛ روئیں دار ؛ صوفہ دار ۔

Lancastrian, a. (تاریخ انگلستان) لنکاسٹری ؛ لنکاسٹر کے
انگریزی شاہی گھرانے کے بارے میں یا اس سے متعلّق ، جس کے حکمران افراد ہنری چہارُم ، پنجُم اور ششم تھے ۔ (اسم) (تاریخ انگلستان) لنکاسٹر گھرانے سے وابستہ یا اس کا فرد ؛ وہ شخص جو لنکاسٹر یا لنکا شائر کا شہری یا باشندہ ہو ۔

lance, n. نیزا ؛ بھالا ؛ ایک لمبا ڈنڈا جس کا سر تیز ،
نوکیلا اور لوہے یا فولاد کا ہو ، جو گُھڑ سوار سپاہی حملے کے وقت استعمال کرتے تھے ؛ وہ سپاہی جو اس ہتھیار سے مسلّح ہو ؛ نیزا دار ؛ کوئی اس سے مشابہ ہتھیار یا آلہ ؛ برچھی ؛ برچھا ؛ بلَم ؛ سانگ ؛ سنان ۔

صدفیہ کا ایک طبقہ جس میں کستورا مچھلی (oyster) ، ریگ صدفہ (clam) اور اُمُّ الخُلول (mussel) شامل ہیں جو متورّق گلپھڑوں اور دو خلوی خول کے حامل ہوتے ہیں ؛ ورقہ خیشومہ ؛ دو صُمامی صدفیہ ؛ ورِیقی ؛ خیشومی ۔

lamellicorn, n. (حشریات) ورقی قرن ؛ قرن دار ؛ جس کے
آخری تین جوڑ پتری سے مشابہ ہوتے ہیں اور کسی حد تک کنگھے کے دندانوں جیسا کام کرتے ہیں ؛ بہت سے بھنوروں کو بھی کہا جاتا ہے ، جیسے طلائی بھنورا ، گبریلا اور ورقہ قرن خاندان کے دوسرے بھنورے ۔ (اسم) ورقہ قرن بھنورا ۔

lamelliform, a. (حشریات) پتلا یا فلس سے مشابہ ، جیسے پترا ؛
پرت نُما ؛ وریقہ نُما ؛ برگ نُما ۔

lament, v.i. ماتم ہونا ؛ گریہ و زاری کا ہونا ؛
رنج و غم کا اظہار ہونا ؛ گہرا افسوس کیا جانا ۔ (فعل متعدی) کسی کا ماتم کرنا ؛ نفرت کرنا ؛ رونا پیٹنا ؛ غم کرنا ؛ سیاپا کرنا ؛ نوحہ کرنا ؛ نالہ و زاری کرنا ۔ (اسم) مرثیہ ؛ گریہ و زاری ؛ ماتم ؛ واویلا ؛ نالہ و شیون ؛ افسوس یا غم ؛ سیاپا ؛ پچھتاوا ؛ زاری ؛ فغاں ؛ فریاد ؛ نوحہ ۔

lamentable, a. قابل افسوس ؛ افسوس ناک ؛ بُرا ؛ تکلیف دہ ؛
قابل تأسُّف ؛ رحم کے لائق ؛ غم آلودہ ؛ غمناک ؛ آزُردہ ؛ دردمند ؛ ماتم انگیز ؛ غم زدہ ؛ محزون ؛ افسوس کے قابل ؛ نوحہ انگیز ۔

lamentableness, n. قابل افسوس ہونے کی کیفیت ؛ غمناکی ۔

lamentably, adv. قابلِ افسوس طور پر ؛ آہ و زاری سے ؛ رو رو کر ؛
غمگینی سے ۔

lamented, a. افسوس ناک ؛ مرحوم ۔

lamentation, n. ماتم کرنے کا عمل ؛ گریہ و زاری ؛ اِظہارِ افسوس ؛
نالہ ؛ زاری ؛ ماتم ؛ واویلا ؛ فغاں ؛ گریہ ؛ کُہرام ؛ فریاد ؛ نوحہ ۔

lamia, n. (کلاسیکی اساطیری) ڈائن ؛
چڑیل ؛ بُھتنی ؛ ایک اساطیری چڑیل جس کا سر اور سینہ عورت کا اور باقی جسم سانپ کا ہوتا ہے ، جو روایت کے مطابق بچّوں کا خون چوستی ہے ؛ خون آشام ۔

lamina, n. فولادی پترا ؛ دھات ، لکڑی یا حیوانی نسیج
کی چپٹی اور پتلی پتری ، چادر یا چاندا ؛ ورق ، طبق ، تہ ، پرت ؛ ایسی پرت یا تہ جو دُوسری پر پڑی ہو ۔ (نباتیات) پتّی کا بالائی چوڑا حصّہ ؛ کَفِ برگ ؛ ورقہ ؛ ورق ؛ طبقِ لطیف ؛ چھلکا ؛ قشر ؛ غِشا ۔

laminal, a. ورق دار ، طبق دار ۔

laminar, a. ورق دار ، طبق دار ، ورق نُما ؛ پتری دار ؛
ورقہ دار ؛ پرت دار ۔

laminar flow, n. لزجی بہاؤ ؛ یکساں بہاؤ ؛ لیسدار
ہموار بہاؤ ، جس کی مختلف تہیں متوازی طور پر کسی قدر مختلف رفتار سے حرکت کرتی ہیں ؛ سطحی بہاؤ ۔

laminate, v.t. ورق چڑھانا ؛ دھات یا لکڑی وغیرہ کو
دبا کر پتری کی شکل دینا ؛ پتلی تہوں میں تقسیم کرنا ؛ پتریوں سے ڈھانپنا ؛ تہ پر تہ رکھ کر تعمیر کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ ورق اُتارنا ۔ (فعل لازم) پتلی تہوں میں تقسیم ہونا ۔ (صفت) تہ دار ، ورق دار ۔ (اسم) ورق دار چیز ۔

laminated, a. تہ دار ، ورق دار ؛ پتر دار ؛
ورقہ ورقہ ؛ مُتورّق ۔

(فعل متعدی) چبھونا ، نیزا سے ؛ چھیدنا ؛ نیزاچبھونا ، نیزے سےزخم کرنا ـ

lancelike, a. نیزا نُما ـ

lance corporal, n. (عسکری) لانس نائیک ؛ امریکی بحری فوج میں بھرتی شُدہ شخص جس کا عہدہ اول درجہ پرائیویٹ سے بڑا اور کارپورل سے کم ہوتا ہے ـ (برطانوی،عسکری) پرائیویٹ جسے عہدے میں کسی ترقی یا تنخواہ میں کسی اضافے کے بغیر کارپورل کے طور پر کام کرنے کے لیے نامزد کیا گیا ہو ؛ فوج میں نائک سے کم اور عام سپاہی سے بڑا عہدہ ـ

lancelet, amphioxus, n. lance کی تصغیر ؛ نیزک ماہی ؛ مختلف چھوٹے بے عضو ، مچھلی سے مشابہ آبی جانوروں میں سے کوئی ایک ، جس کی خُصوصیت دونوں سِروں پر پتلا شفّاف جسم ہے ، یہ اُتھلے پانیوں کے نیچے ریت میں پائی جاتی ہے ـ

Lancelot, Launcelot, n. آرتھری کہانیوں کا دلیر سردار ـ

lanceolate, a. سنانیہ ؛ نوک تیز ؛ نیزے کے پھل کی شکل کا ـ (نباتیات) ان پتّوں سے متعلّق جو چوڑائی کی نسبت زیادہ لمبے ہوتے ہیں اور جڑ سے چوڑے ہوتے ہُوئے اُوپر پہنچ کر گاؤدُم ہو جاتے ہیں ـ

lanceolately, adv. گاؤ دُم انداز سے ـ

lancer, n. نیزا بردار ؛ رسالہ کا سپاہی جو نیزے سے مسلّح ہو ؛ نیزے باز ؛ بھالا بردار ـ (جمع مگر ترکیب میں واحد) ناچ کی ایک قسم جس میں چار جوڑے حصّہ لیتے ہیں یا اس ناچ کی دُھن ـ

lancet, n. نشتر ؛ ایک چھوٹا آلۂ جرّاحی ، جس کی نوک تیز ہوتی ہے اور دو دھارا ہوتا ہے ، رگ کھولنے ، پھوڑے یا رسولی چِیرنے میں کام آتا ہے ـ (فن تعمیر) نوکدار محراب ؛ نوکدار کھڑکی ـ

lanceted, a. (فن تعمیر) نوک دار محرابوں یا نوکدار کھڑکیوں سے مخصوص ـ

lancet arch, n. نکیلی محراب ؛ وہ محراب جس کی چوٹی تیکھی نوکدار ہوتی ہے ـ

lancet window, n. (فن تعمیر) نوکدار کھڑکی ؛ تیکھی نوکدار چوٹی والی تنگ کھڑکی ـ

lancewood, n. نیزہ چوب (چونکہ یہ نیزوں کی ڈانڈ بنانے کے لیے موزوں ہے ، اس لیے یہ نام پڑا) ؛ امریکا کے گرم علاقوں کے متعدّد درختوں میں سے کوئی ایک ، جن کی لکڑی سخت اور لچکیلی ہوتی ہے اور کمانیں ، بنسیاں نیز الماریاں بنانے کے کام آتی ہے ؛ بام لکڑی ؛ نیزہ لکڑی ؛ نیزے کا بانس ـ

lancinate, v.t. چیرنا ، پھاڑنا ؛ گھونپنا یا چھیدنا ـ

lancination, n. چِیر پھاڑ ـ

land, n. زمین ؛ ارض ؛ خشکی ؛ اراضی ؛ برّ ؛ زمین کی سطح کا ٹھوس مادہ (جیسے : dry land) ؛ زمین کی سطح کا کُھلا حصّہ جو پانی سے ڈھکی ہوئی زمین سے مختلف ہو (جیسے : to travel by land) ؛ زمین یا میدان ، بالخصوص جب خاصیت ، نوعیت یا استعمال کے حوالے سے بات کی جائے (جیسے : poor land) ؛ شہری علاقے کے برعکس دیہی علاقہ ، زمین کی سطح کا وہ حصّہ جس کی قُدرتی یا سیاسی حدبندی کی گئی ہو ؛ کوئی علاقہ ، مُلک یا وطن ؛ کسی ملک کے لوگ ؛ علاقہ یا حُکُومت (جیسے : the land of the Vikings) ؛ زمین جو قبضے کا موضوع خیال کی جائے جس میں اس کی پیداوار مثلاً درخت ، پانی اور عمارات بھی شامل ہوں ـ (قانون) کوئی مفاد یا جائیداد جو بصورت زمین ملکیّت میں ہو ـ (معاشیات) قدرتی وسائل جن کا تعلق معاشی پیداوار سے ہو ؛ ان لکیروں یا پٹیوں میں سے کوئی ایک جن میں کھیت،ہل چلا کر تقسیم کر دیا جاتا ہے ؛ کیاری ؛ حلقوں کے درمیان کی سطح جیسے بندوق کی نالی کی اندرونی سطح میں ہوتی ہے ؛ کوٹھی، خانہ ؛ دُنیا ؛ مٹی ؛ دیش ؛ قطعہ زمین ؛ خطہ ؛ رمینہ ؛ جائیداد غیر منقولہ ؛ جاگیر ؛ اراضی ؛ دھرتی ـ

landless, a. بے اراضی ؛ بے زمین ـ

landlike, a. ارض نما ؛ زمین نما ؛ زمینی ـ

land, v.t. زمین یا ساحل پر چلنا یا چلانا ؛ رکھنا ؛ اُتارنا ؛ اُترنا (جیسے : to land passengers or cargo from a vessel) ؛ زمین یا پانی پر اُتارنا (جیسے طیارہ) ؛ گاڑی یا ایسی ہی کسی چیز سے اُتارنا ؛ کسی مقام یا صورتِ حال میں داخل کرنا یا لانا (جیسے : an action that landed him in trouble) ـ (ماہی گیری) کانٹے یا جال کے ذریعے مچھلی کو پانی سے باہر نکالنا ـ (بول چال) پکڑنا ، حاصل کرنا، جیتنا ـ (فعل لازم) زمین یا ساحل پر آنا جیسے کشتی کا ؛ پہنچنا ؛ کشتی یا جہاز سے ساحل پر جانا یا آنا ؛ سطح پر اُترنا ، مثلاً طیارے یا گاڑی سے یا چھلانگ وغیرہ کے بعد ؛ آرام کرنے کے لیے آنا یا کسی مقام، حیثیت یا حالت میں داخل ہونا ؛ آنا ـ

land on, طعنہ دینا ، جِھڑکنا ـ

landau, n. لینڈو گاڑی ؛ ایک گاڑی جس کے چار پہیّے اور مُنقسم چَھت ہوتی ہے ، جس کا کوئی بھی حصّہ نیچے کیا جا سکتا ہے ؛ ایک خود کار گاڑی جس کی پچھلی نشِست پر چھت کو تبدیل کیا جا سکتا ہے ـ

landaulet, n. چھوٹی لینڈو ؛ ایک خُود کار گاڑی جس میں آگے ڈرائیور کے لیے مُسقف یا کُھلی نشِست ہوتی ہے اور پیچھے ایسی چھت لگی ہوتی ہے جس کو نیچے کیا جا سکتا ہے اور تہ بھی کیا جا سکتا ہے ـ

landed, a. زمینی ؛ غیر منقولہ ؛ زمین کی صورت میں جائیداد کی حامل (جیسے : landed property) ؛ اَملاکِ اراضی ؛ ارضی جائیداد ؛ جائیداد غیر منقولہ ؛ سکنی جائیداد ـ

lander, n. خلائی گاڑی : چاند یا کسی اور جِرم فلکی کی سطح پر اُترنے والی ـ

landfall, n. بحری یا ہوائی سفر کی صورت میں پہلی دفعہ زمین کا نظارہ ؛ سفر کے بعد جو زمین پہلی بار نظر آئے یا جس پر پہنچا جائے ؛ پہاڑ وغیرہ سے کٹ کر گِرنے والا تودہ ؛ ریزشِ زمین؛لانی ـ

land grant, n. عَطیّۂ زمین ؛ سرکاری زمین جو خاص مقاصد مثلاً ریل کی پٹڑی ، کالج یا سڑک کی تعمیر کے لیے حُکُومت کی طرف سے عطا کی جائے ؛ عَطیّۂ اراضی ؛ مِلک بخشی ـ

landgrave, n. قُرونِ وسطیٰ کے جرمنی کا نوّاب جس کا ایک موسومہ علاقے پر اختیار ہوتا تھا ؛ مُختلف جرمن شہزادوں کا خطاب ـ

landgriviate, n. قرونِ وسطیٰ کے نوّاب کا منصب ، دائرۂ اختیار یا علاقہ ـ

landholder, n. زمیندار ؛ زمین کا مالک ، قابض یا حامِل ، جاگیر دار ـ

landholding, n. زمینداری ؛ پٹّہ داری ؛ اَرضی مِلکیّت ـ

landing, n. نُزُول ؛ اُتار ؛ منزِل ؛ ساحل پر اُترنے یا

زمین پر قیام کرنے کا عمل ؛ وہ جگہ جہاں جہاز یا طیّارہ وغیرہ سے لوگ اُترتے ہیں یا سامان اُتارا جاتا ہے ؛ بندرگاہ ؛ ہوائی اڈّا ؛ طیران گاہ ۔ (فنِ تعمیر) زینے کی ابتدائی یا بالائی سطح کا فرش ؛ دو سیڑھیوں کے درمیان واقع چبوترہ یا سطح تُوَقّف ۔

landing craft, n. (جہاز رانی) ایک طرح کی چپٹے پیندے کی کشتی جو آدمیوں اور سامان کو ساحل پر اُتارنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ اتار کشتی ۔

landing field, n. اُتار مَیدان ؛ صاف اور ہموار کردہ میدان جہاں طیّارے اُتر سکتے ہوں اور جہاں سے پرواز کر سکتے ہوں ۔

landing gear, n. (طیرانیات) اُتار پہیّے ؛ کسی طیّارے کا زیریں ڈھانچا جس میں پہیّے ، تِرنا اور ان کو سہارا دینے والا چوکھٹا شامل ہیں ۔

landing strip, n. اُتار پٹڑی ؛ فرود پٹڑی ؛ ہوائی پٹّی یا اس کا وہ حصّہ جہاں طیارے حقیقت میں اُترتے اور چڑھتے وقت زمین چُھوتے ہیں ؛ اِمدادی یا زائد طیران گاہ ۔

landlady, n. مالکۂ مکان ؛ زمیندارنی ؛ وہ عورت جو مکانات ، عمارات یا دوسری جائیداد کی مالک ہو اور انھیں کرایہ پر چڑھاتی ہو ؛ زمیندار عورت ۔

landlocked, a. جو زمین سے گھرا ہُوا ہو ؛ زمین گھرا ؛ خُشکی سے محصور ؛ تازہ پانی تک محدود (جیسے : landlocked salmon) ۔

landlord, n. زمین یا حقیقی جائیداد کا مالک ، بالخصوص وہ جو کرایہ دار رکھتا ہو ؛ سرائے یا دارالاقامہ کا مالک ؛ سرائے والا ؛ مالکِ مکان ؛ زمیندار ؛ مکان دار ؛ مالِک اراضی ؛ صاحب جائیداد ؛ وڈیرا ۔

landlordism, n. زمینداریت ؛ جاگیر دارانہ نظام ؛ زمین دارانہ ذہنیت ؛ رویّہ ، کردار ، عمل جو زمینداروں سے مخصوص ہو ؛ نظریہ جو زمیندارانہ مفادات کے غلبے کا حامی ہو ؛ وہ معاشی نظام جس میں زمیندار مزارع کو زمین پٹّے پر دیتا ہے ؛ نظامِ زمینداری ۔

landlubber, n. (جہاز رانی) زمین کا باشندہ یا ناتجربہ کار شخص جو جہاز میں سوار ہو ؛ ایک تحقیری اصطلاح جو نئے ملّاح کے لیے مستعمل ہے ۔

landlubberly, adv. ناتجربہ کارانہ ۔

landmark, n. اِمتیازی نشان ؛ سرحدی نشان ؛ کوئی مقررّہ اور واضح چیز جو کسی مقام کو الگ کرتی ہو، جو مسافروں یا سمندری جہازوں کی راہ نمائی کرتی ہو یا کسی علاقے کی حدود واضح کرتی ہو ؛ وہ واقعہ جو کسی دور کی نشان دہی کرتا ہو ؛ عہد آفریں ؛ سوانا ، سرحد نُما ؛ نشان اِمتیاز ؛ نشانِ سرحد ؛ نشانِ حُدود ؛ حد بست اراضی ؛ نشانِ خُشکی ؛ حدبندی ۔

land mass, n. بَرّاعظم یا زمین کا کوئی بڑا ٹُکڑا ۔

land measure, n. پیمانۂ زمین ؛ پیمایش کی کوئی اکائی جو زمین کے رقبے کی تقسیم میں استعمال ہو مثلاً ایکڑ ؛ مربع پیمایش کا نظام جو زمین کی پیمایش کے لیے مستعمل ہے ۔

land office, n. دفتر اراضی ؛ ایک سرکاری دفتر جس میں لوگوں کی زمینوں کی فروخت کا اندراج کیا جاتا ہے ۔

land office business, (بول چال) نفع بخش چلتا کاروبار ۔

landowner, n. زمین کا مالِک شخص ، جو زمین کا مالک ہو ؛ زمیندار ؛ مالک زمین ۔

landowning, n.,a. ارضی مِلکیّت ؛ زمینداری ؛ زمیندارانہ ۔

landownership, n. ملکیّتِ زمین ؛ زمینداری ۔

land plaster, n. جپسم چٹان جسے عُمدہ طور پر پیس کر کھاد یا اصلاح زمین کی دوا کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

land-poor, a. بے یافت زمیندار ؛ وافی زمین رکھنے والا جو مالی ذمّہ داریاں بالخصوص زمین داری پر عائد محصولات فوری طور پر ادا کرنے کے قابل نہ ہو ۔

land reform, n. اصلاح اِراضی ؛ زرعی اصلاحات ، بالخصوص حُکومت کے زیر اہتمام وہ لائحۂ عمل جس کا مقصد زرعی اراضی کی مساوی انداز میں از سر نو تقسیم ہو ۔

landscape, n. ارضی منظر ؛ بَرّی منظر ؛ ہیئتِ ارضی کا وسیع قدرتی منظر جو کسی ایک مقام سے دیکھا جائے ؛ وہ تصویر جو کسی خِطّۂ ملک کے تمام مناظر کی نمائندگی کرے ؛ عام طور پر ایسی تصاویر یا کوئی ایسی تصویر کَشی ؛ ارضی منظر کی تصویر ؛ حدّ نظر زمین ؛ منظر بَرّی ؛ منظرہ ؛ حَدّ نظر ؛ منظری تصویر ؛ درشیہ ؛ نظّارہ ۔ (فعل متعدی) چمن کاری کے ارضی مناظر کا نقشہ بنانا ؛ باغبانی کے ارضی مناظر کا نقشہ کھینچنا اور قُدرتی مناظر کے مطابق باغ لگانا ۔ (فعل لازم) قدرتی مناظر کے نقّاش کے طور پر کام انجام دینا ۔

landscaper, n. مصوّر ارضی مناظر ؛ ارضی مناظر کا نقّاش ۔

landscape architect, n. ماہر ارضی مناظر یا وہ شخص جو ارضی مناظر کے قدرتی خَدّوخال میں اصلاح کرنے کی مہارت رکھتا ہو، تا کہ اس کی خوبصورتی میں اضافہ کر سکے ؛ باغوں وغیرہ کی تعمیر کا ماہر ؛ قُدرتی مناظر کَش ۔

landscape architecture, n. ارضی مناظر کی تعمیر کا فن ؛ تعمیر و آرایشِ باغ کا فن ۔

landscape gardener, n. وہ شخص جو باغوں ، پارکوں وغیرہ کی منصوبہ بندی اور آرایشی درخت کاری کی خاص قابلیّت یا تربیّت رکھتا ہو ۔

landscape gardening, n. باغوں کی منصوبہ بندی ۔

landside, n. (زراعت) ہل کا چپٹا پہلو ، جو مولڈ بورڈ کے برعکس بے جوتی زمین کو دباتا ہے اور راہ نُمائی کرتا ہے ۔

landslide, Brit. landslip, n. ہُبُوطِ ارض ؛ لانی ؛ مٹّی یا چٹان کے تودے کا پھسل کر اُونچی سطح سے نیچے گرنے کا عمل ؛ ریزش زمین ؛ گرنے یا پھسلنے والا مادّہ ۔ (مجازاً) واضح اور مؤثر انتخابی فتح ؛ ووٹوں کی کثیر تعداد ؛ فرد ریزی ؛ بھاری ، نمایاں ۔

landslip, n. دیکھیے : landslide ۔

landsman, landman, n. فردِ زمین ؛ زمین پر رہنے والا ؛ جس کا گزارا زمین پر ہو ؛ مُحبِّ وطن ؛ نا تجربہ کار ملّاح ۔

landward, landwards, a. زمین رُو ؛ زمین رُخ ؛ زمین پر لیٹنے والا ، زمین کی جانب یا زمین کی سمت میں رُخ کرنے والا ۔ (متعلّق فعل) زمین کی طرف ؛ سُوئے زمین ۔

landwehr, n. فوجی محفوظ دستہ جسے جنگ کے موقع پر خدمت لینے کے لیے تربیت دی گئی ہو۔

lane, n. گلی ؛ کُوچہ ؛ تنگ راستہ ؛ جھاڑیوں ، کٹڑوں ، دیواروں یا مکان کے درمیان تنگ راستہ ؛ کوئی تنگ یا واضح راستہ ؛ سڑک ، نہر یا راستہ ؛ شاہراہ کا حصّہ جو عموماً پختہ نشانوں کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے اور گاڑیوں کی ایک قطار کے لیے ہوتا ہے ؛ مقررہ راستہ جس پر سمندری جہاز چلتے ہیں ؛ دوڑ کے کھیلوں میں بر وہ متوازی راستے جو مقابلہ کرنے والوں کے راستے کی نشان دہی کریں ؛ گیند پھینکنے کی گلی کے متوازی راستوں میں سے کوئی ایک ؛ درمیانی جگہ ؛ راستہ۔

langlauf, n. تختوں پر بے راہ دوڑ ؛ وہ دوڑ جو تختوں پر سوار ہو کر سڑک چھوڑ کر کھیتوں وغیرہ میں سے لگائی جائے۔

langlaufer, n. تختوں پر بے راہ دوڑ لگانے والا۔

langrage, n. توپ کا گولا جو کیلوں اور میخوں پر مشتمل ہوتا تھا جو آپس میں جوڑ دی جاتیں یا ایک خول میں بند کر دی جاتی تھیں ؛ ماضی میں اسے بحری جنگوں کے دوران جہازوں اور جہازی سامان کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

Langshan, n. لنگ شان ؛ ایک بڑے سیاہ یا سفید قسم کا چینی پالتُو پرندہ۔

langsyne, n. (اسکاٹ لینڈ) سابقہ زمانہ ، پُرانا دور۔ (متعلق فعل) پُرانے زمانے میں ، پُرانے وقتوں میں۔

language, n. زبان ؛ بولی ؛ بھاشا ؛ لسان ؛ انسانوں کے مابین تحریری یا صَوتی اشاروں کے ذریعے رابطے کا نظام، کسی نسلی ، قومی یا ثقافتی گروہ کی خاص بولی ؛ وہ الفاظ جو خاص طور پر کسی فن ، شُعبۂ علم یا پیشے میں اختیار کیے گئے ہوں ؛ کسی شخص کا خاص انداز گُفتگو؛ عبارت ؛ لسانیات ؛ توسیعی انداز میں زندہ مخلوقات کے خیالات و احساسات کا پیچیدہ یا سادہ اظہار ؛ طرزِ بیان ؛ رنگ تکلُّم ؛ لُغت ؛ نُطق ؛ بول چال ؛ الفاظ ؛ عبارت ؛ شبد۔

langue d'oc, n. رُومانی زبان کی ایک شکل جو قُرونِ وسطیٰ کے جنوبی فرانس میں بولی جاتی تھی اور جس کا ارتقا جدید پراونسل (modern Provencal) زبان کی صورت میں ہوا ہے۔

langue d'oil, n. رُومانی زبان کی ایک شکل جو قُرونِ وُسطیٰ میں شُمالی فرانس میں بولی جاتی تھی ، جو ترقّی پاکر جدید فرانسیسی زبان کی صورت اختیار کر گئی۔

languet, n. زبانہ ؛ زبانک ؛ زبان کی شکل کے مختلف چھوٹے حصے ، اشیا اور اشکال میں سے کوئی ایک زبان نُما چھوٹی سی چیز۔

languid, a. خمیدہ ؛ جُھکا ہوا ؛ کمزور ؛ مجہول ، سُست ؛ کاہل ؛ محنت سے جی چُرانے والا ؛ کام چور ؛ سُست رو ؛ بے حال ؛ نِڈھال ؛ بے ہمّت ؛ بیمار ؛ ضعیف ؛ رنجُور ؛ نزار ؛ نقیہ ؛ ناتواں ؛ مریل ؛ بے جان ؛ بے دَم ؛ مضمحل ؛ ماندہ ؛ مُردہ دل ؛ بے کیف ؛ بے رونق ؛ پھیکا ؛ بے لُطف۔

languidly, adv. سُستی سے ؛ بے ہمتی سے ؛ مُردہ دِلی سے ؛ کاہلی سے ؛ ماندگی سے ؛ افسُردہ دِلی سے۔

languidness, n. سُستی ؛ بے ہمّتی ؛ مُردہ دِلی ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ افسُردہ دلی ؛ ضُعف ؛ کاہلی ؛ آلِس ؛ بے کیفی۔

languish, v.i., v.t. سُست ، کمزور یا مُردہ دِل ہونا ؛ گُھلنا ؛ سُوکھنا ؛ جُھکنا ، مُرجھانا ؛ صحت مند و طاقتور نہ ہونا ؛ تکلیف اور ناخوشگوار حالات میں زندگی کا بسر ہونا (جیسے :languish in exile)؛ مُردہ دلانہ نزاکت کی صورت اختیار کرنا ؛ کمزور ہونا ؛ ناتواں ہونا ؛ نِڈھال ہونا ؛ مضمحل ہونا ؛ ماند پڑنا ؛ ڈھیلا پڑنا ؛ ڈِھیلا ہو جانا ؛ ڈھیلا پڑ جانا ؛ نقیہ ہونا ؛ کُملانا ؛ سُست ہونا ؛ پژمُردہ ہونا۔ (اسم) گھلنے کا عمل ؛ مردہ دلانہ اور کمزور نگاہ ؛ بے ہمتی ، مردہ دلی ، نڈھال پن ، بے جانی۔

languisher, n. گُھلنے والا ، کمزور ، مُردہ دِل۔

languishing, a. مُردہ دِل ، حَسرت زدہ ؛ متوالا ؛ ماندہ ؛ مضمحل۔

languishingly, adv. مُردہ دلی سے ؛ حَسرت زدگی سے ؛ ماندگی سے۔

languishment, n. اُداسی ؛ مُردہ دِلی ؛ حسرت زدگی ؛ ناتوانی ؛ نِڈھال پن ؛ نقاہت ؛ اضمِحلال ؛ گُھلاوٹ ؛ کمزوری ؛ مُرجھاؤ ؛ ماندگی ؛ ڈھیلا پن ؛ ضُعف ؛ نزاکت ؛ نازُکی۔

languor, n. خستگی ؛ جِسمانی مشقّت یا واماندگی ؛ کمزوری ، ناتوانی ؛ بے حالی ؛ حسرَت زدگی ؛ خوابیدگی کی حالت ، غُنُودگی ؛ تکلیف دہ سُکُون ؛ حسرت و یاس ؛ افسُردگی ؛ پژمُردگی ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ سُستی ؛ ضُعف ؛ نقاہت ؛ آلس ؛ کاہلی ؛ تھکان ؛ تھکاوٹ ؛ مجھُولی ؛ ماندگی ؛ ڈِھیلا پن ؛ بے رونقی ؛ بے کیفی۔

languorous, a. کمزور ؛ ناتواں ؛ بے حال ؛ حسرت زدہ ؛ غنودہ۔

languorously, adv. کمزوری سے ؛ ناتوانی سے ؛ بے حالی سے ؛ حسرت زدگی سے۔

langur, n. [اردو] لنگور ؛ بعض بڑے ، دبلے ، لمبے اعضا اور لمبی دُم والے ایشیائی لنگوروں میں سے کوئی ایک۔

laniary, n. کُچلی ، ناب ؛ خاص طور پر گوشت خور جانوروں کے سامنے کے دانتوں میں سے کوئی ایک ؛ نِیش ؛ کیلا۔ (صفت) دندانی ؛ تابی ، جو گوشت چیرنے پھاڑنے کے لیے موزُوں ہو۔

laniferous, lanigerous, a. پشم دار ؛ اُونی ؛ روئیں دار ؛ اُون دار۔

lank, a. دُبلا ، لمبا اور اُستخوانی ؛ لمبا اور نرم جیسے بال ؛ لمبا اور پتلا ،بدنُما طور پر پتلا جیسے پودا ؛ دُبلا پتلا ؛ لاغر ؛ قاق ؛ لانبا ؛ پژمُردہ ؛ ڈِھیلا ؛ سُوکھا ؛ کم گوشت ؛ چھریرا ؛ اکہرا۔

lankly, adv. دُبلے اندازمیں۔

lankness, n. دُبلا پن ؛ لاغری۔

lanky, a. بدنما حد تک دُبلا اور لمبا ؛ لاغر۔

lankily, adv. لاغری سے۔

lankiness, n. لاغری ؛ دُبلا پن۔

lanner, n. باز ؛ شِکرا ؛ چرغ ؛ جنوبی یوریشیا اور شُمالی افریقہ کا جانور ؛ اس نوع کی مادہ اپنے نر سے بڑی ہوتی ہے ؛

صقر ؛ چرغ مادہ ۔

lanneret, n. (بازبانی) نر شکرہ یا چرغ ؛
باز کا نر ؛ چرغِ نر ۔

lanolin, lanoline, n. لینولِن ؛ روغنِ پشم ؛ ایک روغنی
یا چکنا مادّہ جو اَن دُھلی اُون سے حاصل کیا جاتا ہے ، جلدی بیماریوں
کے لیے مرہم اور لوشن کے طور پر مفید ہے ۔

lanose, a. اُونی ؛ پشم دار یا
باریک پشمیں بالوں سے ڈھکا ہُوا ۔

lansquenet, landsknecht, n. کرایہ کا پیدل سپاہی جو
برچھی یا نیزے سے مسلّح ہو ، پہلے زمانے میں ایسے سپاہی مختلف
یورپی افواج میں ملازم ہُوا کرتے تھے ؛ تاش کا ایک کھیل جس کی
ابتدا جرمنی میں ہوئی ۔

lantana, n. (نباتیات) لنٹانا ؛ گرم علاقے کے ساگوانی
درختوں میں سے کوئی ایک جس میں ، وہ انواع بھی شامل ہیں جو
خوشبودار زرد ، نارنجی ، لاکھی یا سُفید پھولوں کے لیے کاشت کی
جاتی ہیں ۔

lantern, n. لالٹین ؛ قندیل ؛ عموماً نقل پذیر
خول جو شفّاف یا نیم شفّاف ہوتا ہے ، جس میں چراغ ، شمع یا بتّی رکھ
دی جاتی ہے تاکہ ہوا اور بارش سے محفوظ رہے ؛ روشنی کے مینار کی
چوٹی پر وہ کمرا جس میں چراغ رکھّا جاتا ہے ۔ (فنِ تعمیر) چھت پر تعمیر
شُدہ عمارت جو مینار کے بالائی حصّے کی صورت یا گنبد کے اُوپر
روشنی اور ہوا یا آرایش کے لیے ہو ؛ کمرے کی چھت کا یا گنبد کا
روشن دان ؛ منارہ ؛ فانُوس ؛ روشندان چھت ۔

lantern fly, n. جُگنو ؛ کرمک شب تاب ؛
بہت سے گرم علاقوں کے یکساں پروں والے کیڑوں میں سے کوئی
ایک ، ایک زمانے میں ان کے متعلّق خیال تھا کہ اندھیرے میں یہ
روشنی خارج کرتے ہیں ۔

lantern jaw, n. آدمی کا لمبا پتلا اور
آگے کو نکلا ہوا نچلا جبڑا ، چوڑا جبڑا ؛ خشک کلّہ ۔

lantern-jawed, a. لمبے پتلے جبڑے والا ۔

lantern wheel, lantern pinion, n. دندانہ دار چرخی کی طرح
کام کرنے والا پہیّہ ؛ اس میں لازمی طور پر دو متوازی قُرصیں ہوتی
ہیں جن کے گھیرے سلاخوں کے ایک سلسلے سے مربوط ہوتے ہیں جو
دوسرے پہیے کے دندانوں میں لگ جاتے ہیں ۔

lanthanide series, n. لینتھا نائیڈ سلسلہ ؛ نایاب زمینی دھات
کا ایک سِلسلہ جو لینتھینم (lanthanum) سے شروع ہوتا ہے اور لیوٹیٹیم
(lutetium) پر ختم ہوتا ہے ۔

lanthanum, n. لینتھینم (عنصر) ؛ نادر ارضی
سلسلے کا ایک دھاتی عُنصر جو سہ گرفتہ اور ایلومینم سے ملا ہوا ہو ۔

lanthorn, n. (برطانوی) لالٹین ۔

lanuginose, lanuginous, a. پشمیں ؛ پشم یا نرم بالوں سے
ڈھکا ہُوا ؛ پشم دار ۔

lanuginousness, n. پشمینگی ، پشم داری ۔

lanugo, n. (حیاتیات) پشمِ جنین ؛
اُونی یا پشمیں روئیدگی ، جیسی کسی پتّے کی سطح یا کیڑے کے جسم
پر ہوتی ہے ؛ رُواں ؛ نازُک پشمیں بالوں کی تہ جو انسانی جنین کو
ڈھانپے ہوتی ہے ۔

lanyard, laniard, n. (جہاز رانی) چھوٹا رسّا یا رسّی جس سے
کوئی چیز بالخصوص سامان باندھا جائے ؛ ایک ڈوری یا رسّی جو گردن
کے گِرد یا پیٹی پر چیزیں مثلاً پستول ، خنجر ، سیٹیاں باندھنے کے کام
آئے ۔ (عسکری) ایک ڈوری جس کے ایک سِرے پر ایک چھوٹا آنکڑا
ہوتا ہے ، جو خاص قسم کی توپیں چلانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ انعام
کی نشاندہی کرنے والی ڈوری جو عموماً رنگین ہوتی ہے ، اور کندھے کے
اوپر پہنی جاتی ہے ۔

Lao, n., a. لاؤسی زبان ؛ جنوب مشرقی ایشیا
کے ایک ملک لاؤس کے باشندوں کی زبان ۔

Laotian, n. لاؤسی ؛ لاؤس میں آباد تھائی
نسل کے گروہ کا ایک فرد ۔ (صفت) لاؤس کے لوگوں یا ان کی زبان
سے متعلّق ۔

laocoon, n. (عموماً بڑے L کے ساتھ) (مجازاً) وہ شخص جو بے انتہا
غالب مشکلات کے خلاف جدوجہد کر رہا ہو ۔

Laodicean, a. لاؤڈیسی ؛ ایشیائے کوچک کے
شہر قدیم لاؤڈیسیا کے مسیحیوں کی مانند ؛ جو مذہب کے معاملے میں
سرگرم نہ ہو ؛ دھیما ؛ لاذقی ؛ ضعیف الاعتقاد ۔ (اسم) وہ شخص جو اپنے
عقیدہ کے معاملے میں لاتعلّق ہو ۔

lap, n. گود ؛ آغوش ؛ جھولی ؛ ٹانگوں کے بالائی حصّہ
کی سطح جب کوئی شخص نشست کی حالت میں ہو ؛ بیٹھنے کی حالت
میں بالائی رانوں کی پوشش ۔ (مجازاً) اثر ، ذمّہ داری اور اختیار کا
دائرہ ؛ دائرۂ اثر (جیسے : the problems tossed in one's lap., in the
lap of providence) ۔

lap, v.t. گرد لپیٹنا یا بٹنا ؛ تہ بہ تہ کرنا ؛
تہ کرنا ؛ دوہرا کرنا ؛ جزوی طور پر اُوپر ڈالنا ؛ اس طرح ڈھانپنا کہ کچھ
حصّہ باہر نکلا رہے ؛ گھیر لینا ۔ (فعل لازم) پھیلنا یا رکھّا جانا ؛ الٹ پلٹ
ہونا ؛ کسی چیز پر جزوی طور پر لپٹنا جیسے چھت کی تختیاں ؛ لہروں
کا ٹکرانا ۔ (کھیل) دوڑ میں کسی سے ایک یا زیادہ چکر آگے نکلنا ۔

lapper, n. لپٹنے والا ، آگے نکلنے والا ۔

lap, n. وہ چیز جو کسی دوسری چیز کی چوٹی
یا سر پر رکھی گئی ہو ، اس کا آگے نکلا ہوا حصہ ؛ کسی لچکیلی شے
کی تہ/شکن ؛ دوڑ کے میدان میں ایک مکمّل چکر ؛ نرم دھات کی
گھومنے والی قُرص جو جواہرات اور شیشے کو چمکانے اور کاٹنے کے
کام آتی ہے ؛ سان ۔

lap, v.i. سیّال یا خوراک کا زبان کے ذریعے کھایا
جانا ؛ لپڑنا ؛ سڑپنا ؛ چاٹنے کے ذریعے کھانا پینا ؛ چاٹنا ؛ زبان کے ذریعے
پانی پینے کی صُورت میں پیدا ہونے والی آواز نکلنا یعنی چپڑ چپڑ ہونا ۔
(فعل متعدی) زبان کے ذریعے مُنہ میں ڈالنا ؛ چاٹنا ؛ لپڑ لپڑ کھانا ۔
(اسم) چٹائی ، زبان سے ؛ اس طرح پیدا کی جانے والی آواز ؛ چپڑ چپڑ ؛
ساحل کے ساتھ پانی کے ٹکرانے کی آواز ۔

lapper, n. چاٹنے والا ؛ سڑپنے والا ؛ لپڑنے والا ۔

laparoscope, n. دروں نُما ؛ جسم کے اندرونی
اعضا کا مُعائنہ کرنے کے لیے ایک مُنوّر بصری آلہ ۔

laparoscopy, n. دروں نُما جرّاحی ۔

laparotomy, n. (جرّاحی) مِعدہ شگافی ؛

معدے کی دیوار کاٹنے کا عمل ۔

lapboard, n. گود تختہ ؛ ایک پتلا چپٹا تختہ جو میز یا لکھنے کی سطح کے طور پر گود میں رکھّا جائے ۔

lap dog, n. گرجی کُتّا ؛ ایک چھوٹا پالتو کُتّا جسے گود میں لیا جا سکے ؛ پَستہ قد کُتّا ۔

lapel, n. گریبانی گوٹ ؛ پوشاک کے سامنے والی بیرونی تَہ جو گلے سے نیچے سینے تک پھیلی ہوئی ہو ؛ گریبان کی گوٹ ۔

lapful, n. گودبھر ؛ جتنا گود میں آسکے ؛ جَھولی بھر ؛ دامن بھر ۔

lapidary, lapidarist, lapidarian, n. جوہر تراش ؛ حجّار ؛ وہ کاریگر جو جواہرات یا قیمتی پتھّروں کو کاٹتا ، چمکاتا ، کندہ کرتا ہے ؛ نگینہ ساز ، حکّاک ؛ پتھّر کاٹنے کا فن یا طریقہ ؛ حکّاکی ؛ سنگ تراشی ؛ قیمتی پتھّروں کا ماہر یا سوداگر ؛ جوہری ؛ جواہر شناس ؛ سنگ تراش ؛ کتبۂ سنگ ؛ سنگ ساز ؛ پچّی کار ۔

lapidary, a. جوہر تراشی ، صیقل اور کُندہ کاری کے فن کے بارے میں یا فن سے متعلّق ؛ پتھّر پر کندہ ۔

lapidate, v.t. پتھّروں سے مارنا ، سنگسار کرنا ؛ پتھّر مار مار کر ہلاک کرنا ؛ پتھّر برسانا ۔

lapillus, n. برکانی سنگ ریزہ ؛ ایک زُجاجی بُرکانی ٹکڑا جو آتش فشاں پھٹنے پر خارج ہوتا ہے ۔

lapin, n. خرگوش ؛ خرگوش کی پشم جو قیمتی پشموں کی نقل میں اکثر رنگی جاتی ہے ۔

lapis lazuli, lazuli, n. سنگِ لاجورد ؛لاجورد :شوخ نیلے رنگ کا کم قیمتی پتھّر جو لیزوُرائٹ اور دیگر معدنیات پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ زیورات اور رنگ سازی کے کام آتا ہے ؛ اس پتھّر کا لاجوردی رنگ ۔

lap joint, n. (نجّاری) مِلواں جوڑ ؛ ایک جوڑ جس میں دو ٹکڑے یا سِرے ایک دُوسرے پر چڑھے ہوتے ہیں اور آپس میں جُڑے ہوئے ہوتے ہیں ؛ چُول ۔

Lapp, Laplander, Lappish, n. اسکنڈے نیویا کی منگولی نسل کی قوم کا فرد ، جو زیادہ تر شمالی ناروے ، سویڈن اور فن لینڈ میں آباد ہیں ؛ متعدد فِینو اُگرِک (Finno-Ugric) زبانوں میں سے کوئی ایک جسے لَیپ بولتے ہیں ۔

Lappish, a. لیپ سے متعلّق ؛ لَیپی ۔

lappet, n. ایک چھوٹی تہ یا گوٹ جو لباس خاص طور پر سر کے لباس میں ہو ؛ ایک سُوتی کپڑا جس پرنقلی کشیدہ کاری ہو جیسے نُقطے دار ملبوس (کپڑا) ۔ (طیوریات) پرند کا کنٹھ ۔

lap robe, n. پشمیں لباس یا بھاری کمبل جو سردی میں گود اور ٹانگیں ڈھانپنے کے کام آئے (کھیلوں کے سٹیڈیم ، کار یا جہاز میں بیٹھے ہوئے) ۔

lapse, n. لغزش یا غلطی ، عموماً خفیف غلطی ؛ خطا ؛ بُھول چُوک ؛ وقت کا اس طرح سے گزر کہ پتہ نہ چلے (بے خبری میں وقت کا گزرنا) ؛ بتدریج ناکامی یا ناکارگی کی طرف آنے کا عمل ؛ اِلحاد ؛ رجعت ؛ چندہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے بیمے کا تحفظ باقی نہ رہنا ؛ بیمے کی سوختگی ؛ غفلت کی وجہ سے انکار یا ناکامی (جیسے : lapse of justice) (قانون) حق یا استحقاق کی ضبطی یا سوختگی (مقررہ مُدّت میں عمل نہ کرنے کی وجہ سے یا کسی اور اِتّفاقی وجہ سے) ۔

lapse, v.i. غلطی ہونا ؛ ادائے فرض ، اخلاقی دیانت یا مُسلّمہ معیار سے مُنحرف ہونا ؛ زوال یا تباہی کی طرف لُڑھکنا ؛ بتدریج پھسلنا ؛ باقی نہ رہنا ؛ وقت کا گُزرنا یا ضائع ہونا ۔ (قانون) بھول چوک یا غفلت کے باعث ایک شخص سے دُوسرے کی طرف منتقل ہونا ؛ بگڑنا ؛ باقی نہ رہنا ؛ زوال پانا ؛ گرنا ؛ گھٹنا ؛ جاتا رہنا ؛ گزرنا ؛ اُترنا ؛ گُزر جانا ؛ کم ہونا ؛ بِیت جانا ؛ پڑنا ؛ ردّ ہو جانا ؛ گر جانا ۔ (بیمہ کاری) کالعدم ہونا ؛ ساقِط ہونا ؛ سوخت ہونا ۔

lapser, n. بُھولنے والا ، گُزرنے والا ؛ ساقِط کرنے والا ۔

lapstrake, lapstreak, a. (جہاز رانی) اس کشتی سے متعلق جو اس طرح بنائی گئی ہو کہ اس کی تختہ بندی کی ہر قطار میں اُوپر کا تختہ نچلے تختے کے اُوپر نکلا ہوا ہو ؛ جُڑے ہوئے تختوں والی ۔ (اسم) جُڑے ہوئے تختوں والی کشتی ۔

Laputan, a. سوئفٹ (Swift) کی کتاب ''گُلیور کے سفر'' میں مذکور ''لپوٹا'' ایک اڑن جزیرے سے منسوب (جس کے باشندے دُور از قیاس فضول منصوبوں میں مشغول رہتے تھے) یا اس کے بارے میں ؛ لپوٹائی ۔ (مجازاً) غیر عملی ، بے عمل ، ناقابلِ عمل ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ۔ (اسم) خیالی پلاؤ پکانے والا شخص ؛ شیخ چلّی ۔

lapwing, n. مرغ زیبا ؛ زیاک ؛ ایک بڑا کنٹھے والا پرندہ ؛ وانیلس (Vanellus vanellus) یوریشیا کا پرندہ جس کے سینے کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سیاہ چوڑی پٹی ہوتی ہے ؛ نباح ، بُد بُد ۔

lar, n. ''lares'' کا واحد ۔

larboard, n. (جہاز رانی) جہاز کا بایاں پہلو (دائیں پہلو star board کی ضد) ، بائیں طرف ۔ (صفت) بندرگاہ کی طرف کا ؛ بایاں ، چَپ ۔

larceny, n. چوری ؛ سرقہ ؛ قانونی مالک کو محروم کرنے کی نیت سے کسی شے یا اشیا پر غیر قانونی قبضہ ؛دُزدی ۔

larcener, larcenist, n. چور ؛ سارِق ؛ دُزد ۔

larcenous, a. چوری سے متعلّق یا چوری کی صفت کا حامل ؛ سارقانہ ۔

larcenously, adv. چور کے انداز میں ، چُوری سے ۔

larch, n. عَرعَر ؛ سیاہ کاج لارکس (Larix) جنس سے متعلّق صَنوبری خاندان کے صنوبریہ سدا بہار درختوں میں سے کوئی ایک ، جس کے سوزن نُما پتّے حلقہ نُما گُچھوں میں چھوٹی ساق کی شاخوں کے سِروں پر ہوتے ہیں ، مثلاً لارچ ڈیسی ڈو (L. decidua) جو باغوں میں عام دکھائی دیتا ہے اور لارچ لاری سینا (L. laricina) جو شُمالی امریکا کی دلدلوں میں عام پایا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا دیودار جس سے گندہ بروزہ ، پائیدار عمارتی لکڑی اور دباغت کے کام کی چھال حاصل ہوتی ہے ۔

lard, n. لارڈ ؛ سُور کی چربی ، شحمُ الخنزیر ۔

large-scale, a.
بڑے پیمانے پر؛ بڑے قدوقامت
یا وسعت کا ؛ وسیع حلقے کا ؛ اس پیمانے کے مطابق جس میں زیادہ
تفصیل کی اجازت ہو مثلاً کوئی نقشہ یا نمونہ ۔

largess, largesse, n.
خیراتی یا فیّاضانہ داد و دہش ؛
تُحفہ ، عطیّہ یا ہدیہ جو بے غرضانہ دیا جائے ؛ بخشش ؛ اِنعام و اِکرام ؛
خیرات ؛ دان ؛ انعام ؛ گراں قدر عطیہ ۔

Large White, n.
برطانیہ میں پروردہ یا برطانوی
نژاد سُوروں کی ایک قسم جن کے جسم لمبے اور سفید ہوتے ہیں ۔

largheto, a., adv.
(موسیقی) دھیما مگر لارگو (largo)
سے کم دھیمے سُروں والا ۔ (اسم) موسیقی کی حرکت یا بہاؤ ؛ جس کی
رفتار معتدل حد تک دھیمی ہو ؛ دھیمی لے کا ۔

largish, a.
خاصا بڑا ؛ عظیم ۔

largo, a., adv.
(موسیقی) دھیما مگر وسیع اور
پروقار ''بلمپت لے میں'' ۔ (اسم) وہ غنائی حرکت یا بہاؤ جس کی رفتار
دھیمی ہو ؛ بلمپت لے ۔

lariat, n.
کمند ؛ پھندے دار لمبا رسّا جو گھوڑوں ،
مویشیوں یا دوسرے چرتے ہوئے جانوروں کو پکڑنے کے لیے استعمال ہو ؛
جانوروں کو پکڑنے کی کمند ؛ چرنے والے جانوروں کو کھونٹے سے
باندھنے کی رسّی یا ڈوری ۔

lark, n.
چنڈول ؛ چکاوک ؛ قنبرہ ؛ لوا ؛ مختلف
یورپی اور ایشیائی زمزمہ سنج پرندوں میں سے کوئی ایک بالخصوص
چنڈول (sky lark) ؛ اسی طرح کے مُختلِف پرندوں میں سے کوئی ایک
مثلاً مرغزاری چنڈول (meadow lark) ۔

lark, n.
خُوشی ؛ دِل لگی ؛ کھیل ؛
پُر لطف مہم ؛ مزے کی بات ۔ (فعل لازم) کھیلنا ؛ دل لگی کا ہونا ؛
شرارت کا کیا جانا ۔

larkspur, n.
(نباتیات) گُل میمون ؛ ہلم ؛ جرجیر ؛
تُلسی جیسے سال بسال اُگنے والے جھاڑی نُما پودوں میں سے کوئی
ایک ، جو اپنے نِیلے ، گُلابی اور سفید پُھولوں کی خاطر کاشت کیا جاتا
ہے ، یہ پُھول ڈِھیلے گُچھّوں کی شکل میں پیدا ہوتے ہیں ۔

larigan, n.
(اکثر بڑے L کے ساتھ) (کینیڈا)
ایک اونچی ، نرم تلے والی چمڑے کی موکیشن (جُوتا) ۔

larikin, n., a.
(آسٹریلیا ، عوامی) اوباش ؛ آوارہ گرد ؛
فسادی ؛ غُنڈا ؛ غیر مہذّب ، سَرکَش ؛ ناشایستہ ، ناہموار ۔

larrup, v.t.
(بول چال) کوڑا مارنا ؛
چابک مارنا ۔ (اسم) تازیانہ زنی ؛ ضرب ۔

larum, n.
خطرے کی گھنٹی ؛ شور ؛ غل ۔

larva, n.
(حشریات) پہل رُوپ ؛ سُنڈی ؛ لاروا ؛
سروا ؛ جھانجھا ؛ ایک کیڑے کے دورِ حیات کا وہ مرحلہ جو انڈے سے
نکلنے کے بعد آتا ہے اور حشرہ ، کے نام سے بھی معرُوف ہے ۔
(حیوانیات) آزاد رہنے والا یا جدا شدہ جنین جو اپنی بالغ شکل میں قطعی
مختلف ہوتا ہے اور حیوانی سلطنت کے متعدّد قبیلوں میں پایا جاتا ہے ۔

larval, a.
پہل رُوپی ؛ سُنڈی کا ۔

larvacide, n.
پہل رُوپ مار ؛ لاروا کُش ؛ کیمیائی دوا جو
پہل رُوپ کو مارنے کے لیے استعمال ہو ۔

larvacidal, a.
لاروا کُشی یا پہل رُوپ

(فعل متعدی) سُور کی چربی ملانا یا اس سے ڈھانپنا ؛ سُور کی چربی
بھرنا ؛ (کھانے کو) سُور کے گوشت کے ٹکڑوں سے بھرنا جیسے پکائے
جانے والے پرند کو ؛ مزیّن کرنا جیسے ادبی فن پاروں کو ۔

lardon, lardoon, n.
[فرانسیسی] سُور کی چربی یا
گوشت کا ٹکڑا ۔

larder, n.
خُوراک کی ذخیرہ کرنے کا کمرا ؛
خوراک کی الماری ؛ توشہ خانہ ؛ نِعمت خانہ ۔

lares, n.
(جمع) گھریلو دیوتا ، جو قدیم
رومیوں کے نزدیک مُردہ آبا و اجداد کی ارواح ہوتی تھیں ۔

lares and penates,
ارباب البیت ؛ قدیم رُومیوں کے گھریلو دیوتا ۔
(مجازاً) متاعِ عزیز بالخصوص گھریلو املاک ۔

large, a.
بڑا ؛ وسیع ؛ فراخ ؛ بڑے قد ،
وُسعت یا گنجایش کا حامل ؛ مِقدار یا تعداد میں بڑا ؛ اسی طرح کی
دوسری اشیا یا کام کے مقابلے میں بڑا ؛ وسِیع حلقہ یا رسائی کا مالک
(جیسے : large concepts) ؛ کُشادہ ؛ عظیم ؛ عظیمُ الشّان ؛ چوڑا ؛ لمبا
چوڑا ؛ پھیلا ہُوا ؛ بہت ؛ زیادہ ؛ مُفصّل ؛ مشرّح ؛ تفصیلی ؛ کثیر ؛
فراواں ۔ (جہاز رانی) ہوا سے متعلّق جو سازگار یا موافق ہو ۔ (متعلّق
فعل) عام قد و قامت سے بڑی صورت میں (جیسے : to write large) ۔
(جہاز رانی) جہاز کی پیشانی پر سے دنبالے کی طرف چلنے والی ہوا کے
ساتھ ۔

at large,
روک یا قید کے بغیر ، آزاد ؛
بے قید ؛ پُوری طرح ؛ پوری تفصیلات کے ساتھ ؛ ایک حصّے کی بجائے
سب کا منتخب کردہ (جیسے : a congressman at large,) ؛ کُھلا ہُوا ؛
مُشرح ؛ مفصل ؛ علی العُموم ؛ علی الاطلاق ۔

largerly, adv.
بڑی حد تک ؛ عام طور پر ؛
بڑے انداز میں ؛ زیادہ تر ، بیش تر ؛ بہُت سا ؛ بکثرت ؛ وسعت
سے ؛ بِلا دریغ ؛ مفصّلاً ۔

largeness, n.
بڑائی ؛ عظمت ؛ جسامت ؛
وُسعت ؛ کُشادگی ؛ پھیلاؤ ؛ بُزرگی ؛ فیّاضی ؛ کرم ؛ بخشش ؛ کُشادہ
دلی ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ افراط ۔

large calorie, kilo calorie, n.
(طبیعیات) عظیم حرارہ ؛
کلوگرام کلوری ؛ حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام حرارے سے ہزار گُنا
بڑی ہو ؛ ایک کلوگرام حرارہ ؛ بڑا حرارہ ۔

large-hearted, a.
فیّاض ؛ فراخ دل ؛ ہمدرد ؛
کُشادہ دل ؛ کریم ؛ سخی ۔

large-heartedness, n.
سخاوت ؛ فیّاضی ؛ فراخدِلی ؛
ہمدردی ؛ کُشادہ دِلی ؛ کریمی ؛ کرم ۔

large intestine, n.
(تشریح الاعضا) آنت کا وہ
مختصر تر اور فراخ تر حصّہ جو انہضامی فُضلات کو خشک کرکے براز
کو خارج ہونے کے لیے تیار کرتا ہے جس میں کورآنت (cecum)، بڑی آنت
(colon) اور معاءِ مستقیم (rectum) شامل ہیں ۔

large-minded, a.
وسیع المشرب ؛ آزاد خیال ؛ وسیع القلب ،
جس کی خصوصیت وسیع ، روادارانہ خیالات یا آزاد نظریات ہوں ۔

large-mindedly, adv.
وسیع المشربی سے ؛ آزاد خیالی سے ؛
بے تُعصبّانہ ؛ روادارانہ ۔

large-mindedness, n.
وسیعُ المشربی ؛ آزاد خیالی ، بے تعصُبی ؛ رواداری ۔

مارنے سے متعلّق ۔

laryngeal, a. حنجری ؛ نرخرے سے متعلّق ۔
(اسم) وہ آواز جو حنجرے میں پیدا کی جائے ۔

laryngeally, adv. حنجرے کی آواز کے انداز میں ۔

laryngitis, n. ورمِ حنجرہ ۔

laryngitic, a. ورمِ حنجرہ سے متعلّق
یا ورمِ حنجرہ کی خاصیت والا ۔

laryngology, n. (طِب) حنجریات ؛
حنجرے اور اس کی بیماریوں کا مطالعہ ؛ علم امراضِ حنجرہ ۔

laryngological, a. حنجریاتی ۔

laryngologist, ماہرِ امراضِ حنجرہ ؛
حنجرہ شناس ؛ ماہر حنجریات ۔

laryngoscope, n. حنجرہ بیں ؛ حنجرہ کے
معائنے کے لیے ایک منعکس کرنے والا آلہ ؛ حنجرہ نُما ؛ نرخرہ نُما ۔

laryngoscopic, laryngoscopical, a. حنجرہ بیں سے متعلّق ؛ حنجر نمایانہ ۔

laryngoscopically, adv. حنجرہ بینی کے طور پر ۔

laryngoscopist, n. ماہرِ حنجرہ بیں ؛ حنجرہ بیں آلہ کی مدد
سے حنجرے کا معائنہ کرنے والا ۔

laryngoscopy, n. حنجرہ بینی ؛ نَرخرہ بِینی ۔

laryngotomy, n. (طب) حنجرہ شگافی ۔

larynx, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) حنجرہ ؛ نرخرہ ؛
انسانی سانس نالی کے بالائی سرے کا غضروفی ڈھانچا جو بولنے کی
رگوں اور ان سے وابستہ ڈھانچوں کا خاص حامل اور سہارا ہوتا ہے ؛
ٹینٹوا ؛ نرخری ؛ حلقوم ۔

lascar, lashkar, n. [اردو ، فارسی] لشکری ؛
خلاصی ؛ شرق الہند کا دیسی یا مقامی ملاّح ؛ خلاّص ؛ اردلی ؛ دیسی
ملازم ۔

lascivious, a. عیّاش ؛ شہوت پرست ؛ شہوت انگیز ؛
مست ؛ مستانہ ؛ نفس پرست ؛ شوخ ۔

lasciviously, adv. شہوت پرستانہ ؛ مستی سے ؛ شہوت سے ۔

lasciviousness, n. شہوت پرستی ؛ شہوت انگیزی ؛
مستی ؛ شہوت ؛ باہ ؛ شہوانیت ؛ نفس پرستی ۔

laser, n. لیزر ؛ گوگل ؛ روشنی کی تابش بڑھانے کا آلہ ،
جس میں روشنی کی ایک کرن ایک بِلّور میں سے پھینکی جاتی ہے
جو بِلّور سے شدید راست روشنی خارج کراتا ہے ، یہ روشنی مائکرو
مشینری ، جرّاحی اور کمپیوٹر بنانے کے لیے مفید ہوتی ہے ۔

lash, n. تازیانہ ؛ کوڑا ؛ چابُک ؛ مہمیز ؛
آنکس ؛ کوڑے کا لچکیلا سِرا ؛ کوڑے یا کسی لچکیلی اور سخت چیز
کی ضرب ؛ لتاڑ ؛ مار ؛ پھٹکار ؛ تیکھا ؛ چُبھتا ہوا اور تمسخُر انگیز فقرہ ؛
کسی چیز کے خلاف شدید اثر جیسے بارش یا ہوا کا ؛ مِژہ ؛ پلک ۔ (فعل
متعدی) کوڑا مارنا یا پیٹنا ؛ کچوکا لگانا یا بھڑکانا جیسے جذبات انگیزی
سے ؛ لفظوں کے ذریعے مضحکہ اڑانا ، کاری ضرب لگانا ؛ اچانک ہلانا
(جیسے : The cow lashed her tail) ؛ طعنہ زنی کرنا ؛ بولی ٹھولی مارنا ؛
آواز پھینکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ چھیتھڑے اُڑا دینا ؛ کوڑا
پھٹکارنا ۔ (فعل لازم) کوڑے سے یا کوڑے کی طرح کسی چیز سے حملہ
کیا جانا یا ضرب لگنا ؛ سخت لفظوں میں مُذمت کیا جانا (اس کے ساتھ
out استعمال ہوتا ہے) ؛ بل کھانا یا اچانک یا تیزی سے حرکت میں آنا
جیسے سانپ یا جانور کی دُم ۔

lasher, n. کوڑے مارنے والا ۔

lashing, n. تازیانہ زنی ؛ جسمانی یا زبانی
تازیانہ زنی یا پٹائی ؛ طعن و تشنیع ؛ تازیانہ زنی کا عمل ؛ کوڑے کی
مار ؛ ملامت ؛ سرزنش ۔

lash, v.t. باندھنا ؛ جکڑنا ؛
زنجیر ، ڈوری یا رسّے سے باندھنا ؛ کس دینا ؛
باندھ دینا ۔

lasher, n. باندھنے والا ۔

lashing, n. رسّے کا یااسی طرح کی کسی
چیز کا ٹُکڑا جو باندھنے یا جکڑنے کے لیے استعمال ہو ؛ باندھنے کا عمل ؛
بندھن ؛ جکڑ بند ۔

lashings, n. (برطانوی) بڑی مقدار یا
کثرت (of کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

lass, n. نوعمر عورت عموماً غیر شادی شُدہ ؛
لڑکی ؛ محبوبہ ؛ چھوکری ؛ معشُوقہ ؛ لونڈیا ؛ کنیز ۔

lassie, (lass کی تصغیر)نوعمر لڑکی ؛ ناکتخدا ۔

lassitude, n. تھکاوٹ یا کمزوری کا احساس ؛
جسم یا ذہن کی بے کیفی ؛ سُستی ؛ ماندگی ؛ کاہلی ؛ تکان ؛ تھکن ؛
ڈھیلا پن ۔

lasso, n. کمند ؛ سرک پھندے والا سَن یا کچّی
کھال سے بٹا ہوا لمبا رسّا جو مویشیوں اور گھوڑوں کو پکڑنے کے کام
آتا ہے (فعل متعدی) سَرَک پھندے والے رسّے سے پکڑنا ۔

lassoer, n. کمند باز ۔

last, a. آخری ؛ سب سے آخر میں واقع ہونے
والا یا آنے والا ؛ حتمی ؛ تازہ ترین ؛ سب سے پچھلا ؛ باقی ؛ موجودہ سے
پہلا ؛ انجامی/اختتامی ؛ انتہائی ؛ نہایت ؛ سب سے نچلا (جیسے : last
on the list) ؛ مقررہ وصف ، کردار ، استعمال یا اس سے مشابہ کسی
صفت کے حامل لوگوں میں سب سے آخر ؛ غیر امکانی (جیسے : You
are the last man I should consult) ؛ بہت ہی کم ؛ آخرش ؛ بارے ؛ آخر ؛
اخیر ؛ اخیری ؛ پچھلا ؛ گزشتہ ؛ قطعی ۔ (متعلّق فعل) آخری موقع پر ؛
موجودہ سے پہلے وقت پر ؛ سب دوسروں کے بعد ؛ انجام کار ؛ پچھلے
وقت ؛ آخر کو ؛ آخر ؛ سب سے پیچھے ؛ سبؑ سے آخر ۔(اسم)
کوئی چیز یا شخص جو آخر میں آئے ؛ اختتامی حصّہ ، آخری حوالہ ،
اظہار یا مثال ۔

at last, آخر کار ؛ طویل مُدّت کے بعد ؛ بالآخر ۔

breathe one's last, مرجانا ؛ دم توڑنا ؛
آخری سانس لینا ؛ آخری ہچکی لینا ؛ انتقال کرنا ؛ انتقال کر جانا ؛ ختم
ہو جانا ؛ گزر جانا ۔

last, v.i. بروقت جاری ہونا ؛ برداشت ہونا ؛
قائم رہنا ؛ موجود رہنا ؛ ٹِکنا ؛ مقدار میں کافی ہونا (جیسے : provisions
to last for a week) ؛ خراب نہ ہونا یا صحیح و سالم ہونا ؛ ٹھہرنا ؛ چلنا ؛
کافی ہونا ؛ بس ہونا ؛ رہنا ؛ پکّا رہنا ۔

laster, n. باقی رہنے والا ؛ پائندہ ؛ مستقل ؛ دائم ۔

last, n. قلبوت ؛ انسانی پاؤں کا فرما

late, a. متأخر ؛ وقتِ معمول کے بعد آنے یا واقع ہونے والا ؛ سُست ؛ کاہل ؛ بہت دیر کیے ہوئے ؛ انجام یا اختتام کی طرف بہت بڑھا ہوا (جیسے : a late hour, the late 17th century) ؛ جو تھوڑی دیر قبل موجود و منعقد تھا مگر اب نہیں ؛ مرحُوم ؛ متوفّیٰ ؛ آنجہانی ؛ جو جا چکا ہو ؛ وقت یا مقام کے لحاظ سے سابق یا پچھلا ؛ دیرینہ ؛ دیر رسی ؛ دیر میں ؛ بے وقت کا ؛ سابقہ ؛ اُوپر ؛ سابق کا ؛ دِن ڈھلے ؛ دن چڑھے ؛ دیر کرکے ؛ بہت دیر کا ۔ (متعلّق فعل) وقت معمول کے بعد ؛ مقررّہ وقت کے بعد ؛ تاخیر کے بعد ؛ جس کو زیادہ دیر نہ ہوئی ہو ؛ حال ہی میں ؛ رات ، دن ، ہفتہ یا کسی خاص مُدّت کے آخری حصّے میں ؛ رات گئے ؛ چند روز سے ؛ اتنی دیر کو ؛ دیر سے ؛ دیر کرکے ؛ اُوپر سے ۔

of late, ابھی ؛ حال ہی میں ؛ ابھی کا ؛ تھوڑے دنوں پہلے ؛ تھوڑا عرصہ پہلے ؛ پچھلے کُچھ دنوں سے ؛ چند روز سے ۔

lately, adv. حال میں ؛ ابھی ؛ تھوڑے دن ہوئے ؛ کچھ عُرصہ گُزرا ؛ ابھی ابھی ؛ کچھ دن پہلے ۔

lateness, n. تاخیر ؛ دیر ۔

latish, a. کسی قدر مؤخّر ؛ کسی قدر دیر میں آیا ہوا ؛ کسی قدر قدیم ۔

lated, a. مؤخّر ؛ تاخیر شُدہ ۔

lateen sail, n. (جہاز رانی) تکونا بادبان ؛ بحیرۂ رُوم کے جہازوں پر مستعمل ایک تکونا بادبان جو ایک لمبی بَلّی کے ذریعے ۴۵ درجہ کے زاویے پر مستول تک پھیلا ہوتا ہے ۔

lateen-rigged, a. تکونے بادبان یا بادبانوں والا ۔

Late Greek, n. یونانی زبان جو قریباً ۳۰۰ سے ۷۰۰ عیسوی تک استعمال ہوتی رہی ؛ قدیم یُونانی زبان ۔

Late Latin, n. تحریری لاطینی ؛ لاطینی جو مغربی رُومی سلطنت میں تقریباً ۳۰۰ء سے ۷۰۰ء تک ذریعۂ تحریر کے طور پر مستعمل رہی ۔

La Tene, a. (آثاریات) لوہے کے زمانہ کے آخری حصّہ کے حوالے سے جس کے آثار سوِٹزر لینڈ کی جھیل نیوکاٹل (Neuchatel) کے پایاب مقامات میں پائے گئے تھے ۔

latensify, v.t. (عکّاسی) فوٹو گرافی کی فلم یا پلیٹ پر مرتسم شبیہ کو دُھلائی کے مائعات کے استعمال سے یا دھیمی روشنی میں کھول کربڑھانا یا واضِح کرنا ۔

latensification, n. پوشیدہ شبیہ بڑھانے یا واضِح کرنے کا عمل ۔

latent, a. خوابیدہ ؛ مخفی ؛ اگرچہ موجود ہو ، مگر دکھائی نہ دے یا ظاہر نہ ہو ؛ مُضمر لیکن بالقوّہ موجود ؛ غیر ظاہر ؛ پوشیدہ ، خفیہ ؛ اندرونی ؛ چُھپا ہُوا ؛ ڈھکا ہُوا ؛ بھیتری ؛ پنہاں ؛ نہاں ؛ مضمر ؛ دَبا ہُوا ؛ سلگتا ہوا ۔ (نفسیات) پوشیدہ صورت میں موجود لیکن ظاہر ہونے کے قابل ؛خفیہ (جیسے : a latent homosexual) ۔ (نباتیات) غیر ترقی یافتہ یا خوابیدہ جیسے ایک پوشیدہ شگوفہ ، مُعطل کلّی ۔

latency, n. پوشیدگی ، اخفا ؛ مخفیّت ؛ اختفا ؛ چُھپاؤ ؛ وجودِ بالقوۃ ۔

latently, adv. پوشیدہ طور پر ، مخفی طور پر ؛

قالب یا شکل جو لکڑی یا دھات کی بنی ہوئی ہوتی ہے جس پر جُوتوں کو چڑھا کر شکل دی جاتی ہے یا مرمّت کی جاتی ہے ؛ کالبُد ، قالب ، سانچا ؛ سنگھوٹی ۔ (فعل متعدی) قالب پر یا قالب کے ذریعے شکل دینا ۔

stick to one's last, اس پیشے یا شُعبہ میں رہنا جس سے کوئی خوب واقف ہو ۔

laster, n. قالِب ساز ۔

last, n. بوجھ ؛ خاص وزن یا پیمانہ جو مختلف اشیا کے لیے مختلف ہوتا ہے ، لیکن عام طور پر اس سے چار ہزار پونڈ تک کا وزن کیا جا سکتا ہے ۔

Lastex, n. (کبھی کبھی چھوٹے ا سے) ایک لچکیلا سُوت ، جس کے اندر کے ربڑ پر رُوئی یا ریشم کے دھاگے یا مصنوعی کپڑا چڑھا دیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نِشان) ۔

lasting, a. دیرپا ؛ پایدار ؛ پائندہ ؛ مستقل ؛ دیر تک باقی رہنے والا ؛ مضبُوط ؛ بہت دنوں رہنے یا چلنے والا ؛ رہنے والا ؛ پکّا ۔ (اسم) ایک مضبوط کپڑا جو بعض جوتوں کے پتّے (بالائی حصّے) بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

lastingly, adv. مضبوطی سے ، مستقل طور پر ؛ پایداری کے ساتھ ؛ دواماً ۔

lastingness, n. مضبوطی ،پائیداری ؛ ٹھہراؤ ؛ دوام ؛ پائندگی ۔

lastly, adv. بالآخر ؛ انجامِ کار ؛ آخر کار ؛ آخر میں ؛ آخرش ؛ پیچھے ؛ آخر الامر ۔

Last Supper, n. عشائے ربّانی ؛ آخری کھانا جس میں حضرت مسیح صلیب پر لٹکائے جانے سے قبل اور ان کے حواری شامل تھے اور جس میں حضرت نے متبرک عشائے ربّانی کے اجزائے نان کی رسم کا آغاز کیا تھا ۔

last word, n. بحث یا استدلال میں آخری بات ؛ اختتامی ؛ فیصلہ کُن کام ؛ قولِ فیصل (جیسے : His biography is the last word on the life of Bernard Shaw) ۔ (بول چال) جدید ترین طرز ، اسلُوب یا رُجحان ۔

Latakia, n. لتاکیہ ؛ ترکی تمباکو کی ایک عُمدہ قسم ۔

latch, n. بَلّی ؛ چھپکا ؛ چٹخنی ؛ سلاخ یا بَلّی جو دروازے یا پھاٹک میں لگی ہوتی ہے اور بند کرتے وقت آنکڑے میں پھنس جاتی ہے ، کھڑکی بند کرنے کی چٹخنی : بعض اوقات کمانی والا قفل ؛ دام ؛ جال ؛ پھرکی ۔ (فعل لازم و متعدی) چٹخنی یا بَلّی کے ذریعے بند یا مقفّل کرنا ؛ چٹخنی یا بَلّی لگانا ؛ آڑ دینا ؛ پکڑنا ؛ پھنسنا ۔

latch onto, (بول چال) (قبضہ) حاصل کرنا (جیسے : to latch onto a job) ۔

latchet, n. (قدیم) کفش بند ؛ جُوتے یا سینڈل کو پاؤں میں کس دینے والا فیتہ یا تسمہ ۔

latchkey, passkey, n. کُنجی جو بیرونی دروازے کا کھٹکا چڑھانے کے لیے استعمال کی جائے ؛ کھٹکے دار قفل کی کُنجی ۔

latchstring, n. دروازے کے سُوراخ سے باہر نکالی ہوئی رسّی جو باہر سے دروازہ کھولنے میں کام آتی ہے ۔

مُضمِر طور سے ؛ مخفی طور سے ؛ سوتا ہوا ۔

latent content, n. (تحلیل نفسی) خواب کی حقیقی یا غیر شعوری تعبیر ۔

latent heat, n. (طبیعیات) مخفی حرارت ؛ وہ حرارت جو ایک جسم کی حالت اس کے درجۂ حرارت کو تبدیل کیے بغیر تبدیل کرنے کے لیے مطلوب ہو جیسے وہ حرارت جو کسی ٹھوس مادّے نے سیّال میں تبدیل ہونے کے لیے اپنے نقطۂ پگھلاؤ پر جذب کی ہو ؛ پگھلاؤ کی حرارت یا وہ جو سیّال مادے کی اکائی نے نقطۂ جوش پر گیس میں تبدیل ہونے کے لیے جذب کی ہو ؛ تبخیری حرارت ۔

latent period, latency, n. (طِب) زمانۂ اخفا ؛ کسی بیماری کے لگنے کے وقت سے اس کی علامات کے ظہور تک کا درمیانی عرصہ ؛ عرصۂ کمونی ؛ عرصۂ اخفا ۔ (فعلیات) تحریک اور ردِّعمل کے درمیان کا وقت ۔

later, a. زیادہ مؤخّر ؛ بعد کا ؛ آخر کا ؛ پیچھے کا ؛ آگے کا ۔ (متعلّق فعل) زیادہ تاخیر سے (جیسے : to stay later than usual) ؛ بعد میں ؛ بعد ازاں (جیسے : Prince Hal, later King Henry V of England) ۔

lateral, a. بغلی ؛ پہلو کا یا پہلو سے متعلّق ؛ پہلو میں واقع یا پہلو سے نکلتا ہوا یا پہلو کی طرف ؛ جانبی ؛ طرفی (جیسے : a lateral move) ۔ (صوتیات) آواز جو اس طرح پیدا ہو کہ سانس زبان کے پہلو یا پہلوؤں کے اوپر سے گزرے ۔ (اسم) بغلی حصّہ یا پھیلاؤ ، جیسے کوئی ٹہنی یا کونپل ۔ (صوتیات) بغلی آواز ؛ زبان کے پہلو سے پیدا ہونے والی آواز ۔

laterally, adv. بغلی طور پر ؛ پہلو سے ؛ طرف سے ؛ ترچھا ؛ آڑا ۔

lateral pass, n. (فٹ بال) دوسرے کے سپرد کرتے ہوئے کھلاڑی فٹ بال کو اس طرح پھینکے کہ وہ کھلاڑی کے پچھلی طرف اور گول لائن کے متوازی ہو ؛ ''فارورڈ پاس کی ضد'' ۔

laterite, n. خِشتہ ؛ گرم علاقے کی ایک سرخی مائل مسام دار مٹّی جس میں نچلی تہ کی چٹانوں کے گلنے سے بنے ہوئے لوہے اور ایلومینیم ہائیڈروآکسائڈ کا بھاری ارتکاز یا ذخیرہ موجود ہو ؛ کوئی مٹّی جو اس طرح کے گلاؤ کے عمل سے پیدا ہوئی ہو ۔

lateritic, a. خِشتی ، مسام دار مٹی سے متعلّق ؛ اینٹ کا سا ۔

latex, n. (نباتیات) شِیر شجری ؛ شیرہ ، درخت کا دودھ ؛ ایک دودھیا رس جو بعض درختوں کے خاص خلیوں میں ہوتا ہے ، مثلاً سقلیوس (milk weed) جو آملہ ، گُلِ لالہ اور ربڑ پیدا کرنے والے درختوں میں ہوتا ہے اور ہوا میں باہر نکلنے پر جم جاتا ہے اور قدرتی ربڑ کا ماخذ ہے ۔ (کیمیا) حلیب کے کثیر ترکیبی عمل سے پیدا ہونے والے مختلف حرۂ ملائم (Thermoplastics) میں سے کوئی ایک ، جو رنگوں ، چپکنے والی اشیا اور لپے ہوئے کپڑوں اور کاغذوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ شِیر گیاہی ؛ دودھ (درخت کا) ؛ نسیغ ؛ عَرَقِ اصلی ؛ دُودہ ؛ کچّی ربڑ ۔

lath, n. سلاخ ؛ ایک پتلی تنگ لکڑی کی پٹّی جو شہتیروں سے جَڑ دی جاتی ہے تاکہ چھت کے سامان کو سہارا دے سکے ؛ لکڑی کی پتلی تنگ پٹّی ؛ تختے کی پٹی یا دھجّی ؛ مشبک دھات یا تار کی جالی جو دیوار سے جَڑ دی جاتی ہے تاکہ پلستر ، اینٹوں یا ایسی ہی چیزوں کو سہارا مل سکے ؛ ایسا سامان مجموعی طور پر ؛ دھات یا لکڑی کا ایسا ہی کوئی سامان ۔ (فعل متعدّی) پتلی پٹّی سے ڈھانپنا ؛ کاٹھ کی پٹّی لگانا ؛ تختہ بندی کرنا ۔

lather, n. پٹی لگانے والا ۔

lathing, n. تختہ بندی ؛ چوبی پٹیّاں ؛ بدّے ؛ دیوار پر پٹیّوں کا کام ؛ چوبی پٹیاں لگانے کا کام ۔

lathe, n. خراد ، خیراط ؛ ایک مشین جو لکڑی ، دھات یا کسی ایسی چیز کو سنوارنے کے لیے ہوتی ہے ، اسے ایک چھیلنے والے اوزار سے لگا کر تیزی سے گھمایا جاتا ہے ؛ کمہار کے چاک کی چھوٹی شکل ۔ (فعل متعدی) کاٹنا ؛ ڈولنا ، سنوارنا یا کسی اور طرح خراد پر چڑھانا ۔

lather, n. کفِ صابون ؛ جھاگ یا کف جو صابن یا کوئی مصنوعی صفائی کی چیز پانی میں گھول کر پیدا کیا جائے ؛ گھوڑے کو بکثرت پسینہ آنے سے پیدا ہونے والا جھاگ یا کف ۔ (فعل متعدی) جھاگ لگانا یا جھاگ سے ڈھانپنا ۔ (بول چال) پیٹنا یا کوڑا مارنا ۔ (فعل لازم) جھاگ ہونا ؛ پسینے سے جھاگ جھاگ ہو جانا جیسے گھوڑا ؛ جھاگ دینا ؛ صابُن کے جھاگ اٹھنا ۔

latherer, n. جھاگ دینے والا ۔

lathery, a. جھگیلا ، کف دار ؛ جھاگ دار ۔

lathy, a. خیراط نُما ؛ لمبا اور دُبلا ؛ پتلا ؛ پتلا اور لمبا ۔

laticiferous, a. (نباتیات) شِیرہ دار ؛ دُودھ یا رس پیدا کرنے والا یا جس سے دُودھ رِستا ہو ؛ نسیغ دار ۔

latifundium, n. وسیع کھیت یا جاگیر جیسی پہلی صدی قبلِ مسیح سے چوتھی صدی عیسوی کے دور میں روم میں ہوا کرتی تھی جو ابتدائی دَور کے انگریز بیرن کی جاگیر سے مشابہ تھی ؛ تعلّقہ ۔

Latin, n. لاطینی ؛ رُومی سلطنت کی زبان ؛ قدیم اطالیہ کے ملک لاطیم (Latium) کا باشندہ ؛ لاطینی اقوام جیسے اطالیہ ، ہسپانیہ یا فرانس کا کوئی رُکن ؛ لاطینی امریکا کا باشندہ ؛ رومن کیتھولک کلیسا کا رکن جو ایسٹرن آرتھوڈوکس چرچ سے الگ ہے ۔ (صفت) لاطینی ؛ اطالوی ، ہسپانوی ، فرانسیسی یا بالخصوص لاطینی امریکی اقوام سے متعلّق جو قدیم رُوم کی زبان سے ماخوذ زبانیں یا ان کی جدید/تازہ تر صورتیں استعمال کرتے ہیں ؛ قدیم لاطیم (Latium) سے متعلّق یا اس کے باشندوں کے بارے میں ۔

Latin-American, a. لاطینی امریکی ؛ امریکا کے جنوب میں مغربی نصف کُرے سے متعلّق ممالک جہاں لاطینی سے ماخوذ زبانیں بولی جاتی ہیں ۔ (اسم) ان ممالک میں سے کسی ایک کا پیدائشی باشندہ ؛ لاطینی امریکی ۔

Latinate, a. لاطینی نُما تحریری یا تقریری انگریزی زُبان کے اسلُوب سے متعلق جس سے لاطینی نژاد الفاظ اور جُملوں کی ساخت کا اظہار ہوتا تھا ؛ لاطینی سے مشابہ ۔

Latin cross, n. لاطینی صلیب ؛ ایک کھڑی سلاخ ، جس کو چوٹی کے قریب ایک چھوٹے آڑے ٹکڑے سے کاٹ دیا جائے ۔

Latinism, n. لاطینیت ؛ محاورے یا جُملہ کی وہ ساخت جو لاطینی سے مستعار ہو ؛ لاطینی محاورہ جو کسی دوسری

زبان میں استعمال کیا گیا ہو؛ لاطینیوں یا لاطینی کلیسا کی خصوصیّت یا اثر۔

Latinist, n. لاطینی زبان یا قدیم رُومیوں کی ثقافت کا عالِم یا ماہر؛ لاطینی شناس؛ رُوم شناس؛ لاطینی داں؛ لاطینی زبان کا عالِم۔

Latinity, n. لاطینیّت؛ لاطینی زبان کا استعمال؛ لاطینی اسلُوب یا محاوَرہ؛ کسی شخص کا طرزِ تحریر لاطینی زبان میں؛ لاطینی صرف و نحو اور اسلُوب بیان کا خاص رنگ۔

Latinize, v.t. لاطینی بنانا؛ لاطینیوں یا رومن کیتھولک کلیسا کے رسم و رواج کے مطابق کرنا؛ لاطینی میں ترجمہ کرنا۔ (فعل لازم) لاطینی الفاظ، محاورات اور حوالہ جات کا مستعمل ہونا؛ لاطینی بننا۔

Latinization, n. لاطینی سازی؛ لاطینی بنانے کا عمل؛ لاطینیوں سے مطابق کرنے کا عمل؛ لاطینی رُسُوم اپنانے کا عمل۔

Latin Quarter, n. پیرس کا ایک علاقہ (ضلع) جو دریائے سین کی جنوبی سَمت واقع ہے اور جو اپنے طلبہ اور فنکار باشندوں کے لیے معروف ہے۔

Latin square, n. لاطینی مربّع؛ حروف یا دُوسرے علائم کی بصورت مربّع ترتیب جس میں ایک قطار یا ستون میں ایک عُنصر صرف ایک ہی بار شامل ہوتا ہے، یہ تجربات کے شماری نقشے میں استعمال ہوتا ہے۔

latitude, n. (جغرافیہ) عرض بلد، عرضُ البلد؛ خطُّ العرض؛ زمین کی سطح پر خط استوا کے شمال یا جنوب کے ایک نقطہ کا زاویائی فاصلہ، جو شمالاً جنوباً درجوں میں ناپا جاتا ہے؛ وہ علاقہ یا مقام جس کی نشان دہی اس کے عرضِ بلد سے ہو؛ گُنجایش؛ وسعتِ عرض۔ (فلکیات) کسی جِرم سماوی کا دائرۃُ البرُوج سے زاویائی فاصلہ؛ تنگ حدود سے آزادی؛ انتخاب اور عمل کی عطا شُدہ آزادی۔

latitudinal, a. عرض بلدی؛ عرضُ البلدی؛ عرض بلد کا۔

latitudinally, adv. آزاد خیالی سے۔

latitudinarian, a. وسیعُ النظر؛ آزاد خیال؛ وسیعُ المشرب؛ بالخصوص مذہبی معاملات میں آزاد خیال اور غیر متعصّب رویے کی اجازت دینے والا۔ (اسم) وہ شخص جو اپنے خیالات، بالخصوص مذہبی نظریات میں آزاد اور روادار ہو؛ سترھویں صدی کے انجلیکن کلیسا کا مقلّد جو کلیسائی عقائد کی سخت پابندی کے حق میں نہ تھا۔

latitudinarianism, n. وسیعُ النظری؛ آزاد خیالی، وَسیعُ الخیالی؛ وسیعُ المشربی؛ عدمِ تعصُّب۔

latrine, n. پائخانہ؛ ٹٹی؛ بیت الخلا؛ کُھڈّی؛ بالخصوص فوجی کیمپ یا بیرک کی؛ جائے ضروریہ۔

latten, n. پھُول، ایک پیتل سے مشابہ بھرت جو پتلی چادروں کی صورت میں بنائی جاتی تھی، پہلے گرجا کے برتنوں میں عام استعمال ہوتی تھی؛ لوہے کی پتریاں جن پر قلعی کی گئی ہو؛ ٹِین کی پتری؛ کوئی بھی دھات جو پتلی چادروں کی صُورت میں ہو۔

latter, a. تازہ تر؛ انجام سے قریب تر، آخری (جیسے: the latter part of the week)؛ دو میں سے دُوسرا؛ ثانیُ الذِّکر؛ آخرُ الذِّکر (former اول الذکر کی ضد)؛ بعد کا؛ عہد متأخر کا پچھلا؛ نیا؛ آخری۔

latter-day, a. بعد کے زمانے کا؛ زمانۂ حال کا؛ جدید؛ عہد حاضر کا۔

latterly, adv. آخر میں؛ آخری دور میں؛ حال میں؛ تھوڑے دِن ہوئے؛ پیچھے پیچھے سے؛ ابھی ابھی؛ مرنے سے کچھ پہلے۔

Latter-day Saint, n. نارمن فرقے کا عیسائی (جو تعدّد ازواج کے قائل ہیں)؛ امریکی عیسائیوں کا ایک فرقہ۔

lattice, n. جالی (عمارت میں)؛ جھلملی، شبکہ، لکڑی یا دھات کا وہ ڈھانچا جو پٹیّوں، سلاخوں یا تیلیوں کو افقاً اور عمُوداً جوڑ کر کھلے طور پر یا مربعوں کی صورت میں بنایا جاتا ہے اور اکثر وتری نمونے پر ہوتا ہے؛ کھڑکی یا دروازہ جوایسی پٹیوں اور سلاخوں سے بنایا گیا ہو جو ایک دوسری کو کاٹتی ہوں؛ جھنجری۔ (طبیعیات) خلائی جالی؛ نیوکلیائی (جوہری) ری ایکٹر میں ناقابل انشقاق اور قابل انشقاق مادّے کا ڈھانچا جو باقاعدہ ہِندسی ترتیب میں ہو۔ (فعل متعدی) جالی کی شکل یا صورت بنانا؛ جالی لگانا۔

lattice like, a. جالی کی شکل کا؛ شَبکہ نُما۔

lattice girder, n. شبک گرڈر؛ وہ شہتیر (گرڈر) جس کا مرکزی حصّہ جالی کی شکل میں مُرتّب ٹکڑوں پر مشتمل ہو۔

lattice work, n. شبکہ؛ وہ جالی یا جالی کام جو ایک دُوسری کو کاٹتی ہوئی پٹیوں سے جالی کے نمونے پر بنایا جائے؛ جالی کا کام۔

Latvian, a. جمہوریہ لیٹویا سے منسوب، جو مشرقی بالٹک کے ساحل پر واقع پہلے ایک آزاد یورپی مُلک تھا، مگر اب روس کا ایک حصّہ ہے؛ اس کے لوگوں یا کسی بالٹک بولی سے منسوب؛ بالٹک یا لیٹِش زبان سے متعلّق جو یہاں بولی جاتی ہے اور ہِند یورپی سلسلے کی بالٹک شاخوں میں سے ایک ہے۔ (اسم) لیٹویا کا باسی یا اس کی زبان۔

laud, v.t. محض لفظوں میں تعریف کرنا یا لفظوں اور گانے میں ستایش کرنا؛ درج کرنا؛ گُن گانا؛ شاباشی دینا؛ توصیف کرنا؛ حمد سرائی کرنا؛ مناجات کرنا؛ سراہنا۔ (اسم) تعریف کا گیت یا حمد؛ تعریف؛ تعریف و تحسین؛ شاباشی؛ ثنا؛ توصیف؛ ستایش؛ مدح؛ بھجن؛ مناجات۔ (جمع، واحد یا ساخت میں جمع) (رومن کیتھولک کلیسا) مناجاتوں کا ایک سلسلہ جو دُعائے نیم شب کے ساتھ جب گایا جاتا ہے تو دن بھر کی سات کلیسائی ساعتوں کے سلسلے کا پہلا حصّہ بن جاتا ہے، جو سارا دن گایا جاتا ہے؛ مناجات۔

lauder, laudator, n. تعریف کرنے والا، مُناجات گانے والا؛ ثناگو؛ حمدوثنا کرنے والا؛ بھجن گانے والا۔

laudable, a. لائقِ ستایش؛ قابلِ تعریف؛ مُستحسن؛ حمیدہ؛ سراہنے کے قابل؛ اچھی؛ صحیح۔

laudability, laudableness, n. قابل تعریف ہونے کی حالت؛ پسندیدگی؛ خوبی۔

laudably, adv. قابل تعریف طور پر؛ اچھی طرح سے؛ عمدہ طور پر؛ بطریقِ احسن؛ عمدگی کے ساتھ۔

laudanum, n. لوڈانم؛ الکُحل اور افیون کا مُرکّب؛ صبغۂ افیون؛ افیون کا سَت؛ افیم کا دُودھ۔

laudation, n. ستایش ؛ تعریف ؛ خراج تحسین ؛ حمد ؛ ثنا ؛ توصیف ۔

laudatory, laudative, a. تعریفی ؛ ستایشی ؛ پُرستایش ؛ ستایش گر ؛ تعریف آمیز ؛ ثنائیہ ۔

laudatorily, adv. ستایشی انداز میں ۔

laugh, v.i. خُوش ہونا ؛ ہنسنا ؛ مضحکہ اُڑانا ، تمسخر کرنا ؛ ٹھٹھا مارنا ؛ زور دار ہنسی یا قہقہے کے ذریعے جس میں چہرے اور جسم کی حرکات بھی شامل ہوں خُوشی ، تفریح ، دل لگی ، تَمسخُر ، طنز و تضحیک وغیرہ کا اظہار ہونا ؛ مَسرُور ہونا ؛ خوش طبع ہونا یا ہنسی اڑانا ؛ خوش و خرّم یا درخشاں ظاہر ہونا ؛ کھلکھلانا ؛ بشّاش ہونا ؛ متبسّم ہونا ۔ (فعل متعدی) قہقہہ لگا کر ظاہر کرنا ؛ قہقہے کے ذریعہ دباؤ ڈالنا یا مجبور کرنا ؛ قہقہ لگانا ؛ کسی پر ہنسنا ؛ ہنسی اُڑانا ؛ طنز کرنا ؛ تضحیک کرنا ؛ مَضحِکہ اڑانا ؛ دِل لگی کرنا ؛ بنانا ؛ تبسُّم کرنا ۔ (اسم) قہقہہ ؛ ہنسی ؛ بے ساختہ آواز جو اچانک خوشی ظاہر کرے ، یہ انسان سے خاص ہے ؛ خندہ ؛ کھلکھلاہٹ ۔ (بول چال) کوئی مضحکہ خیز چیز ۔

laugh at, مضحکہ اُڑانا ؛ کسی حد تک نفرت کا سُلُوک کرنا ؛ کسی پر ہنسنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ طنز کرنا ؛ تضحِیک کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ بنانا ؛ تحقیر کرنا ۔

laugh away, ہنس کر اُڑا دینا ، قہقہہ لگا کر کوئی چیز ردّ کرنا یا اس کی اہمیّت کم کرنا ؛ وقتی طور پر بھلا دینا یا بھول جانا (غم وغیرہ) ؛ ٹال دینا ۔

have the last laugh, متوقع یا نمایاں شکست کے بعد کامیاب ہونا ۔

laugh up one's sleeve, اپنے آپ میں ہنسنا کہ معلوم نہ ہو ؛ دل ہی دل میں ہنسنا ۔

laugh off, قہقہہ لگا کر رد کرنا ، نظر انداز کرنا یا حقارت سے دیکھنا ؛ ہنسی میں اُڑانا ، ہنس کر ٹالنا ۔

laugh on the other or wrong side of one's mouth, شیخی بگھارنے کے بعد خفّت یا مایوسی محسوس کرنا ؛ رونا ؛ گریہ کرنا ۔

laugher, n. ہنسنے والا ، قہقہہ زن ۔

laughingly, adv. قہقہہ لگاتے ہوئے ؛ ہنسی سے ؛ ہنسی خُوشی ؛ ہنستے ہوئے ؛ خوش طبعی سے ؛ زندہ دلی سے ۔

laughable, a. قہقہہ آور ، مضحکہ خیز ؛ مزاحیہ ؛ مہمل ؛ قابل تضحیک ؛ ہنسی کے قابل ؛ مُضحِک ؛ خندہ انگیز ۔

laughableness, n. مضحکہ خیزی ، خندہ آوری ۔

laughably, adv. مضحکہ خیز انداز میں ؛ مُضحِک طور پر ۔

laughing gas, n. خندہ آور گیس ؛ ہنسی آور گیس ؛ نائٹرس آکسائڈ (Nitrous oxide) ۔

laughing jackass, n. خندہ لکڑ بھگا ؛ ایک آسٹریلوی ماہی خور پرندہ ،گدھے کی سی بھرّائی ہوئی آواز کے باعث اس کا یہ نام رکھّا گیا ۔

laughing stock, n. وہ شخص یا چیز جو نشانۂ تضحِیک ہو ؛ نقل محفل ؛ مسخرہ ۔

laughter, n. قہقہہ ؛ فعل ، ممیّز آواز یا جسمانی مظاہرہ بالخصوص چہرہ جس سے خوشی کا اظہار ہو ؛ خوشی و شادمانی کا اظہار ؛ ہنسنے کا عمل یا آواز ؛ ہنسی ، خَندہ ۔

launce, n. ریگ ماہی ۔ دیکھیے : Sand launce ۔

launch, v.t., v.i. پھینکنا ، چلانا ، دھکیلنا ؛ اُڑانا ؛ زمین سے پھسل کر یا پھسلا کر پانی میں گرنا یا گرانا ؛ ترانا ، جیسے نو تعمیر شدہ کَشتی کو پہلی بار پانی میں اُتارنا ؛ چالُو کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ کسی راستے یا طریق عمل پر چلانا ، جیسے کسی شخص یا تنظیم کو ؛ پھینکنا (نیزہ کی طرح) ؛ کوئی کام شروع کرنا ؛ کسی کام کا بیڑا اُٹھانا ؛ شُروع کرنا ؛ مہم کا آغاز کرنا ؛ روانہ کرنا ؛ بھیجنا ؛ بیان کرنا ؛ کسی کشتی کو پانی میں اُتارنا (اکثر out یا forth کے ساتھ)؛ نئے میدان عمل میں داخل ہونا ؛ جھپٹنا یا جوش کے ساتھ کسی کام کا آغاز ہونا (عموماً into کے ساتھ آتا ہے) ؛ روانہ ہونا (اکثر on کے ساتھ) ؛ چل پڑنا ۔ (اسم) کشتی یا جہاز کو پانی میں اُتارنے کا عمل ؛ موٹر کشتی کی ایک قسم جو لمبی ، پست اور کُھلی ہوتی ہے ۔ (فضائیات) راکٹ ، میزائل یا خلائی گاڑی بھیجنے یا خلا میں پھینکنے کا عمل ۔

launcher, n. ایک میکانکی آلہ یا غلولہ جو راکٹ پھینکتا ہے یا رائفل کا گولی پھینکنے والا حصّہ ؛ راکٹ انداز ۔

launching pad, launch pad, n. ایک حدّت ناپذیر چبوترہ جس پر رہ نمودہ میزائل یا راکٹ خلا میں پھینکنے سے پہلے رکّھا جاتا ہے ۔

launder, v.t. دُھلائی کرنا ؛ دھونا جیسے کپڑوں کا دھونا اور اِستری کرنا ۔ (فعل لازم) دھونا اور استری کا ہونا ؛ دُھلنا اور استری ہونا (جیسے : a dress that launders well) ؛ غیر قانونی طور پر حاصل رقموں کو کسی تیسرے فریق کے کاروبار میں لگا کر باضابطہ بنانا ؛ دَھن سفید کرنا (اسم) (کان کنی) کنونیر (منقالہ) جو کچ دھات کے فضلات دھونے کے کام آتا ہے ۔

launderer, n. دھوبی ۔

laundress, دھوبن ۔

laundertte, n. دیکھیے : Laundromat ۔

Laundromat, n. لانڈرومیٹ ؛ کاروباری ادارہ جہاں کپڑے دھونے کی خُودکار مشینیں لگی ہوتی ہیں جن میں سکّہ ڈالنے سے کپڑے خودبخود دُھل کر باہر نکل آتے ہیں ۔ (تجارتی نشان) ۔

laundry, n. لانڈری ، دھوبی گھر ؛ دھوبی خانہ ؛ شوب گاہ ؛ دھوبی گھاٹ ؛ مقام یا ادارہ جہاں دُھلائی اور اِستری کا کام ہوتا ہو ؛ باورچی خانہ ، تہ خانہ یا گھر یا قیام گاہ کے کسی مقام میں وہ حصہ جو دُھلائی کے لیے الگ کیا گیا ہو ؛ دُھلنے والی یا پہلے سے دُھلی ہوئی چیزیں ۔

laundryman, n. دُھلائی کے کارخانے (لانڈری) کا ناظم یا مُلازِم ؛ دھلائی کے کپڑے اُٹھانے یا واپس کرنے والا ؛ ملازم دھوبی ۔

laundry woman, n. دُھلائی والی ، دھلائی کے کارخانے کی مُلازمہ ؛ ملازِم دھوبن ۔

laura, n. قدیم مشرقی کلیسا میں راہب جماعت ۔

lauraceous, a. کافوری ؛ پودوں کے کافوریہ (lauraceae) خاندان یا غار نامی درخت سے متعلّق ۔

laureate, a. لارئیٹ ؛ شاعرانہ کارناموں یا خوبیوں کے باعث مشہور و معروف یا مُمتاز ، جس کو عزت یا امتیاز کے طور پر غار (laurel) کا تاج پہنایا گیا ہو یا نشانِ امتیاز سے آراستہ کیا گیا ہو ؛ شاعر سے متعلّق و منسوب ؛ بالخصوص ملک الشعرا سے ؛ غار

(لارل) کا حامل جیسے تاج یا چادر ۔ (اسم) وہ شخص جس کو لارل کا تاج پہنایا گیا ہو ؛ مَلکِ الشعرا ؛ اکلیل الشعرا ۔ (فعل متعدی) لارل کا تاج پہنانا،عزت و افتخار کے طور پر (جیسے : to laureate a victor) ؛ مَلِک الشعرا مقرّر کرنا ؛ ہار پہنانا ؛ پُھول مالا ڈالنا ۔

laureateship, n. ملک الشعرا کا منصب ؛ مَلِک الشُعرا کا عُہدہ ؛ مَلِک الشُعرائی ۔

laurel, n. غار، لارل، جنوبی یورپ کا ایک چھوٹا سدا بہار کافوری درخت (غار) ؛ لارل سے مشابہ بہت سے درختوں میں سے کوئی ایک ؛ اس کی شاخ یا چادر ؛ اس درخت کے پتّے جو فتح یا امتیاز کی علامت ہیں ۔ (جمع) وہ اعزاز جو کوئی کارنامہ دکھا کر حاصل کیا گیا ہو (جیسے : to win one's laurels) ۔ (فعل متعدی) لارل سے یا اُس کی چادر سے آراستہ کرنا ، فضیلت کا اعزاز دینا ؛ سرفرازی عطا کرنا ؛ فتح دلانا ۔

look to one's laurels, اپنی پگڑی سنبھالنا ؛ رقیبوں سے اپنے امتیاز کی حفاظت کرنا ۔

rest on one's laurels, پچھلی کامیابی پر قناعت کرنا ؛ مزید امتیازات کے حُصُول کی کوشش نہ کرنا ۔

Laurentian, a. سینٹ لارنس (دریا) سے متعلق و منسوب ۔ (ارضیات) اولین عصری (archaean) نظام کی چٹانوں کے ایک سلسلے سے متعلّق جو کینیڈا میں، سینٹ لارنس دریا اور عظیم جھیل کے قریب واقع ہے ۔

lauric acid, dodecanoic acid, n. (کیمیا) لارک تیزاب ؛ ایک سفید قلمی تیزاب جو سبزیوں کی چکنائی میں گلیسرائڈ کی صورت میں پایا جاتا ہے اور کاسمیٹکس (غازہ ، کریم وغیرہ) صابن اور غاری الکحل بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

laurus tinus, larustine, n. جنوبی یورپ کی ایک سدا بہار غاری نبات ؛ باغاتی جھاڑی جس کے پُھول سفید اور گُلابی ہوتے ہیں ۔

lauryl alcohol, n. (کیمیا) غاری الکحل ؛ ایک سیّال یا قلمی ٹھوس مُرکّب جو ناریل کے روغنی تیزابوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور (دُھلائی کی) مُصفّی چیزیں بنانے میں کام آتا ہے ۔

lava, n. لاوا ؛ پگھلی ہوئی یا سیّال چٹان جو آتش فشاں پہاڑ یا آتش فشانی نکاس سے جاری ہوتی ہے ؛ مادّہ جو آتش فشاں پہاڑوں سے بہتا ہے ؛ اس مادّے کی ایک قسم جو متغیّر حالات کے تحت لاوا سخت ہونے سے پیدا ہو جاتی ہے ۔

lavabo, n. (اکثر بڑے L سے) (کلیسیات) دست شُوئی ؛ رومن کیتھولک اور اینگلیکن کلیسا میں عِشائے ربّانی کی عبادت کے موقع پر چندے کی وصولی کے بعد پادری کے ہاتھ دھونے کی رسم؛ اس تقریب کے ساتھ تلاوت کی جانے والی آیات؛ چھوٹا تولیا یا برتن جو ہاتھ دھونے کے لیے استعمال ہو؛ برتن اور حوض کی وہ تعمیر جو قُرُون وُسطیٰ کی خانقاہوں میں پائی گئی ؛ بیرونی ظرف یا حوض جو دیواری تنصیب کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔

lavage, n. دُھلائی ۔ (طِب) صفائی کا عمل جیسے ٹیکے کے ذریعہ خاص طور پر معدے کی دُھلائی یا صفائی ؛ غُسل معدہ ۔

lava-lava, n. چھپے ہوئے سُوتی کپڑے کا لنگوٹ جو جزائر بحرالکاہل کے باشندے پہنتے ہیں ۔

lavaliere, lavalier, n. زنجیر میں معلّق عُموماً جواہرات کا آویزہ جو گلے میں پہنا جائے ۔

lavation, n. شست و شو ؛ دُھلائی یا صفائی ؛ ہاتھ مُنہ دھونے کا عمل ۔

lavational, a. دھلائی یا صفائی سے متعلّق ۔

lavatory, n. طہارت خانہ ، ایک کمرا جس میں ہاتھ اور مُنہ دھونے کا سامان ہوتا ہے اور اکثر نہانے دھونے نیز حاجات سے فارغ ہونے کی سہولت بھی ہوتی ہے ؛ وہ مقام جہاں غسل وغیرہ کیا جائے ؛ ایک ظرف جو ہاتھ وغیرہ دھونے اور غُسل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ آفتابہ ؛ سلپچی ؛ بیت الخلا؛ دھونے کی جگہ ؛ لگن؛ طشت ۔

lave, v.t. (ادب) دھونا یا نہلانا؛ دریا یا سمندر کا ساحل کو دھونا یا غسل دینا؛ انڈیلنا یا ڈالنا؛ غسل کرانا؛ حمّام کرانا ؛ نہلانا ؛ بَدن دُھلانا۔

lavender, n. اسطوخودّوس ؛ خزام؛ لیونڈر ۔ یورپ کے نعناعی پودوں میں سے کوئی ایک جس میں زرد ، قرمزی پُھولوں کے گُچّھے لگتے ہیں اور ان سے خوشبودار تیل نکلتا ہے؛ ان پودوں کے خُشک پھول یا دُوسرے حصّے، خاص طور پر (Lavandula officinalis)،پودے کے تھیلوں میں اور محافظ کی حیثیت سے استعمال ہوتے ہیں ۔ (صفت) زرد قرمزی (رنگ) ؛ خزامی رنگ ۔ (فعل متعدی) لیونڈر سے بسانا یا مہکانا ۔

lavender water, غسل کا پانی یا خوشبو جو لیونڈر کے تیل سے بنائی گئی ہو ؛ عرقِ لیونڈر۔

laver, n. ایک ظرف جو قدیم یہودی معبد کے صحن میں رکھ دیا جاتا تھا تاکہ قربانی سے پہلے رسمی صفائی کی جا سکے ؛ کوئی چیز جو روحانی صفائی کے لیے ہو، بالخصوص اصطباغی پانی اور حوض ۔

laver, n. آبی کاہو، خوردنی بحری گھاس کی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک،بالخصوص قرمزیہ (Porphyra) جنس کی۔

lavish, a. مُسرف ؛ شاہ خرچ ؛ بہت فراوانی سے استعمال کرنے والا، خرچ کرنے والا یا عطا کرنے والا ؛ فضول خرچ ؛ لکھ لُٹ (اکثر of کے ساتھ) ؛ بہت کُھلے دل کا ؛ کثرت یا اسراف کے ساتھ کیا گیا ؛ وافر ؛ فراواں۔ (فعل متعدی) بہت فروانی سے یا بے جھجھک خرچ کرنا، عطا کرنا یا صرف کرنا ؛ پانی کی طرح روپیہ بہانا ؛ بے دھڑک خرچ کرنا ؛ خُوب خرچ کرنا ؛ دِل کھول کر دینا یا کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ اُڑانا ؛ اسراف کرنا؛ بے فائدہ خرچ کرنا۔

lavisher, n. فُضُول خرچ ، مُسرِف ؛ اِسراف پسند؛ عطا کرنے والا ؛ اڑاؤ۔

lavishly, adv. مُسرفانہ ؛ فضول خرچی سے ؛ بہ اسراف ؛ بے اندازہ ؛ بہت افراط سے۔

lavishness, n. فضول خرچی ، اسراف ؛ افراط ؛ بھر مار ؛ کثرت۔

law, n. قانون ؛ اُن اصول و قواعد کا مجمُوعہ جو کسی ہیئتِ مُقتَدِرہ نے وضع کیے ہوں یا رواجاً قائم ہوگئے ہوں اور جنھیں کوئی ریاست ، جماعت یا معاشرہ یا ایسی ہی کوئی تنظیم اپنے ارکان کے لیے واجبُ العمل تسلیم کرتی ہو ؛ اُصُول ؛ قاعدہ ؛ کُلیہ ؛ رسم؛ آئین ؛ ضابطہ ؛ دھرم ؛ رِیت ؛ حُکم ؛ فرمان ؛ شرع ؛ دستور ؛ ڈھنگ ؛ طریقہ ؛ انفرادی قواعد میں سے کوئی ایک جو کسی ایسی جماعت سے

متعلّق ہو؛ ایسے قواعد کا انضباطی اثر یا معاشرے کی حالت جو اُن کی پابندی سے پیدا ہوئی ہو (جیسے : to maintain law and order) ؛ اس درجے کے قوانین مجموعی طور پر جیسے انسانی زندگی میں کوئی ادارہ یا ہیئتِ مُقتدِرہ (جیسے : courts of law) ؛ علم و مطالعہ کا شعبہ جو ایسے قواعد یا نظامِ قواعد سے متعلّق ہو؛ ایسے قوانین کا مجموعہ جن کا تعلق کسی خاص موضوع سے ہو (جیسے : commercial law , labor law) ؛ ایسے قوانین کا مجموعہ جو کسی خاص ماخذ سے لیے گئے ہوں (جیسے : common law , statute law) ؛ عام قانُونی عدالتوں میں مستعمل قواعد و اصول جو مُنصفی عدالتوں سے مختلف ہیں ؛ پیشۂ قانون (جیسے : the practice of law) ؛ قانُونی کارروائی یا عدالتی چارۂ کار (جیسے : to take it to law) ؛ کوئی قانُون یا حُکم جس کی تعمیل ضُروری ہو (جیسے : Good table manners are the law at home) ؛ طرزِ عمل کا صحیح قاعدہ یا اصول جیسے منشائے خداوندی کا اظہار یا جو ضمیر ، عقل یا فطرت سے ماخوذ سمجھا جائے (جیسے : the law of God; the law of nature) ؛ قانُون نافذ کرنے والا ، جیسے پولیس مین (پولیس والا) ؛ انضباطی قُوّت جو جبِلّی اور اکثر خود رَو ہوتی ہے (جیسے : the law of survival) ؛ کاروبار، فن ، کھیل اور زبانوں وغیرہ میں قُوّت حاکمہ (جیسے : the law of supply and demand, the law of chess.) ۔ (فلسفہ ، طبیعیات) مظاہر کے تعلّق یا نتیجہ کا اظہار جو یکساں حالات میں ناقابل تغیّر ہوتا ہے (جیسے : the law of gravitation) ۔ (ریاضی) کوئی قاعدہ جس پر کسی چیز کا انحصار ہو (جیسے کسی انحنا کی ساخت یا بناوٹ) ۔ (انجیل) خدا کی طرف سے کوئی الہام ، حُکم، شریعت۔ (برطانوی کھیل) فاصلے یا وقت کی رعایت جو جانوروں کے شکار کے کھیل یا دوڑ کے مقابلے میں دی جائے۔ (فعل لازم و متعدی) مُقدّمہ چلانا ؛ عدالت میں لے جانا۔

be a law unto oneself, رسم و رواج کے خلاف کرنا ؛ مُسلمّہ طریقوں اور اسالیب کے عَلی الرغم اپنی خواہشوں کے مطابق عمل کرنا ؛ من مانی کرنا ۔

lay down the law, اپنی خواہشات ، نظریات اور ہدایات کو تحُکمّانہ بیان کرنا ؛ تحکمانہ انداز میں بات کرنا ؛ قانون بنانا ؛ قانون وضع کرنا۔

take the law into one's own hands, عام قانونی عمل کے برخلاف دوسرے ذرائع سے انصاف حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ اپنے ہاتھ میں قانون لینا ؛ ڈنڈے کے زور پر اپنا حق لینا (جیسے : The lynchers wanted to take the law into their own hands) ۔

law like, a. قانون نُما ۔

Law-abiding, a. پابندِ قانون ؛ عامِلِ قانون ؛ قانُون پرست ؛ قانُون پسند ؛ امن پرور ؛ آئین پسند؛ پُرامن ؛ صُلح جُو ؛ شریف ؛ مطیعِ قانون ۔

law-abidingness, n. پابندیٔ قانُون؛ قانُون پرستی ؛ قانون پسندی ۔

lawbreaker, n. قانون شِکن ۔

lawbreaking, n. قانُون شکنی ۔ (صفت) قانون شکنی سے متعلّق ۔

lawful, a. قانُونی ؛ جائز ؛ مُطابِقِ قانُون ؛ پسندیدہ ؛ حق دار ، مستحق ؛ روا ؛ بااختیار ؛ مجاز ؛ حسبِ قانون ؛ شرعی ؛ حلالی ؛ ٹھیک ؛ مناسب ؛ بجا ؛ اصلی ؛ جائز ؛ مباح ؛ مطابقِ آئین ؛ صحیح ؛ دُرُست ۔

lawfully, adv. قانُونی طور پر؛ جائز طور پر ؛ با اختیار انداز میں ؛ شرعاً ؛ از روئے شرع ؛ قانوناً ۔

lawfulness, n. جواز ، قانُونی ہونے کی کیفیّت ؛ دُرُستی ؛ وجُوب ؛ حلِّت ؛ مباحیت ۔

lawgiver, n. قانُون ساز ؛ واضِع قانون ؛ مقنِّن؛ وہ شخص جو قانون یا ضابطۂ قانُون دیتا ، بناتا یا نافذ کرتا ہے ؛ قانُون دہندہ ؛ قانُون بخش ۔

lawgiving, n. قانُون سازی ؛ وضعِ قانون ؛ قانُون بخشی ؛ قانون دہندگی ۔ (صفت) قانُون ساز۔

lawless, a. بے قانُون ؛ بے آئین ؛ خلافِ قانُون ؛ لاقانُون ؛ جو قانُون پر مبنی نہ ہو، قانُون کا پابند نہ ہو، قانُون کے مطابق نہ ہو، قانون کے تابع نہ ہو ؛ غیر قانُونی ، ناجائز؛ خلافِ ضابطہ ؛ بے لگام ۔

lawlessly, adv. غیر قانُونی طور پر ؛ ناجائز طور پر؛ لاقانُونی انداز میں ۔

lawlessness, n. عدمِ قانون ؛ عدم جواز ؛ لاقانونیّت ؛ بے قانونی ۔

law maker, n. قانون ساز ؛ واضِعِ قانون ؛ قانُون گر؛ مقِنّن ۔

lawmaking, n., a. قانون سازی؛ قانون گری ؛ وضعیّتِ قانُون ۔

law merchant, n. تجارتی ضوابط ؛ اُصول اور قواعد کا مجموعہ ، جن کا تعیّن بڑی حد تک کسٹم سے ہوتا ہے جو اُمُور تجارت میں باقاعدگی پیدا کرتے ہیں ؛ تجارتی قانُون ۔

lawn, n. لان ؛ چمن ؛ مرغزار؛ پائیں باغ ؛ گھاس سے ڈھکا ہُوا زمین کا ٹُکڑا جو عموماً گھر کے سامنے یا ارد گرد واقع ہوتا ہے اور اس کی گھاس خوبصورتی سے کٹی ہُوئی ہوتی ہے ؛ سبزہ زار؛ تختۂ گیاہ ۔

lawny, a. گیاہی ؛ سبزہ زار سے متعلّق یا سبزہ زار کا حامل ۔

lawn, n. باریک لینن یا سُوتی کپڑا جو سادہ بھی ہوتا ہے اور چھپا ہوا بھی ؛ ایک قسم کی ململ یا چھینٹ ۔

lawny, a. ململ کا ، چھینٹ کا۔

lawn bowling, n. لان باؤلنگ ؛ ایک کھیل جو باریک کٹی ہوئی گھاس پر کھیلا جاتا ہے ، جس میں کھلاڑی لکڑی کی گیند کو ایک چھوٹی سفید گیند کے زیادہ سے زیادہ قریب پھینکنے کی کوشش کرتا ہے۔

lawn mower, n. گیاہ تراش ؛ گھاس تراش ؛ گھاس کاٹنے کی مشین جو ہاتھ یا موٹر سے چلائی جاتی ہے ۔

lawn tennis, n. لان ٹینس ؛ ٹینس کا کھیل جو بیرون خانہ تیار کیے گئے ، خاص طور پر گھاس کے میدان میں کھیلا جاتا ہے ۔

Law of Moses, n. خمسہ مُوسیٰ ؛ صُحفِ موسیٰ یا عہد نامۂ قدیم کی پہلی پانچ کتابیں ؛ توریت ۔

law of nations, n. قانونِ اقوام ؛ بین الاقوامی قانون ۔

lawrencium, n. لارینسیم ؛ایک تابکار دھاتی عنصر جو ایکٹی نائڈ (actinide) سلسلے سے متعلّق ہے ۔

lawsuit, n. مقدّمہ ؛ عدالتی مُقدمّہ ؛ کسی عدالتِ انصاف میں دائر کسی مُطالبے کی کارروائی یا مقدّمہ ؛ نالِش ؛ عدالتی چارہ

جوئی ۔

lawyer, n. وکیل ؛ ماہرِ قانون ؛ قانون پیشہ ؛ وہ شخص جس نے قانون کی تربیت حاصل کی ہو ؛ وہ شخص جس کا پیشہ عدالت میں مُقدمّات کی پیروی یا قانونی مشورہ یا امداد دینا ہو ؛ مُختارِ قانون ؛ قانون دان ؛ فقیہہ ؛ عالِمِ قانُون ۔

lawyerly, a. وکیلانہ ۔

lax, a. ڈھیلا یا سُست (جیسے : a lax cord) ؛ سخت ، ناپختہ ، غیر مضبوط ؛ قُوّت و توانائی سے محروم (جیسے : lax constitution, lax mental powers) ؛ تھلتھل یا نرم جیسے اعضا ؛ کُھلی یا غیر مُمسِک جیسے آنتیں ؛ ناواجبانہ کھلی آنتوں کا حامل جیسے کوئی شخص ؛ غیر مضبوط ، نااُستوار جیسے ربط یا تعلق ؛ ڈھیلی بنت کا (جیسے : lax tissue , lax soil) ؛ کُھلا جو مربوط نہ ہو جیسے پودے کا گُچھّا ؛ سختی و شدت سے عاری(جیسے : lax discipline , lax morals) ؛ غیر محتاط یا غافل ؛ جو پوری طرح صحیح یا درست نہ ہو(جیسے : lax ideas of a subject) ۔

laxly, adv. سُستی سے ؛ نرمی سے ۔

laxness, n. سُستی ؛ نرمی ؛ ڈھیلا پن ۔

laxation, n. ڈھیلا پن ؛ نَرمی ؛ ڈھیلا یا نرم ہونے کی حالت ؛ تسہیل ۔ (طِب) اِسہال ؛ ابراز ؛ تلیین ۔

laxative, a. قبض کُشا ؛ ملیّن ؛ آنتوں کو ڈھیلا کرنے اور قبض دور کرنے کی صفت کا حامل ؛ مُسہِل ۔ (اسم) ایک دوا جو نرم مسہل کا کام کرے ، قبض کُشا دوا ؛ مُلیِّن دوا ؛ مُنفِج ؛ دافع قبض ؛ مسہل دوا ۔

laxatively, adv. قبض کُشا طور پر ؛ ملیّن طور پر ۔

laxativeness, n. قبض کُشائی ؛ تلیین ۔

laxity, n. ڈھیلا پن ؛ سُستی ؛ نرمی ؛ ڈھیلا یا نرم ہونے کی حالت یا صفت ؛ غَفلت ؛ لاپروائی ؛ دُھندلا پن ؛ ابہام ؛ ڈھیل ؛ من مانی ؛ کُشادگی ؛ آزادی؛ ملائمت؛ تسہیل ۔

lay, v.t. آرام یا ٹکاؤ کی حالت میں رکھنا ؛ گرانا ، رکھنا ، لٹانا (جیسے : to lay a book on a desk) ؛ کھڑی حالت سے نیچے لانا یا پھینکنا ؛ نیچا دکھانا (جیسے : to lay a person low) ؛ کسی کو کسی خاص حالت یا مقام پر رکھنا (جیسے : to lay bare the land) ؛ مناسب مقام پر یا مناسب طریق سے رکھنا یا چُننا (جیسے : to lay bricks) ؛ دفن کرنا (جیسے : lay him in a quiet churchyard) ؛ گاڑنا ؛ زمین میں دابنا ؛ وضع کرنا یا مُرتّب کرنا جیسے کوئی منصوبہ ؛ نکالنا یا دینا ، جیسے انڈا یا انڈے ؛ جمع کرنا ، لگانا ، جیسے شرط ؛ کسی شخص کے سامنے رکھنا یا کسی شخص کے زیر توجّہ یا زیرِ غور لانا ؛ بچھانا یا لگانا جیسے جال کا ؛ سامنے لانا یا معلُوم کرنا ، جیسے منظر کا ؛ پیش کرنا ، آگے لانا یا لگانا ، جیسے کوئی دعویٰ یا الزام ؛ منسوب کرنا ، متعلّق کرنا یا عائد کرنا (جیسے : The theft was laid to him) ؛ فرض ، بوجھ ، سزا وغیرہ عائد کرنا ؛ لگانا ، بچھانا جیسے دسترخوان ؛ آپس میں بل دے کر یا گُوندھ کر بنانا ، جیسے رسّا ؛ کسی سطح پر رکھنا یا لگانا ، جیسے رَنگ ؛ کسی دُوسری چیز سے ڈھکنا یا اُوپر پھیلانا (جیسے : a brick wall laid with plaster) ؛ بٹھانا، فرو کرنا ، جیسے گردوغُبار کا ؛ ٹھنڈا کرنا ، مِٹانا یا دبانا ، جیسے شُبہ یا غُصّے کا ۔ (جہاز رانی) خاص حالت یا سمت میں منتقل کرنا ۔ (عسکری) فائر کرنے کی ، حالت میں لانا، جیسے توپ کو ۔ (عوامی) کسی کے ساتھ مجامعت کرنا ۔ (فعل لازم) انڈوں پر آنا ؛ دانوں پر لگانا یا شرط بدنا ؛ مشغول ہونا ؛ ضربات لگانا (عموماً about,at,on کے ساتھ) ؛ اپنے آپ کو شدومد کے ساتھ کسی کام میں ڈال دینا ۔ (بولی) منصوبہ یا کوئی اسکیم بنانا (اکثر out کے ساتھ) ۔ (جہاز رانی) خُود کو کسی خاص حالت میں رکھنا یا لانا (جیسے : to lay aloft) ۔ (غیر معیاری) لیٹنا (جیسے : to lay down) ۔ (اسم) طریقہ یا حالت جس میں کوئی چیز رکھی ہوئی ہو یا پڑی ہو ، وضع (جیسے : the lay of the ground) ؛ منافع کا حصّہ ، جیسے وھیل مچھلی کے شکار کے سفر میں ؛ وہ انداز یا طریقہ جس سے رسّا بنایا جائے ۔(عام طور پر برطانوی ،عوامی) ایک منصوبہ یا طریق عمل ۔ (عوامی) جنسی ملاپ کا عمل یا عورت جس کے ساتھ مُجامعت کی جائے ۔

lay by or away, ایک طرف رکھنا ؛ آئندہ کے لیے بچا کر رکھنا ؛ سینت کر رکھنا ، محفوظ رکھنا ، بچانا ، پس انداز کرنا ۔

lay down, عائد کرنا، جیسے قاعدہ قانون؛ ہار تسلیم کرنا ۔

lay for, (عوامی) انتظار کرنا جیسے گھات میں ۔

lay hold of or on, پکڑنا، گرفت میں لینا ، قبضہ کرنا؛ تھامنا ۔

lay low, (عوامی) شِدّت سے پیٹنا ؛ ناکارہ یا اپاہج بنانا ؛ شِکست دینا ؛ تنبیہہ کرنا ؛ چُھپا رہنا ۔

lay off, الگ کرنا ؛ خَتم کرنا ؛ برطرف کرنا ، بالخصوص عارضی طور پر جیسے کسی کارکن کو ؛ حد بندی کرنا ۔

lay on the table, (پارلیمانی استعمال میں) پیش کرنا کسی قرارداد یا تجویز کا یا ان پر غور ملتوی کرنا ۔

lay out, پوری طرح وسیع کرنا ؛ پھیلانا ترتیب سے ؛ خاص طور پر تیّار کرنا (جیسے لاش کو دفن کرنے کے لیے) ؛ تقسیم یا حد بندی کرنا ؛ خرچ کرنا جیسے رقم کسی خاص مقصد کے لیے ۔ (بول چال) محنت کرنا ، اچھا نتیجہ حاصل کرنے کے لیے (جیسے : lay oneself out to be agreeable) ۔ (عوامی) شکست دینا یا مار ڈالنا ۔

lay up, آئندہ استعمال کے لیے محفوظ جگہ رکھنا ؛ ذخیرہ کرنا ؛ پس انداز کرنا ؛ بیماری میں گھر کے اندر یا بستر تک محدود رکھنا؛ جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ اِکٹّھا کرنا ؛ اُٹھا رکھنا ؛ روپیہ پس انداز کرنا۔ (جہاز رانی) جہاز کو گودی میں یا کسی محفُوظ مقام پر رکھنا ۔

lay, a. پادریوں کے برعکس ؛ عام لوگوں سے متعلّق و منسوب یا عام لوگوں کا کِیا ہوا ؛ کسی خاص پیشہ بالخصوص قانون یا طِب سے جس کا کوئی تعلق ، رشتہ یا واسطہ نہ ہو ؛ غیر ماہر ؛ گرہست (جیسے a lay magistrate یا a lay opinion on medical matter)؛غیرپیشہ ورانہ ؛ غیر ماہرانہ ؛ دُنیا دارانہ ۔

lay brother, وہ شخص جس نے کسی مذہبی سلسلے کا حلف اُٹھایا ہو ، مگر زیادہ تر جِسمانی محنت میں مشغوُل ہو ۔

lay sister, وہ عورت جسے زنانہ مذہبی سلسلے میں محولہ بالا مقام حاصل ہو ۔

lay, n. گیت ؛ مثنوی ؛ بیانیہ یا قِصّہ پر مشتمل نظم ؛ منظُوم قِصّہ ۔

lay day, n. (تجارت) چارٹر پارٹی کی طرف سے مُقرّرہ دنوں میں سے کوئی ایک دن جب جہاز پر سامان لادنے یا جہاز سے سامان اُتارنے کا کوئی اضافی معاوضہ نہیں لیا جاتا ؛ یومِ ساحلی توقف ؛ یوم بارِ کشتی ؛ ساحلِی یوم ؛ یوم تُوقف ۔ (جہاز رانی) کوئی ایسا دن جب جہاز بندرگاہ میں روک لیا جائے ۔

layer, n. تہ ؛ پرت ؛ طبق ؛ ردّا ؛ دابہ ؛ کسی چیز کی سطح پر چڑھی ہُوئی یا پھیلی ہُوئی کسی مادّے کی دبیزتہ ؛ تہ جمانے والی کوئی چیز یا شخص ۔ (گلبانی) ڈنڈی کے ساتھ لگی ہوئی شاخ یا کونپل جو داب کے طور پر استعمال کی جائے ۔ (فعل لازم و متعدی) تہ بنانا ؛ ردّا رکھنا ۔ (گُلبانی) داب لگانا ۔ (مرغبانی) انڈے دینے والی مرغی ۔

layered, a. داب لگایا ہُوا ؛ طبق دار ۔

layerage, n. (گُلبانی) داب لگائی ؛ داب لگانے کا عمل ۔

layette, n. نومُولود کے لیے کپڑے ، کمبل اور دوسری ضُروریات ۔

lay figure, n. انسانی جسم کا مُجسمّہ جسے پارچہ فروش کپڑوں کی نمایش کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ محض پُتلا ، غیر اہم ؛ لا شے ۔

lay in, v.t. آئندہ کے لیے الگ رکھنا ؛ پَس انداز کرنا ؛ اُٹھا رکھنا ؛ خوراک وغیرہ سنبھال کر رکھنا یا ذخیرہ کرنا۔

layman, n. عام آدمی ؛ عامی ؛ ناواقف ؛ عُمُومی ؛ گرہست ؛ ہر فرد بشر ؛ بندہ خدا ؛ غیر فَنی ؛ غیر ماہِر ؛ کوئی آدمی جو مذہبی پیشوا نہ ہو ؛ دُنیا دار آدمی ؛ جو کسی خاص شُعبے میں ماہر نہ ہو ، اناڑی (جیسے : a political layman) ۔

lay off, n. برطرفی جیسے کارکُنوں کی ؛ تالا بندی یا بند رکھنے کا زمانہ (جیسے : a factory lay off) ؛ بند کرنے یا برطرف کرنے کا عمل ۔

layout, n. وضع قطع ؛ روپ بندی ؛ وضع کاری ؛ ترتیب ؛ خاکہ بندی ؛ خاکہ یا ترتیب جیسے کسی اخبار کی؛ ساز و سامان کی ترتیب جیسے کسی دفتر میں یا دُکان میں ۔ (بول چال) کوئی مقام یا ادارہ ؛ ڈھانچا ۔

layover, n. التوا ؛ تعویق ؛ مختصر وقفہ بالخصوص سفر میں ؛ عارضی قیام یا ٹھہراؤ ، پڑاؤ ۔ (فعل متعدّی) ملتوی کرنا ، التوا میں ڈالنا جیسے کوئی کام ۔ (فعل لازم) پڑاؤ ہونا ، مختصر قیام ہونا ۔

lay reader, n. اینگلیکن کلیسامیں ایک عام آدمی یا دنیا دار جو عوامی عبادت کے کچھ حصّے ادا کرنے کا مجاز ہو ۔

lay-up, n. (باسکٹ بال) ایک مختصر یک دستی چھلانگ کا نشانہ تا کہ گیند بیک بورڈ سے اُچھل کر ٹوکری میں جا پڑے ۔

laywoman, n. عام عَورت ؛ عوامُ الناس کے طبقہ کی عَورت ۔

lazar, n. [العزر کے نام پر] کوڑھی ؛ مجذُوم ؛ کسی گھناؤنے مرض میں مُبتلا شخص ؛ مبروص ؛ جذامی ۔

lazaretto, lazaret, lazarette, n. متعدی امراض میں مبتلا لوگوں کا شفاخانہ ؛ وہ جہاز یا شفاخانہ جو قرنطینہ کے طور پر استعمال کیا جائے ۔ (جہاز رانی) جہاز میں خوراک وغیرہ ذخیرہ کرنے کی چھوٹی سی جگہ ؛ جذامیوں کا خیراتی شفاخانہ ؛ مجذُوم خانہ ؛ شفاخانہ مجذومین ؛ جذامی خانہ ؛ جذامیہ ؛ کوڑھی گھر۔

laze, v.i. سُست ہونا ؛ کاہِل ہونا یا بیکار چلنا پھرنا ۔ (فعل متعدی) (وقت) کاہلی سے گُزارنا (away کے ساتھ مستعمل) ۔ (اسم) سُستی کا عمل یا زمانہ ؛ کاہِلی ؛ سُستی ؛ آلکس ؛سہل انگاری ۔

lazuli, n. لاجورد ۔

lazuline, a. لاجوردی ۔

lazulite, n. سنگِ لاجورد ؛ ایک نیلا بلّور ؛ ایک لاجوردی نیلا بلّوری ٹھوس مادّہ ؛ ایلومینم ، میگنیشیئم اور لوہے کا فاسفیٹ ۔

lazulitic, a. نیلے بلّور سے متعلّق ؛ لاجوردی ۔

lazy, a. سُست، کاہِل ، آلکسی ، سہل انگار ؛ کسی نہ کسی طرح کام یا محنت کرنے میں متأمّل ؛ سُن ، بے حِس ؛ آہستہ ، مُشکل سے یا بظاہر دِقّت سے حرکت کرنے والا ؛ مَٹھا ؛ کسی جانور کے ایک طرف لگایا ہوا (جیسے جانوروں کا داغ)۔

lazily, adv. سُستی سے ؛ آلکسی سے ؛ کاہلی سے ۔

laziness, n. سستی ؛ کاہلی ؛ آلکس ۔

lazyish, a. کسی قدر کاہل ۔

lazy bones, n. (بول چال) سُست آدمی ۔

lazy susan, n. ایک بڑی گول گھومنے والی طشتری کھانا یا اچار ، چٹنی اور مسالا پیش کرنے کے لیے ۔

lazy tongs, n. فاصلے پر سے چیزیں اُٹھانے کے لیے ایک وُسعت پذیر چمٹا جو ایک دُوسرے کو کاٹتے ہوئے ٹُکڑوں پر مشتمل اور بیرم دار ہوتا ہے ؛ قینچی کی شکل کا چمٹا ۔

lea, ley, n. (شاعری) چراگاہ ؛ سبزہ زار ؛ مَرغزار ؛ قطعۂ زمین جو عارضی طور پر خُشک گھاس یا سبز چارے کے لیے استعمال کی جائے ۔

lea, n. لمبائی کی ایک اکائی جو سُوت کی پیمایش کے لیے مستعمل ہے اور سُوت کی قسم کے لحاظ سے بدل جاتی ہے ۔

leach, v.t. کوئی چیز جیسے پانی ٹپکانا ؛ دُھلے کپڑوں کو نچوڑ کر حل پذیر اشیا سے پاک کرنا ؛ حل پذیراشیا ،ترویق کے ذریعے کھینچنا ؛ نکالنا یاحاصل کرنا ۔ (فعل لازم) ٹپکنا جیسے پانی ؛ پانی کی ترویق کے عمل سے گزرنا جیسے راکھ کا ۔ (اسم) ٹپکاؤ ، ترویق ؛ تراوش ؛ وہ مواد جو ٹپکایا گیا ہو ؛ ترویق کے لیے استعمال ہونے والا ظَرف ؛ آب زنی ؛ آب شوئی ۔

leachability, n. ترویق پذیری ۔

leachable, a. ترویق پذیر ۔

leaching, n. ترویق ؛ تراوش ؛ غسیل ؛ شور گیری ۔

leachate, n. تراوشی مادے ؛ ٹھوس فضلے میں سے رسنے والے پانی کو آلُودہ کرنے والے مادّے ۔

lead, n. (کیمیا) سیسا ؛ سِکہ ؛ رانگ ؛ سرب ؛ ایک بھاری ، نرم ، متورق ، نیلگُوں خاکستری رنگ کی دھات ، جو عام طور پر مخلوط صورت میں ملتی ہے ،جیسے کچاسیسا(galena) ؛ ساہول ؛ پنسال ، شاقول ، جو ڈوری سے لٹکا کر گہرائی ناپنے کے کام آتا ہے ؛ سیسے کے چوکھٹے جن میں شیشے لگائے جاتے ہیں جیسے رنگین شیشے کی کھڑکیوں میں ؛ گولی (بندوق کی) ۔ (طباعت) ٹائپ سے کم اونچی دھات کی پتلی پٹی جو ٹائپ کی سطروں کا فاصلہ بڑھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ سُرمہ یا گریفائٹ (graphite) یا اس کی سلائی جو پنسلوں میں استعمال ہوتی ہے ۔ (جمع) چھت پاٹنے کے لیے سیسے کا سامان ۔ (صفت) سیسے کا یا اس کے بھرت سے بنا ہوا ۔ (فعل متعدی) سیسا چڑھانا ؛ سیسے سے ڈھانپنا ، استر کاری کرنا یا وزن کرنا ؛ سیسے سے اپنی جگہ پر لگانا جیسے کھڑکی کے چوکھٹے میں شیشہ ؛ ہموار کرنا یا چمکانا جیسے ظروف کو سیسے کے مرکّب سے ۔ (طباعت)

سطروں کے درمیان سیسے کے ٹکڑے رکھنا ۔ (کیمیا) سیسا ملانا جیسے آکسیجن یا گندھک سے ۔

red lead, شنگرف ؛ سِیندور ؛ سیسے کا سُرخ آکسائڈ؛ ایک بھاری دانہ دار سفوف جو رنگ ، سیمنٹ اور شیشے میں مستعمل ہے ۔

white lead, سُفیدہ ؛ سپیدہ ؛ سیسے کا سفید کاربونیٹ جو رنگِ و روغن میں رنگ کے طور پر مستعمل ہے ۔

leaden, a. رنگ یا وزن میں سیسے کی مانند ۔

lead, v.t. راہ نمائی کرنا ؛ راہبری کرنا؛ سڑک ، راہگزر یا راستہ دِکھا کر رہبری کرنا ؛ حُکم دینا ؛ حُکومت کرنا ؛ ہدایت دینا ؛ ترتیب، عہدے یا مرتبے میں پہلا مقام رکھنا ؛ ترغیب دینا یا اثر ڈالنا ؛ آغاز کرنا اور رُہنمائی کرنا جیسے گُفتگو یا کارروائی کا ؛ حرکت پر مجبور کرنا جیسے لگام یا ہاتھ سے ؛ ہدایت دینا جیسے موسیقی میں ؛ گزارنا، بسر کرنا جیسے شادمانی کی زندگی ؛ بسر کرانا یا برداشت کرانا (جیسے : He led his wife a sad life) ۔ (فعل لازم) آگے بڑھ کر راستہ دکھانا ؛ برتر یا فائق ہونا ؛ پہلا مقام لینا ؛ با اختیار حیثیت رکھنا ؛ پہل کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ سردار ، سالار یا ناظِم ہونا ، نگران ہونا ؛ لانا ، کھینچنا ، ترغیب دینا ؛ آگے آگے چلنا ۔ (شِکاریات) کسی متحرّک چیز سے آگے کا نشانہ لینا ۔

lead, n., a. راہ نُمائی ؛ راہبری ؛ قیادت؛ فوقیت ؛ راہ نمائی کرنے کا عمل یا فعل ؛ ہدایت ؛ مثال ؛ پہلی یا سب سے اگلی جگہ ؛ دُوسروں سے آگے کا مقام یا سبقت کی حد ؛ کوئی چیز جو آگے جاتی ہے یا راہ نُمائی کرتی ہے ؛ برف کے میدان میں کُھلی نالی ؛ برق کَش موصل ؛ راہ نمائی کا اشارہ ؛ راہنُما تار ؛ پہل ؛ پیشوائی ؛ چال ۔ (تاش) کھیل کا آغاز یا پہلا پتا جو کھیلا جائے ۔ (جہاز رانی) ایک رسّے کا دور یا چکر ۔ (کان کنی) پرانے دریا کی تہ میں کچ دھاتوں کی پرتیں یا ذخیرہ ۔ (تھیٹر) ڈرامے کا نمایاں کردار یا وہ اداکار جو یہ کردار ادا کرے ۔ (صحافت) کسی خبر کا پہلا پارہ یا ٹُکڑا ۔

lead acetate,sugar of lead, salt of Saturn,n. (کیمیا) سَربی نمک ؛ ایک زہریلا ، پانی میں حل پذیر قلمی ٹھوس مادّہ ، جو اکثر کپاس کی رنگائی میں استعمال ہوتا ہے ۔

lead arsenate, n. (کیمیا) لیڈ آرسینیٹ ؛ ایک نہایت زہریلا سفید قلمی تیزابی نمک ، جو کیڑے مار دواؤں کے جزو کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

lead colic, painter's colic, n. درد شکم ؛ معدے کا شدید درد ، جو سِیسے کے زہر سے پیدا ہوتا ہے۔

leaden, a. سربی ؛ سِیسے پر مشتمل یا سیسے کا بنا ہُوا (جیسے : a leaden coffin) ؛ بھاری ، جسے اُٹھانا مشکل ہو ؛ شدید یا تکلیف دِہ، جیسے ہوا ؛ سُست ؛ کاہل ؛ کند یا افسردہ ؛ بے جان یا غم گین ؛ مدھّم خاکی رنگ کا ؛ کمینہ یا گھٹیا فطرت کا۔

leadenly, adv. بھاری پن سے ؛ سَربی انداز میں ۔

leadeness, n. سیسا پن ؛ بھاری پن ۔

leader, n. راہ نُما ؛ راہبر ؛ قائد ؛ سرگروہ ؛ سالار ؛ ہادی ؛ وہ شخص یا چیز جو راہ نُمائی کرے ؛ نگہدار ؛ راہ نُمائی کرنے والا یا ہدایت دینے والا سربراہ جیسے فوج ، جماعت یا تحریک کا ؛ جو کسی حیثیّت یا اثر کے لحاظ سے سب سے متقدّم یا مُمتاز ہو (جیسے : leaders of society) ؛ قطار یا جلُوس میں پہلا ؛ وہ گھوڑا جو گھوڑوں کی جُفت قطار کے آگے جوتا گیا ہو ؛ نمایاں یا اہم ادارتی مضمون ؛ اداریہ ؛ تجارت کی اہم چیز جو گاہکوں کو مائل کرنے کے لیے کم قیمت پر پیش کی گئی ہو ؛ پانی لے جانے کی نالی ؛ نس ، وتر۔ (ماہی گیری) ریشم کے کیڑے کا خول یا آنت یا ایسی ہی کوئی چیز جسے کانٹے پر لگا دیا جائے ۔ (موسیقی) نگہدار یا ہدایت کار جیسے آرکسٹرا بینڈ یا مُکھ تال کا ؛ آرکسٹرا میں پہلی وائلن بجانے والا ؛ بینڈ میں نمایاں کارنیٹ بجانے والا ؛ کورس میں انترا گانے والا نمایاں شخص ۔ (جمع) (طباعت)نقطوں اور چھوٹی لکیروں کی قطار جو کسی جگہ کے آر پار قاری کی آنکھوں کی راہ نمائی کرتی ہے ؛ سِرمقالہ ؛ افتتاحیہ ؛ شاخ کلاں ۔

leaderless, a. بے قائد ؛ بے راہنُما ؛ بے سردار ۔

leadership, n. راہ نُمائی ؛ راہبری ؛ قیادت ؛ راہ نما کی حیثیت، عمل یا راہ نمائی ؛ راہ نمائی کرنے کی قابلیّت ۔

leader of the opposition, n. (برطانوی سیاسیات) قائدِ حزبِ مُخالِف؛ حکومت کی مخالف جماعت کا نمایاں رُکن جو دارالعوام میں حزب مخالف کی راہ نمائی کرتا ہے ۔

lead glass, flint glass, n. سیسے دار شیشہ ؛ سربی شیشہ ؛ ایک انعطاقی شیشہ جو سیسے کے آکسائڈ سے بنایا جاتا ہے اور عدسے بنانے میں کام آتا ہے ۔

lead-in, n. (ریڈیو ، ٹی وی) تار مرابطہ ؛ تار کا رابطہ یا آلۂ ربط جو اینٹینا کو مُحصِّل سیٹ (ریسیونگ) یا مرسل (ٹرانسمٹنگ) سیٹ سے جوڑتا ہے ؛ ہوائیہ (انٹینا) اور ٹی وی سیٹ میں رابطہ قائم کرنے والا تار ؛ تجارتی اشتہار کا تعارُف یا اس کی طرف رجوع ۔ (صفت) رابطہ کار ، واصل ۔

leading, n. راہ نمائی ؛ نگہداری ؛ پیش رس ؛ سردار ؛ سربراوردہ ؛ نمایاں ؛ نہایت مؤثر یا با اثر ؛ فائق ؛ مُمتاز ۔

leading article, n. (صحافت) کسی اخبار یا رسالہ میں بہت واضح اور نمایاں جگہ درج مضمون ۔ (برطانوی صحافت) بڑا اداریہ یا مقالۂ افتتاحیہ ؛ اداریہ ؛ مقالۂ ادارت ۔

leading lady, n. کسی ڈرامائی پیش کش میں بڑا زنانہ کردار ادا کرنے والی اداکارہ ۔

leading man, n. وہ اداکار جِسے کسی ڈرامائی پیش کش میں بڑا کردار دیا گیا ہو۔

leading question, n. ایمائی سوال ؛ وہ سوال جو جواب کی طرف اشارہ کرے یا جواب دینے والے کے لیے راہ نُما ہو؛ جواب کی طرف اشارہ کرنے والا سوال ۔

leading tone, n. (موسیقی) سرآہنگ ؛ بڑی یا چھوٹی سرگم کا ساتواں سُر جو بُنیادی سُر سے نصف درجہ اُوپر لے جاتا ہے ۔

lead line, n. (جہاز رانی) گہرائی کی لائن ، عُمق پیما لائن ۔

lead off, leadoff man, n. وہ عمل یا حرکت جو کسی چیز کا آغاز کرے ، جیسے کھیل کا؛ وہ کھلاڑی جو کھیل شروع کرنے میں پہل کرے ۔ (بیس بال) قطار میں پہلا بَلّا چلانے والا ۔

lead off, v.t., v.i. شروع کرنا یا شروع ہونا ؛ کُھلنا یا کھولنا ۔ (بیس بال) پہلا بلّا باز بننا/کھیلنا ۔

lead on, v.t. ایسا راستہ اختیار کرنے کی ترغیب دینا جو مفید نہ ہو۔

lead pencil, n. سُرمے کی پنسل ؛ لِکھنے یا نقشہ کَشی کا ایک آلہ ، جو لکڑی یا دھات کے خول میں گریفائٹ بند کر کے بنایا جاتا ہے ؛ سُرمے کی قلم۔

leadplant, n. ایک قسم کی پھلی دار دیسی جھاڑی جو اپنے سیاہ سے لے کر نیلگوں بنفشی پُھولوں اور روئیں دار جُھکی جُھکی پتیوں کے سبب کاشت کی جاتی ہے ؛ روئیں دار یا نرم پنکھڑیاں۔

lead poisoning, plumbism, n. (امراضیات) شدید سمّی کیفیت جو افراد بالخصوص ان بچّوں میں پائی جاتی ہے جن کی نسیجوں نے سیسا جذب کر رکھا ہو ؛ ان کارکنوں کی مُزمن حالت جو پینٹ یا سیسے کی دوسری مصنوعات سے وابستہ ہوتے ہیں۔

leadsman, n. (جہاز رانی) سیسا بندھی ڈوری پانی میں پھینک کر اس کی گہرائی ناپنے والا شخص۔

lead time, n. پہل وقت ؛ وہ وقت جو کسی کام یا پیداوار کو پیش کرنے کے لیے اس کی منصوبہ بندی سے تکمیل تک درکار ہوتا ہے ؛ کسی چیز کی فرمایش اور اس کی تیاری و حوالگی کے درمیان کا وقت۔

lead up, v.i. کسی چیز کی طرف بتدریج یا بالواسطہ بڑھنا (عموماً to کے ساتھ) ؛ راستہ ہموار کرنا (عموماً to کے ساتھ)۔

lead-up, n. ہموار کُن ؛ جو کسی چیز تک پہنچنے کی راہ ہموار کرے یا راہ نُمائی کرے۔

lead work, n. سیسہ کاری ؛ سیسے کی بنی ہوئی کوئی چیز ؛ جو کام سیسہ استعمال کر کے کیا جائے۔

lead wort, plumbago, n. (نباتیات) شیترہ ؛ شیترک ؛ گرم علاقوں کا جنگلی پودا جو نیلے ، سفید اور کسی قدر قرمزی شوخ رنگ پھولوں کے گُچھوں کا حامل ہوتا ہے۔

leady, a. سیسے کا حامِل ؛ سیسے سے مشابہ ؛ سرب نما ؛ سربی ؛ سیسے کے رنگ کا۔

leaf, n. پتّا ؛ پتّی ، برگ ؛ پنکھڑی ؛ ورق ؛ پتری ؛ پات۔ (نباتیات) ڈنٹھل کی بیرونی بغلی روئیدگی جو چوڑی ، چپٹی اور عموماً سبز ہوتی ہے اور ضیائی تالیف کے ذریعے خوراک پیدا کرتی ہے ؛ تجارتی پیداوار کے طور پر بعض پودوں جیسے تمباکو اور چائے کے پتّے ؛ اوراق ؛ پتّے سے مشابہ کوئی چیز ، جو چوڑی اور چپٹی ہو ؛ دھات کی پتلی چادر ؛ تہ یا پرت ؛ چربی کی تہ ، بالخصوص جو سُور کے گُردوں پر ہوتی ہے ؛ کاغذ کی اکہری موٹائی ، جیسے کتابی شکل میں جو آگے پیچھے چھپے ہوئے دو صفحات کی حامل ہو ؛ پھسلنے والا ، قبضہ دار یا الگ ہو جانے والا چپٹا حِصّہ ، جیسے کسی دروازے ، شٹر یا میز کے اُوپر کا ؛ ورقی کمانی (leaf spring) کی ایک تہ ؛ پٹ (کواڑ کا) ؛ تہ ؛ لٹکن ؛ بازُو ؛ پنکھ ؛ پنا۔

leafless, a. بے برگ ؛ بے پتّا۔

leaflike, a. برگ نُما۔

leaf, v.i. (نباتیات) پتّے آنا یا لگنا جیسے جھاڑی میں ؛ کاغذات یا صفحات گرداں ہونا (جیسے : He leafed through the file)۔ (فعل متعدی) پلٹنا ، الٹنا جیسے صفحات کا۔

leafage, n. پتّے ؛ اوراق ؛ شاخ و برگ۔

leaf bud, n. غنچۂ برگ ؛ پھوٹن کلی جو بڑھ کر برگی کونپل بن جاتی ہے اور ڈنٹھل اور پتّوں کی حامل ہوتی ہے لیکن پھول کی کلی یا شگوفے سے مختلف ہوتی ہے ؛ کونپل۔

leafed, a. (نباتیات) برگ دار ؛ پتّوں والا ؛ پتیّا ؛ ترکیب میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : three-leafed)۔

leaf fat, n. حیوانی چربی جو سُور کے جوفِ شکم میں عموماً گردوں کے گرد پائی جاتی ہے۔

leafhopper, n. (حشریات) ٹِڈّا ؛ چھوٹے پھدکنے والے پردار کیڑوں میں سے کوئی ایک ، جن کے دہانی حصّے میں چوسنے کی صلاحیت ہوتی ہے اور پودے جن کی خُوراک بنتے ہیں۔

leaf lard, n. سُور کی اندرونی چربی۔

leaflet, n. برگچہ ؛ کسی مطبوعہ مواد کا چھوٹا ، چپٹا یا تہ کیا ہُوا کاغذ جیسے تقسیم کے لیے ہو ؛ دو ورقی اشتہار یا رسالہ۔ (نباتیات) کسی مُرکّب پتّے کے متعدد حِصّوں میں سے کوئی ایک ؛ برگچہ ، پنکھڑی ، کونپل ؛ پتّا۔

leaf miner, n. (حشریات) برگ خور ؛ اُن متعدّد کیڑوں میں سے کوئی ایک ، جن کی نمائندگی پروانوں ، جھینگروں اور مکھیّوں کی انواع سے ہوتی ہے ، جو پہل رُوپی دور میں پتّے کی زیریں اور بالائی سطح کے درمیان خوراک حاصل کر کے ایک خاص شکل اختیار کرتے ہیں۔

leaf mold, n. برگی کھاد ؛ خُشک اور مرجھائے ہوئے پتّوں اور دُوسرے نباتی مادّے کا آمیزہ جو زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرتا ہے ؛ سبز کھاد ؛ نباتی کھاد ؛ پت کھاد۔

leaf spring, n. (میکانیات) دھات کی پکڑیا کمانی جو اُوپر لگے ہوئے پتّروں کے سلسلے اور پتری دار یا آپس میں جڑے ہوئے پتروں کی حامل ہوتی ہے ؛ ورقی کمانی۔

leafstalk, petiole, n. (نباتیات) پت ڈنڈی ؛ ڈنٹھل ؛ ٹہنی سے مشابہ نازک ڈھانچا جس کے ذریعے پتّا ٹہنی سے لگا رہتا ہے ؛ ذنیب ؛ ڈنٹھل۔

leafy, a. برگدار ؛ برگ پوش ، پُر برگ ؛ جس میں پتّوں کی کثرت ہو ، جو پتّوں سے ڈھکا ہُوا ہو یا پتّوں کا حامل ہو ؛ پتّے دار۔

leafiness, n. برگداری ؛ برگ پوشی ؛ پتّا داری۔

league, n. لیگ ؛ اِتّحاد ؛ انجمن ؛ جمعیّت ؛ اپنے مشترکہ مفادات اور مقاصد کی ترقی کے لیے جماعتوں کا اِتّحاد جیسے فوجی یا دفاعی امداد کے لیے مُلکوں کا اتّحاد ؛ معاہدہ یا میثاق جس کے ذریعے جماعتیں متحد ہوں ؛ اَتھلیٹوں کی انجمن جو باہمی مفادات و مقابلہ کی وجہ سے متحد ہو ؛ متحدہ جماعت ؛ کوئی گروہ ، طبقہ یا زمرہ۔ (فعل متعدی) جمعیت کی صُورت میں متحد کرنا ؛ اتّحاد یا ایتلاف کرنا ؛ لیگ بنانا ؛ میل کرنا ؛ ملا لینا ؛ ملا دینا ؛ اِتّفاق کرنا۔

league, n. فاصلے یا مسافت کے پیمانوں میں سے کوئی ایک جو مختلف ممالک میں مختلف ہوتے ہیں ؛ لگ بھگ ڈیڑھ کوس ؛ برطانیہ کا زمینی لیگ تین باقاعدہ میلوں کا اور بحری لیگ تقریباً ساڑھے تین میل کا ہوتا ہے ؛ فرسنگ۔

leaguer, n. لیگی ؛ جو کسی جمعیت سے تعلّق رکھتا ہو ؛ رُکنِ جمعیت ؛ رُکنِ اِتّحاد۔

leak, v.i. رسنا ؛ ٹپکنا ؛ چونا ؛ ہوا ، پانی ، روشنی یا اسی طرح کی کسی چیز کو غیر ارادی طور پر آنے جانے دینا؛ اس طرح داخل ہونا یا نکلنا (جیسے : Gas may leak from that pipe) ۔ (مجازاً) معلُوم ہونا ، فاش ہونا ؛ مشہور ہونا ؛ بعض اوقات بے ارادہ (اکثر out کے ساتھ ، جیسے : Rumors will leakout) ۔ (فعل متعدی) اندر یا باہر سے رِسنے دینا ۔

leak, n. سوراخ ، درز یا شگاف ، جس میں سے پانی، ہوا ، روشنی یا اسی قسم کی کوئی چیز بلا اِرادہ داخل ہو یا باہر نکلے ؛ رِسنے کا عمل ؛ رِساؤ ؛ اخراج ؛ لِیک ؛ رَخنہ ؛ چھید ؛ تراوش ؛ ٹپکا ۔ (مجازاً) غیر ارادی دخل و فرار کا ذریعہ ؛ دخل یا فرار ۔ (بول چال) بھید ظاہر ہونے کا ذریعہ یا اِفشا ۔ (بجلی) وہ مقام جہاں سے رَو ایک موصل سے حاجز کمزور ہونے کی وجہ سے نکل جاتی ہے ؛ اخراجِ برق ۔

leakage, n. رِساؤ ، ٹپکاؤ ؛ اخراج ؛ افشا ؛ رِسنے کا عمل ؛ اندر یا باہر رِسنے والی چیز ؛ رِساؤ کی مقدار ۔ (تجارت) رِساؤ سے ہونے والے نقصان کے لیے رعایت ۔

leaky, a. سوراخ یا سُوراخوں والا ؛ رِسنے والا ؛ پانی ، ہوا ، روشنی یا ایسی ہی کسی چیز کو اندر باہر رِسنے دینے والا ؛ ٹپکنے والا ؛ سوراخ دار ؛ رِستا ہُوا ۔

leakiness, n. سوراخ داری ؛ رِساؤ ۔

lean, v.i. جُھکنا ؛ مائل ہونا ؛ سیدھی یا عمودی حیثیت سے جھکنا یا خم کھانا ؛ ترچھا ہونا ، ڈھلوان ہونا ؛ احساس یا رائے کے معاملے میں جُھکنا ؛ کسی طرف مائل ہونا ؛ تکیہ ہونا ؛ سہارا لینے کے لیے یا تسکین اور آرام کے لیے دارومدار ہونا (on کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل متعدی) جُھکانا ؛ سہارا دینا ؛ سہارا لینا ؛ ٹیک لگانا ؛ بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ تکیہ کرنا ۔ (اسم) جُھکاؤ ؛ میلان ۔

lean, a. دُبلا ؛ لاغر (جیسے : lean cattle) ؛ پتلا ؛ فالتو ؛ بہت کم چربی والا یا چربی سے عاری ؛ حقیر ؛ غریب ؛ بے منفعت جیسے کوئی کام ؛ قلّت یا کمی سے متعلّق (جیسے : lean years) ؛ ہلکا ؛ اوسر ؛ بنجر ؛ خام ۔ (مجازاً) معنویت ، غذائیت ، لذّت اور مقدار سے خالی (جیسے : lean diet ؛ lean soil) ۔ (اسم) کسی چیز کا پتلا حِصّہ ، خاص طور پر گوشت کا وُہ حصّہ جو عُضلے پر مشتمل ہو نہ کہ چربی پر ؛ بغیر چربی کا گوشت ۔

leanly, adv. لاغری سے ؛ دُبلے پن سے ۔

leanness, n. لاغری ؛ دُبلا پن ؛ کمزوری ۔

leaning, n. جُھکاؤ ، میلان ، رُجحان ؛ میلانِ طبع ؛ (طرفداری کا) میل ؛ عصبیّت ۔ (صفت) ڈھلوان ؛ مائل ۔

lean-to, a. جس کی کڑیاں دوسری عمارت یا دیوار پر جُھکی ہوئی ہوں ۔ (اسم) ایک تعمیر جیسے سائبان یا توسیع جس کی چھت صرف ایک طرف ڈھلوان ہو ؛ خاص طور پر سہارے ، سُتون یا دیوار سے دُور ؛ خُود چھت ۔

leap, v.i. چھلانگ لگانا ؛ کُودنا ؛ پھاندنا ؛ اُچھلنا ؛ پھلانگنا ؛ زمین سے یُوں اُچھلنا یا اٹھنا کہ پاؤں فضا میں ہوں ؛ چھلانگیں لگاتے ہُوئے حرکت میں آنا ؛ اُڑنا ؛ چڑھنا ؛ چڑھ بیٹھنا ؛ بھرنا ۔ (مجازاً) ترنگ میں عمل یا ردِّعمل کرنا ؛ اچانک چھلانگ لگانا ، ایک عُہدہ سے زیادہ بڑے عہدہ کی طرف یا ایک نظریہ سے دُوسرے دُور افتادہ نظریہ کی جانب ۔ (فِعل متعدی) کُود کر گُزر جانا ؛ جست لگوانا/کُدانا (جیسے اپنے سواری کے گھوڑے کو) ؛ چھلانگیں لگوا کر یا کُدا کر اُوپر سے گزارنا جیسے بھیڑ کو ۔ (اسم) کُودنے کا عمل ؛ چھلانگ ، جَست ؛ چھلانگ لگا کر جس جگہ سے گُزرا جائے یا چھلانگ کا فاصلہ ؛ اُچھل کُود ؛ اچانک پھلانگ جیسے عہدے ، خیالات یا اسی طرح کی کسی اور چیز کی جانب ۔

a leap in the dark, کسی قسم کا عاجلانہ اور خطرناک کام ۔

by leaps and bounds, بہت تیزی سے ۔

leaper, n. چھلانگ لگانے والا ؛ کدکڑ ؛ کُودنے والا ۔

leapfrog, n. مینڈک پھاند ؛ گھوڑی سپٹا ؛ کُودا کُودی ؛ ایک کھیل جس میں ایک کھلاڑی دُوسرے گھوڑا بنے ہوئے کھلاڑیوں میں پہلے گھوڑے کی پُشت یا کندھوں پر ہاتھ ٹیک کے پھلانگتے ہوئے اگلے گھوڑا بنے کھلاڑیوں میں سے کسی ایک کی پشت پر پہنچ جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) پھلانگ جانا جیسے کوئی شخص یا چیز ؛ چکّر لگانا جیسے کسی رکاوٹ کے گرد ۔ (فعل لازم) مینڈک پھاند کے کھیل کے انداز میں آگے بڑھنا ۔

leap year, n. لوند کا سال ؛ سالِ کبیسہ ؛ لیپ کا سال ؛ وہ سال جس کے ۳۶۶ دن ہوتے ہیں یا ایک دن زیادہ ہوتا ہے یعنی فروری کے ۲۹ دن ، عام سال کے مقابلہ میں ؛ گریگوری تقویم میں ایک طریقہ جس سے عام سال اور فلکیاتی سال کی لمبائی کے فرق کو دُور کیا جاتا ہے ؛ ہر وہ سال جو چار پر پورا تقسیم ہو سکے جیسے ۱۹۶۸ اور صدی کے سال جو ۴۰۰ پر پورے تقسیم ہو سکیں جیسے ۲۰۰۰ ؛ کسی بھی تقویم میں لوند کا سال ؛ زوائدہ سال ۔

learn, v.t. سمجھ ، عِلم یا ہُنر حاصل کرنا ؛ مطالعے کے ذریعے حاصل کرنا ؛ سیکھنا ؛ یاد کرنا ؛ حِفظ کرنا ؛ سِکھلانا ؛ پڑھانا ؛ واقف کرنا ؛ تعلیم دینا ؛ ادا کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ معلوم کرانا ؛ آگاہ کرنا ؛ سکھانا ۔ (فعل لازم) عِلم ، معلومات یا ذکاوت کا حاصل ہونا ؛ سیکھنا ؛ واقف ہونا ؛ آگاہ ہونا ؛ خبر ہونا ؛ معلُوم ہونا ؛ خبر ملنا ؛ مطلّع ہونا ؛ جاننا ؛ تعلیم پانا ۔

learnable, a. قابلِ تعلُّم ؛ جاننے کے قابل ، سیکھنے کے قابل ؛ جو سیکھا جا سکے ۔

learner, n. مُتعلِّم ؛ سِیکھنے والا ؛ طالب علم ؛ شاگرد ؛ آموز گار ۔

learned, a. عالِم ؛ فاضل ؛ جس نے مطالعے سے معلومات کا بڑا ذخیرہ حاصل کیا ہو ؛ مولوی ؛ دانا ؛ عَقلمند ؛ ذی عقل ؛ ہوشیار ؛ ماہر ؛ واقف ؛ کامل ؛ عالمانہ ؛ فاضلانہ ؛ علمیت کا ؛ فاضل ؛ عِلم اور مطالعہ کی خصوصیت کا حامل (جیسے : learned book) ؛ معلوم : سِیکھ کر حاصل کِیا ہُوا ۔

learnedly, adv. عالمانہ طور پر ؛ فاضلانہ انداز میں ۔

learnedness, n. علمیّت ، عَالمانہ حیثیّت ؛ فضل ۔

learning, n. تعلُّم ؛ آموزش ؛ کسی شُعبہ میں مطالعہ کے ذریعے حاصل کردہ عِلم یا ہنر ؛ عِلم یا ہنر حاصل کرنے کا عمل ؛ علمیّت ؛ فضیلت ۔

lease, n. اجارہ ، پٹّا ؛ ٹھیکہ ؛ سرخط ؛ تانا ؛ ایک معاہدہ جس کی رُو سے مقررّہ مُدّت اور قسطوں میں واجب الادا مُقررّہ فیس کے بدلے زمین یا عمارت کے استعمال یا قبضے کا اختیار حاصل ہوتا ہے ؛ جائیداد یا عمارت جو معاہدے کے ذریعے کرایے پر دی

گئی ہو ؛ کرائے پر دینے کی مخصوص مُدّت ؛ کوئی موقع یا خوش قسمتی کا ایسا لمحہ جو شادمانی کا مظہر ہو یا مستقل خوشیوں کا پیام بن کر آئے (جیسے : a new lease on life) ۔ (فعل متعدی) اجارے کے ذریعے عطا کرنا ؛ عموماً مخصوص کرایہ پر دینا ؛ اجارے کے تحت رکھنا یا قبضہ کرنا ؛ اجارے یا پٹّے پر دینا ۔ (فعل لازم) معاہدے کے ذریعہ کرایہ پر لینا رسمی معاہدہ ہونا ۔

lease hold, a. اجارے کے ذریعے مقبوضہ ؛ اجارے کا ؛ پٹّے کا ۔ (اسم) اجارہ داری ؛ زمین جو اس طرح قبضہ میں لی گئی ہو ؛ جائیداد پٹّا داری ۔

lease holder, اجارہ دار ؛ پٹّے دار ۔

leash, n. پٹّی ؛ تسمہ یا ڈوری جس سے کُتّا ، باز یا کوئی جانور باندھا جاتا ہے ؛ بالخصوص شکار میں ، کسی قسم کے تین قابو جانور جیسے شکاری کُتّے ؛ قابو یاضبط. (فعل متعدی) ڈوری وغیرہ کے ذریعے تھامنا ؛ ڈوری میں باندھنا ۔ (مجازاً) روکنا ، ضبط کرنا جیسے غُصّہ ۔

least, a. کم از کم ؛ جسامت ، مقدار یا درجے وغیرہ میں سب سے چھوٹا ؛ خفیف ترین ؛ رُتبے یا لحاظ میں سب سے کم؛ کمترین ؛ اَدنیٰ ؛ اقل ؛ کم سے کم ؛ انتہائی کم ؛ قلیل ترین ؛ ذرا سا ؛ چھوٹے سے چھوٹا ؛ سب سے گھٹیا ؛ سب سے نیچا ؛ بُہت کم ؛ اصغر ؛ اَدنیٰ ۔ (اسم) جو سب سے کم ہو ؛ کم ترین رقم ، مقدار یا درجہ ۔ (متعلق فعل) کم ترین حد کی رقم یا درجے تک ۔

at least, کم از کم ؛ سب سے کم یا سب سے کم اندازے سے ؛ ہر طرح سے ؛ ہر حال میں ؛ کم سے کم ۔

in the least, ادنیٰ درجے پر ۔

least wise, least ways, adv. (بول چال) کم از کم ؛ بہر حال ۔

least squares, n. (شُماریات) شُماریاتی مفروضات سے ایک لکیر یا خم جوڑنے کا ایک طریقہ تا کہ نُقاط کے درمیان فاصلوں کے چو خانوں کی رقم اور لکیر کم سے کم ہو ؛ اقل مربعات ۔

leather, n. چمڑا ، چرم ؛ چام ؛ جانوروں،بالخصوص مویشیوں کی کھال جو دباغت یااسی طرح کے عمل کے ذریعے استعمال کے لیے تیار کی جائے ؛ دباغت شدہ کھال ؛ کمایا ہوا چمڑا ؛ پکّا چمڑا ؛ سابر ۔ (صفت) چرمی ، چرمیں ؛ چمڑے سے متعلق یا جس میں چمڑا شامل ہو ؛ چمڑے کا ۔ (فعل متعدی) چمڑا لگانا یا چمڑا چڑھانا ؛ تسمے سے مارنا ؛ چمڑے کے کوڑے سے پیٹنا ؛ کوڑے لگانا ۔

leathern, a. چمڑے کا ؛ چرمی ۔

leathery, a. چمڑے سے متعلق یا مشابہ ؛ سخت ۔

leatherback, n. سنگ پُشت ؛ ایک بڑا آبی کچھوا جس کا خول سخت اور لچکیلا ہوتا ہے ۔

Leatherette, n. مصنوعی چمڑا ؛ ایک بنایا ہوا یا مصنوعی مواد جو شکل اور دوسرے اوصاف میں چمڑے سے مشابہ ہے ، یہ جلد سازی ، پردوں اور اسی طرح کے دُوسرے مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

leather goods, n. چرمینہ ؛چمڑے کا سامان ۔

leatherneck, n. (عوامی) ریاستہائے متحدہ امریکا کے بحری دستے کا رُکن ، ان کی اصلی وردی میں چمڑے کے استر کا اُونچا کالر ہونے کی وجہ سے یہ نام پڑا ۔

Leatheroid, n. ایک مصنوعی چمڑا جو زیادہ تر نباتی ریشے کا حامل ہوتا ہے ، اس میں مختلف کیمیائی اجزا ملائے جاتے ہیں ۔ (تجارتی نشان) ۔

leatherwood, n. ایک امریکی جھاڑی ڈِرکا پالَسٹرس (Dirca palustris) جس کی چھال سخت ہوتی ہے ۔

leave, v.t. چھوڑنا ؛ کہیں سے دُور جانا ، روانہ ہونا یا چھوڑنا جیسے کسی جگہ ، شخص یا چیز کو ؛ اسی جگہ یا حالت میں رہنے دینا ؛ اس حالت میں رہنے دینا کہ مداخلت کے بغیر کچھ کر سکے (جیسے :Leave me alone to think) ؛ ترک کرنا ؛ دست بردار ہونا ؛ کہیں سے دُور جانا یا مستقل طور پر چھوڑنا ؛ الگ ہونا یا نکلنا (جیسے : to leave a church or a society) ؛ کارروائی یا فیصلے کے لیے رہنے دینا (جیسے : Leave the matter to me) ؛ اثر مابعد رکھنا (جیسے : The acid leaves a stain in cloth) ؛ موت کے بعد چھوڑ جانا (جیسے : He leaves a widow and two children) ؛ وصیت کرنا؛ تفریق کے بعد باقی بچنا (جیسے : Two from four leaves two) ؛ رہنے دینا ، نہ بٹانا ، صرف نہ کرنا ، استعمال نہ کرنا، نہ چھوڑنا (جیسے : The robbers left nothing of any value) ؛ اسی طرح رہنے دینا جیسے ہو (جیسے : to leave a thing unsaid) ؛ کوئی چیز امانت رکھنا ، کسی کے حوالہ کرنا یا حفاظت میں دینا (واپسی کے لیے) (جیسے to leave provision in a chache) ؛ پیچھے رہنے کے لیے چھوڑنا (جیسے : to leave a person on guard) ؛ اپنی روانگی کے بعد استعمال کے لیے دینا (جیسے : to leave orders or a message) ؛ چھوڑنے پر خاص حالت میں رہنے دینا (جیسے : he left the place as he found it) ؛ بند کرنا ، ترک کرنا ، پہننا یا استعمال کرنا، چھوڑنا) اب صرف off کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : to leave off smoking ، to leave off one's sweater or coat) ؛ نظر انداز کرنا یا نکالنا (اکثر out کے ساتھ) ۔ (غیر معیاری) اجازت دینا، let کے متبادل کے طور پر مستعمل ہے(جیسے : Leave him stay) ۔ (فعل لازم) چلے جانا ، روانہ ہونا (جیسے : We leave for Europe tomorrow) ۔

leaver, n. تارک ؛ چھوڑنے والا ۔

leave, n. اجازت ، رُخصت ؛ چُھٹی ؛ عمل کرنے کے لیے دی گئی آزادی ؛ اجازت،بالخصوص غیر حاضر ہونے کی (ایک مدّت کے لیے) ؛ منظور کردہ غیر حاضری کی مُدّت ؛ رُخصت کی میعاد ؛ رسمی جُدائی یا رُخصت(عموماً take کے ساتھ مستعمل ہے)۔

leave-taking, رُخصت یا اجازت چاہنے کا عمل ؛ خُدا حافظ کہنا ؛ رُخصت طلبی ۔

leave, v.i. پتّے نکلنا ؛ پتّے پھوٹنا ۔

leaved, a. پتوں والا ، برگ دار ؛ پتّیا (جیسے : four-leaved clover) ۔

leaven, leavening, n. خمیر ؛ خمیر مایہ ؛ خمیر کی طرح کا ایک مادّہ یا تخمیر شُدہ گندھا ہوا آٹا ، جو گندھے ہوئے آٹے میں خمیر پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (مجازاً) کوئی عامل جو بتدریج تبدیلی یا اصلاح پیدا کرے (جیسے :the leaven of reform) ؛ ملاوٹ ؛ آمیزش۔نیز: leavening ۔ (فعل متعدی) گُندھے ہوئے آٹے کو خمیر کے ذریعے اُٹھانا ؛

خمیر اُٹھانا ؛ آمیزش کرنا ؛ ملاوٹ کرنا ؛ سمونا ؛ معتدل کر دینا ؛ پٹ دھرنا یا ملانا ۔ (مجازاً) اصلاح و تغیّر کا اثر طاری کرنا ۔

leaving, n. جو چیز چھوڑی جائے ؛ فُضلہ ۔ (جمع) بقایا ، کوڑا کرکٹ ۔

Lebanese, a. لبنانی ؛ لبنان کا ؛ لبنان سے متعلّق ؛ لبنان کی خصوصیات کا حامل ۔ (اسم) لبنان کا باشندہ ۔

lebensraum, n. (اکثر بڑے L سے) آباد جگہ ؛ زائد زمین جس کا مطالبہ کوئی قوم اقتصادی اور سیاسی توسیع کے لیے کرے ۔

lecher, n. عیاش ؛ کثرت جماع کا عادی ؛ شہوت پرست شخص ؛ تماش بین ؛ رنڈی باز ؛ بدکار ۔

lecherous, a. عیاش ؛ شہوت پرست ؛ شہوت انگیز ۔

lecherously, adv. عیّاشی سے ؛ شہوت پرستی سے ۔

lecherousness, lechery, n. عیاشی ؛ شہوت پرستی ؛ کام ؛ رنڈی بازی ؛ مستی ؛ بدکاری ؛ زناکاری ۔

lecithin, n. (حیاتی کیمیا) لَیسی تِھین ؛ زردین ؛ ایک چکنا مادّہ جو چکنائی کے تیزاب ، کولین (choline) ، فاسفورک ایسڈ (phosphoric acid) اور ایک گلیسرول (glycerol) پر مشتمل ہے ، یہ پودوں اور جانوروں کے خلیوں میں پایا جاتا ہے اور خوراک ، سامان زیبایش ، دوا اور کپڑے کی صنعت میں کام آتا ہے ۔

lecter, n. رحل ؛ ڈیسک یا اسٹینڈ جس سے گرجا کی عبادت کے حصّے پڑھے جاتے ہیں ؛ اسٹینڈ جس پر ایک مُقرّر یا خطیب اپنی یادداشتیں یا کتابیں رکھتا ہے ۔

lection, n. قرأت ؛ کتاب مُقدّس کا ایک سبق یا حصّہ جو گرجا میں نماز یا عبادت میں پڑھا جاتا ہے ؛ درس ؛ مطالعہ ؛ سیرِ کتاب ؛ کسی مسودے یا کتاب کے پارۂ عبادت کی الگ الگ خواندگی ۔

lectionary, n. ایک کتاب جس میں کتاب مقدّس کے حصّے شامل ہوتے ہیں جو کلیسائی تقویم کے کسی خاص دن پڑھے جاتے ہیں ۔

lector, n. (رومی کیتھولک کلیسا) وہ شخص جو چار چھوٹے سِلسلوں میں سے دوسرے پر مقرر کیا گیا ہو ؛ وہ شخص جو کتاب مقدّس کے اسباق گرجا کی عبادت یا دُعا میں پڑھتا ہے ؛ یورپ کی بعض جامعات میں لیکچر (درس) دینے والا ، مُعلّم ۔

lecture, n. لیکچر ؛ سبق ؛ درس ؛ تقریر ؛ خُطبہ ؛ وعظ ؛ خُطبہ جو سامعین یا جماعت کے سامنے پڑھا یا دیا جائے ، عموماً تعلیم کے مقصد کے لیے ؛ تنبیہہ یا رسمی ملامت ؛ لتاڑ ؛ پھٹکار ؛ تھدید ؛ تنبیہہ ؛ سرزنش ۔ (فعل متعدی) خطبہ دینا یا اس کا نچوڑ پیش کرنا ؛ تنبیہہ کرنا ، ملامت کرنا ؛ لیکچر دینا ؛ وَعظ دینا یا کہنا ؛ خُطبہ پڑھنا ؛ تقریر کرنا ؛ نصیحت یا فہمایش کرنا ؛ لتاڑنا ۔ (فعل لازم) درس دینا ، بالخصوص تعلیم کے لیے ۔

lecturer, n. درس دینے والا ؛ لیکچرار ؛ کالج کا اُستاد ، جو عموماً عہدہ میں اسسٹنٹ پروفیسر سے کم تر ہوتا ہے ، مُدرّس ۔

lectureship, n. خطابت ؛ عہدۂ خطیب ؛ خُطبہ دہی ؛ لیکچراری ؛ لیکچرار کا منصب ؛ کالج یا یونیورسٹی کے اُستاد کا پہلا درجہ ۔

lederhosen, n. گھٹنوں تک لمبا پاجامہ جو چمڑے سے بنا ہوتا ہے اور خاص طور پر جرمنی میں پہنا جاتا ہے ۔

ledge, n. چھجّا ؛ کگر ؛ کنگنی ؛ نسبتاً تنگ باہر نکلا ہوا حصّہ جو ایک اُفقی تختہ نُما سطح بناتا ہے ؛ کسی پہاڑ یا چٹان کے پہلُو میں باہر نکلا ہوا تختہ نما حصّہ ؛ ترائی ؛ کگر یا سُمندر میں چٹانوں کی قطار ۔ (کان کنی) زیر زمین چٹانوں کے تودوں کی تہ ؛ رگہ ، رگ ؛ بدہ ؛ پُشتِ چٹان ؛ متزائد حصّہ ؛ کنارا ؛ سِرا ؛ آگے کو نکلا ہوا حصّہ ؛ طاق ۔

ledger, n. (کھاتہ داری) بہی ، کھاتہ ؛ حسابات کی بڑی کتاب جس میں لین دین کے آخری اندراجات شامل ہوں ؛ ایک بڑا سہارا دینے والا شہتیر جو پاڑ کے کھڑے شہتیروں کے ساتھ افقاً باندھا گیا ہو ؛ اڑڈنڈا ؛ اورجہ ؛ کل نامہ ؛ کلیات نامہ ؛ پکّی بہی ؛ پتھر کی چپٹی سل جو افقی انداز میں قبر یا مقبرے پر رکھ دی جاتی ہے ۔

ledger board, n. ایک اُفقی تختہ جو زینے کے جنگلے کے سر کی حیثیّت سے کام دیتا ہے ۔

ledger line, leger line, n. (موسیقی) ایک مختصر لکیر جو معمول کی پانچ لکیروں کے مجموعے (اسٹاف) کے اُوپر یا نیچے بہت بلند یا بہت دھیمے سُر کی نشان دہی کے لیے بڑھا دی جاتی ہے ؛ کومل یا تیور سُر کی علامتی لکیر ۔

lee, n. پناہ ؛ آڑ ؛ محفوظ رُخ ، بالخصوص پہلو یا حصّہ جِسے ہوا کے رُخ سے دور کر کے محفوظ کر دیا جائے ؛ محفوظ حصّہ یا علاقہ ؛ ہوا سے بچا ہُوا کنارا ؛ اوٹ ۔ (صفت) (جہاز رانی) آڑ یا پناہ سے متعلّق جیسے موسم کے خلاف ؛ ہوا کے رخ ۔

lee board, n. لکڑی کا ایک لمبا چپٹا ٹکڑا جو کَشتی کے محفوظ رُخ سے لگا ہوتا ہے تا کہ یہ اس طرف نہ گھوم سکے ۔

leech, n. جونک ، علق ، زلو ؛ خون چوسنے والے یا گوشت خور آبی کیڑوں میں سے کوئی ایک ، جن کا تعلق جنس علق (Hirudinea) سے ہے ، جن کی بعض تازہ پانی کی انواع زمانۂ سابق میں اَطِبّا خُون نکالنے کے لیے استعمال کرتے تھے ؛ خون نکالنے کا ایک آلہ ؛ خُون کَش ۔ (مجازاً) وہ شخص جو دُوسرے سے چمٹ جائے ، خاص طور پر فائدہ کے حصول کے لیے ؛ لیچڑ ؛ چیچڑ ۔ (فعل متعدی) جونکیں لگانا ، خُون بہانا ۔ (فعل لازم) جونک کی طرح چمٹ جانا ۔

leek, n. گندنا ، کرات ؛ پیاز کا سیرا ؛ ایک سوسنی جھاڑی جو جنس پیاز سے تعلّق رکھتی ہے مگر اس کی گنٹھی اسطوانہ نُما اور پتے چپٹے ہوتے ہیں جو کھانا پکانے کے کام آتے ہیں ۔

leek-green, a. گندنے کی مانند ہلکے سبز رنگ کا ۔

leer, n. بُری نظر ؛ چور نظر ؛ دُزدیدہ نظر ؛ پہلو کی لمبی نگاہ جو کینہ ظاہر کرتی ہو ؛ شَہوت پرستی ؛ عیّاری ؛ مکّاری ۔ (فعل لازم) عیارانہ ، کینہ ورانہ یا شہوت پرستانہ نظر ڈالنا ۔

leeringly, adv. کینہ توزی سے ؛ عیّاری سے ؛ شہوت پرستی سے ؛ ٹیڑھی نظر سے ؛ چور آنکھوں سے ؛ کنکھیوں سے ۔

leery, leary, a. چالاک ؛ مشتبہ (of کے ساتھ) ۔

lees, n. شراب کا تلچھٹ ؛ گاد ؛ فُضلہ ؛ دُرد ۔

leeshore, n. ہوا رُخ ساحِل ؛ وہ ساحل جس کی طرف ہوا چلتی ہو اور جہاز کو دھکیل سکے ۔

lee tide, n. ہوا رُخ مد ؛ وہ مَد جو اس طرف بڑھ رہا ہو جس سمت میں ہوا چل رہی ہو ۔

leeward, a., adv. (جہاز رانی) کشتی وغیرہ کے اس حصّے یا طرف سے متعلّق جو محفوظ ہو اور ہوا سے دُور ہو ؛ اس سمت میں جس طرف ہوا جا رہی ہو ؛ ہوا کے مخالف کی ضد ۔ (اسم) محفوظ رُخ ۔

leeway, n. خیال و عمل کی آزادی کا ایک درجہ ؛ کام کرنے کے لیے زائد وقت اور جگہ ۔ (جہاز رانی) چلتے ہوئے جہاز کا محفوظ رُخ کی طرف مڑنے یا ہٹنے کا عمل ۔

left, a. اُلٹا ؛ بایاں ؛ چَپ ، کسی شخص یا چیز کی اس طرف کے متعلّق جو مغرب کی طرف مڑ جائے جب اس کا منھ شمال کی طرف ہو ؛ یسار ۔ (اکثر بڑے L سے) سیاسی بائیں بازو سے متعلق ۔ (اسم) بائیں طرف یا سمت ۔ (بڑے L سے) گروہوں یا افراد کا مجموعہ جو قائم شُدہ اقتصادی اور سیاسی نظام میں بُنیادی تبدیلی کا حامی ہے ۔ (عموماً بڑے L سے) بَرّاعظم یورپ میں قانون ساز اسمبلی کا وہ حصّہ جو صدر کے سامنے چیمبر کے بائیں طرف بیٹھتا ہے ؛ یہ مقام عموماً ان نمائندوں کو دیا جاتا ہے جو زیادہ آزاد یا انتہا پسندانہ نظریات کے حامل ہوں ۔

leftist, n. (بعض اوقات بڑے L سے) بائیں بازو کا حامی ؛ انتہا پسند رُکن ؛ بائیں رُکن ؛ انقلاب پسند ۔

left field, n. (بیس بال) بیرونِ میدان کا بایاں حصّہ ، جب ہوم پلیٹ سے دیکھا جائے ؛ اس کھلاڑی کا مقام جو اس علاقے کا دفاع کرتا ہے ۔

out in left field, (عوامی) مکمّل طور پر غلطی میں مبتلا ۔

left fielder, n. میدان کے بائیں حصّے کا کھلاڑی ۔

left-hand, a. بائیں طرف کا ؛ بائیں ہاتھ کا ، بائیں ہاتھ کے لیے ، بائیں ہاتھ کے ساتھ ۔

left-handed, a., adv. بایاں ہاتھ استعمال کرنے والا ، کھبّا ؛ چَپ دست ؛ اُلٹے ہاتھ کا ؛ دائیں کی نسبت بائیں ہاتھ کا استعمال کو ترجیح دینے والا ؛ یساری ؛ چَپّہ؛ اناڑی ؛ بائیں ہاتھ کے مطابق یا بائیں ہاتھ سے انجام دیا ہُوا ؛ دائیں سے بائیں کو حرکت کرنے یا گھومنے والا ؛ گھڑی کے اُلٹے رخ کو (جیسے :a left-handed screw) ؛ بَھدّا ؛ بدوضع ؛ ناکارہ (جیسے : a left-handed method of proceeding) ؛ مُشتبہ یا غیر مُخلِص (جیسے : a left-handed compliment) ۔

left-handedly, adv. بائیں ہاتھ سے ۔

left-handedness, n. کھبّا پن ، چَپ دستی ۔

left-hander, n. کھبّو ؛ کھبّا آدمی ۔ (بول چال) کھبّے ہاتھ کا مُکاّ ۔

leftover, n. بچی کُھچی چیز ، پس خوردہ ؛ جو چیز بچ گئی ہو یا باقی رہ گئی ہو ؛ خوراک کے استعمال نہ کیے گئے بقایا حصّے یا ٹُکڑے ؛ بقیّہ چیز ؛ باقی ماندہ شے ۔ (صفت) بچا کُھچا ، پس خُوردہ ؛ باقی ؛ بقیہ ؛ باقی ماندہ ۔

left wing, n. میسرہ ؛ بایاں بازُو ؛ کوئی سیاسی جماعت ، دھڑا یا گروہ جو بائیں بازو کے اُصُولوں کا حامی ہو ۔ (صفت) بائیں بازو کا ؛ یساری ؛ میسرہ کا ۔

left-winger, n. بائیں بازو سے تعلّق رکھنے والا ۔

leg, n. ٹانگ ؛ ان اعضا کا رُکن جو انسانی یا حیوانی جسم کو سنبھالتے اور حرکت دیتے ہیں ؛ خاص طور پر گھٹنے اور ٹخنے کے درمیان کے عُضو کا حصّہ ؛ ساق پا ؛ جُراب ، پاجامہ وغیرہ جیسے لباس کا وہ حصہ جو ٹانگ ڈھانپتا ہے ، ٹانگ کی پوشش ؛ کوئی چیز جو استعمال ، مقام یا شکل میں ٹانگ سے مشابہ ہو ؛ فرنیچر یا کسی چیز کا سنبھالنے والا حصّہ ؛ وہ آگے بڑھا ہوا حصّہ جو کسی ڈھانچے کو سنبھالنے کا کام دیتا ہے ؛ ایل بیم (L–beam) کا آگے نکلا ہوا حُصّہ ؛ ساقہ ؛ گوشت والے جانور کی پُٹھ یا کمر یا اس سے مشابہ کوئی حصّہ ۔ (ریاضی) پرکار کا ایک پہلو : مثلث کا کوئی ایک پہلو ، قاعدہ کے سوا ؛ قائمے کے مقابل کا حصّہ ؛ وتر ۔ (جہاز رانی) ایک رُخ پر کشتی کا راستہ ؛ ہوا کے رخ چلنے والی کشتی کا کوئی ایک سیدھا سلسلہ جس سے پیچیدہ راستے پیدا ہوتے ہیں ۔ (طیرانیات) پیچیدہ انداز کی پرواز کا سیدھا حصّہ ۔ (مجازاً) کسی راستے یا سفر کا کوئی واضح حصّہ یا مرحلہ (جیسے :the last leg of the trip) ۔ (ریڈیو ، ٹی ۔ وی) نشریاتی جال کے دُور کے اسٹیشنوں کے درمیان نشریاتی رابطہ اسٹیشن ۔ (برقیات) دو شاخہ دَور ؛ اعلی معیار کا جزو یا پُرزہ ؛ انٹینا کی شاخ ۔ (کھیل) مقابلے کا وہ حصّہ جس کی تکمیل ایک مقابلہ کرنے والے سے ہو ؛ مرحلہ وار دَوڑ کا ایک دَور ۔ (برج) کھیل میں جُزوی جیت ۔ (کرکٹ) دائیں ہاتھ کے بلّے والے کے بائیں طرف اور پیچھے میدان کا حصّہ یا اس کے برعکس؛ فیلڈر جس نے میدان کا یہ حصہ سنبھالا ہوا ہو ۔ (فعل لازم) (بول چال) چلنا یا دوڑنا (عموماً it کے ساتھ جیسے : We'll leg it together) ۔

give a leg up, کسی کی مدد کرنا ۔

not have a leg to stand on, کسی جائز وجہ کا یا جواز کا نہ ہونا ۔

on one's last legs, جس کی قُوّت ، مقصد یا آرزو قریباً ختم ہو چکی ہو ، خستہ ؛ بیدم ؛ ناکام ؛ قریب الموت ، برلب مرگ ۔

pull one's leg, فریب دینا ؛ ترسانا ، تنگ کرنا ۔

shake a leg, (عوامی) جلدی کرنا ؛ عجلت سے کام لینا ۔

stretch one's legs, طویل آرام اور بے شغلی کے بعد سرگرم عمل ہونا ۔

legless, a. بے ٹانگ ، اپاہج ۔

leg., legato, legate, legal, legislation, legend, legislature, legislative کا مُرخّم ۔

legacy, n. (قانون) ورثہ ؛ میراث ؛ ترکہ ؛ وصیّت ؛ کوئی خاص چیز یا خاص رقم جو آخری وصیت کے ذریعے دی گئی ہو ؛ کوئی چیز جو کسی بزرگ یا پیش رو نے چھوڑی ہو ؛ تمدُّنی ترکہ ؛ مال متُروکہ ؛ چھوڑا ہُوا دَھن ۔

legal, a. قانُونی ؛ قانون کا یا قانُون سے متعلّق ؛ قانُون یا اس کے نفاذ سے مربُوط ؛ شرعی ؛ جائز؛ قانون کے پیشے کی خصوصیت کا حامل (جیسے :a legal mind) ؛ قانون کا مُقرّر کردہ ، قائم کَردہ یا اختیار دادہ ؛ قانون سے اختیار حاصل کرنے والا ؛ قانون کا متعیّن کردہ یا قانون کے مطابق (جیسے : a legal incapacity, a legal infant) ؛ انصاف کی بجائے قانُون کا تسلیم کردہ ؛ قانُون کا اجازت یافتہ ، جائز ، قانونی ۔ (الٰہیات) مُوسوی قانون سے متعلّق ؛ رحم کی بجائے نیک کاموں کے ذریعے نجات کے عقیدے سے متعلّق ؛ شرعی ۔

legally, adv. قانُونی طور پر ؛ قانُون کی نظر میں ؛ حسب قانون ؛ ازروئے شرع ۔

بجائی جائے ؛ ایک سُر جو نرمی سے دوسرے سُر میں شامل ہو جائے ؛ نرمی سے ۔

legator, n. وصیّت کرنے والا ، مُوصی ؛ مُورث ؛ وصیت کُنندہ ۔

legatorial, a. وصی سے متعلّق ۔

legend, n. روایت ؛ کہانی ؛ قِصّہ ؛ افسانہ ؛ اسطُورہ ؛ نوِشتہ ؛ جُھوٹا افسانہ ؛ مَن گھڑت بات ؛ مقولہ ؛ یادگار ؛ نشانی ؛ آثار ؛ کہاوت ؛ پرانا قصّہ ؛ وہ کہانی یا تذکرہ جو تاریخی نہ ہو یا جس کی توثیق نہ ہو سکے ، جو زمانۂ سابق سے روایتاً مشہور ہو اور لوگ اسے حقیقت تسلیم کرتے ہوں ؛ اس قسم کی ایسی کہانیاں جو چیزوں یا لوگوں کے متعلق ہوں (جیسے : legend of Canon, legend of Druids) ؛ کسی لائقِ ستایش شخص کی کہانیوں کا مجموعہ (جیسے : legend of Robin Hood) ؛ کوئی شخص یا چیز جو ایسے تذکروں کا موضوع ہو ؛ سجع یا نقش جو ڈھال یا یادگار پر بنا ہوتا تھا ؛ تشریحی فہرست جیسے ، نقشہ کی علامات ۔

legendary, a. روایتی ؛ افسانوی ؛ روایت سے متعلّق یا روایت کی نوعیّت کا حامل ؛ روایت میں مذکور یا مشہُور ۔ (اسم) روایات کا مجموعہ یا کتاب ۔

legendry, n. روایات بحیثیت مجموعی ۔

legerdemain, n. شُعبدہ بازی ؛ ہاتھ کی صفائی ؛ پرفَریب شعبدہ جو ہاتھ کی مہارت پر مبنی ہو ؛ عموماً جادُو ، چالاکی ؛ دھوکا ؛ چلتر ؛ مکّاری ؛ سفسطہ ؛ نظربندی ؛ چھل ؛ چالبازی ؛ کرتب ؛ ہاتھ چالاکی ۔

legerdemainist, n. جو ہاتھ کی صفائی سے کام لیتا ہو ؛ شُعبدہ باز یا جادُوگر ؛ سفسطی ۔

legged, a. ٹانگوں والا ، عموماً ترکیب میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : bandy-legged) ۔

legging, leggin, n. پاجامہ ؛ ٹانگ کی حفاظت یا پوشش جس کی لمبائی مختلف ہوتی ہے اور کپڑے ، کینوس یا چمڑے سے بنائی جاتی ہے ؛ جیسے چرمی پاجامہ ، ساق پوش اور اوپر کا لباس ۔ (عموماً جمع) پاجامے کے اُوپر پہننے کا لباس یا پتلون ، جس کے ساتھ موزہ بند ، پاؤں کے تسمے اور اسی طرح کی جیکٹ پہنی جاتی ہے ، یہ نوعمر بچوں کا گھر سے باہر موسمِ سرما کا لباس ہوتا ہے ۔

leggy, a. پتلی اور لمبی ٹانگوں والا ؛ لَم ٹنگا ؛ بہت لمبی ٹانگوں والا ؛ لمبے اور پتلے ڈنٹھل والے پودوں سے متعلّق ۔

leghorn, n. (عموماً بڑے L سے) لیگارن ؛ پالتُو مرغی کی ایک بحیرۂ رُوم سے منسوب نسل ، جو بہت انڈے دینے کے لیے مشہور ہے ؛ سفید مُرغ ؛ ٹوپی کے پھندے میں کام آنے والی تیلیاں جو اطالوی گندم سے حاصل ہوتی ہیں ؛ ان تیلیوں سے بنی ہوئی ٹوپی ۔

legible, a. خوانا ، مایقری ؛ جسے پڑھا جا سکے ؛ واضح ؛ جِسے فوراً محسوس کیا جا سکے ؛ قابل خواندگی ؛ واضح (جیسے : legible annoyance) ۔

legibility, n. خواناپذیری ؛ صفائی ، وضاحت ، خوش خطی ؛ خوانائی ؛ مقروئیت ۔

legibly, adv. واضح طور پر ؛ صاف طور پر ؛ صاف صاف ؛ پڑھے جانے کے انداز سے ۔

legion, n. جم غفیر ؛ خیل ؛ قدیم رُومی پیادہ فوج کا

legal, n. (اکثر بصورت جمع) منتخب تمسکات جن میں سرکاری طور پر مقرر کردہ سرمایہ کار (جیسے سیونگز بینک (savings bank) کا سرمایہ قانونی طور پر لگایا جا سکے ۔

legal cap, n. سفید ، لکیروں والا لکھنے کا کاغذ جس کی تقطیع ۸½-۸ انچ ضرب ۱۳½ انچ ہوتی ہے اور خاص طور پر وکلا استعمال کرتے ہیں ؛ تاؤ ۔

legal holiday, n. قانونی تعطیل ؛ قانون کا مُقرّر کردہ دن جس میں سرکاری کاروبار بند یا مَمنُوع ہو ۔

legalism, n. قانُون پرستی ؛ ضابطہ پرستی ؛ سخت پابندی یا سخت پابندی کا اُصول ؛ یہ عقیدہ کہ نجات نیک کاموں یا مذہبی ضوابط کی سختی سے پابندی پر مبنی ہے نہ کہ محض رحمت پر ؛ شریعت پرستی ؛ قانُون پسندی ؛ قانونیّت ۔

legalist, n. قانُون پرست ؛ ضابطہ پرست ؛ شریعت پسند ؛ ضابطہ پسند ۔

legalistic, a. قانُون پرستانہ ؛ ضابطہ پسندانہ ۔

legalistically, adv. قانون پرستی سے ؛ ضابطہ پسندانہ انداز میں ۔

legality, n. قانُونیت ؛ قانونی جواز ؛ قانونی ، جائز یا قانُون کے مطابق ہونے کی حالت یا کیفیّت ؛ قانُون کی پابندی ؛ اکثر قانون کے الفاظ پر زور ؛ اباحت ؛ مباحت ۔ (الٰہیات) رحمت سے زیادہ اعمالِ صالحہ پر نجات کا اِنحصار ہونے کا عقیدہ ۔ (جمع) قانون کی عائد کردہ ذمہ داریاں ۔

legalize, v.t. قانُونی بنانا ؛ اختیار دینا ؛ منظُور کرنا ؛ جائز ٹھہرانا ؛ مباح قرار دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ بحال کرنا ۔

legalization, n. قانونی بنانے کا عمل ؛ جواز دہی ؛ جواز ۔

legal reserve, n. قانونی محفوظہ ؛ وہ رقم جو بینکوں اور بیمہ کمپنیوں کو قانون کے مطابق بطور ضمانت محفوظ رکھنا ہوتی ہے ۔

legal tender, n. زرِ قانونی ؛ قانونی طور پر منظور شُدہ سِکّے جو قرض کی ادائی میں دیے جائیں یا جن کا قبول کرنا قرض خواہ کے لیے ضروری ہو ؛ زر رائج ؛ قانونی سِکّہ ۔

legate, n. سفیر ؛ پاپائی سفیر ؛ وہ پادری جِسے پوپ نے اپنا نمائندہ مُقرر کیا ہو ؛ نائب ؛ ایلچی یا سفیر ۔ (رُومی تاریخ) جرنیل یا صوبے کے عامل (گورنر) کا نائب ؛ صُوبے کا عامل ۔

legateship, n. نیابت ؛ سفارت ؛ وکالت ؛ نمایندگی ؛ ایلچی گری ۔

legatee, n. وہ شخص جس کے لیے وصیت کی گئی ہو ؛ وصی ؛ موصیٰ لَہٗ ؛ موہوب لہٗ ؛ وصیتّی ؛ موہوب الیہ ؛ وصیت دار ؛ ترکہ پانے والا ۔

legatine, a. نائب سے متعلّق ؛ نائب کے اختیار کا حامل ؛ لاٹ پادری کے ایلچی کے متعلّق ۔

legation, n. سفارت ؛ جماعتِ نمائندگان ؛ سیاسی سفیر اور اس کے معاونین ، جب سفیر اعلیٰ سفارتی عہدے کا حامل نہ ہو ؛ ایسے سفیر کی سرکاری قیام گاہ ؛ سفارت خانہ ؛ سفیر کا رُتبہ ؛ سفیر بھیجنے کا عمل ؛ وہ کام جو سفیر کو تفویض کیا گیا ہو ؛ ایلچی گری ؛ نمائندگی ؛ وکالت ؛ ایلچی ؛ ملکی وکالت ؛ نیابت ۔

legationary, a. سفیرانہ ؛ نائبانہ ۔

legato, a., adv. (موسیقی) وہ موسیقی جو ہموار انداز میں گائی یا

تین سے چھ ہزار سپاہیوں پر مشتمل دستہ جس میں رسالہ بھی ہوتا تھا ؛ لشکر ؛ بڑا فوجی اجتماع ؛ بڑی تعداد ؛ فوج ؛ انبوہِ کثیر ؛ سپاہ ۔ (صفت) لاتعداد ؛ بے شمار (مُسند کے طور پر مستعمل) ؛ ان گنت ؛ بہت ؛ بہت زیادہ ۔

American Legion, سابق امریکی سپاہیوں کی انجمن ۔

legionary, a. لیجن سے متعلّق ؛ لشکر سے متعلق ؛ لشکری ؛فوجی ؛ فوج کے متعلق ۔ (اسم) لیجن یا لشکر میں سے کوئی ایک ؛ سپاہی جس کا تعلّق لشکر سے ہو ؛ عسکری ۔

legionnaire, n. لشکر کا رُکن ۔ (عموماً بڑے L سے) امریکی لیجن یا لشکر کا رُکن ۔

legionnaire's disease, n. لیجنر مرض ؛ نمونیے کی ایک قسم جسے ۱۹۷۶ء میں فلاڈلفیا میں منعقد امریکی لیجن کنونشن میں تسلیم کیا گیا ۔

Legion of Honor, n. ایک اعزاز جو فرانس میں نپولین اوّل نے قائم کیا تھا جو بطور انعام فوجی اور شہری دونوں کو دیا جاتا تھا ۔

Legion of Merit, n. (عسکری) امن یا جنگ کے زمانے میں امریکا کی نمایاں خدمات انجام دینے والے امریکی یا غیر ملکی شخص کو دیا جانے والا ایک تمغا ۔

legislate, v.i. قانُون بننا ؛ قانون وضع ہونا ؛ قانون سازی ہونا ۔ (فعل متعدّی) قانون سازی سے متاثّر کرنا ؛ قانون یا آئین وضع کرنا (عموماً into اور out کے ساتھ) ۔

legislation, n. قانُون سازی ؛ قانون بنانے یا وضع کرنے کا طریق کار ؛ وضع کردہ قوانین ؛ وضع قوانین ۔

legislative, a. قانون ساز ؛ قانون سازانہ ؛ قانون سازی کے اختیار کا حامل ؛ قانون سازی سے متعلّق (جیسے : the legislative process) ؛ مجلس مقنّنہ کے عمل سے متعلّق ؛ جس کا قانون سازی یا مجلس مقننہ نے اختیار دیا ہو (جیسے :legislative provision) ۔ (اسم) حکومت کا وہ شعبہ جو قانون وضع کرتا اور منسوخ کرتا ہے ؛ مُقنّنہ ۔

legislatively, adv. قانون سازی کے طور پر ۔

Legislative Assembly, n. مجلس مقننہ ؛ مجلس قانُون ساز ۔

legislative council, n. (اکثر بڑے L سے) (برطانوی) دو ایوانی مجلس مُقنّنہ کا ایوانِ بالا ۔

legislator, n. مقنّن ؛ قانون بنانے والا ؛ قانُون ساز ؛ قومی یا ملکی مجلس مقنّنہ کا رُکن ؛ واضع قانُون ۔

legislatorial, a. مقنّن کے بارے میں ؛ واضع قانون کے متعلق ۔

legislatorially, adv. قانون سازی کے طور پر ۔

legislatorship, n. قانون ساز کا منصب ۔

legislatress, legislatrix, n. خاتُون قانون ساز یا رُکنِ مجلس مُقنّنہ ۔

legislature, n. مُقنّنہ ؛ مجلس قانون ساز ، سرکاری طور پر بااختیار منتخب لوگوں کی مجلس جو قانُون بناتی ، منسوخ کرتی اور ان میں ترمیم کرتی ہے ۔

legist, n. ماہرِ قانُون ؛ وہ شخص جو قانون کا ماہر اور عالِم ہو ۔

legit, a. (عوامی) جائز ؛ قانونی ، دُرُست ۔ (اسم ، عوامی) تسلیم شدہ تھیٹر یا اسٹیج جو متحرک فلم ، ٹیلی وژن کے کھیلوں ، مزاحیہ نقل اور غنائی ناٹک سے مختلف ہے ۔

legitimacy, n. جواز، اباحت ؛ جائز ہونے کی صفت یا حالت ؛ صحیحُ النسبی ؛ حلال زادگی ؛ صحت ؛ کھرا پن ؛ دُرُستی ؛ اصالت ۔

legitimate, a. جائز ؛ قانُونی ؛ مُباح ؛ حلال ؛ صحیح ؛ قانُون کے مطابق ؛ قانُونی ؛ مقرّرہ اصول و قواعد کے مطابق ؛ مُسلّمہ معیار کے مطابق ؛ قانُونی طور پر منکوحہ والدین کا بچّہ ؛ ٹھیک ؛ انصاف کا ؛ سچا ؛ مُناسب ؛ باقاعِدہ ؛ باضابطہ ؛ ناقابلِ اعتراض ؛ مستند ؛ ولدالحلال ؛ عقلی ؛ معقول ؛ کھرا ؛ صحیح النسب ؛ واجب ؛ روا ؛ حلال زادہ (جیسے : a legitimate child) ؛ عام یا باقاعدہ قسم یا نوعیت کا ؛ اصلی ؛ غیر جعلی ؛ حق وراثت کے تابع ؛ استدلال کے قوانین کے مُطابق ؛ منطقی (جیسے : a legitimate conclusion) ۔ (فعل متعدی) جائز اور مناسب ظاہر کرنا یا قرار دینا ؛ اِختیار دینا یا حق بجانب قرار دینا؛کسی حرامی کو حلال زادہ کے حُقُوق عطا کرنا ؛ جائز ہونا ؛ ٹھیک ہونا ؛ صحیح ہونا ؛ معقول ہونا ۔ (اسم) پیشہ ورانہ تھیٹر یا اسٹیج (عموماً اس سے پہلے the آتا ہے) ۔

legitimately, adv. جائز طور پر ؛ حسبِ قانون ؛ شرعاً؛ اصلیت سے ۔

legitimateness, n. جواز ، اباحت ۔

legitimation, n. جواز دہی ؛ تشریع ۔

legitimatize, v.t. جائز قرار دینا، مباح ٹھہرانا ؛ جائز کرنا؛ ٹھیک کرنا ؛ صحیح ٹھہرانا؛ معقُول وجوہ سے تائید کرنا؛ کم اصل کو اصل کا اِستحقاق بخشنا ۔

legitimist, legitimistic, n.,a. قانونی اختیار کا حامی ؛ جو موروثی بادشاہی کے عقیدہ یا خُدا داد حق پر ایمان رکھتا ہو؛ حامیِ وراثت نامہ ؛ قانونی اختیار سے متعلّق یا اس کا حامی؛ قانون پرست؛ موروثی حق بادشاہیؔ سے متعلّق ۔

legitimism, n. قانونی اختیار کی حمایت ؛ قانون پرستی؛ موروثیّت کی حمایت ۔

legitimize, v.t. جائز قرار دینا ، حلال کرنا ، صحیح ٹھہرانا ۔

legitimization, n. جائز قرار دینے کا عمل ؛ جواز دہی؛ مستند ٹھہرانے کا عمل ۔

legman, n. (صحافت) صحافی جسے واقعہ کے فوراً بعد معلومات بہم کر کے اِطّلاع دینے کی ذمّہ داری سونپی گئی ہو ؛ وہ مدد گار یا معاون جو معلومات اکٹھا کرنے ، پیغام پُہنچانے اور دُوسرے چھوٹے موٹے کام کرنے کے لیے ملازم رکھّا گیا ہو ۔

leg-of- mutton, a. بکری یا بھیڑ وغیرہ کی ران کی تکونی شکل رکھنے والا ؛ تکونا، مثلّث، سموسے کی شکل کا (جیسے : a leg-of - mutton sail) ۔

legume, n. (نباتیات) پھلی ؛ دانہ ؛ حبّہ ؛ ایک سادہ خشک پھلی کی شکل کا پھل جو دو سیونوں کے ساتھ تقسیم ہوتا ہے ، جیسے مٹر کی پھلی ؛ تخمدان ؛ پھلی دار خاندان Leguminosae کا کوئی پودا جس کی انواع کے ایسے پھل ہوتے ہیں ۔ (عموماً جمع) اس خاندان کے پودے جو چارے اور کھاد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں

legumin, n. (حیاتی کیمیا) لگومین ؛ پروٹینی مادّہ ؛ ایک لحمیہ جو پنیری مادّہ (Casein) سے مشابہ ہوتا ہے اور پھلی والے

پودوں کے بیج سے حاصل کیا جاتا ہے؛ حبوب۔

leguminous, a. (نباتیات) پھلی دار؛ بقلی؛ پھلی والے پودوں کے خاندان سے متعلّق جس کی خصوصیت شیریں مٹر سے مشابہ پھول اور پھلی والے پھل ہیں؛ پھلی سے متعلّق یا پھلی والا؛ دوداله دانے دار۔

lehua, n. (نباتیات) مہندی کے خاندان سے متعلق گرم علاقوں میں اُگنے والا سخت قسم کی لکڑی کا درخت جس میں گچھوں کی صورت میں چمک دار سُرخ پھول لگتے ہیں؛ اس درخت کا پھول جو ریاست ہوائی (Hawai) کا قومی پھول ہے۔

lei, n. جزائر ہوائی میں پھولوں اور پتوں کا ہار یا گجرا جو گردن میں یا سر پر پہنتے ہیں۔

Leicester, n. بڑی جسامت اور لمبی اُون والی فربہ قسم کی کوئی بھیڑ جس کا گوشت کھانے کے کام آئے۔

leister, n. سہ نوکا بھالا یا بلم؛ ایک خار دار آلہ جس کے کم از کم تین خار ہوتے ہیں جو مچھلی شکار کرنے کے کام آتا ہے۔ (فعل متعدی) بلم سے چھیدنا۔

leisure, n. فُرصت، مہلت، چُھٹی؛ موقع یا وقت جو فوری مشغولیت یا تکمیلِ فرض نے فراہم کیا ہو؛ آزاد یا غیر مصروف وقت؛ آسانی، سہولت؛ اطمینان؛ خالی وقت؛ چُھٹکارا۔ (صفت) فارغ یا خالی؛ فرصت کا (جیسے : leisure hours)؛ غیر مصروف؛ خُوش باش یا تونگر طبقہ (جیسے : leisure class)۔

at leisure, آزاد یا ناپابند وقت، فرصت میں؛ اطمینان سے (جیسے : to proceed at leisure)؛ عُجلت کے بغیر؛ غیر مصروف یا غیر مشغول (جیسے : to be at leisure)۔

at one's leisure, جب فرصت ہو؛ اپنی سہولت کے مطابق (جیسے : Let me hear from you at your leisure)۔

leisured, a. فُرصتی؛ فُرصت کا، جسے فرصت ہو؛ فُرصت والا۔

leisureless, a. عدیمُ الفُرصت؛ بے فُرصت؛ مصرُوف۔

leisurely, a. بہ اطمینان؛ عجلت کے بغیر کرنے والا، روانہ ہونے والا یا کیا ہوا؛ آہستہ یا دھیما (جیسے : a leisurely person, speaker, or speech)؛ بہت فرصت کا مظہر؛ بے عجلت، آہستہ (جیسے : leisurely manner)؛ تأمّل کا، دھیرج کا؛ سہج؛ اطمینان کا؛ فُرصت کا۔ (متعلق فعل) تأمُّل سے، دھیرج سے، آہستہ، سہج سہج، دھیمے، بہ تأمّل؛ اطمینان سے؛ سہولت سے۔

leisureliness, leisureness, n. آہستگی؛ دِھیما پن؛ اطمینان؛ فرصت۔

leitmotif, n. (موسیقی) کسی خاص شخص، صُورت حال یا خیال سے وابستہ کوئی نغمہ یا موضوع جو کسی غنائیہ یا غنائی کھیل میں شُروع سے آخر تک چلتا رہے؛ مقصدی غنائیہ۔

lemma, n. مسلّمہ قضیہ؛ ذیلی مسئلہ جو کسی دُوسرے مسئلے کو ثابت کرنے کے لیے شامل کیا جائے جیسے ریاضی میں؛ علمِ ہندسہ میں وہ دعویٰ جس پر دوسرے دعوے کا ثبوت موقوف ہو؛ کوئی دلیل، موضوع یا مضمون؛ فرہنگ میں کوئی ترکیب، لفظ یا عنوان۔ (نباتیات) خانۂ گُل؛ کاسۂ گُل؛ گھاس کے پُھولوں کی بیرونی پتّی۔

lemming, n. لیمنگ؛ مُوشِ شمالی؛ قُطب شمالی کے چوہے کی مانند کُترنے والا جانور، جو خُوراک کی تلاش میں ترکِ وطن کرتا ہے اور اکثر سمندر میں ضائع ہو جاتا ہے۔

lemniscus, fillet, n. (تشریح الاعضا) پارچہ؛ دماغ میں عصبی ریشوں کی لمبی پٹّی۔

lemon, n. (نباتیات) لیموں، نیمبو؛ تُرنج؛ نیم گرم علاقے کا زرد ترشاوہ درخت (citrus lemon) جو سُداب (rue) کے خاندان سے ہے؛ لیموں کا درخت؛ لیموں کا سا ہلکا زرد رنگ۔ (عوامی) جو چیز گھٹیا ہو یا کسی کی توقعات پر پُوری نہ اترے۔ (صفت) جس میں لیموں کی مہک، رنگ یا خوشبُو ہو؛ لیمونی۔

lemonade, n. لیمونیڈ؛ سکنجبین؛ تُرنجاب؛ ایک مشروب جو لیموں کے رس، پانی اور شکر سے تیّار کیا گیا ہو؛ شربتِ لیموں۔

lemon balm, n. خوشبو دار، گُچھے دار اور سدابہار پودینہ، جس کے پتّوں میں لیموں کی خُوشبو ہوتی ہے۔

lemon verbena, n. جنوبی امریکا میں کم گرم علاقوں کے باغوں کی ایک ساگوانی قسم کی جھاڑی جو لیمیوں جیسی خوشبو والے پتّوں اور سفید پُھولوں کے سبب کاشت کی جاتی ہے۔

lemur, n. لیمور؛ مڈغاسکری بندر؛ ایک چھوٹا شجری، شبینہ میمل جانور، جس کا تعلّق مڈغاسکر کے بندر کی جنس سے ہے، جو بندر سے قریبی رشتہ رکھتا ہے، اس کی خصوصیت لومڑی کا سا سر اور اُونی کھال ہے؛ اس طرح کے مختلف جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے لورس (loris)۔

lemuroid, n., a. لیمور نُما؛ مڈغاسکری بندر جیسا کوئی بندر۔

lemures, n. (رُومی مذہب) بُھتنے؛ مُردوں کی ارواح، بُھوت؛ پریت۔

Lenard rays, n. (طبیعیات) لینارڈی شعاعیں؛ لینارڈ ریز، وہ زیربرقیرہ/منفیرہ (Cathode) شعاعیں جو لینارڈ ٹیوب سے نکلتی ہیں۔

Lenard tube, خلائی نلی کی خاص شکل جس میں ایلومینیم کا ڈایا فرام یا کھڑکی ہوتی ہے، جس میں سے لینارڈ شعاعیں خارج ہوتی ہیں۔

lend, v.t. اُدھار دینا، قرض دینا، مستعار دینا، عاریتاً دینا؛ کسی کو عارضی استعمال کے لیے دینا؛ اس شرط پر مہیّا کرنا کہ وہی چیز یا اس کا متبادل واپس کر دیا جائے گا؛ بالعموم دینا، فراہم کرنا یا عطا کرنا جیسے امداد؛ (راجع الی الفاعِل) جگہ دینا؛ بحال کرنا، اس طرح ڈھالنا کہ مددگار ثابت ہو (جیسے : He lent himself to the scheme)۔ (فعل لازم) قرضدار ہونا۔

lend a hand, مدد کرنا؛ ہاتھ بٹانا۔

lender, n. قرض دینے والا؛ قرض دہندہ؛ بیاجو؛ قرض یا عاریتاً دینے والا؛ عاریت دہندہ؛ قرض خواہ۔

lend-lease, n. اُدھار پٹہ، دُوسری جنگ عظیم میں ''ادھار پٹہ قانون'' کی شرائط کے تحت امریکا کی اپنے اتحادیوں کو جنگی سازوسامان اور خدمات کی فراہمی؛ قانونِ عاریت؛ قرض و پٹہ۔ (فعل متعدی) سامان جنگ ادھار دینا جیسا کہ ادھار پٹہ قانون میں مذکور ہے۔

Lend-Lease Act, n. قانون اُدھار پٹہ؛ ۱۱ مارچ ۱۹۴۱ء کو امریکی کانگرس کا منظور شُدہ قانون جس کی رو سے حکومت کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ اپنے اتحادیوں کو سامان جنگ و دیگر خدمات اس شرط پر فراہم کرے کہ جنگ کے خاتمے پر اس کی ادائی سامان کی صورت ہی میں ہو۔

length, n. لمبائی ، درازی ، طُول ؛ طوالت ؛ کسی چیز کی طویل ترین پیمایش ، گہرائی ، موٹائی اور چوڑائی سے الگ ؛ ایک سِرے سے دُوسرے سِرے تک لمبائی کی پیمایش ؛ شروع سے آخر تک کی وُسعت جیسے لفظ ، کتاب یا مُدّت کی ؛ جگہ کے ابعاد ثلاثہ میں سے ایک ؛ وُسعت ؛ پھیلاؤ ؛ درازی ؛ عرصہ ؛ مدت ؛ کسی مقام کا فاصلہ ؛ جگہ کا حصہ ، جسے طولاً پیمایش کردہ سمجھا جاتا ہے ؛ کوئی خاص طویل پیمایش (جیسے : to cut a rope into lengths) ؛ طویل تسلسُل ؛ لمبا ہونے کی حالت ؛ وقت کی کوئی مُدّت یا میعاد ؛ کسی زُبان میں تفصیل یا توسیع ؛ رویہ اور عمل کی حد ، درجہ یا بلندی (جیسے : to go to great lengths) ؛ ترقّی کی حد ؛ دوڑ میں فاصلے کی پیمایش (جیسے : The horse won by two lengths) ۔ (صوتیات) کسی آواز کی لمبائی یا زور ۔

at length, بالتفصیل ، آخر کار ؛ پُوری وسعت کے ساتھ ؛ پوری تفصیل کے ساتھ ؛ طویل مُدّت کے بعد ؛ آخر میں ، بالآخر ؛ بہ تفصیل ؛ تفصیلی طور پر ؛ تفصیل سے ؛ اچھی طرح ؛ خُوب کھول کر ؛ مُفصّل ؛ مشروحاً ؛ آخرش ؛ آخر ؛ بارے ؛ آخرالامر ؛ آخر کو ۔

lengthen, v.t. لمبا یا زیادہ لمبا کرنا ؛ دراز کرنا ؛ طُول میں پھیلانا ؛ طویل کرنا ؛ بڑھانا ؛ دُور کھینچنا ؛ تاننا ۔ (فعل لازم) لمبا ہونا ، دراز ہونا ؛ بڑھنا ۔

lengthener, n. لمبا کرنے والا ؛ دراز کُن ؛ مُطوِّل ۔

lengthwise, lengthways, adv., a. لمبائی میں ؛ لمبان میں ؛ لمبائی یا طول میں ؛ طولاً ، لمبائی کے رُخ ؛ لمبائی کی طرف ۔

lengthy, a. لمبا ، طویل ، دراز ؛ مُعتدِل حد تک لمبا ؛ مُطوَّل ؛ بُہت لمبا ؛ طول طویل (جیسے : a lengthy discourse) ۔

lengthily, adv. طولاً ؛ لمبائی میں ۔

lengthiness, n. طوالت ، لمبائی ، درازی ۔

leniency, lenience, n. نرمی ، حِلم ؛ تحمُّل ، بردباری ؛ نرم ہونے کی حالت ؛ نَرمی ؛ نرم مزاجی ۔

lenient, a. نرم ؛ سختی یا شِدّت کے بغیر ؛ رحم دِل ؛ نرم مزاج ؛ شریف ؛ ملیّن ؛ بامُرّوت ؛ نرم دل ؛ حلیم ؛ بُردبار ؛ روادار ؛ ہلکا ؛ متحمّل ۔

leniently, adv. نرمی سے ؛ نرم دلی سے ۔

Leninism, n. [ولادی مر اِلیچ لینن (۱۸۷۰ء تا ۱۹۲۴ء) جو روس کا انقلابی راہ نما اور وزیراعظم تھا] لینن ۔ ازم ؛ لینن کا نظریہ ۔

Leninist, Leninite, a., n. لینن کا پیرو ؛ لینن کے عقائد سے متعلّق ؛ مارکسی عقائد کا پیروکار یا حامی ۔

lenis, n., a. کمزور ادائیگی کا مصمتہ یا حرف صحیح ؛ کمزور ادائیگی اور دباؤ اور بہت کم ہائیت یا سانس کے زور سے پیدا ہونے والا جیسے g , d , b (پُرزور ہم آہنگ حُروُف جیسے k , t , p کے مقابلہ میں) ۔

lenitive, a. مُلیّن ، مُسکّن ؛ مُفرّح ؛ جس میں نرم کرنے یا کم کرنے کی صفت پائی جائے جیسے دوا ۔ (اسم) تسکین بخش دوا یا لیپ ؛ مُلیّن دوا ۔

lenity, n. شرافت ؛ نرم دلی ؛ نرمی ؛ رحم ؛ نرم ہونے کی حالت ۔

lens, crystalline lens, n. عدسہ ؛ لینز ؛ شفّاف مادّے عموماً شیشے کا ایک ٹُکڑا جس کی دو مختلف سطحیں ہوتی ہیں یا تو دونوں منحنی ہوتی ہیں یا ایک منحنی اور دُوسری ہموار ، یہ روشنی کی شعاعوں کی سمت تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، جیسے نظر بڑھانے یا دُرُست کرنے کے لیے ؛ ایسے ٹکڑوں کا مجموعہ ؛ کوئی ہم آہنگ آلہ جیسے صوتی لہروں کو متاثّر کرنے کے لیے ؛ دُوربین یا خُوردبین کا شیشہ ۔ (تشریح الاعضا) آنکھ کا وہ حصّہ جو روشنی کی شعاعوں کو شبکیہ (پردۂ چشم) پر مرکوز کر دیتا ہے ؛ عدسۂ چشم ۔

lent, n. نفس کُشی کی مُدّت ؛ چالیس دن کی وہ مُدّت جو حضرت یسوع مسیح کے چالیس روزوں کی یاد میں نفس کُشی ، روزہ داری اور توبہ میں گزاری جاتی ہے جو یوم الرّماد کے چلّہ کے پہلے بُدھ سے شروع ہو کر ایسٹر تک جاری رہتی ہے ؛ لینٹ ؛ چالیس روزے ؛ چِلّے کے روزے ۔

Lenten, a. (بعض اوقات چھوٹے l سے) لینٹ سے متعلق یا لینٹ کی سختی سے متعلّق (جیسے : plain Lenten fare) ۔

lentamente, adv. (موسیقی) آہستہ ؛ آہستگی سے ۔

lentando, a. (موسیقی) آہستہ انداز میں ؛ آہستہ ہونے والا ۔

lentic, a. جوہڑوں ، دلدلوں اور کھڑے پانی میں رہنے والوں سے متعلّق ۔

lenticel, n. (نباتیات) عدسی تودہ ؛ عدسہ نُما ایک مسام جو چوبی تنے کی چھال میں ہوتا ہے جس میں سے گیسوں کا باہمی تبادلہ ہوتا رہتا ہے ۔

lenticular, a. عدسی ؛ مُحدّب الطّرفین عدسہ کی شکل کا حامل ؛ عدسہ کا یا اس سے متعلّق ؛ جسامت یا صُورت میں مسور سے مشابہ معدن عدسی ؛ مسور شکل ؛ عدسہ نُما ۔

lenticularly, adv. عدسی انداز سے ۔

lenticulate, v.t. (عکّاسی) فلم وغیرہ کو خُرد بینی عدسوں سے چھاپنا ؛ عدسہ دار بنانا ۔

lentigo, n. (طب) کلف ، چھائیں ؛ چھائیوں کی حالت ؛ گندمہ ؛ ٹولُول ۔

lentiginous, a. چھائیوں والا ، کلفی ۔

lentil, n. مسور ، عدس ؛ پھلیوں کے خاندان کا ایک سالانہ فصلی پودا جو چپٹے مُحدّب الطرفین خُوردنی بیجوں کا حامل ہوتا ہے ؛ اس پودے کے بیج ۔

lentissimo, a. (موسیقی) بہت آہستہ ؛ بہت دھیما ۔ (متعلق فعل) (موسیقی) بہت آہستگی سے ۔

lento, a. (موسیقی) آہستہ ؛ دھیما ۔ (متعلق فعل) (موسیقی) آہستگی سے ۔ (اسم) (موسیقی) وہ ٹُکڑا جو آہستگی سے بجایا جائے ۔

lentoid, a. عدسہ نُما ؛ عَدسی شکل ؛ عَدسی ۔ (اسم) عدسے کی شکل کا جسم ۔

Leo, n. (فلکیات) بُرج اسد ، سنگھ راس ؛ شیر ، شُمالی نصف کُرے میں ایک بُرج جس کا روشن ترین ستارہ قلب الاسد (regulus) ہے ۔ (نجوم) مِنطقۃُ البُرُوج کا پانچواں نشان ۔

Leonid, n. (فلکیات) اسدیہ ؛ شہاب ثاقب (ٹوٹتے ہوئے ستاروں) کی بارش جو ہر سال تقریباً ۱۵ نومبر کو برج اسد سے گرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے ۔

leonine, a. اسدی ، شیرانہ ؛ شیر سے متعلّق یا مشابہ ؛

برقیے (electron) ، مثبتیے (positron) ، معتدلیے (neutrino) ، ضد معتدلیے (antineutrino) یا میومیسون (mumeson) کی طرح چھوٹا ہوتا ہے۔

leptosome, leptosomic, leptosomatic, a. بیروں شکلیاتی ؛ ضُعفی ۔

leptosom, leptosome, n. بیش قوسی ؛ نازک جسم ۔

leptospira, n. (جرثومیات) پتلی لچّھی کی شکل کا کوئی ہوا باش جرثومہ جن میں سے بعض انسانی جسم میں سرایت کر جاتے ہیں ۔

leptosperal, a. ہواباش جرثومے سے متعلّق ۔

lesbian, a. [بحر آژ کے یونانی جزیرے لیسبوس کے نام پر] نسوانی ہم جنس پرستوں یا اُن کے رسم و رواج کے متعلّق ۔ (بڑے L کے ساتھ) لیسبوس یا اس کے باشندوں سے متعلّق ۔ (اسم) (بعض اوقات بڑے L سے) ہم جنس پرست عورت ۔ (بڑے L سے) لیس بوس (ایک یونانی جزیرہ) کا باشندہ ۔

lesbianism, n. نسوانی ہم جنسیت ؛ عورتوں کی ہم جنس پرستی ؛ عورتوں کے مابین ہم جنسی تُعلقات ۔

lese majesty, leze majesty, lese majeste, n. (قانون) غداری ؛ بغاوت ؛ مُلک کی قوّت مُقتدِرہ یا صاحبِ اقتدار ہستی کے وقار کے خلاف کوئی جُرم ؛ بغاوتِ کبیرہ ؛ کسی نہایت مقدّس عقیدے یا اِدارے پر حملہ ۔

lesion, n. زخم ، جراحت ۔ (امراضیات) کسی عضو یا نسیج کی ساخت میں غیر معتدل مقامی تبدیلی جو بیماری یا صدمے یا جرّاحت سے واقع ہوئی ہو ؛ خلل اعضا ؛ ضرر ؛ نقصان ؛ چوٹ ؛ گھاؤ ۔

lespedeza, n. (نباتیات) پھلیاں ؛ پھلی جیسی متعدد بُوٹیوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک جو چارے کے طور پر کاشت کی جائیں ۔

less, a. کم تر ؛ خُرد تر ؛ جسامت ، مقدار یا درجے میں کم تر ؛ ملاحظے ، رتبے یا اہمیت میں ادنیٰ (than کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ ناکافی ؛ چھوٹا ؛ منفی ۔ (اسم) تھوڑی رقم یا مقدار ؛ کمی ۔ (متعلق فعل) تھوڑی حد ، مقدار یا درجے میں ۔ (حرفِ جار) کم ، نہ ، بغیر ۔

lessee, n. کرایہ دار ؛ پٹے دار ؛ وہ شخص جس کو پٹّا یا ٹھیکا دیا گیا ہو ؛ مُستاجر ؛ اجارہ دار ؛ ٹھیکیدار ۔

lessen, v.t. چھوٹا یا کم کرنا ؛ گھٹانا ، گھٹا کر دکھانا ؛ ہلکا کرنا ؛ کمتی کرنا ؛ درجہ کم کرنا ؛ اُتارنا ؛ نیچا کرنا ۔ (فعل لازم) کم ہونا ؛ گھٹنا ؛ ہلکا ہونا ۔

lesser, a. کم تر ؛ خُردتر ؛ کم اہم ؛ اصغر ؛ صغیر ؛ کہتر ؛ بہت کم ؛ چھوٹا ؛ خُورد ۔

lesson, n. سبق ، درس ؛ قِرأت یا عبارت جو کسی شاگرد کو مُطالعے کے لیے دی جائے ؛ تعلیم و تربیت کی مُدّت یا اس کی تقسیم (جیسے : a music lesson) ؛ سیکھنے کی چیز ؛ تعلیمی تجربہ یا مثال ؛ تنبیہہ یا سزا جو کسی کو بہتر اطوار سکھانے کے لیے دی جائے ؛ تجربہ ؛ سرزنش ؛ نصیحت ؛ عِبرت ؛ پند ؛ لتاڑ ؛ گوشمالی ؛ ملامت ؛ کسی مُقدّس کتاب کا حصّہ جو مذہبی عبادت میں پڑھا جائے ۔ (فعل متعدی) سبق دینا ؛ سکھانا ؛ تعلیم دینا ؛ ملامت کرنا ، سرزنش کرنا ؛ کان اینٹھنا ۔

lessor, n. پٹا دہندہ ؛ ٹھیکے پر دینے والا ؛ پٹے پر

شیر خو ؛ مثلِ شیر ؛ شیر کا سا ۔

leopard, n. بڑا چیتا ، پلنگ ، تیندوا ؛ باگ ؛ بلّی کے خاندان کا ایک بڑا تُند خو ایشیائی یا افریقی سیاہ دھبے دار چمپئی کھال والا شب گشت میمل جانور اس سے متعلّق مختلف جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے جیگوار (امریکی تیندوا) ، برفانی چیتا ؛ پینتھر ؛ چیتے کی سمور/کھال ۔ (نقابت) پہلو کی طرف سے شیر کی تصویر جس میں اس کا سر سامنے کے رُخ ہو ۔

leopardess, n. چیتی ؛ مادہ پلنگ یا چیتے کی مادہ ۔

leotard, n. ایک ٹکڑے کی چُست لچکدار پوشاک ، جسے رقاص ، بازیگر اور اسی طرح کے لوگ پہنتے ہیں ۔

leper, n. کوڑھی ، جذامی ، مجذوم ؛ کوڑھ کے مرض میں مبتلا شخص ؛ مبرُوص ۔ (مجازاً) ذات باہر شخص ، اچھوت ۔

lepidolite, n. حجری ابرق ؛ ابرق کی ایک قسم جس میں لیتھیم (lithium) ہوتا ہے ، یہ ہلکے بنفشی ، گُلابی یا خاکستری نُما سفید رنگ کے چھلکوں والے مادے کی صُورت میں ہوتا ہے ؛ پتھری ابرق ۔

lepidopteran, lepidopteron, n. کوئی فلسی پردار کیڑا جیسے تِتلی ، پروانہ یا اسکپر (skipper) ؛ فلسی پرہ ؛ فلسی بالہ ۔

lepidopterous, lepidopteral, a. فلسی پردار کیڑوں جیسے تتلیوں ، پروانوں اور پھدکوں (اسکپر) میں سے کوئی ایک ، جن کے بالغ ہو جانے پر چار کھپروں سے ڈھکے چھلّی دار پر ہوتے ہیں ۔

lepidosiren, n. (حیوانیات) دریائے امیزن میں پائی جانے والی پھیپھڑوں والی مچھلی جو بام مچھلی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

lepidote, a. (نباتیات) فلس دار ؛ بھوسی دار ؛ سبوسی یا فلسی دھبوں سے پُر ۔

leporine, a. (حیوانیات) خرگوشی ؛ خرگوش سے متعلّق یا خرگوش کی صفات کا حامل ؛ اَرنبی ۔

leprichaun, n. (آئرلینڈی لوک کہانی) ایک شریر بُھتنا ، جو عموماً بوڑھے آدمی کی شکل میں ہوتا ہے ، خیال کیا جاتا ہے کہ اگر یہ پکڑ لیا جائے تو زمین میں چھپے ہوئے خزانے بتا سکتا ہے ۔

leprosarium, n. جزام خانہ ؛ کوڑھیوں کا شفا خانہ یا پناہ گاہ ۔

leprose, a. (امراضیات) جذام سے متعلق یا مشابہ ؛ جذامی ۔ (نباتیات) فلسی یا سبوس دار جیسے کائی کی بعض قسمیں ؛ پوستہ دار ۔

leprosy, Hansen's disease, n. (امراضیات) کوڑھ ؛ جذام ؛ برص ؛ جلد کی سفیدی ؛ خورد نامیہ (جرثومہ) سے پیدا ہونے والا ایک متعدّی مزمن مرض جس کی مختلف خصوصیات میں ناسُور ، مسلول گلٹیاں ، اُنگلیوں اور پنجوں کا جھڑ جانا اور بعض عصبی حصّوں کی بے حِسی شامل ہے ۔

leprotic, a. جذام سے منسوب ، جزامی ؛ ابرصی ۔

leprous, a. جذام سے متأثر یا مُشابہ ؛ جذام کا یا جذام کی مانند ؛ مجذُوم ؛ مبروص ؛ کوڑھی ؛ جذامی ۔ (نباتیات) فلسی یا سبوس دار ؛ پوستہ دار ۔

leprously, adv. جذامی انداز میں ۔

leprousness, n. جذامیت

lepton, n. (طبیعیات) لیپٹون ؛ ایک ذرّہ جو کمیت میں

دینے والا ؛ کرایہ پر دینے والا ؛ مُوجِرّ ؛ ٹھیکہ دہندہ ؛ مالک ۔

lest, conj. مبادا ؛ کہیں ایسا نہ ہو کہ ؛ اس خوف سے کہ ؛ بصورت ؛ خدانخواستہ ؛ کہیں ۔

let, v.t. اجازت دینا ؛ رُخصت دینا ؛ داخل ہونے ، گُزرنے یا جانے کی اجازت دینا ؛ کرائے پر یا پٹے پر دینا ؛ سبب ہونا ، کرانا (جیسے :Let me hear you sing) ؛ فعل امر میں معاون کے طور پر تجویز ، حُکم ، ایما یا تنبیہہ کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : Let him try to resist . Let's accept . Let me go!) ؛ جانے دینا ؛ نکلنے دینا ؛ کرنے دینا ؛ ہونے دینا ؛ برداشت کرنا؛ گوارا کرنا ؛ چھوڑنا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا ۔ (فعل لازم) کرایہ پر دیا جانا ؛ مانع ہونا ۔

let down, مایُوس کرنا یا بے وفائی کرنا ۔

let off, معاف کرنا ، چھوڑنا ؛ سزا سے بری الذِّمہ ٹھہرانا ؛ مستثنٰی کرنا ۔

let on, بہانہ کرنا ؛ ظاہر کرنا ۔

let up, کم ہونا ؛ ختم ہونا ؛ تھمنا۔

let, n. بعض کھیلوں مثلاً ٹینس میں گیند کے راستہ میں مداخلت ، جس کی وجہ سے وہی ضرب دوبارہ لگائی جائے گی یا دوبارہ کھیلا جائے گا ۔ (قدیم) رُکاوٹ ، روک ؛ ممانعت ؛ سد ؛ مزاحمت ؛ امتناع ؛ روک ٹوک ۔

letdown, n. مایُوسی ؛ بے نیازی ؛ کمی ، تخفیف ، گھٹاؤ۔ (طیرانیات) کسی طیّارے کا گشت کی بلندی سے تیرتے ہوئے اُتار جو زمین پر اُترنے کی تیّاری کے لیے ہوتا ہے ؛ اُتار ؛ نزول ۔

lethal, a. مہلِک ؛ قاتِل ؛ جان لیوا ؛ ضرر رساں؛ مُضِر ؛ ہلاکت آفرین ؛ مرگ آور۔

lethality, n. مُہلِک ہونے کی حالت، ہلاکت آفرینی۔

lethally, adv. مہلک طور پر ؛ جان لیوا طور پر ؛ مرگ آور انداز میں ۔

lethal gene, lethal factor, n. (جینیات) مُہلِک عامل ؛ غالب یا راجع مورثہ (gene) جو کسی بھی جسم نامی (organism) کو اس کی زندگی کے کسی بھی مرحلے میں متأثّر کر کے موت سے ہم کنار کر سکتا ہے ؛ مُہلک مورثہ ؛ مُہلک جین ۔

lethargic, lethargical, a. غنودہ، اونگھتا ؛ خواب آلود ، سُست؛ آلکسی ؛ غافل ۔

lethargically, adv. غفلت سے ۔

lethargy, n. غُنُودگی ؛ غفلت ؛ آلکس ؛ سُستی ؛ بے دلی ؛ غیر فِطری غُنُودگی ؛ بے عملی ؛ بے توجہی ؛ خواب آلودگی ۔ (امراضیات) گہری نیند جس سے کسی شخص کو بمشکل جگایا جا سکتا ہو ؛ سبات ؛ کوما ۔

lethargize, v.t. سُلانا ؛ غافل کرنا ۔

Lethe, n. (یونانی اساطیری) بُھول ندی ؛ جُوئے فراموشی ؛ دریائے فراموشی؛ پاتال لوک کی ایک ندی جس کا پانی پینے والے میں فراموشگاری یا نسیان پیدا کرتا ہے ؛ فراموشگاری ؛ نسیان ؛ بُھول ۔

Lethean, a. جوئے فراموشی سے منسوب ، فراموش کُن۔

let's, let us کا مُرخّم ۔

letter, n. مراسلہ ؛ خط ؛ حرف ، اکھر ؛ وہ علامت یا نِشان جو کسی آواز کی نمائندگی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ عِلامت جو حرفِ صحیح یا حرف عِلّت کے لیے استعمال ہو ؛ نامہ ؛ چِٹھی ؛ مکتُوب ؛ عِلم ؛ عِلمیت ؛ مطالِعہ ؛ تحریری یا مطبوعہ پیغام ؛ اسکول کی کسی سرگرمی ، (اکثر ورزشی نوعیت کی) میں حصّہ لینے کا انعام ۔ (طباعت) اکہرا ٹائپ یا حرف ؛ ٹائپ کا خاص انداز؛ ٹائپ مجموعی طور پر ۔ (جمع) عِلم ؛ فضل ؛ تبَحُّر (جیسے :a man of letters)؛ ذِی عِلم ؛ عَالِم ؛ علامہ ؛ انشا پرداز ؛ علمی شغَف رکھنے والا ؛ صاحبِ قلم ؛ اہلِ قلم ؛ (فعل متعدی) حُرُوف لکھنا ؛ نقش کرنا ۔ (فعل لازم) اسکول کی سرگرمی میں حصہ لینے پر انعام کے طور پر سند کا مِلنا ۔

the letter, لفظی معنی ؛ مصدری معنی ۔

letterer, n. کاتِب ؛ خطّاط ۔

letter carrier, n. ڈاکیہ ؛ قاصد ؛ نامہ بر ؛ ہرکارہ ؛ خُطُوط رساں ؛ چِٹھی رساں ۔

lettered, a. عالِم ؛ ماہرِ ادب ؛ ادِیب ؛ عِلم سے متعلّق یا حروف سے مُزیّن ۔

letterhead, n. سرخط ؛ سرنامہ ؛ کاغذ پر مطبُوعہ عُنوان ، عموماً جس سے کسی کاروباری ادارہ کا نام اور پتا ظاہر ہو ؛ ایسے عنوان کا حامل تختۂ کاغذ ؛ وہ کاغذ جس پر خط بھیجنے والے کا نام اور پتا چَھپا ہوتا ہے ۔

lettering, n. نقاشی ؛ چھپائی ؛ حُرُوف بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ تحریر ، کتابت ؛ حُرُوف جو اس عمل سے بنائے جائیں ۔

letterman, n. سندیافتہ ؛ حامِل سند ؛ طالبِ علم جسے اپنے اسکول کے لیے عِلمی یا کھیل کود کے میدان میں غیر معمولی کارنامہ انجام دینے پر اعزازی سند سے نوازا جائے۔

letter of credit, n. اعتبار نامہ ؛ بنک کی چِٹھی یا صداقت نامہ جو کسی شخص کو اس بات کا حق دیتا ہے کہ وہ ایک خاص رقم اس بنک یا اس سے ملّحق کسی بنک سے نکال سکتا ہے ؛ بنک کی چِٹھی جو ایک نام زد شخص کو ایک خاص رقم بطور قرض دیتی ہے ، اس ضمانت پر کہ وہ رقم واپس کر دی جائے گی ؛ اعتباری رقعہ ؛ پرچۂ اعتبار۔

letter of marque, letters of marque, letter of marque and reprisal, n. (تاریخ) اجازت نامہ ؛ (یورپی) حکومتوں کی طرف سے عام شہریوں کو جاری کیا جانے والا اجازت نامہ یا تحریری اختیار کہ وہ دُشمن کے تجارتی جہازوں کو پکڑنے اور لُوٹنے کا مجاز ہے ؛ دُشمن کا جہاز لوٹنے کا پروانہ (خاص طور پر مشرقی سمندروں میں) ۔

letter-perfect, a. اپنے حصّے ، سبق یا ایسی ہی کسی چیز کو ازبر کرنے والا ؛ لفظ بلفظ ، بعَینہ ، بجِنسِہ ۔ (متعلّق فعل) (تحریر یا حفظ) جامِع انداز میں یا پوری طرح ۔

letter press, n. (طباعت) حرفی طباعتِ ؛ اِلفاظ جو اُبھرے ہوئے حروف سے چھاپے گئے ہوں ؛ حرفی مطبع ؛ لیٹر پریس ۔ (برطانوی) چھپائی یا مطبوعہ مواد برخلاف تصاویر کے ۔

letters of administration, n. (قانون) سند اہتمام ؛ پروانۂ انصرامِ تولیّت ؛ ایک عدالتی اختیار جو کسی خاص شخص کو کسی مُتوفّی کی جائیداد کا انتظام تفویض کرتا ہو۔

letters of credence, letter of credence, n. اعتماد نامہ ؛ وُہ اسناد جو کسی سفیر یا سفارتی رُکن کو دُوسرے مُلک میں پیش کرنے کے لیے مہیّا کی جائیں جن میں اس کے اپنے مُلک کی نمائندگی کے اختیار کی توثیق کی گئی ہو ؛ سندِ سفارت ؛ سند نمائندگی ؛ خطِ

اِعتماد ۔

letters patent, n. (قانون) شاہی سند ؛ سندِ استحقاق ؛ ایک سرکاری دستاویز جو کسی فِعل کا کامِل حق اور اختیار عطا کرے ، عموماً ایک خاص چیز یا ایجاد کے بنانے اور فروخت کرنے کا یگانہ حق ؛ اسناد شاہی ؛ فرمانِ شاہی ؛ وثیقۂ تحفّظِ حق ؛ پروانہ ۔

letters testamentary, n. (قانون) دستاویز وصیت ؛ تحریری عدالتی پروانہ جو وصی کو وصیت پر عمل کرنے کا اختیار دے ؛ سندِ وصیّت ۔

Lettish, Latvian, a. لیٹس (بالٹک کے قرب و جوار میں رہنے والے) یا ان کی زبان سے متعلّق ۔ (اسم) لیٹس کی زبان ۔

Lett, n. لیٹ ؛ اس قوم کا فرد جو بُحیرۂ بالٹک کے مشرقی ساحل پر یا اس کے قریب رہتی ہے؛ ان کی زُبان ۔

lettuce, n. کاہو ؛ مخلوط خاندان کی ایک عام سبزی ، جس کے پتّے کھائے جاتے ہیں اور سلاد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں؛ جنسِ کاہو کی کوئی قسم ۔ (عوامی) زر کاغذی ۔

letup, n. (بول چال) خاتمہ؛ تَوَقُّف؛ گھٹاؤ؛ تخفیف ۔ (فعل لازم) کم ہونا؛ ٹھہرنا؛ ختم ہونا ۔

leucine, leucin, n. (کیمیا) لیوسین ؛ سفید قلمی امینوایسڈ جو کئی طریقوں سے بنتا ہے ، بالخصوص جسم میں لحمیہ کے لبلبی انہضام سے ۔

leucite, n. لیوسائٹ ؛ ایلومینم اور پوٹاشیم کے سِلیکیٹ کی حامِل سفید یا خاکستری دھات جو بعض شُعلہ گیر آتش فشاں چٹانوں میں پائی جاتی ہے ؛ سفید کچدھات ؛ ابضیہ ۔

leucitic, a. اس دھات سے متعلّق ۔

leucomaine, n. (حیاتی کیمیا) لیوکومین ؛ نائٹروجن کے بعض زہریلے مُرکبّات میں سے ایک جو حیوانی نسِیج میں تحول کی ذیلی پیداوار کی حیثیّت میں پائے جاتے ہیں ۔

leucoplast, n. (نباتیات) لیوکوپلاسٹ ؛ ایک بے رنگ خلیہ مایہ (plastid) جو پودوں کے مختلف اَقسام کے خلیوں میں نشاستہ ساز مرکز کی حیثیت سے کام کرتا ہے؛ نشاستہ گر ۔

leukemia, leucemia, n. (امراضیات) سرطانِ خون ؛ کثرت خلیات ابیض ؛ خون کی ایک مُہلک بیماری جس میں خون کے سفید ذرّات کی تعداد میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے ۔

leukemic, a. سرطان خون سے متعلّق ۔

leukocyte, leucocyte, n. (فعلیات) خلیۂ ابیض ؛ خُون کا ایک سفید جسمیہ ؛ ایک خون بے رنگ کا خلیہ جو چھوت اور جرثومے سے دفاع کرنے میں سرگرم رہتا ہے اور کبھی کبھار جسم کی نسیجوں میں پایا جاتا ہے ؛ سفیدِ دانۂ خون ۔

leukocytic, leucocytic, a. خون کے سفید ذرے سے متعلّق ۔

leukocytosis, leucocytosis, n. (فعلیات) بیاضُ الدّم ؛ خُون کے سفید ذرّات کی تعداد میں عارضی اضافہ جو عموماً چُھوت سے پیدا ہوتا ہے اور سرطانِ خون کی علامت نہیں ہوتا ۔

leukocytotic, a. سفید ذرّات خون کے اضافہ سے متعلّق ۔

leukoma, leucoma, n. (امراضیات) سمکیہ ؛ پُھلّی ؛ پھولا ؛ آنکھ کے قرنیے کی سفید دھندلاہٹ ؛ بیاض ۔

leukopenia, leucopenia, leukocytopenia, n. (فعلیات) قِلّت خلیات ابیض ؛ خون میں سفید ذرّات کی شدید قِلت ۔

Leuckopenic, a. سفید ذرّاتِ خون کی قِلّت سے متعلق ۔

leukorrhea, leukorrhoea, leucorrhea, leucorrhoea, n. (امراضیات) سِیلان الرِّحم ؛ پرسوت ؛ لیکوریا ؛ رحم سے سفیدی مائل رطوبت کا اخراج جو اِمتلائے خون کا نتیجہ ہوتا ہے ۔

leukorrheal, leukorrhoeal, a. سیلان الرحم سے متعلّق ۔

leukosis, leucosis, n. (بیطاری امراضیات) برص ؛ متعدّد امراض میں سے کوئی ایک جو سفید ذرات خون کی پیدایش کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

leukotic, a. بَرصی ۔

Levalloisian, Levallois, a. (بشریات) لیوالوزی ؛ ایک واضح ثقافتی روایت سے متعلّق جس کو قدیم حجری دَور سے متعلّق بیان کیا جاتا ہے اور یہ اس خاص تکنیک کی وجہ سے مُمتاز ہے جو چقماق سے آلات بنانے میں استعمال ہوتی تھی ۔

Levant, n. لَیونٹ ؛ مشرقی بحیرۂ روم اور بحیرہ آژ کے سواحل سے مُلحق ممالک جن میں شام ، مصر اور اسرائیل شامل ہیں ۔ (چھوٹے l سے) نادہند ۔ (عموماً بڑے L سے) ایک قسم کا اعلیٰ درجے کا مراکشی چمڑا جس پر نمایاں دانے ہوتے ہیں ، یہ مشرقی بحیرۂ روم کے علاقہ میں تیّار کیا جاتا ہے ، اسے Levant morocco بھی کہتے ہیں ۔

levant, v.i. (برطانوی) چپکے سے فرار ہو جانا ؛ بالخصوص قرض ادا کیے بغیر ۔

levanter, n. جو قرض ادا کرنے سے بچے ، نادہند ۔

levanter, n. پُرزور ہوا جو بحیرۂ رُوم کے علاقہ میں مشرقی سمت میں چلتی ہے ۔ (بڑے L سے) مشرقی بحیرۂ روم کے علاقے کا باشندہ ۔

Levantine, a. لیونٹی ؛ مشرقی بحیرۂ رُوم اور اس کے ساحل کے علاقہ اور ممالک سے متعلّق ۔ (اسم) اس علاقے کا باشندہ ؛ ساکِن لیونٹ ۔

Levantinism, n. لیونٹ اِزم ؛ اس علاقے کی خصوصیت ۔

levator, n. (تشریح الاعضا) عضلۂ رافعہ ، ایک عضلہ جو جسم کے کسی حصّے کو اوپر اٹھاتا ہو ۔ (جرّاحی) ایک آلہ جو کھوپڑی کے دبے ہوئے حصّہ کو اُوپر اٹھانے کے کام آتا ہے ؛ رافع ۔

levee, n. پشتہ ، بند جو دریا کے پانی کو کناروں سے نکلنے سے روکے ؛ کشتیوں کے لنگر انداز ہونے کی جگہ ؛ کوئی پشتہ؛ چھوٹے کڑاڑوں اور اُبھری ہوئی چٹانوں کا سلسلہ جو آب پاشی کے لیے پانی کے بہاؤ کو محدود رکھنے کے لیے ہوتا ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) پُشتہ بنانا یا بننا ۔

levee, n. دربار شاہی ؛ کسی شہزادے یا بڑی شخصیت کی طرف سے صبح کی استقبالیہ تقریب (جیسے : a presidential levee at the White House) ؛ زمانہ سابق میں کسی اعلیٰ عہدے پر فائز شخص کا بستر سے اٹھ کر ملاقاتیوں کا استقبال کرنا ۔ (برطانوی) صرف مردوں کے لیے دربار عام جو سہ پہر کے آغاز میں منعقد ہوتا تھا ۔

level, n. سطح ؛ سطح پیما ؛ سطح نُما ؛ گُنیا ؛ لیول ؛ ایک آلہ جو اُفقی سطح کے تعیّن کے لیے مسّاح اور بڑھئی استعمال کرتے ہیں ؛ وہ آلہ جس میں اسپرٹ ہوتا ہے ؛ ایسے کسی آلے سے ارتفاع کے

اختلاف کی پیمایش ؛ افقی حالت ؛ اُفقی حالت یا سطح جس میں کوئی چیز واقع ہو اپنے ارتفاع کے حوالہ سے (جیسے : flying at the level of the clouds) ؛ ایک چپٹی یا افقی سطح،بالخصوص زمین ؛ ہموار سطح ؛ رُتبہ ، مقام، مرتبہ، قدر (جیسے : a social level)؛ حد یا درجہ یا سطح (جیسے : level of education) ۔ (صفت) جس کا کوئی حِصّہ دُوسرے سے بلند نہ ہو؛ ہموار سطح کا حامل؛ اُفق کی سطح کے متوازی سطح کا حامل؛ اُفقی؛ دوسرے یا دوسروں کے ساتھ ایک ہی افقی سطح پر واقع ؛ مُسطّح ؛ ہم پایہ ؛ ہم پلہ ؛ ایک سا؛ برابر؛ صاف ؛ ایک سار؛ ہمسر؛ یک رنگ ؛ ہم آہنگ ؛ ہموار یا یکساں (جیسے : level abilities) ؛ یکساں طور پر تقسیم شدہ ۔ (بول چال) پُرسُکون اور دماغی طور پر متوازن ، اکثر مرکبات کی صورت میں مستعمل ہے (جیسے : level-headed) ۔ (فعل متعدی) ہموار ، یکساں، چپٹا اور برابر کرنا ، جیسے کسی سطح کو ؛ منہدم کرنا، گرانا یا تباہ کرنا ؛ کسی خاص سطح یا اُفقی سطح کے مطابق اُونچا یا نیچا کرنا؛ ایک سا کرنا ؛ مسطّح کرنا ؛ ایک سا بنانا ؛ سیدھا کرنا ؛ مسطّح بنانا ؛ مطابق کرنا ؛ مطابق بنانا ۔ (مجازاً) کسی خاص مقام تک اونچا یا نیچا کرنا؛ عام سطح تک لانا؛ عدم مساوات دُور کرنا یا کم کرنا جیسے سماجی مرتبے یا زمین کے ملحقہ ٹکڑوں کی؛ ہموار یا یَکساں چڑھانا جیسے رنگ؛ کسی ہدف کا نشانہ لینا ، رخ کرنا یا اشارہ کرنا جیسے ہتھیار سے ۔ (مساحت) باہمی ارتفاع تلاش کرنا ، جیسے زمین کے مختلف ٹکڑوں کا خصوصاً مساحتی آلۂ اُفق نما سے ۔ (فعل لازم) ایک ہی سطح یا سیدھ پر ہونا (عموماً with کے ساتھ مستعمل ہے)؛ اشیا یا اشخاص کو عام سطح پر لانا ؛ نشانہ لینا مثلاً ہتھیار سے ۔ (عوامی) سچا ہونا یا راست باز ہونا ۔ (مساحت) افق نما آلات استعمال کرنا؛ سطح درست کرنا؛ مسّاح کا آلۂ افق نُما استعمال کرنا ۔

find its level, find one's level, قُدرتی یا مناسب سطح یا مقام پر آنا ، وہ اونچا ہو یا نیچا (جیسے : Water always finds its level) ۔

one's level best, اپنی پوری حد تک ؛ اپنی انتہائی حد تک ۔

on the level, (عوامی) دیانت دار یا قابل اعتبار ۔

levelly, adv. ہمواری سے ؛ یکسانی سے ۔

levelness, n. ہمواری ؛ یکسانی ۔

level crossing, n. (برطانوی) ہم سطح گزرگاہ ؛ درجہ گُزار ۔

leveler, Brit. leveller, n. مساوات پسند ؛ ہموار کرنے والا ؛ یکساں کرنے والا ، عُموماً وہ جو تمام آدمیوں کو ایک عام سطح پر لائے یا سماجی یا دُوسرے امتیازات مٹائے ۔

level-headed, a. سلیم الطبع ؛ باشُعور ؛ فہیم ؛ ہموار طبیعت کا ؛ معتدل مزاج ۔

level-headedness, n. سلامتیٔ طبع ، سمجھ ؛ ذہنی توازُن ۔

levelling rod, n. تسطیحی چھڑی ؛ ایک درجہ بند ڈنڈا یا چھڑی جو مسّاح کے آلۂ افق نُما کے سلسلے میں بلندیوں کی پیمایش کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

lever, n. لیور ؛ بیرم ؛ اُٹھانے یا حرکت دینے کے لیے استعمال ہونے والی سلاخ ؛ ایک سلاخ یا سخت ٹکڑا جو ایک مُقررہ محور یا نصاب کے گرد گھومتا ہے ؛ ایک سِرے پر قوّت لگانے سے دُوسرے ہونے کے بوجھ کو اُٹھاتا یا سہارتا ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) بیرم سے حرکت دینا یا بیرم کا استعمال کرنا ۔

leverage, n. بیرمی نظام ؛ بیرم کا عمل ؛ میکانی مفاد یا بیرم کے استعمال سے حاصل کردہ قوّت ؛ بیرمی عمل ؛ بیرموں کا جوڑ ؛ عمل کرنے کی اضافہ شدہ قوّت (جیسے : He wielded enough leverage to get the bill passed) ۔

leveret, n. بچۂ خرگوش ؛ وہ خرگوش جو اپنی زندگی کے پہلے سال میں ہو ؛ یک سالہ خرگوش ۔

leviathan, n. عفریت دریائی ؛ ایک بحری عفریت جس کا ذکر عہد نامۂ قدیم میں آیا ہے ؛ کوئی عظیمُ الجُثّہ آبی جانور جیسے وہیل ؛ کوئی چیز بالخصوص بہت بڑی جسامت کا جہاز ؛ عفریتِ بحری ؛ بہت بڑی چیز ؛ عظیمُ الشّان چیز ۔ (صفت) بڑا ، عظیم ؛ دیو قامت؛ دیو پیکر ۔

levigate, v.t. پیس ڈالنا ؛ سُرمہ بنانا؛ لئی بنانا ؛ پیسنا؛ گھوٹ ڈالنا؛ مَہین کرنا ۔ (صفت) (نباتیات) بے بال؛ بے مُو ۔

levigation, n. پیسنے کا عمل ؛ پسائی ۔

levigator, n. پیسنے والا ؛ پیسن ہار ۔

levirate, n. ازدواجِ دیور یا جیٹھ ؛ قدیم یہودی قانُون جس کے مطابق ایک بے اولاد بیوہ اپنے خاوند کے بھائی سے شادی کرتی تھی ؛ ایسی شادی ۔

leviratic, leviratical, a. ایسی شادی سے متعلّق ۔

Levis, n. بھاری چُست ڈَینم کی پتلون جس میں ایسے مقامات پر کیلیں یا بُھلیّاں جڑی ہوتی ہیں، جہاں زیادہ زور پڑتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

levitate, v.i. ہوا میں اُٹھنا یا تیرنا ، مُبینّہ طور پر کسی مافوقُ الفطرت طاقت کے ذریعے جو تجاذُب پر غالب آ جاتی ہے ۔ (فعلِ متعدّی) ہوا میں اُٹھانا یا ترانا ۔

levitation, n. ہوا میں پرواز ؛ سُبکی ؛ صعُود ؛ اِرتفاع ۔

levity, n. سبکساری ؛ نامناسب یا زیادہ برزہ سرائی ؛ مناسب سنجیدگی کا فُقدان ؛ اوچھا پن ؛ سُبکی ؛ ناسمجھی ؛ ہلکا پن ۔

levorotation, n. بائیں طرف یا گھڑی کی سمت کے خلاف گھماؤ ۔ (بصریات ، قلمیات) روشنی کی سطحِ تقطیب کی بائیں طرف گردش ؛ چپ گردانی ۔

levorotatory, levo, a. چپ گردان ۔

levulose, n. (کیمیا) قندِ میوہ ؛ شکر میوہ ۔ دیکھیے fructose ۔

levy, n. محصول ؛ اختیار یا طاقت کے ذریعے دولت ؛ فوج کی بھرتی ؛ محصول کی تحصیل یا لگان کی وصولی ۔ (فعل متعدی) (محصول وغیرہ) عائد کرنا ؛ محصول یا چندے کے طور پر وُصول کرنا ؛ اُگاہنا ؛ مال گزاری یا مالیہ عائد کرنا ؛ فوج بھرتی کرنا ۔ (فعل لازم) ٹیکس کا لگنا ۔

leviable, a. قابل محصول ؛ قابل جبری بھرتی ۔

levier, n. محصول وصول کرنے والا ؛ تحصیل دار ۔

lewd, a. غُنڈا ؛ شہوت پرستی یا عیّاشی کی طرف مائل ؛ بدکار ؛ فُحش ؛ ناشایستہ یا غیر مہذّب جیسے زبان یا گیت ؛ گندا ؛ نفس پرست ؛ لُچّا ؛ بد ؛ ذلیل ۔

lewdly, adv. شہوت پرستی سے ؛ مستی سے ؛ شہوت سے ؛ بدمعاشی سے۔

lewdness, n. شہوت پرستی ؛ نفس پرستی ؛ عیّاشی۔

lewis, lewisson, lewisiron, n. (فن تعمیر) لیوس ؛ رافع سنگ ؛ ایک قسم کی فاختہ دُم چول جوتراش میں پتھر کے کُندے کے سال (شگاف) میں لگائی جاتی ہے اور کندہ کو آلۂ جرِّ ثقیل کے ساتھ جوڑ کر پتھر کو اُٹھانے اور حرکت دینے کا کام لیا جاتا ہے ؛ پتھر کش ؛ بھاری پتھر اٹھانے کی مشین یا آلہ۔

lewisite, n. ایک بھاری روغنی سیّال جو پہلی جنگ عظیم میں کیمیائی حربے کے طور پر استعمال کرنے کے لیے تیّار کیا گیا ؛ اس سے جلن ، سوزش اور نسیجوں کی تباہی ہو جاتی تھی۔

lex, n. (قانون) lexical , lexicon کا مُرخم۔

lexical, a. لُغوی ؛ لُغتی ؛ الفاظ یا زبان کے ذخیرۂ الفاظ سے متعلق جو قواعد میں نحو سے مختلف شق ہے ؛ لغت سے متعلّق یا لغت کی نوعیّت کا ؛ لُغت نگاری سے متعلق ، لغت نگارانہ۔

lexicality, n. لغتیت۔

lexically, adv. لُغت کے انداز میں ؛ لُغوی طور پر۔

lexical meaning, n. لُغوی معنی ؛ لفظی معنی ؛ کسی لفظ ، صوتیے یا مفرد لفظ کے لفظی معنی یا تعریف ؛ ان الفاظ یا مفرد الفاظ کے معانی کے مقابلہ میں ، جو دُوسرے الفاظ یا مفردات کے ساتھ ترکیب پانے کی صُورت میں پیدا ہوں۔

lexicographer, n. مؤلّفِ لُغت ؛ لُغت نویس ؛ لُغت نگار ؛ فرہنگ نویس ؛ جامعِ قاموس ؛ مدوّن لغت۔

lexicography, n. تالیفِ لُغت ؛ فرہنگ نویسی ، لُغت نویسی ، لُغت نگاری ؛ لُغت نگاری کا پیشہ ؛ جمعِ قاموس ؛ تدوین لغت۔

lexicographic, lexicographical, a. لُغت نگارانہ۔

lexicographically, adv. لغت نگار کے انداز میں ؛ لُغت نگاری کے طور پر۔

lexicon, n. لُغت ، فرہنگ ؛ لُغت عموماً یونانی ، عبرانی یا لاطینی زبان کی ؛ مخصوص ذخیرۂ الفاظ جو کسی پیشے ، سرگرمی یا دلچسپی کے شُعبے سے متعلّق ہو۔ (لسانیات) کسی بھی زبان میں شامل تمام صوتیے یا مفردات ۔

Leyden jar, n. (برق) لیڈنی مرتبان ؛ ایک شیشے کا مرتبان جو اندر باہر سے چوٹی کے تیسرے حِصّہ تک قلعی شُدہ ہوتا ہے تا کہ اسے فوراً سکونی برق سے چارج کیا جا سکے ۔

li, n. لی ؛ لمبائی کی پیمایش کی ایک چینی پیمانہ جو قریباً ایک تہائی میل کے برابر ہوتا ہے ۔

liability, n. ذمّہ داری ؛ جواب دہی ؛ قانونی طور پر ذِمّہ دار ہونے کی حالت یا حقیقت ؛ وہ حد جس تک کوئی ذمّہ دار ہو جیسے قرض کے لیے ؛ کسی ممکن یا اغلب چیز کے سلسلے میں ذمّہ دار یا مشروط ہونے کی حالت ؛ امکان (جیسے : liability to disease) ؛ رکاوٹ یا خامی ۔ (عموماً جمع) فرائض یا مالی ذمّہ داریاں ۔ (کھاتہ داری) فردِ بقایا کے اندراجات جو قرضوں کی نشان دہی کریں ؛ (اثاثوں (assets) کے برعکس) ۔

liable, a. مستوجب ؛ سَزاوار ؛ نتائج کا جواب دہ ؛ قانونی طور پر نقصان پورا کرنے کا ذمّہ دار ؛ مُکلّف ؛ کوئی ناپسندیدہ کام کرنے پر مائل ؛ اثر پذیر ؛ زیر اثر یا کُھلا ہوا (جیسے : liable to disease) (بول چال) مُمکن ؛ امکان کا حامل (جیسے : liable to rain) ؛ دین دار ؛ قابل مواخذہ ۔

liaison, n. (عسکری) رابطہ ؛ مسلح افواج کے دستوں میں ربط یا معاونت کا تعلّق تا کہ مربُوط کارروائی کی جا سکے ؛ اسی طرح کا تعلّق جو کِسی تنظیم کے حُصُول میں برقرار رکھا جائے (جیسے : a manufacturers' liaison) ؛ ارتباط ؛ اِتّصال ؛ آشنائی ؛ تعارُف ؛ اٹ سٹ ؛ تعلُّق ؛ میل جول ؛ ربط ضبط ؛ میل ملاقات ؛ مرد اور عورت کے درمیان ناجائز تعلّق ۔ (صوتیات) عموماً آخری خاموش حرفِ صحیح کا بیچھے آنے والے لفظ سے تعلّق جو حرفِ علّت کی صوت سے شروع ہوتا ہو ۔ (طبّاخی) گاڑھا پن ، جیسے پھینٹے ہوئے انڈوں اور کریم کا جو چٹنیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

liana, liane, n. لیانا ؛ چڑھنے والی پیچدار بیل جس کی جڑ زمین میں ہوتی ہے ، چوبی صُورت میں یہ گرم علاقوں کے جنگلوں کی اور جڑی بوٹی کی شکل میں مُعتدل منطقوں کی پیداوار ہے ۔

lianoid, a. لیانا نُما ؛ بیل دار ۔

liar, n. جُھوٹا ؛ دروغ گو ؛ کاذِب ؛ جو جھوٹ بولتا ہو یا دانستہ جُھوٹے بیان دیتا ہو ؛ لپاڑ شخص ۔

Lias, n. (ارضیات) زیریں ترین پرت ؛ یورپ کے جُرّاسی دور کی چٹانوں کے سلسلے کا سب سے نچلا حصّہ ۔

Liasic, a. سب سے نچلی تہ سے متعلّق ۔

libation, n. کسی دیوتا کی نذر کے طور پر شراب یا کوئی اور رقیق شے گرانے کا عمل ، بالخصوص قدیم یونانیوں اور رُومیوں کی رسم جو قربانی پیش کرتے وقت ادا کی جاتی تھی ؛ ڈالی گئی شراب ؛ مزاحاً الکوحل یا کوئی اور تیز مشروب جو بالخصوص تیوہار کے موقع پر پیش کیا جائے یا اس سے لُطف اٹھایا جائے ۔

libational, libationary, a. دیوتا کی نذر سے متعلّق ۔

libel, n. توہین ، اہانت ، ہتک ؛ بدنام کُن تحریر یا اظہار ۔ (قانُون) کوئی معاندانہ تحریر یا بیان جو اپنے ہدف کو لوگوں کی نظر میں حقیر یا نشانۂ تضحیک بناتا ہو ؛ ایسی تحریر شائع کرنے کا فعل ؛ وہ پروانہ (writ) جس میں مدعی کے الزامات شامل ہوں ۔ (فعل متعدی) کسی کے خلاف بدنام کُن تحریر شائع کرنا ؛ ایسی تحریر کے ذریعے بدنام کرنا ؛ تَمسخُر اڑانا ؛ مضحکہ اڑانا ؛ ہجو کرنا ؛ توہین کرنا ؛ ہتک کرنا ؛ رُسوا کرنا ؛ عَیب لگانا ؛ تُہمت لگانا ۔

libelant, Brit. libellant, n. (قانون) عدالت میں توہین کا مُقدمّہ دائر کرنے والا ؛ مُدعی ؛ مستغیث ۔

libelee, Brit., libellee, n. (قانون) مدعا علیه جس کے خلاف توہین کا مقدمہ دائر کیا گیا ہو ۔

libeler, Brit. libeller, n. توہین کا مُرتکب ؛ بُہتان تراش ؛ توہین آمیز مواد شائع کرنے کا مُجرِم ۔

libelous, Brit. libellous, a. رسوا کُن ؛ توہین آمیز ؛ اہانتی ۔

libelously, Brit. libellously, adv. توہین آمیزی سے ؛ ہتک عزّت کے طور پر ۔

liber, n. (نباتیات) زیرِ چھال ؛ اندرونی ریشہ دار چھال ؛ اندرونی نرم چھال کا ایک حصّہ ؛ استر چھال ؛ رس ریشہ ۔

liberal, a. آزاد ؛ آزاد خیال ؛ آزادہ رُو ؛ کُشادہ دل ؛ بے تعصب ؛ فیّاض ؛ وسیع ؛ فُنُون عامہ سے متعلّق ؛ جو فیاضانہ اور کثرت سے دیا گیا ہو ؛ جو لفظی یا باضابطہ نہ ہو جیسے ترجمہ ؛ روادار یا کشادہ دل، بالخصوص مذہب اور سیاست میں ؛ آزاد خیالی سے متعلّق ، ایک سیاسی تحریک کی حیثیت سے ۔ (اسم) مذہبی اور سیاسی معاملات میں روادار شخص ؛ جو قدامت پسندی اور روایت پرستی کا پابند نہ ہو۔ (اکثر بڑےL سے) اصلاحی سیاسی جماعت کا رُکن ۔

liberally, adv. آزادانہ طور پر ؛ فیّاضی یا کُشادہ دلی سے ؛ آزادی سے ؛ بے تعصبّی سے ؛ کُھلے دل سے ۔

liberalness, n. آزاد خیالی ؛ آزادی ۔

liberal arts, n. فُنُونِ عامہ ؛ ایک عام نصابِ تعلیم جس میں عملی اور تکنیکی نصاب کے برعکس معاشرتی عُلُوم اور فُنُون اور انسانی علوم شامل ہوتے ہیں ؛ فُنُونِ درسی ۔

liberalism, n. آزاد خیالی ؛ حُریّت پسندی ؛ مسلّمہ اُمور کی تبدیلی اور اصلاح کا رُجحان جیسے مذہب اور سیاسیات میں ۔ (اکثر بڑےL سے) سیاسی تبدیلیوں کے حامیوں کے وضع کردہ خاص اُصول ۔ (معاشیات) ایک نظریہ جو حُکومتی نگرانی سے افراد کی آزادی اور کُھلی منڈی کا حامی ہے ۔

liberalist, n., a. حُریّت پسند؛ آزاد خیال ۔

liberalistic, a. حریت پسندانہ؛ آزاد خیالانہ ۔

liberality, n. آزاد خیال یا کُشادہ دل ہونے کی کیفیت ؛ آزاد خیالی ؛ کُشادہ دِلی ؛ فیّاضی ، سخاوت ؛ فیاضیانہ عَطیّہ ۔

liberalize, v.t. آزاد بنانا ؛ آزاد خیال بنانا؛ فراخ یا کُشادہ کرنا ؛ حُریّت پسند بنانا ۔ (فعل لازم) آزاد یا آزاد خیا ل ہونا ؛ حُریّت پسند بننا ۔

liberalization, n. آزاد بنانے کا عمل ۔

liberalizer, n. آزاد بنانے والا ؛ آزاد خیالی کو فروغ دینے والا۔

liberate, v.t. رِہا کرنا ؛ پابندی یا قید سے آزاد کرنا ؛ چُھڑانا ؛ خلاصی دینا؛ الگ کرنا؛ چھوڑ دینا ؛ کسی مُرکّب سے علیحدہ کرنا (جیسے کسی کیمیائی مُرکّب سے)۔

liberation, n. آزادی ؛ خلاصی ؛ مخلصی ؛ چُھٹی ؛ رہائی۔

liberator, n. آزاد کرنے والا؛ آزاد کنندہ؛ آزادی دَہندہ؛ علیحدہ کرنے والا؛ رہا کرنے والا ؛ چھوڑ دینے والا۔

Liberian, a. افریقہ کے مغربی ساحل پر واقع مُلک لائبیریا سے متعلق ، جسے آزاد شدہ امریکی غلاموں نے ۱۸۲۲ء میں نوآبادی بنایا تھا اور جو ۱۸۴۷ء میں جمہوریہ بنا دیا گیا۔ (اسم) لائبیریا کا پیدایشی یا باشندہ۔

libertarian, n. ارادے کی آزادی کے عقیدہ کا حامِل ؛ وہ شخص جو خیال اور رویّے کی آزادی کا حامی ہو۔ (صفت) آزاد خیال ؛ آزادہ رو ؛ آزادی پسند ؛ قائلِ اختیار۔

libertarianism, n. آزاد خیالی ؛ آزادہ روی ؛ آزاد پسندی ؛ اختیاریت ؛ قدریت ؛ (عقیدہ) اختیار۔

liberticide, n. آزادی کُشی ؛ آزادی کی تباہی ؛ آزادی تباہ کرنے والا ، آزادی کُش ؛ قاتل آزادی ۔

liberticidal, a. آزادی کُشانہ ؛ آزادی کی تباہی سے متعلّق ۔

libertinage, n. آزاد خیالی ، آزادہ روی۔

libertine, n. رند مشرب ؛ اخلاقی اور جنسی معاملات میں پابندی سے عاری ؛ آزادانہ اور عیّاش زندگی بسر کرنے والا ؛ بدَ اخلاق ؛ مذہبی معاملات میں آزاد خیال ؛ آوارہ ، مُنکرِ اخلاق۔ (رُومی تاریخ) آزاد شُدہ رُومی غلام۔ (صفت) آزاد خیال ؛ آوارہ ؛ عیّاش ؛ بدکار۔

libertinism, libertinage, n. آزاد خیالی ، آوارگی ؛ بدمعاشی؛ عیّاشی؛ آزاد خیال یا رند مشرب شخص کا کردار۔

liberty, n. آزادی؛ غُلامی ، اسیری یا پابندی سے آزادی ؛ مُطلقُ العنان یا ظالِم حکومت سے آزادی ؛ حُریّت ؛ اختیار ؛ خُودمختاری ؛ بیرونی یا غیر مُلکی راج سے آزادی ؛ اپنی پسند کے مطابق کرنے ، سوچنے اور بولنے کا اختیار اور حق ؛ مختلف سیاسی ، سماجی اور اِقتصادی مراعات کا استحقاق ؛ کسی مقام میں تصرُّف کی آزادی ؛ بے لگامی (عموماً of کے ساتھ) ؛ مامونیت ، رعایت یا حق جو عطا کیا گیا ہو یا مُقرّر کیا گیا ہو ؛ خاص طور پر کسی ملّاح کو ساحل پر جانے کی عطا شُدہ اجازت یا رُخصت ؛ قول و عمل کی ناروا آزادی ۔

at liberty, آزاد ، غیر مصروف یا بیکار ؛ مختار ؛ مجاز ؛ بے قید و بند ۔

take liberties or liberty, بہت آزادانہ یا بے تکلُّفانہ انداز میں عمل کرنا یا بولنا ؛ من مانے کام کرنا ؛ گُستاخی کرنا ؛ بے جا بے تکلُّفی برتنا ؛ جَسارت کرنا ؛ مَن مانی کرنا ؛ بے باک ہو جانا ۔

liberty cap, Phrygian cap, n. ایک نرم چھجّے کے بغیر مخروطی ٹوپی جو آزادی کی علامت کے طور پر مستعمل ہے ؛ اسی طرح کی ٹوپی جو کسی آزاد کردہ آدمی کو قدیم رُوم میں اس کی آزادی کے وقت دی جاتی تھی ۔

libidinous, a. شدید جنسی خواہش کا حامل ؛ شہوت پرست ؛ پُرشہوت ؛ شہوتی ، بُوالہوس ۔

libidinously, adv. شہوت پرستی سے ؛ شہوت پرستانہ طور پر۔

libidinousness, n. شہوت پرستی ۔

libido, n. جنسی جِبلّت ۔ (تحلیل نفسی) وہ جبلتیں اور مہیّجات جو انسانی عمل کا مُحرّک ہوتے ہیں ؛ جنسی طلب ؛ شہوت ؛ حیاتی طلب ۔

libidinal, a. جنسی ؛ جِبلّی ؛ جِنسی محرّک۔

libidinally, adv. جنسی جِبلّی طور پر۔

Libra, n. (فلکیات) بُرجِ میزان ۔ (نجوم) منطقۃُ البروج کا ساتواں نشان جو ترازُو سے مشابہ ہے ۔

library, n. دارالکُتب ؛ کتب خانہ ؛ لائبریری ؛ وہ جگہ جو کتابوں اور دیگر مُطالِعہ اور حوالہ کے مواد کے لیے الگ کر دی گئی ہو ، مثلاً ایک کمرا ، بہت سے کمرے یا کوئی عمارت جو کسی انجمن کے ارکان یا عام لوگوں کے لیے ہو یا تجارتی ادارہ جو کتابیں مستعار دینے کے لیے مخصوص ہو ؛ مُطالِعہ یا حوالہ کے لیے کتابوں یا اسی قسم کے مواد کا ذخیرہ ؛ یکساں نوعیت کے حجم کی مجلدات یا اسی طرح کی کتابوں یا عمارت کا سلسلہ جو ایک ہی اشاعتی ادارے کی جاری کردہ ہوں ۔

librarian, n. مہتمم کتب خانہ ؛ لائبریرین ؛ کتاب دار ، جس نے فنِ کتاب داری پڑھا ہو ؛ وہ شخص جس کی تحویل میں کتب خانہ ہو ؛ امین کُتب خانہ ۔

librarianship, n. کتاب داری ؛ کتاب دار کا عہدہ ۔

library card, library ticket, n. لائبریری کارڈ؛ اجازت نامۂ کُتب خانہ ؛ کتب خانے کی طرف سے مہیّا کردہ کارڈ یا پرچہ جو حامل کو کتب خانے سے کتابیں اور دُوسرا مواد مستعار لینے کا حق دیتا ہے۔

library paste, n. کتابی لئی ؛ ایک سفید گاڑھی چپکنے والی چیز جو نشاستے سے بنائی جاتی ہے اور کاغذ اور گتا جوڑنے کے کام آتی ہے ۔

library science, n. علمِ کتاب داری ؛ کُتب خانوں کے انتظام اور تنظیم کے علم کا مُطالعہ ۔

libration, n. حرکتِ میزانیہ؛ ترازو کے ہلنے کا عمل؛ جُنبشِ ترازُو؛ تولنے کا عمل؛ توازن ۔ (فلکیات) کسی جرمِ سماوی خصوصاً چاند کا حقیقی یا ظاہری اہتزاز؛ تمایُلِ قمر؛ ترقُّص؛ جُنبش ۔

librate, v.i. ہلنا ، حرکت میں ہونا ؛ لرزش میں آنا ؛ جُنباں ہونا ۔

libratory, a. اہتزازی ؛ جُنباں ؛ لرزاں ۔

libretto, n. متن غنائیہ ؛ کسی غنائیہ یا کسی دوسری غنائی عبارت کے الفاظ یا متن ؛ وہ کتاب یا کتابچہ جو اس متن کا حامل ہو ۔

librettist, n. غنائیہ نگار ۔

libriform, a. (نباتیات) ریشۂ چھال نُما ؛ چھال کے ریشوں کی شکل کا حامل یا اس سے مشابہ ۔

Libyan, a. لیبیا کا ؛ شمالی افریقہ کے مُلک لیبیا کا یا اس سے متعلّق ؛ حامی زبانوں کے خاندان کی ایک شاخ سے متعلّق جو قدیم لیبیا میں بولی جاتی تھی ۔ (اسم) لیبیا کا پیدائشی یا باشندہ ؛ لیبیا کی زبانوں میں سے کوئی ایک ۔

license, licence, n. اجازہ ؛ اجازت ؛ پروانگی ؛ اِذن ؛ لائسنس ؛ سندِ اختیار ؛ کوئی کام کرنے یا اس سے پرہیز کرنے کی رسمی اجازت یا اختیار ؛ کسی ہیئتِ مُقتدِرہ کی طرف سے کوئی کام کرنے کی رسمی اجازت یا رعایت جیسے شادی کرنے کی ؛ ایسی اجازت کا صداقت نامہ ؛ سرکاری اجازت نامہ ؛ عمل ، قول اور خیال کی آزادی ؛ جس کی منظوری یا اجازت دی گئی ہو ؛ قانونی یا اخلاقی پابندیوں سے بے اعتنائی ؛ بعض اوقات بے لگامی، عیّاشی ؛ رعایت : کسی ضابطے ، رواج یا حقیقت سے دانستہ انحراف ، مثلاً ادبی یا فنی تأثر کے لیے (جیسے : poetic license) ۔ (فعل متعدی) کوئی کام کرنے کی اجازت دینا ؛ مجاز بنانا ؛ اختیار دینا ؛ روانہ ہونے کی رُخصت دینا ؛ آزادئ عمل کی اجازت دینا ۔

licensable, a. قابلِ اجازت ؛ رعایت پذیر ۔

licensee, Brit. licencee, n. جس کو اجازت دی گئی ہو ، مجاز ؛ اجازت‌یافتہ ؛لائسنس دار ۔

licenser, n. اجازت دینے والا ؛ جواز مہیّا کُنندہ ؛ اجازت دَہندہ ؛ لائسنس دہندہ ۔

license plate, Brit. number plate, n. نمبر پلیٹ ؛ گاڑی پر لگی ہوئی دھات کی تختی جس پر اعداد یا حروف درج ہوتے ہیں جو سرکاری رجسٹریشن کی علامت ہے ۔

licentiate, n. سندیافتۂ جامعہ ؛ سندیافتہ ، اجازہ دار ؛ وہ شخص جس نے کسی جامعہ وغیرہ سے کوئی فن یا پیشہ اختیار کرنے کی سند حاصل کی ہو ؛ بعض یورپی جامعات میں بیچلر اور ڈاکٹر کے درمیان کی سند (ڈگری) ۔

licentiateship, n. اجازہ داری ۔

licentious, a. قانون یا اخلاق کی قیُود سے آزاد بالخصوص جنسی رویے میں ؛ شہوت پرست ؛ عیّاش ۔

licentiously, adv. عیّاشی سے ؛ پابندی کے بغیر ؛ بے لگامی سے ۔

licentiousness, n. عیّاشی ، اخلاق باختگی ؛ اوباشی ۔

lichee, n. دیکھیے : Litchi .

lichen, n. (نباتیات) کائی ؛ اُشنہ ؛ ان مُرکّب پودوں کے گروہ میں سے کوئی ایک جو فُطرات میں بحری کائی کے ساتھ تالُوسی جسم کی شکل میں ہم حیاتی اِتّحاد سے بنتے ہیں کہ ان کا ڈنٹھل پتّے سے الگ نہیں ہوتا ، یہ کسی قدر سبز ، خاکستری ، زرد ، بھُورے یا کسی قدر سیاہ قشر نما پیوندوں کی صورت میں چٹانوں ، درختوں اور اسی طرح کی دُوسری چیزوں پر پیدا ہوتے ہیں ۔ (امراضیات) گرمی دانے ، انہوڑیاں ؛ پھوٹ پڑنے والی مختلف جلدی بیماریوں میں سے کوئی ایک جو کائی سے مشابہ ہوتی ہیں ۔ (فعل متعدی) گرمی دانوں سے بھرنا ۔

lichenous, lichenose, a. کائی کا ، اُشنی ؛ گرمی دانوں والا ۔

lich gate, lych gate, n. عیسائیوں کے مسقّف قبرستان کا دروازہ تا کہ رُسُومِ تدفین کے پہلے حصّہ کے دوران اس میں جنازہ رکھا جاسکے ۔

lichi, n. دیکھیے : Litchi ۔

licit, a. قانُونی ؛ جائز ۔

licitly, adv. قانونی طور پر ، جائز طور پر ۔

lick, v.t. چاٹنا یا کسی سطح پر زبان پھیرنا (جیسے : to lick a spoon) ؛ زبان کے ذریعے لینا یا کھانا (عموماً from , off , up کے ساتھ ، جیسے : licking up the spilled milk) ؛ زبان کی ضربات سے کرنا یا لانا (جیسے : lick the platter clean)؛ نرمی سے لپکنا یا کھیلنا جیسے ، موجوں یا شُعلوں کا ۔ (بول چال) مارنا ، پیٹنا یا کوڑا مارنا جیسے سزا کے طور پر؛ لڑائی میں غالب آنا؛ سبقت لے جانا یا بڑھ جانا۔ (اسم) زبان سے چاٹنے کا عمل؛ کسی چیز پر زبان کی ضرب؛ قلیل مقدار ، جو زبان سے اٹھائی جا سکے ؛ وہ جگہ جہاں جنگلی جانور قدرتی طور پر نکلنے والا نمک چاٹنے کے لیے از خود جمع ہوتے ہیں ۔ (بول چال) ضرب ، مختصر اور تیزوار ؛ زور ، ہمّت مثلاً دوڑ میں ۔

a lick and a promise, سطحی یا عاجلانہ کام جیسے آئندہ بہتر کارکردگی کے وعدہ کے ساتھ ۔

lick into shape, مناسب صورت یا حالت میں لانا (جیسے : lick a manuscript into shape for printing) ۔

lick one's chops, ہونٹ چاٹنا ؛ بیتابی سے انتظار کرنا (جیسے خوراک کا) ۔

licker, n. چاٹنے والا ۔

lickety-split, adv. (عوامی) بہت جلدی سے ؛ بہت عجلت میں ۔

licking, n. (بول چال) مارپیٹ ؛ شکست ؛ مارنے والے کا عمل ، زدوکوب ۔

lickspittle, n. وہ شخص جو چاپلُوسی کے ذریعے فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہو ؛ خُوشامدی ؛ چاپلُوس ؛ کاسہ لیس ۔

licorice, liquorice, n. مُلٹھی ؛ اصل السوس ؛ پھلی والا پودا ، اس پودے کی میٹھی جڑ یا رس کا جوہر دواؤں اور مٹھائیوں میں ذائقہ

پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ رُبُ السُوس ۔

licorice stick, n. مِٹھائی کا ٹُکڑا جس میں مُلٹھی کی مہک دی گئی ہو۔ (عوامی) کلارینٹ (ایک ساز) ؛ الغوزہ ۔

lictor, n. تبردار ؛ رُومی چوبدار ؛ ایک رومی عہدہ دار جس کے عُہدے کی علامت ایک تبر ہوتا تھا اور وہ چیف مجسٹریٹ کے دربارِ عام میں خدمت انجام دیتا تھا ۔

lid, n. ڈھکن ؛ ڈھکنا ؛ سرپوش ؛ حرکت پذیر چیز جو الگ ہو یا جس میں قبضے لگے ہوں اور کسی برتن کا مُنھ بند کرنے کا کام دے ؛ نقل پذیر ڈھکنا ؛ پپوٹا ؛ سرپوشہ ۔ (عوامی) ہیٹ ؛ ٹوپی ۔ (بول چال) قیمتوں وغیرہ پر پابندی یا روک کا ذریعہ ۔

lided, a. ڈھکن والا ؛ بند ۔

lidless, a. بے ڈھکن ؛ کُھلا ۔

lidar, n. (موسمیات) ترقی یافتہ نظریے یا تصوُّر پر مبنی ریڈار نظام جس میں لیزر شُعاعیں استعمال ہوتی ہیں ۔

lido, n. غسل کا عُمدہ تفریحی مقام ۔ (بڑے L سے) بحیرہ ایڈریاٹک میں ایک اطالوی جزیرہ جو وینس کے نزدیک واقع ہے ۔

lie, v.i. لیٹنا مثلاً بستر پر ؛ پڑ جانا یاایسی حالت میں ہونا (جیسے : to lie down on a coach) ؛ اُفقی یا چت حالت میں رہنا مثلاً کوئی بے جان چیز ؛ واقع ہونا یا دھرا ہونا (جیسے : land lying along the coast) ؛ کسی خاص سمت میں ہونا جیسے کوئی سڑک یا راستہ ؛ بے عملی یا پوشیدگی کی حالت میں ہونا یا رہنا (جیسے : to lie in ambush) ؛ بیکار رہنا ، غیر مستعمل ہونا ؛ دفن ہونا جیسے قبر میں ؛ زندہ ہونا یا موجود ہونا (عموماً in کے ساتھ) ؛ جاری رہنا یا پھیلنا ؛ آرام کرنا ، دبانا یا وزن ہونا (on اور upon کے ساتھ) ۔ (قانون) قابلِ برداشت یا قابلِ قُبول ، جیسے کوئی کام یا مرافعہ ۔ (قدیم) رات بسر کرنا ؛ قیام کرنا یا عارض طور پر ٹھہرنا ۔ (اسم) انداز، متعلقہ حالت یا سمت جس میں کوئی چیز پڑی ہو ؛ جگہ جہاں کوئی پرندہ، چوپایہ یا مچھلی لیٹنے یا چھپنے کی عادی ہو ۔

lie low, چُھپا رہنا ۔

lie, v.i. جُھوٹ بولنا یا دانستہ غلط بات کرنا، جیسے بالارادہ دھوکا دینے کے لیے ؛ جُھوٹی بات کا ظاہر کیا جانا یا غلط اثر پُہنچانا ۔ (فعل متعدی) جھوٹ بول کر کُچھ حاصل کرنا (جیسے : to lie oneself out of difficulty) ۔ (اسم) فریب دینے کے اِرادہ سے دیا گیا جُھوٹا بیان ؛ نادانِستہ جُھوٹ ؛ دھوکا ؛ ریا ؛ فریب ؛ چھل؛ کوئی بات جس کا مقصد غلط اثر پیدا کرنا ہو؛ جھوٹ بولنے کا الزام یا تہمت ۔

give the lie to, جھوٹ بولنے کا الزام لگانا؛ قطعی تردید کرنا ۔ (مجازاً) جُھوٹا معلوم ہونا یا جھوٹ نظر آنا (جیسے : His actions gave the lie to his profession) ۔

lie in one's throat or teeth, مُنھ پر جھوٹ بولنا، صاف حقیقت کو جُھٹلانا ۔

lie by, v.i. بے عملی یا آرام کی حالت میں رہنا ۔

lied, n. ایک جرمن گیت، نغمہ یا مثنوی ۔

Liederkranz, n. لائیڈر کرانز ؛ ایک نرم چرپرا پنیر جو لمبرگر (Limburgar) سے مشابہ ہے ۔ (تجارتی نام) ؛ جرمن سُرُود خوانوں کی انجمن یا منڈلی بالخصوص جو محض مردوں پر مشتمل ہو ۔

lie detector, n. دروغ گیر ؛ کِذب شناس ؛ جھوٹ پکڑنے کا آلہ ؛ ایک آلہ جو زیرِ تفتیش شخص کے طبیعی تغیرات مثلاً فشارِ خون ، رفتار نبض وغیرہ کا سُراغ لگاتا اور ان کو منضبط کرتا ہے تا کہ ان کے ذریعے اس کے جوابات کے جُھوٹ یا سچ ہونے کی حقیقت معلوم ہو سکے ؛ کاشفِ دروغ ۔

lie down, v.i. تھوڑا سا آرام کر لینا ؛ اپنے فرض میں غافل یا ناکامیاب ہونا ؛ غلط استعمال کی عادت ہونا ۔

lief, a. (قدیم) محبوب یا پیارا ؛ خُوش یا رضامند ۔ (متعلق فعل) رضامندی سے ؛ خُوشی سے ۔

liege, a. متوسّل کی حیثیت سے اپنے جاگیر دار آقا کا وفادار اور خدمت گزار ؛ جاگیر دار آقا کی طرح مزارع سے خدمت لینے کا استحقاق رکھنے والا ؛ مُتوسّل اور جاگیر دار کے مابین تعلُق کے بارے میں ؛ وفا دار ؛ ایماں دار ۔ (اسم) جاگیر دار ؛ مُتوسل/مزارع ؛ رعایا جیسے کسی حاکم کی ۔ نیز liegeman ۔

lie in, v.i. درد ہونا ؛ دردزہ میں مُبتلا ہونا ، زچہ خانے میں ہونا ۔

lien, n. (قانون) قانونی دعویٰ یا مُطالبہ ؛ کسی شخص کی جائیداد بطور ضمانت ، کسی مطالبہ کی ادائیگی یا تحفظ کے لیے رکھنے یا فروخت کرنے کا حق جو کسی دوسرے شخص کو حاصل ہو ؛ حقِ دعویٰ ، حَقِ قبضہ ؛ استحقاق ۔ (دفتر) حقِّ عود ؛ حَقِّ واپسی ؛ حَقِ مراجعت ۔

lientery, n. (امراضیات) سنگرہنی ؛ اسہال کی ایک قسم جس میں خوراک غیر منہضم حالت میں خارج ہوتی ہے ۔

lie over, v.i. آئندہ کارروائی کا منتظر رہنا ؛ اگلے عمل کے انتظار میں ہونا ۔

lierne, n. (فن تعمیر) گاتھی طرز تعمیر کی محراب جوڑنے والی چھوٹی ڈاٹ ۔

lie to, v.i. (جہاز رانی) جہاز کا تقریباًاس طرح ساکن ہونا کہ اس کا سرا جہاں تک ممکن ہو ہواکے رخ سے قریب ہو ۔

lieu, n. (قدیم) جگہ ، مقام ۔

in lieu of, کی جگہ ، بجائے ۔

lieutenancy, n. نیابت ؛ نائب کا عُہدہ ، مرتبہ ، اختیار یا منصب ۔

lieutenant, n. نائب ؛ لیفٹیننٹ ؛ فوجی یا غیر فوجی افسر جو اپنے اعلیٰ افسر کی غیر حاضری میں اس کا قائم مقام ہو ؛ فوج میں کَمِشنڈ افسر جو کیپٹن سے نیچے ہوتا ہے ؛ نائب کپتان ؛ بحریہ کا کمشنڈ افسر جو لیفٹیننٹ کمانڈر(نائب کماندار) سے دُوسرے درجے پر ہوتا ہے ۔

lieutenant colonel, n. لیفٹیننٹ کرنل ؛ فوجی افسر جو عُہدے میں کرنل سے نیچے ہوتا ہے ؛ نائب کرنیل ۔

lieutenant commander, n. لیفٹیننٹ کمانڈر ؛ بحریہ کا افسر جو عہدہ میں کمانڈر سے نیچے ہوتا ہے ؛ نائب کماندار ۔

lieutenant general, n. لیفٹیننٹ جرنل ؛ فوجی افسر جو عہدہ میں جرنیل سے نیچے ہوتا ہے ؛ نائب جرنیل ۔

lieutenant governor, n. لیفٹیننٹ گورنر ؛ نائب گورنر ؛ ایک منتخب ملکی عہدے دار جو گورنر سے نیچے ہوتا ہے اور گورنر کی غیر حاضری یا اس کے مستعفی ہونے یا وفات پانے کی صورت میں

اس کے فرائض انجام دیتا ہے ۔ (برطانوی) deputy governor ۔

lieutenant junior grade, n. نچلے درجے کا لیفٹیننٹ ؛ بحریہ کا کمشنڈ افسر جو عُہدہ میں لیفٹیننٹ سے نیچے ہوتا ہے ۔

life, n. زندگی ، جیون ؛ حیات ؛ جان ، زِیست ؛ کسی جانور یا پودے کی وہ حالت جس میں اس کے اعضا اپنے وظائف ادا کرنے کے قابل ہوں یا جس میں وظائف کی ادائی مستقل طور پر رک نہ گئی ہو ؛ زندہ وجُود یا قُوّت ؛ وہ مُدّت جس میں یہ حالت جاری رہے ؛ پیدایش سے موت تک کی مُدّت ؛ موت کے بعد رُوحانی زندگی ؛ وہ مُدّت جس کے دوران کوئی چیز موجود یا مفید رہے (جیسے :life of the machine) ؛ کسی شخص کی حالت یا حالاتِ زندگی ؛ سوانِح عُمری ؛ زندگانی ؛ زندگی بسر کرنے کا انداز ، اسلُوب یا طریقہ ؛ سماجی ماحول اور اس کی خصوصیات (جیسے : high or low life) ؛ جو چیز زندہ یا بحال رکھتی ہو (جیسے : the life of the party) ؛ زندگی بسر کرنے کی خاص صُورت یا پہلو (جیسے : adult life ، social life) ؛ زندگی بخش یا مُحرّک اُصُول ؛ زندگی یا زندہ دلی ، توانائی ؛ اصلی یا طبعی زندگی (نقلی یا مصنوعی زندگی کے مقابلے میں)؛قیدی کی بقیہ حیات تک کے لیے قید کی سزا ؛ عُمر قید ؛ زندہ شخص ؛ مجموعی طور پر انسان کسی بھی تعداد میں (جیسے : a great loss of life) ؛ کسی شخص کی زندگی کا تَذکرہ ؛ سوانح حیات یا یادداشت ؛ انسانی معاملات ؛ دُنیا میں اشیا کا طریق یا طرز حیات (جیسے : Well, that's life) ۔ (صفت) زندگی بھر کا ؛ زندہ وجود سے متعلق یا اس کے بارے میں (جیسے : life forces) ؛ زندہ نمونہ کے مطابق کام کرنے والا (جیسے : a life drawing) ۔

bring to life, زندگی کی طرف لانا ؛ زندہ کرنا ، زندگی بخشنا ؛ زندگی کے خصائص پیدا کرنا ۔

for dear life, انتہائی کوشش یا رفتار سے ۔

for life, موت تک ؛ تادمِ مرگ ۔

life belt, n. (جہاز رانی) حیاتی پیٹی ؛ مُحافِظِ زندگی ، زندگی محفوظ کرنے والی ایک چیز جو پیٹی سے مشابہ ہوتی ہے ؛ بچاؤ پیٹی ۔

lifeblood, n. (مجازاً) لازمۂ حیات ؛ جو چیز زندہ رہنے کے لیے ضروری ہو ؛ رُوحِ رواں (جیسے :Electricity is the lifeblood of industry) ۔

lifeboat, n. بچاؤ کَشتی ؛ ضروری لوازم اور خوراک وغیرہ سے لیس کَشتی جو ڈُوبتے لوگوں کو بچانے کے لیے بنائی جاتی ہے اور اسے ہنگامی حالت میں استعمال کرنے کے لیے جہاز میں رکّھا جاتا ہے ؛ زندگی بچاؤ کَشتی ۔

life buoy, n. بچاؤ ترنا ؛ ڈُبن روک ؛ مختلف شکلوں کی ایک ترانے والی چیز جو لوگوں کو پانی کے اوپر رہنے یا تیرنے میں مدد دیتی ہے حتیٰ کہ ان کو بچا لیا جاتا ہے ۔

life cycle, life history, n. دائرۂ حیات ؛ دَورِ حیات ؛ افعال و اعمال کا مکمّل سلسلہ جس سے کوئی نظامِ اعضا اپنی زندگی کے دوران میں گزرتا ہے ؛ حالاتِ زندگی ؛ دَورِ زندگی ۔

life expectancy, n. مُتوقّع عُمر ؛ شماریاتی امکان رکھنے والا وہ عرصہ جس کے دوران انسان کے زندہ رہنے کی اُمید ہو ۔

life-giving, a. زندگی بخش ؛ حیات آفریں ؛ قُوّت بخش ؛ حیات آور ۔

lifeguard, n. محافظِ زندگی ؛ زندگی بچاؤ ؛ وہ ماہر پیراک جو حوض یا ساحل پر غُسل کرنے والوں کو ڈوبنے سے بچانے کے لیے ملازم رکھا گیا ہو ۔

life history, life cycle, n. (حیاتیات) حیاتی مراحل ؛ وہ تمام مظاہر جو ایک نظامِ اعضا ، حالت بیضہ سے جنینی مراحل ، بلوغت ، تولید اور موت تک ،ارتقائی صُورت میں پیش کرتا ہے ۔

life insurance, n. بیمۂ زندگی ؛ رقم جو معاہدے کے مطابق نامزدہ شخص کو بیمہ شُدہ شخص کی موت پر ادا کی جائے یا خُود بیمہ شدہ شخص کو ادا کی جائے بشرطیکہ وہ مُقرّرہ عمر تک زندہ رہے ؛ پالیسی یا معاہدہ جو اس تحفُّظ کی شرائط کا حامل ہو ؛ زندگی کا تحفظ فراہم کرنے کا کاروبار ۔

lifeless, a. زندگی سے محروم ، مُردہ ؛ بے جان ؛ غیر نامی ؛ زندگی یا رُوح سے عاری ؛ افسُردہ ؛ بھاری ؛ بے حرکت و عمل ؛ بے حیات ۔

lifelessly, adv. بے جان طور پر ۔

lifelessness, n. بے جانی ؛ عدمِ زیست ۔

lifelike a. حیات وش ؛ زندگی سے مشابہ یا مُحرّک زندگی ؛ حقیقی زندگی کا تاثّر دینے والا (جیسے :a life like description , a lifelike picture or statue) ۔

lifelikeness, n. زندگی نُمائی ۔

life line, n. بچاؤ رسّی ؛ ڈگمگاتے ہوئے جہاز یا ڈُوبتے شخص کو بچانے کے لیے پھینکا ہُوا رسّا ؛ وہ رسّی جو غوطہ خور کو اُوپر لانے یا نیچے بھیجنے کے لیے ہوتی ہے ؛ جان بچانے کی رسّی ، خاص کر وہ رسی جو جہاز کے حفاظتی جنگلے کے طور پر کام آئے ؛ رسد کا راستہ ؛ کوئی ناگُزیر باربرداری کا راستہ جو کسی ویران علاقے تک ضروری اشیا لے جانے کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (دست شناسی) ہاتھ میں ہتھیلی کو پار کرتے ہوئے ایک ٹیڑھی وَتری لکیر جو مبیّنہ طور پر زندگی کی مُدّت اور واقعات ظاہر کرتی ہے ؛ زندگی کی لکیر ؛ خطِّ حیات ۔

lifelong, a. تازیست ؛ عُمر بھر کا ، زندگی بھر کا ؛ زندگی بھر جاری رہنے والا ۔

life net, n. شبکِ حیات ؛ زندگی بچاؤ جال ؛ ایک مضبوط جال یا اس طرح کی کوئی چیز جس کو آگ بجھانے والے یا دُوسرے لوگ تھامے رکھتے ہیں تا کہ جلتی ہوئی عمارت سے چھلانگ لگانے والوں کو بچایا جا سکے ۔

life of Riley, n. (عوامی) زندگی کا لااُبالی انداز ۔

life peer, n. دارالامرا کا مقرر کیا ہُوا رُکن ، جو موروثی خطاب نہیں ہے ۔

life peerage, n. دارالامرا کی رُکنیّت ۔

life preserver, n. محافظِ زندگی ؛ حفاظتی جیکٹ ، پیٹی یا اس طرح کی کوئی اور چیز جو لوگوں کو پانی میں غرق ہونے یا ڈوبنے سے بچانے کے لیے ہو ۔ (برطانوی ، عوامی) ایک چھوٹی بھاری چھڑی جو ہتھیار کے طور پر استعمال کی جائے ؛ بحری قزاقوں کا سیاہ جھنڈا یا ڈُنڈا (عصا) ۔

lifer, n. (عوامی) عمر قیدی ، وہ شخص جس کو عمر

قید کی سزا دی گئی ہو یا یہ سزا بھگت رہا ہو ؛ حبسِ دوام ۔

life raft, n. زندگی بچاؤ تختہ ؛ وہ تختہ جو ہنگامی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے ، جب مسافروں اور جہاز کے عملہ کو لازماً جہاز چھوڑنا پڑے ۔

lifesaver, n. زندگی بچانے والا ؛ وہ شخص جو دُوسرے کی زندگی بچائے جیسے ڈوبنے سے ؛ جان بخش ۔ (مجازاً) وہ شخص یا چیز جو ضرورت کے وقت کام آئے ۔ (زیادہ تر برطانوی) محافظِ زندگی ۔

lifesaving, n. زندگی کا بچاؤ ؛ تحفُّظِ زندگی ؛ جان بخشی ۔ (صفت) مُحافظِ زندگی ؛ جان بخش ؛ زندگی بچاؤ ۔

life-size, life-sized, a. اصلی چیز یا زندہ شخص کے قدوقامت کا ؛ پورے قد کا (جیسے : a life-size picture) ۔

lifetime, n. مُدّت العمر ؛ وہ مُدّت جب تک کوئی زندہ رہے ؛ مُدّت زندگی ؛ عرصۂ حیات ؛ زمانۂ حیات ۔

lifework, n. کارِحیات ؛ زندگی بھر کا کام یا محنت یا کمائی ؛ کاروبارِ حیات ؛ زندگی بھر کا کیا دھرا ۔

lift, v.t. زمین سے اوپر لے جانا یا اٹھانا ؛ کسی سہارے سے ہوا میں بُلند کرنا یا طاقت و قُوّت کے استعمال سے اونچا کرنا ؛ اُوپر اُٹھانا (جیسے : to lift the eyes) ؛ پکڑ کر اونچا کرنا یا دکھانا؛ عُہدہ ، مرتبہ ، وقار ، منصب یا عزت بڑھانا؛ بُلند کرنا یا عزّت دینا ؛ اُبھارنا ، اُونچا کرنا ؛ بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ مدد دینا ؛ اُٹھانا ؛ اُوپر لانا ؛ سہارا دینا ؛ہمت بڑھانا (اکثر up کے ساتھ) ؛ اوپر بھیجنا یا بلند کرنا کہ سنا جا سکے (جیسے : lift a cry) ؛ ادا کرنا جیسے زر رہن ۔ (جرّاحی) جُھرّیاں دور کرنے یا عُمر کے آثار مٹانے کے لیے چہرے پر عمل جَرّاحیٰ کرنا ؛ چہرے کی ایسی جرّاحی کرانا ؛ کھودنا جیسے پودے کا ؛ بند کرنا یا منسوخ کرنا جیسے کسی رُکاوٹ ، محاصرے یا توپ خانہ کے فائر کو ۔ (گالف) دوبارہ تلاش کر لینا جیسے گیند کا ؛ قوس بلند کرنا (جیسے گالف کی ضرب کی) ۔ (بول چال) چوری کرنا یا لُوٹنا ؛ سرقہ کرنا ۔ (فعل لازم) اُوپر کو حرکت کرنا یا بُلند ہونا ؛ اُوپر اٹھنا اور منتشر ہونا جیسے بادل یا دھند ؛ بہتر حالت میں آ جانا (جیسے : a mood that lifted) ؛ کسی چیز کو اٹھانے کی کوشش میں کھینچنا یا زور لگانا ؛ پہنچنے پر اُفق تک بلند ہو کر نظر میں آنا جیسے سمندر سے دیکھی جانے والی زمین ۔ (اسم) اُٹھانے ، بلند کرنے یا بلند ہونے کا عمل ؛ لفٹ ؛ وہ فاصلہ جس سے کوئی چیز اٹھائی جائے ؛ اُٹھانے یا بلند کرنے والی قُوّت ؛ بوجھ یا وزن جو اُٹھایا گیا ہو ۔ (مجازاً) بُلندی پر یا آگے جانے کے لیے مدد یا سہارا (جیسے : a lift to one's fortunes) ؛ کسی گاڑی میں سواری بالخصوص وہ جو پیدل چلنے والوں کی مدد کے لیے ہو ؛ بُلندی یا ترقی ، جیسے احساس کی ؛ سر کا اُوپر اٹھانا ؛ زمین کا اُبھار یا فراز ، بلندی ؛ اٹھانے کا آلہ یا اوزار ۔ (زیادہ تر برطانوی) اٹھانے والا ، حمّالہ ، نقالہ ؛ مرفاع ؛ چمڑے کی تہوں میں سے کوئی ایک تہ جن سے جوتے کی ایڑی بنتی ہے ؛ کچ دھات کی تہ یا پرت جو اکہرے عمل سے کان سے نکالی جائے ؛ ہوا کی حرکی قُوّت جو طیّارے کو بلند رکھتی ہے ۔ (بول چال) چوری ، دُزدی ، چوری کا واقعہ ؛ سرقہ ۔

lifter, n. اُٹھانے والا ؛ رافع ؛ اٹھاؤ قُوّت ۔

lift-off, n. بردوشِ ہوا ہونے کا عمل ؛ کسی راکٹ گاڑی کا اپنے اڈے سے الگ ہو کر عموداً اُوپر جانے کا عمل ؛ طیّارے کا زمین چھوڑ کر اُوپر جانے کا عمل (اس کا اطلاق بالخصوص ہیلی کاپٹر پر ہوتا ہے) ؛ وہ لمحہ جب کوئی طیّارہ یا خلائی گاڑی ہوا کے دوش پر رواں ہونے لگتا ہے ۔

lift pump, n. اٹھاؤ پمپ ؛ رافع پمپ ؛ ایسا پمپ جو سیّال کو اوپر اٹھاتا ہے لیکن اسے طاقت سے خارج نہیں کرتا (یہ force pump سے مُختلف ہوتا ہے) ۔

lift truck, n. اُٹھاؤ گاڑی ؛ موٹر یا ہاتھ سے چلنے والا ٹرک جو سامان لادنے ، اُتارنے اور لانے لے جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ligament, n. (تشریحُ الاعضا) رباط ؛ ریشہ دار نسیج کی مضبوط پٹّی جو ہڈّیوں کو جوڑ پر ملاتی ہے یا جسم کے اعضا کو ان کے صحیح مقام پر رکھتی ہے ؛ جو کسی چیز کو یا کسی حصّے کو دوسرے سے باندھتا یا جوڑتا ہے ؛ بندھن ، بند ۔

ligamentous, ligamental, a. رابطی ؛ بند یا بندھن کی نوعیت کا ۔

ligan, n. دیکھیے : Lagan ۔

ligate, v.t. باندھنا جیسے ڈوری سے ؛ باندھنا جیسے خون اُگلتی ہوئی شریان کو ؛ پٹّی باندھنا ۔

ligation, n. بندش ؛ پٹّی ؛ باندھنے کا عمل ؛ بندھن ۔

ligative, a. بندھن سے متعلّق ؛ بندشی ؛ پٹّی کے بارے میں ۔

ligature, n. شریان بندی ؛ باندھنے کا عمل ؛ کوئی چیز جو باندھتی ہو ؛ ڈوری ؛ تسمہ ؛ پٹّی یا بند ، رباط ؛ جوڑ ۔ (موسیقی) گٹکری اور اس سے مربوط سُر ۔ (طباعت) دو یا زیادہ حروف جو جوڑ کر اکٹھے ڈھالے گئے ہوں مثلاً fi, ae یا fl؛جڑواں حُروف ۔ (جرّاحی) دھاگا، تار یا اس طرح کی کوئی چیز جس سے جریانِ خُون روکنے کے لیے کوئی خون کی رگ باندھی جائے یا خون روک کر رسولی وغیرہ دور کرنے کے لیے ۔ شریان بندی ۔ (فعل متعدی) باندھنا ؛ پٹّی باندھنا ؛ بند کرنا ۔

light, n. روشنی ؛ نُور ؛ ضیا ؛ ضَو ؛ چمک ؛ جَوت ؛ بِینائی ، بصارت ؛ وہ شے جو چیزوں کو دیدنی بناتی ہے یا روشن کرتی ہے ۔ (طبیعیات) اِشعاعی توانائی کی ایک صورت جو بصری اعضا پر عمل کرتی ہے ، ۱۸۶۳۰۰ میل فی ثانیہ کی رفتار سے حرکت کرتی ہے اور لہروں یا امواج کی صورت میں ۴۰۰۰ سے ۷۷۰۰ انگسٹروم طول کی حامل ہوتی ہے ؛ اِشعاعی توانائی کی ایسی ہی ایک صورت جیسے بالا بنفشی یا زیر سُرخ شعاعیں جو قرنیہ کو متاثّر نہیں کرتیں ؛ روشن کُن عامل یا ذریعہ جیسے سورج ؛ چراغ ؛ بتّی ؛ کسی خاص ذریعہ سے روشنی ، اشعاعیت یا تنویر (جیسے : electric light) ؛ بجلی کی روشنی ؛ سُورج کی تنویر یا دِن کی روشنی ؛ صُبح کا اجالا ؛ نُمودِ سحر یا دن کا وقت ؛ چراغاں ؛ تابانی ؛ روشنی کا پیمانہ یا فراہمی (جیسے : a wall which cuts off light) ؛ اعضائے نظر کی تحریک سے پیدا ہونے والی سَنسنی ؛ خاص تنویر جس میں کوئی چیز خاص شکل اختیار کر لیتی ہے (جیسے : viewing a portrait in various lights) ؛ کسی چیز یا منظر پر روشنی ڈالنے کا اثر جیسا کسی تصویر میں پیش کیا جاتا ہے ؛ ایک پہلو جس میں کوئی چیز ظاہر ہوتی ہے یا سمجھی جاتی ہے (جیسے : He viewed the experience in an amiable light) ؛ دیدنی ہونے یا دیکھے جانے کی حالت یا لوگوں کی توجُّہ یا علم کے لیے ظاہر ہونے کی کیفیت انکشاف (جیسے : to bring secret information to light) ؛ ذہنی یا رُوحانی تنویر یا بصیرت (جیسے : the light of knowledge) ؛ وہ شخص

جو ایک روشن یا درخشان مثال ہو (جیسے : a light of the legal profession) ؛ نیّر۔ (جمع) خبر، نظریات یا ذہنی استعداد (جیسے : to act according to one's lights) ؛چمک ؛ روشنی جیسے آنکھوں کی ؛ آگ جلانے کا ذریعہ جیسے چنگاری ، شُعلہ یا دِیا سلائی ؛ کھڑکی یا کھڑکی کا شیشہ یا کھڑکی کا خانہ ؛ ٹریفک کا اِشارہ ؛ روشنی کا مینار۔ (قدیم) بینائی؛ بصارت۔ (صفت) روشن ، منور، روشنی کا حامل، چمکدار (جیسے : the lightest room in the house) ؛ زرد ، کسی قدر سفید یا جو رنگت میں زیادہ گہرا یا تاریک نہ ہو ؛ زردی مائل سفید گُوں ، ہلکا (جیسے : light green) ۔

bring to light, come to light,
ظاہر کرنا یا ظاہر ہونا ؛ دکھانا ؛ بتا دینا ؛ روشنی ڈالنا ؛ فاش کرنا۔

in light of,
روشنی میں ، پیش نظر (جیسے : In light of the circumstances his decision appears correct) ۔

see the light,
وجود میں آنا ؛ منظرِ عام پر آنا ؛ باخبر ہونا یا سمجھنا ؛ آنکھ کھولنا ؛ جنم لینا ؛ پیدا ہونا ۔

light, v.i.
آگ پکڑنا یا روشن ہونا (جیسے : Kindling which would light easily) ؛ پائپ ، سگار یا سگرٹ سُلگنا (عموماً up کے ساتھ مستعمل)؛ چمکدار ہونا جیسے روشنی یا رنگ سے (up کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ زندہ دلی یا خوشی سے روشن ہونا ، چمک اٹھنا (up کے ساتھ مستعمل ، جیسے : Their faces light up with happiness)۔(فعل متعدی) روشن کرنا یا جلانا ، جیسے آگ ، شمع ، دِیا سلائی ، سگار کا ؛ بتّی اونچی کرنا جیسے لمپ کی ؛ روشنی مہیا کرنا یا چراغاں کرنا (جیسے : to light a house with electricity) ؛ چمکانا جیسے روشنی یا رنگ سے یا جان ڈالنا (اکثر up کے ساتھ ،جیسے : Happiness lit up her face)؛روشنی سے راہنمائی کرنا ، راستہ دکھانا یا راہبری کرنا (جیسے : This lantern will light you on your way) ۔

light, a.
ہلکا ؛ سبک ؛ رقیق ؛ کم وزن (جیسے : a light load)؛ جسامت یا حُجم کے لحاظ سے کم وزن ؛ کم کثافت اضافی کا (جیسے : light metal, liquid or gas) ؛ عام یا اوسط وزن سے کم (جیسے : light clothing, light artillery) ؛ مناسب اور معیاری مقدار سے کم وزن کا ؛ معمولی طور پر کثیف (جیسے : a light vapor, or haze) ؛ مقدار ، قُوّت اور شِدّت میں کم (جیسے : light rain, light sleep) ؛ جس میں کم دماغی محنت درکار ہو ؛ ، جو گہرا ، سنجیدہ یا بھاری نہ ہو (جیسے : light reading, light opera, a light comedy) ؛ جس کا برداشت کرنا ، جس سے نپٹنا یا جسے ادا کرنا آسان ہو (جیسے : light affliction,light taxes, light duties) ؛ خفیف معاملہ ؛ چھوٹی بات ، کم اہم (جیسے : a loss which was a light matter) ؛ غم اور فکر سے آزاد (جیسے : a light heart) ؛ ہنس مُکھ ؛ خوش وخُرم ؛ چونچال یا پُرمذاق (جیسے : a light laugh) اچھّی خمیر دار یا اسفنجی ، جیسے روٹی ؛ کم الکحل والی جیسے بیئر یا شراب ؛ زُود ہضم جیسے غذا؛ مسام دار اور ریتلی (زمین) ؛ نرم ، ملائم یا محتاط (جیسے : a light combing) ؛ دیکھنے میں دھان پان یا نازُک (جیسے : a light drinker) ؛ ہلکا پھلکا یا سبک رو (جیسے : a light graceful figure) ؛ نازُک خرام ، پُر تبخیر ؛ حباب کی مانند نازک ؛ تیز یا طرار (جیسے : light as a bubble; a light leap)؛غیر مستحکم یا متزلزل (جیسے : to be light of love or purpose) ؛ سراسیمہ یا پریشان دماغ (جیسے : to be light-headed) ؛ من موجی ، بے عصمت (جیسے : a light woman) ؛ کم وزن جو تیز حرکت کرنے کے لیے بنایا گیا ہو (جیسے : a light sailing vessel) ۔ (عسکری) سادہ ہتھیاروں سے مسلّح (جیسے : light cavalry) ۔ (صوتیات) نرم یا غیر مؤکد حرف عِلّت یا حرف صحیح کا ۔ (پوکر) جوئے میں مقروض ۔ (متعلق فعل) کسی قسم کے وزن یا بار کے بغیر؛ کوئی شے ساتھ لیے بغیر (جیسے : Walking light since his confession, to travel light) ۔

light, v.i.
اُترنا جیسے گھوڑے سے ، چھت سے یا گاڑی وغیرہ سے ؛ اُترنا ؛ نیچے آنا ؛ آرام کرنا یا کسی معاملے پر فیصلہ ہونا ؛ زمین پر آنا یا اترنا ؛ اتفاقاً آنا یا واقع ہونا ؛ ڈھونڈنا یا ضرب لگانا (on یا upon کے ساتھ ، جیسے : to light on a good deal) ؛ خلاف توقُع پڑنا ، لگنا جیسے ضرب ۔

light into,
(بول چال) گالی گلوچ کرنا یا جسمانی یا لفظیطور پرحملہ کرنا ۔

light out,
(عوامی) روانہ ہونا یا تیزی سے بھاگ جانا ۔

light adaptation, n.
(علمِ چشم) توافقِ نور ؛ زیادہ روشنی کے سامنے آنکھ کی پُتلی کا سکڑاؤ ، جو اسے زیادہ بہتر کارکردگی کے قابل بناتی ہےاور شبکیہمیں کام کرنے والے مخروطوں اور عصایوں کی تعداد میں تبدیلی پیدا کرتی ہے ۔

light air, n.
(موسمیات) ہلکی ہوا؛ بیو فورٹ پیمانے کے مطابق وہ ہوا جس کی رفتار ایک سے تین میل فی گھنٹہ ہو۔

light breeze, n.
(موسمیات) ہلکی نسیم؛ نرم صبا ؛ وہ ہوا جس کی رفتار بیو فورٹ پیمانے کے مطابق چار سے سات میل فی گھنٹہ ہو۔

lighten, v.i.
روشن ہونا؛ کم تاریک ہونا؛ زیادہ چمکیلا ہونا ؛ چمکنا ؛ بجلی کے جھماکے دینا ؛ تابندہ ہونا ؛ لہکنا ؛ دمکنا ؛ چم چم کرنا ؛ درخشاں ہونا۔ (فعل متعدی) روشن کرنا یا صاف کرنا ؛ کسی شے سے تاریکی دُور کرنا ؛ جگمگانا ؛ چمکانا ؛ رنگ وغیرہ چمکانا ؛ نُورانی کرنا ؛ نورانی بنانا ۔

lighten, v.t.
ہلکا یا کم وزن کرنا ؛ وزن ہٹانا ؛ کم کرنا ؛ کم وزنی کرنا یا وزن گھٹانا ؛ بوجھ اتارنا ؛ کم تکلیف دہ بنانا ؛ رفع کرنا ؛ دُور کرنا (جیسے : to lighten his worries) ؛ حوصلہ بڑھانا یا خوش کرنا ؛ خُوشی دینا ۔ (فعل لازم) ہلکا ہونا ، وزن کم ہونا ؛ کم تکلیف دہ ہونا ؛ کم شدید ہونا ؛ کیفیت یا انداز میں بہت خوش دکھائی دینا ۔

lighter, n.
لائٹر؛ روشن کرنے والا ، جلانے والا ؛ کسی چیز کو جلانے کا میکانی یا برقی ذریعہ (جیسے : a cigarette lighter) ۔

lighter, n.
بارگیر ؛ بارگیر کَشتی ؛ ایک اُتھلا بجرا جو جہاز میں مال لادنے یا اُتارنے یا تھوڑے فاصلے تک باربرداری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) بجرے میں سامان لادنا ۔

lighterage, n.
بارگیری ؛ اُجرتِ بارگِیری ؛ لدائی ؛ بجرے کے ذریعے جہازوں پر مال لادنے یا جہازوں سے مال اُتارنے کا عمل ؛ اس کام کی اُجرت ۔

lighter-than-air, a.
(طیرانیات) ہوا سے ہلکا ؛ ہوا سے کم کثافتِ اضافی کا حامل جیسے غبارہ یا ہوائی جہاز ؛ ایسے ہوائی جہاز کے بارے میں یا اس سے متعلق ۔

lightface, n.
(طباعت) خفیٰ حُروف ؛ ٹائپ کے حروف جو

ہلکی اور پتلی لکیروں کی وجہ سے مُمتاز ہوں۔

lightfaced, a. خفی حُرُوف والا۔

lightfast, a. دُھوپ اور مصنوعی روشنی میں رکھنے پر نسبتاً گہرے رنگ کا حامل ؛ عموماً ان کپڑوں اور رنگوں کے متعلّق کہا جاتا ہے جن کو روشنی سے نقصان نہ پُہنچے۔

lightfastness, n. روشنی میں گہرے رنگ کی خُصوصیّت۔

light-fingered, a. سُبک دست ؛ تیز اور پھرتیلی اُنگلیوں والا ؛ چالاک ؛ تیز اور طرار ، بالخصوص جیب تراشی یا چھوٹی موٹی چوریوں کے معاملے میں ؛ چور ؛ جیب کترا ؛ ہتھ چلا۔

light-fingeredness, n. تیز دستی ؛ سبُکدستی۔

light-footed, a. سُبک رَو ؛ سُبک گام ؛ پُروقار ؛ سبُک رفتار۔

light-footedly, adv. سُبک روی سے۔

light-footedness, n. سبُک روی ؛ سُبک رفتاری۔

light-handed, a. سبُکدست ؛ چابُکدست ؛ کوتاہ دست ، بے دست جیسے امداد سے محرُوم۔

light-handedly, adv. سُبکدستی سے ؛ کوتاہ دستی سے۔

light-handedness, n. سبُکدستی ؛ کوتاہ دَستی۔

light-headed, a. سُبک سر ؛ بہکا ہُوا ؛ بے فِکر ؛ بے پروا ؛ پریشان دماغ ؛ سراسیمہ ؛ مدہوش ؛ باؤلا ؛ دِل چلا۔

light-headedly, adv. سُبک سَری سے ؛ پریشان دِماغی سے۔

light-headedness, n. سُبک سری ؛ پریشان دِماغی۔

light-hearted, lighthearted, a. بے فکر ؛ خُوش باش ؛ خُوش دِل ، بشّاش ؛ مُطمئِن ؛ رجائیت پسند ؛ لاأُبالی ؛ خُوش و خُرّم ؛ مگن۔

light-heartedly, adv. بے فکری سے ، خوش دِلی سے۔

light-heartedness, n. بے فکری ؛ خُوش دلی۔

light heavyweight, n. لائٹ ہیوی ویٹ ؛ باکسر (مُکاّ باز) جس کا وزن ۱۶۱ اور ۱۷۵ پونڈ کے درمیان ہو ؛ پہلوان جس کا وزن ۱۷۵ اور ۱۹۱ پونڈ کے درمیان ہو۔

lighthouse, n. مینارۂ نور ؛ لائٹ ہاؤس ؛ روشنی کا مینار ؛ مینار یا کوئی اور بلند عمارت ، جس کے اوپر طاقت ور روشنی ہو ؛ یہ جہاز رانوں کی راہ نمائی یا خطرات سے آگاہی کے لیے بنایا جاتا ہے ؛ روشنی مینار ؛ منارہ ؛ راہ نما مینار۔

light housekeeping, n. ہلکی خانہ داری ؛ امور خانہ داری جو آسان فرائض تک محدود ہوں جیسے جھاڑو بہارو تک ؛ ایک کمرے یا چھوٹے کوارٹروں میں امور خانہ داری جہاں کھانا پکانے کی کم سہولتیں موجود ہوں۔

lighting, n. چراغاں ؛ نور اندازی ؛ روشنی ؛ چراغ بندی؛وہ نظام یا آلہ جو روشنی فراہم کرے ؛ چراغاں یا روشنی کا انتظام (جیسے : soft lighting in a living room) ؛ مصوری یا عکاسی میں ہلکے اور گہرے رنگ کے تضاد کے اظہار کے لیے روشنی کا اثر۔

lightless, a. بے نُور ؛ تاریک ؛ غیر منور ؛ روشنی کے بغیر ؛ بے چراغ ؛ بے روشنی ؛ اندھیرا۔

lightlessness, n. بے نوری ؛ تاریکی ؛ اندھیارا۔

lightly, adv. ہلکے انداز میں ؛ کم وزن ، کم قُوّت یا کم شدت سے ؛ خفیف طور پر یا نرمی سے (جیسے : to tap lightly on the door) ؛ کم مقدار یا درجہ میں (جیسے : lightly salted food) ؛ آسانی سے یا تکلیف و زحمت کے بغیر ؛ سبک روی سے یا لچک لچک کر (جیسے : to dance lightly) ؛ خوشی سے یا خوشدلانہ بے فکری سے (جیسے : converse lightly)؛ بے تعلقی سے یا حقیرانہ طور پر (جیسے : to be lightly concerned) ؛ غیر سنجیدہ طور پر ؛ ضروری غوروخوض اور دلیل کے بغیر ، عموماً نفی میں (جیسے : an offer not lightly to be refused)۔

light meter, n. دیکھیے : Exposure meter۔

light-minded, a. غیرسنجیدہ : متلوّن ؛ بے فکر ؛ خفیف الحرکت ؛لا ابالی۔

light-mindedly, adv. بے فکری سے ؛ غیر سنجیدہ طور پر۔

light-mindedness, n. بے فکری ؛ لاابالی پن۔

lightness, n. روشن ، تاباں یا منــوّر ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ پیلا عکس یا رنگ ؛ تاریکی سے محرومی ؛ کم وزن ، سبک سیر، تیز یا خوبصورت ہونے کی کیفیت یا حالت (جیسے : the lightness of his step) ؛چُستی ، سبک روی ، لطافت ، شائستگی ، خوش دلی ؛ بے فکری (جیسے : the lightness of his speech hid his seriousness)۔

lightning, n. کوندا ؛ بجلی ؛ صاعقہ ؛ چمک ؛ آسمانی بجلی ؛ برق ؛ بادل کے انتہائی منفی حصہ سے فضائی بجلی کا اخراج زمین یا دوسرے بادل کی طرف ، جس سے روشنی کی چمک پیدا ہوتی ہے ؛ روشنی کی چمک۔ (صفت) بجلی سے مشابہ بالخصوص اس کی رفتار یا اچانک پنے کے باعث (جیسے : a lightning attack with lightning speed)۔ (فعل لازم) بجلی کی چمک یا شعلہ دینا (بطور فاعل it کے ساتھ ، جیسے : It lightninged last night)۔

lightning arrester, n. (برق) برق گیر ؛ محافظ برق ؛ بجلی روک ؛ برق ربا ؛ برقی آلہ جیسے ٹیلی وژن وغیرہ کی حفاظت کے لیے ایک آلہ جو آسمانی بجلی یا دوسری زیادہ وولٹیج کی بجلی کو زمین میں دفن کر کے اس سے محفوظ کر دیتا ہے۔

lightning bug, n. جگنو ؛ پٹ بیجنا ؛ کرمک شب تاب۔ نیز دیکھیے : Firefly۔

lightning rod, n. بجلی کَش سلاخ ؛ نوری سلاخ ؛ برق کش ؛ ایک فلزاتی سلاخ جو عمارتوں ، کشتیوں اور دوسری تعمیرات پر لگا دی جاتی ہے تاکہ برقی بار کو زمین یا پانی میں منتقل کر کے ان کو آسمانی بجلی سے محفوظ رکھے۔

light-o'-love, n. وہ عورت جو محبت میں متزلزل ہو ؛ بیوفا عورت ؛ زن نخرہ باز ؛ ہرجائی عورت ؛ قحبہ ؛ چھنال ؛ فاحشہ۔

light opera, n. دیکھیے : Operetta۔

light pen, n. (کمپیوٹر) نُوری قلم ؛ ایک دستی آلہ جس سے کتھوڈ (منفیری) شعاعی اظہار پر معلوماتی تبدیلی کی جاتی ہے۔

lightproof, a. روشنی روک ؛ جس میں روشنی داخل نہ ہو سکے۔

light quantum, n. (طبیعیات) قدریۂ نور ؛ نورچہ ؛ نوری مقداریہ ؛ نوری کونٹم۔ دیکھیے : photon۔

lights, n. پھیپھڑے ، بالخصوص بکری ، بھیڑ ، سور اور دوسرے جانوروں کے جو خوراک کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ چوپایوں کے

پھبھڑے ۔

lightship, n. رہبر جہاز ؛ ہادی جہاز ؛ روشنی کا جہاز ؛ لنگر انداز جہاز جو خبردار کرنے والی روشنیوں سے آراستہ ہوتا ہے اور جہازوں/کشتیوں کو خطرناک علاقے سے دور رہنے کے لیے ان کی راہ نمائی کرتا ہے ۔

lightsome, a. ہلکا پُھلکا یا سبک خصوصاً شکل و صورت ، وضع قطع یا حرکات و سکنات میں ؛ تیز ، سبک سیر ، خوشدل یا بے فکر؛ کھلنڈرا ۔

lightsomely, adv. سبک سیری سے ؛ بے فکری سے ۔

lightsomeness, n. سبک سیری ؛ بے فکری ۔

lightsome, a. روشن کُن ؛ مُنوّر ؛ خوب روشن ؛ چمکدار ؛ تابندہ ؛ رخشندہ ۔

lightsomeness, n. تابندگی ؛ رخشندگی ؛ خوش وضعی ؛ خوشی ۔

light-struck, a. (عکّاسی) برق زدہ ؛ روشنی زدہ ؛ نور زدہ ؛ حسّاس پلیٹ یا فلم جو اچانک روشنی میں آنے کی وجہ سے مجروح یا دھندلی ہو جائے ۔

lightweight, n. اوسط درجے سے کم وزن ؛ باکسر (مکہ باز) جو فیدر ویٹ (۹ سٹون) اور ویلٹرویٹ (بھاری وزن) کے درمیان ہو اور ۱۳۵ پونڈ سے زیادہ وزنی نہ ہو ۔ (بول چال) کم ذہنی استعداد کا مالک شخص ، یا کم اہمیت یا کم اثر کا حامل ۔ (صفت) کسی کم وزن شخص یا چیز سے متعلق ؛ غیر اہم یا خفیف ۔

lightwood, n. (جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکہ) سبک صنوبر ؛ وہ لکڑی جو آگ جلانے کے کام آتی ہے ؛ بیروزے والی صنوبری لکڑی ۔

light year, n. (فلکیات) نوری سال ؛ وہ فاصلہ جو روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے ، جو تقریباً اٹھاون کھرب اسی ارب ۵۸۸۰,۰۰۰,۰۰۰,۰۰۰ میل ہے ، یہ فاصلہ زمین اور سورج کے درمیانی فاصلہ سے تریسٹھ ہزار (۶۳,۰۰۰) گنا زیادہ ہے ۔ یہ کائناتی فاصلے کی پیمایش کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ مخفف : .lt.-yr ۔

ligneous, a. چوبی ؛ لکڑی کا ؛ لکڑی کا بنا ہوا ؛ لکڑی پر مشتمل یا لکڑی سے مشابہ ؛ چوبیں ۔

lignify, v.t. چوبیانا ؛ لکڑی میں تبدیل کرنا ۔ (فعل لازم) لکڑی ہونا ؛ لکڑی کا ہونا ، چوبی ہونا ۔

lignification, n. چوبیانے کا عمل ؛ چوب شدگی ؛ چوب کاری ۔

lignin, n. (نباتیات) مادّۂ چوب ؛ خشبین ؛ ایک نامیاتی مادہ جو خلیوں کی دیواروں میں خلوی مادہ کے ساتھ ہوتا ہے ، یہ بالخصوص چوب ریشہ یا بہت سے پودوں کی لکڑی میں پایا جاتا ہے ۔

lignite, brown coal, n. لگنائٹ ؛ بھورا کوئلہ ٔعموماً کسی قدر بھورا سیاہ کوئلہ جو ایک خاص درجے تک معدنی ہوتا ہے ، مگر اس کی ساخت واضح طور پر چوبی ہوتی ہے ۔

lignocellulose, n. (نباتیات) لگنو سیلولوس ؛ چوبی اور خلوی مادّے کا مرکب جو پودوں کی خلوی دیواروں اور ریشہ دار نسیجوں کا جزو لازم ہوتا ہے ۔

lignicellulosic, a. لگنو سلیولوسی ؛ چوبی اور خلوی مادے سے متعلق ۔

lignum vitae, n. (نباتیات) چوب ؛ خشب ؛ پاک چوبہ ؛ جنس پاک چوبہ (Guaiacum G. officinale or G. sanctum) سے متعلق امریکا کے گرم علاقے کے دو درختوں میں سے کسی ایک کی سخت ، بھاری سبز بھوری لکڑی جو گھریلو سامان ، چرخی ، کندے ، گیندیں اور اوزار بنانے کے کام آتی ہے ؛ ان میں سے کوئی درخت ۔

ligroin, n. لگروئن ؛ چوبیں ؛بخاراتی آتش گیر سیال جو پٹرول کی کشید کی ہوئی ایک قسم ہے اور نیپتھا (naptha) اور بینزائن کا درمیانی عنصر ہے ، یہ عموماً محلل کے طور پر مستعمل ہے ۔

ligula, ligule, n. (نباتیات) زبانچہ ؛ لسانک ؛ لتہ ؛ زبانک ؛ مخلوط خاندان کے کرن پھول کا تاج گل ، جیسا کہ سورج مکھی میں ہوتا ہے ، جہاں مخلوط پتیاں تسمے کی شکل کا ڈھانچا پیدا کرتی ہیں ؛ ایک پتلی سی افزایش جو گھاس کی چوٹی کے غلاف سے نکلتی ہے ۔ (حیاتیات) تسمے کی شکل کا کوئی حصّہ یا عضو ۔ (حشریات) لب زیریں کا پھیلا ہوا حصہ یا کسی کیڑے کا زیریں لب ۔

ligulate, ligulated, a. تسمے کی شکل کا ؛ لبہ دار ؛ زبان نما ؛ زبانچہ ؛ تسمئ ؛ تسمہ دار ۔

ligure, n. عین الہر ۔ (عہد نامہ قدیم) ایک قیمتی پتھر ، جسے حجر یمانی سمجھا جاتا ہے ۔

like, a. سا ؛ مثل ؛ مانند ؛ مشابہ ؛ ہم شکل ؛ برابر ؛ مماثل ؛ ویسا ہی ؛ نظیر ؛ ہیئت ، شکل ، قسم ، سیرت یا مقدار میں یکساں (جیسے :a like instance) ؛ عام طور پر یا قابل توجہ حد تک مطابق ؛ مانند ؛ مشابہ ، مرکبات میں مستعمل ہے (جیسے : water like) ۔ (بولی) متوقع (جیسے : it is like to rain tomorrow) ۔ (بولی) قریباً ، غالباً (جیسے : She seemed like to cry) ۔ (اسم) متبادل ، مقابل ؛ مساوی ؛ نظیر ؛ ثانی ؛ دوسرا (جیسے : they and their like)؛ اس نوعیت کی کوئی چیز (the کے بعد ، جیسے : oranges, lemons and the like) ۔

like, prep. اسی انداز میں ؛ اسی طرح ؛ کسی چیز کے مخصوص انداز میں (جیسے : runs like a deer) ؛ مانند یا مشابہ (جیسے : Inever saw anything like it)؛ کسی شخص کے مخصوص انداز میں (جیسے : It would be like him to come without notice) ؛ علامت یا امکان ظاہر کرتے ہوئے (جیسے : It looks like rain) ؛ مائل ؛ راغب (feel کے ساتھ مستعمل ، جیسے : feel like going to bed)؛ ویسا ہی ، جیسا ، مانند (جیسے : places like France, Spain or England) ۔ (متعلق فعل) (بول چال) ممکن ہے ، غالباً (جیسے : like enough) ۔ (عطف ، غیر معیاری) ایسا ، جیسا (جیسے : It was like we thought) ۔ (غیر معیاری) گو یا کہ (جیسے : like he was afraid) ۔

like....like, (بول چال) ایسا ، جیسا ، مثل ، جیسا ویسا ؛ ایک دوسرے میں مشابہت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے (جیسے : like mother, like daughter) ۔

liked to, like to, (غیر معیاری) قریب آیا (جیسے : He liked to have choked) ۔

like, v.t. پسند کرنا ؛ پسند آنا ؛ بھانا ؛ اچھا سمجھنا ؛ دوست رکھنا ؛ چاہنا (جیسے : He would like a new hat) ۔ (فعل لازم) مائل ہونا ؛ ریجھنا ؛ بھانا ؛ چاہنا (جیسے : Come when you like) ۔ (قدیم)

خوشگوار ہونا یا ذوق یا خواہش کے مطابق ہونا ۔ (اسم ، عموماً جمع) پسند ، میلان ، ترجیح (جیسے : likes and dislikes) ۔

likable, likeable, a. پسندیدہ ، مرغوب ؛ قابل رغبت ۔

likeableness, n. پسندیدگی ؛ رغبت ۔

likelihood, n. امکان ؛ احتمال ؛ آثار ؛ صورت ؛ گُمان ؛ قرینہ ؛ ممکن بات ۔

likely, a. سچ کی مانند ؛ قابل اعتماد ؛ قابلِ اعتبار ؛ اعتباری ؛ قریب العقل ؛ قرین قیاس ؛ بہت ممکن ؛ پسندیدہ ؛ خوش آئند ؛ چاہیے ؛ اغلب ؛ ممکن (جیسے : He forecast a likely increase in grain production) ؛ کسی مقصد کے لیے موزوں ، مناسب اور آسان ؛ کامیاب ہونے کا اہل ؛ ہونہار (جیسے : a likely candidate) ؛ شخصی یا ذاتی طور پر دلکش (جیسے : a likely young woman) ۔ (متعلق فعل) غالباً ؛ جس کی توقع کی جائے یا جس کے متعلق معقول انداز میں سوچا جائے ۔

like-minded, a. ہم خیال ؛ ہم عقیدہ ؛ ہم رائے ؛ ہم مقصد ۔

like-mindedly, adv. ہم خیالی سے ۔

like-mindedness, n. ہم خیالی ۔

liken, v.t. تشبیہہ دینا ؛ مقابلہ کرنا ۔

likeness, n. مشابہت ؛ شباہت ؛ رُوپ ؛ صورت ؛ جو کسی دوسری چیز سے قریبی مشابہت رکھتا ہو ، بالخصوص تصویر ؛ مماثلت ؛ تشبیہہ ؛ مطابقت ؛ مثل ؛ تمثیل ؛ شکل ؛ شبیہہ ؛ مورت ؛ بھیس ؛ ہوبہو نقل ؛ چربہ ؛ تصویر ۔

likewise, adv. اسی طرح ؛ اسی طرح سے ؛ نیز ؛ بھی ؛ علی بذاالقیاس ؛ علاوہ بریں ۔

liking, n. پسند ؛ رغبت ؛ میلان ؛ لطیف ؛ مذاق ؛ شوق ؛ دوستانہ احساس ؛ تمائل ؛ حالت ؛ گت ؛ چاہ ؛ خواہش ؛ ریجھ ؛ چاٹ ؛ ذوق ؛ توجہ ؛ تعلق خاطر ؛ خوشی ۔

lilac, n. گُل یاس ؛ ارغوانی ؛ بکان ؛ بکائن ؛ زیتون کے خاندان کی کوئی جھاڑی جو نقلی نارنگی کی جنس سے ہے (جیسے عام یا غاتی گل یاس Syringa vulgaris) ، یان ، جو خوشبو دار پھولوں کے بڑے گچھوں کی صورت میں قرمزی رنگ کے مختلف مدارج میں ملتا ہے ؛ ہلکا قرمزی رنگ ۔ (صفت) گُل یاس جیسے قرمزی رنگ کا ؛ ارغوانی ؛ ہلکا بنفشی ۔

lilliceous, a. گُل یاس کے رنگ کا ؛ سوسنی ؛ بنفشی ؛ ارغوانی ۔

lillied, a. سوسن سے بھرپور ، سوسن سے ڈھکا ہوا ، سوسن سے آراستہ ؛ سوسنی ۔

Lilliputian, a. [سوئفٹ کے ناول ''گلیور کے سفر'' میں موجود کرداروں کے حوالے سے] کوتاہ قد ؛ بالشتیا ؛ للی پٹ یا اس کے چھ انچ قد کے باشندوں سے متعلق ؛ چھوٹے خیالات کا ، پست خیال ۔ (اسم) للی پٹ کا باشندہ ؛ پست خیال شخص ۔

lilt, n. متوازن اتار چڑھاؤ کا گانا ؛ اچھلتی حرکت یا قدم ؛ زیروبم کے ساتھ گانا یا دھن ۔ (فعل متعدی و لازم) خوش دلانا اور ہلکے پھلکے اور متوازن تال سے گانا ، بجانا ، بولنا یا حرکت کرنا ۔

lilting, متوازن انداز کا ۔

liltingly, adv. متوازن انداز سے ۔

lily, n. زنبق ؛ سوسن ؛ نرگس ؛ جنس سوسن کا کوئی پودا ؛ جو قشر دار گنٹھی والی جھاڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، اس کے پھول چمکیلے اور قیف یا گھنٹی کی شکل کے ہوتے ہیں ، یہ مختلف رنگوں کی ہوتی ہے ؛ ایسے پودے کا پھول یا گنٹھا ؛ اس سے مشابہ یا اس سے متعلق کوئی پودا یا اس کے پھول جیسے جنگلی سوسن ۔ (صفت) سفید سوسن کی مانند (جیسے : a lily hand) ؛ نازک ؛ خوبصورت ؛ پاکیزہ ؛ صاف ؛ خالص (جیسے : lily truth) ؛ بعض اوقات زرد یا نازک ۔

lily-livered, a. بُزدل ؛ ڈرپوک ۔

lily of the valley, n. سُمن ؛ ایک جھاڑی سوسن برّی (Convallaria majalis) جو گھنٹی کی شکل کے جھکے ہوئے خوشبودار سفید پھولوں کے گچھے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

lily pad, n. کنول کا تیرتا ہوا بڑا پتّا ۔

lily-white, a. سوسن کی طرح سفید (جیسے : lily-white hands) ؛ پاک ؛ صاف ؛ ان گروہوں بالخصوص سیاسی دھڑوں سے متعلق جو سیاہ فام لوگوں کو شامل نہیں کرتے ؛ سوسنِ سفید ؛ سوسن آزاد ۔

Lima, n. ایک ابلاغیاتی مرمُوز لفظ جو حرف L کی نمائندگی کرتا ہے ۔

lima bean, n. لوبیے کی ایک قسم جس کے بیج چوڑے چپٹے اور خوردنی ہوتے ہیں ؛ بیج ، ایک عام سبزی ۔

limacine, a. (حیوانیات) حلزونی ؛ گھونگھے سے متعلق یا مشابہ ؛ حلزون نما ۔

liman, n. دریا کے دہانے پر گدلی جھیل یا پایاب ساحلی جھیل ۔

limb, n. عضو ؛ انگ ؛ بدن کا حصہ ؛ انسانی یا حیوانی جسم کا جوڑ والا حصہ ؛ جیسے بازو ، ٹانگ ؛ درخت کی بڑی شاخ ؛ کسی گروہ یا کسی تنظیم کی نمائندہ شاخ یا رکن ۔ (بول چال) شریر ، کھلنڈرا بچہ ۔

out on a limb, (بول چال) غیر محفوظ حالت میں ۔

limbed, a. عضو دار ۔

limb, n. محیط ؛ دائرے یا قوس کا درجہ دار کنارا ، کسی فلکیاتی یا مشاہداتی آلے میں ۔ (فلکیات) سورج ، چاند یا کسی سماوی جرم کا حاشیہ یا بیرونی کنارا ۔ (نباتیات) کف برگ ، حاشیہ جڑواں پتیوں کے تاج گل یا پتی یا سنبلہ کا حاشیہ یا پھیلا ہوا بالائی حصّہ ۔

limbate, a. (نباتیات) حاشیہ دار ، جیسے کوئی پتّا یا پھول جس کا ایک رنگ دوسرے کے کنارے میں محصور ہو ؛ کنارا دار ۔

limber, a. پلپلا ؛ لچلچا ؛ لچیلا ؛ ملائم ؛ کومل ؛ لچکدار ؛ بہ آسانی مڑنے والا ، لچکیلا ؛ نرم ؛ اپنا جسم آسانی سے موڑنے یا اسے حرکت دینے کے قابل ؛ پھرتیلا ؛ لوچدار ۔ (فعل متعدی) لچکیلا بنانا ؛ لچک پیدا کرنا (up کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) لچکیلا بننا یا ہونا (up کے ساتھ) ۔

limberly, adv. لچکیلے انداز میں ؛ لچک کے ساتھ ۔

limberness, n. لچک ؛ لچکیلا پن ، لوچ ؛ ملائمت ؛ نرمی ۔

limber, n. (عسکری) دو پہیوں کی گاڑی جو کسی توپ یا عرابہ/صندوق گولہ بارُود کے آگے جوڑی جا سکتی ہے ؛ توپ گاڑی ۔ (فعل متعدی) گاڑی لگانا یا جوڑنا ۔ (فعل لازم) گاڑی اور توپ کو باہم ملانا (عموماً up کے ساتھ) ۔

limbers, n. (جہاز رانی) (جمع) پمپ کے حوض میں پانی جانے کے لیے سوراخوں یا نالیوں کا سلسلہ ۔

limbic, a. محیطی ؛ دماغ کے محیطی حصے سے متعلق ۔

limbo, n. (عموماً بڑے L سے) (الہیات) اعراف ؛ برزخ ؛ ایک فرضی مقام جو دوزخ کے کنارے پر واقع ہے ، عیسائیوں کے نزدیک یہ ان بچوں کی ارواح کا مسکن ہے جن کو اصطباغ نہ دیا گیا یا ان نیک لوگوں کا مسکن ہے جو حضرت مسیح کے زمانے سے پہلے تھے ؛ ان لوگوں اور چیزوں کی جگہ ، حالت یا کیفیت جو بھلا دی گئی ہیں یا اب ان کی ضرورت نہیں ہے ؛ قید خانہ یا محبس ؛ ذہن کی متذبذب حالت ، بالخصوص متبادل صورتوں کے درمیان ؛ درمیانی حالت یا جگہ ۔

limbo, n. لِمبو ؛ غرب الہند کا ایک رقص جس میں ہر رقاص ایک افقی ڈنڈے کے نیچے سے ناچتا ہوا گزرتا ہے جب وہ اس ناچ کو پورا کر لیتا ہے تو ڈنڈے کو اگلے ناچ کے لیے نیچا کر دیا جاتا ہے ۔

Limburger, n. ایک نرم پنیر عموماً سفید اور بادامی رنگ ، چربری بُو اور تیز ذائقے والا ۔

limbus, n. (حیوانیات) (تشریح الاعضا) حاشیہ یا کنارا ؛ طُرفہ ؛ عضوَک ۔

lime, caustic lime, n. چونا ؛ کلس ؛ لاسا ؛ کیلسیم آکسائڈ : ایک سفید تیزابی ٹھوس مادہ جو چونے کے پتھر یا دوسرے کیلسیم کاربونیٹ مادّے کی تکلیس سے تیار کیا جاتا ہے ، جو چونا اور سیمنٹ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ شیلم ؛ سفیدی ؛ قلعی ۔ (فعل متعدی) چونا لگانا ؛ لاسا لگانا ؛ شیلم لگانا ؛ پھانسنا ؛ لاسا لگا کر پرندے پکڑنا ۔

quick lime, اَن بُجھا چُونا ۔

limy, a. کلسی ، چونے والا ؛ چونا ملا ہوا ؛ لسلسا ؛ شیلمی ۔

lime, n. لیموں ؛ نیبو ۔ دیکھیے : linden ۔

lime, n. لیموں سے چھوٹا ایک سبزی مائل زرد ترش پھل جو نیم گرم علاقوں کے ترشاوہ نارنج پتیا (Citrus aurantifolia) درخت میں لگتا ہے ؛ درخت کو بھی اسی نام سے پکارتے ہیں ۔

lime like, a. کھٹا ؛ لیموں جیسا ۔

limeade, n. سکنجبین ؛ ایک مشروب جو لیموں کا رس ، پانی اور میٹھا ملا کر تیار کیا جاتا ہے ؛ شربت لیموں ۔

lime glass, n. شیشہ جو چونے کی کثیر مقدار شامل کر کے بنایا جاتا ہے ، یہ تجارتی مصنوعات ، مثلاً بوتلیں اور کھڑکیوں کے شیشے بنانے میں کام آتا ہے ۔

lime-kiln, چُونا بَھٹّی ؛ ایک قسم کی بَھٹّی جس میں چونے کے پتّھر اور سمندری گھونگوں کو تیز آگ دے کر چونا بنایا جاتا ہے ؛ کلاسہ ۔

lime light, n. چُونا روشنی ؛ دُودھیا روشنی ؛شہرت ؛ نام آوری ؛ چونے پر آکسی ہائیڈروجن (oxyhydrogen) کے شعلے سے پیدا کی جانے والی طاقت ور روشنی جو کبھی اسٹیج کی مرتکز روشنی کے طور پر استعمال ہوتی تھی ؛ لوگوں کی دلچسپی کا مرکز ؛ مرتکز روشنی ۔ (فعل متعدی) روشنی میں لانا ؛ نمایش کرنا ۔

lime lighter, n. نمایشی ؛ نمودیا ۔

limen, n. (نفسیات) آغاز تاثر ؛ حد تاثر ؛ حد حس ؛ حد شعور ؛ اقل حس ۔

limerick, n. لمرک ؛ پانچ مصرعوں کی ایک مزاحیہ نظم جس کے پہلے ، دوسرے اور پانچویں مصرعے میں تین ارکان اور قافیے اور تیسرے اور چوتھے مصرعوں میں دو ارکان اور قافیے ہوتے ہیں ۔

limestone, n. چُونا پتھر ؛ چٹان جو کلیۃً یا زیادہ تر کیلسیم کاربونیٹ کی حامل ہوتی ہے اصلاً جسم نامی کے کلسی باقیات سے بنتی ہے اور حرارت دینے پر چونا پیدا کرتی ہے ؛ چون پتھر ؛ سنگ کلس ۔

limesulfur, n. (کیمیا) چونا گندھک ؛ چونے ، گندھک اور پانی کو باہم جوش دے کر بننے والا مرکب جو کرم کُش اور فطر کُش دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

limetwig, n. لاسہ دار ٹہنی ؛ کمپا ؛ وہ شاخ جس پر لاسا لگایا گیا ہو (پرندے پکڑنے کے لیے) ۔ (مجازاً) جال ؛ پھندا ۔

limewater, n. چون پانی ؛ چونے کا پانی ؛ کیلسیم ہائیڈروآکسائڈ کا آبی محلول جو ادویہ اور کیمیائی صنعت میں استعمال ہوتا ہے ؛ قدرتی پانی جس میں کیلسیم کاربونیٹ اور کیلسیم سلفیٹ شامل ہیں ۔

limey, n. (عوامی) برطانوی ملاح ؛ انگریز ۔

limicoline, a. ساحل باش (پرندہ)؛چہے اورٹیڑی جیسے ساحل کے ارد گرد رہنے والے پرندوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔

liminal, a. اقل شعوری ؛ حد شعوری ۔

limit, n. حد ؛ انتہا ؛ آخری سرا ؛ آخری یا بعید ترین حد یا نقطہ ، جیسے وسعت ، مقدار ، تسلسل یا طریق کار کا(جیسے : the limit of vision) ؛ حد یا سرحد جیسے کسی ملک ، علاقے یا ضلع کی ۔(عموماً جمع) حدود کے اندر علاقہ یا رقبہ (جیسے : the limits of the school) ۔ (ریاضی) انتہا ؛ ایک مقررہ مقدار یا شکل جس تک ایک متغیر مقدار یا شکل غیر معین طور پر پہنچ تو سکتی ہو ، مگر کبھی نہیں پہنچ سکتی ۔ (تاش) بعض کھیلوں مثلاً پوکر میں زیادہ سے زیادہ رقم جو ایک داؤ پر لگائی جا سکے ؛ پہلے سے متعین زیادہ سے زیادہ یا کم از کم حد (جیسے : the limit placed on the number of fish caught) ۔ (بول چال) اعلیٰ ترین یا بدترین ؛ اعلیٰ یا ادنیٰ ؛ کوئی فرد یا چیز جو انتہائی ردعمل ظاہر کرے ، عموماً غصے کی صورت میں (اس سے پہلے the آتا ہے ، جیسے : He is the limit in his actions) ۔ (فعل متعدی) حدود سے یا حدود مقرر کر کے پابند کرنا (اکثر to کے ساتھ ، جیسے : to limit to fifty minutes) ؛ قید لگانا ؛ پابند کرنا یا حدود کے اندر رکھنا ؛ محدود کرنا (جیسے : to limit the number of students) ۔ (قانون) متعین طور پر یا خاص طور پر مقرر کرنا یا تفویض کرنا ۔

limitable, a. قابل تحدید ۔

limitative, a. تحدیدی ۔

limiter, n. مُحدود کرنے والا ؛ حد بند ؛ محدّد ۔

limiting, a. محدود کُن ؛ انتہائی ۔

limitless, a. بے حد ؛ بے پایاں ۔

limitary, a. حد سے متعلّق ؛ تحدیدی ؛ محدود ؛ محدود کُن ؛ سرحد کا ؛ کنارے کا ؛ مشروط ؛ پابند قیود ۔

limitation, n. تحدید ؛ حد بندی ؛ حد ؛ محدود کرنے والا ؛ حد یا انتہا ؛ بندش ؛ مجبوری ؛ احاطہ ؛ پابندی ، محدود کن صورت ، حالت یا روک (جیسے : permission subject to various limitations) ؛ محدود کرنے کا عمل ؛ محدود ہونے کی حالت ۔ (قانون) میعاد ؛ عرصہ ؛ سماعتِ مقدمہ کی حد ؛ تفویض بذریعہ قانون کی ایک مدت جس کے اندر مقدمہ ضرور پیش ہونا چاہیئے یا مقررہ مُدّت (جیسے : the statute of limitations) ۔

limited, a. محدود ؛ حدود کے اندر ؛ پابند ؛ تنگ ؛ احاطہ کے اندر (جیسے : limited space , limited resources) ؛ اختیار حکومت کے حوالہ سے دستور یا قانون کی مقررہ حدود کا پابند (جیسے : a limited monarchy) ؛ کوتاہ ؛ کسی فرد میں تخیل ، تجربہ اور سمجھ نہ ہونے کے حوالے سے ؛ گاڑی یا بس جو مسافروں کے تعداد اور ٹھیراؤ کے معاملے میں پابند ہو ؛ ذمہ داری کے معاملہ میں محدود (جیسے : a limited company) ۔

limitedly, adv. محدود طور پر ۔

limitedness, n. محدودیت ۔

limited war, n. محدود جنگ ؛ جنگ جو ایک یا کئی لحاظ سے محدود ہو ، مثلاً حصول مقاصد ، ہتھیاروں کے استعمال یا مشمولہ مقامات کے لحاظ سے (جیسے : The two countries were involved in a limited war in which nuclear weapons were not used) ۔

limnetic, a. آب پاش ؛ کھلے تازہ پانی میں رہنے والا ؛ تازہ پانی کے نامیاتی جسم سے متعلق (جیسے : lemnetic worms) ۔

limnology, n. علمِ جھیل ؛ غدیریات ؛ تازہ پانی میں رہنے والے اجسام نامیہ کے درمیان باہمی رشتہ اور ان کے جسمانی ، جغرافیائی ، حیاتیاتی اور کیمیائی ماحول کا سائنسی مطالعہ ؛ جھیلوں کا علم ۔

limnological, a. غدیریاتی ؛ جھیلوں کے عِلم سے متعلّق ۔

limnologically, adv. غدیریاتی طور پر ۔

limnologist, n. ماہرِ غدیریات ؛ خلیجوں اور جھیلوں کے عِلم کا ماہر ۔

Limoges, Limoges ware, n. لموژ ؛ نیم شفّاف ، اعلیٰ درجہ کے چینی کے برتن جو فرانس کے اس نام کے شہر میں بنائے جاتے تھے ؛ چینی کے ظُروف ۔

limonene, n. (کیمیا) لیمونن ؛ سیال تارپین جو تین مختلف بصری اشکال میں ملتا ہے : راست گرداں (dextrorotatory) جو لیموں اور نارنگی کے نباتی تیل اور تخم اجمود (اجوائن خراسانی) میں ہوتا ہے ؛ چپ گرداں (levorotatory) جو مصنوعی طور پر بعض صنوبر اور شمشاد کے سوزنی تیلوں سے بنتا ہے اورخوشہ دار (racemic) جو بابڑنگ کے نباتی تیل میں پایا جاتا ہے ۔

limonite, n. لیمو نائٹ ؛ سیاہی مائل بھورے سے زرد رنگ تک کا درمیانے درجے کا کثیر خام لوہا جو آکسیجن ، پانی اور لوہے پر مشتمل ہوتا ہے اور مٹی اور چٹانوں میں مختلف رنگ پیدا کرتا ہے ؛ زردابی لوہا ؛ دلدلی لوہا ۔

limousine, n. ایک بند موٹر کار ، جس میں ڈرائیور اور مسافروں کی نشستوں کے درمیان دیوار سی حائل ہوتی ہے ؛ ایک بڑی گاڑی جو مسافروں کو ہوائی اڈے یا گاڑیوں کے اڈوں سے لے جانے اور لانے کے کام آتی ہے ؛ خوب آراستہ پیراستہ سی کوئی بڑی گاڑی ۔

limp, v.i. لنگڑا کر چلنا ، بالخصوص عموماً زخمی ٹانگ کی وجہ سے ؛ غیر مستقل طور پر آگے بڑھنا یا ترقی کرنا ، بالخصوص پرمشقت اور بے قاعدہ حرکات کے ساتھ ؛ لنگڑانا ؛ لنگ ہونا ۔ (اسم) لنگڑاہٹ ؛ لنگڑا پن ؛ چال میں رکاوٹ ؛ لٹک ؛ غیر مستقل حرکت ، ڈگمگاہٹ ؛ لنگ ؛ لنگڑی چال ۔

limper, n. لنگڑانے والا ، لنگڑا ۔

limpingly, adv. لنگڑاتے ہوئے ۔

limp, a. ڈِھیلا ؛ نرم ؛ سختی اور مضبوطی سے عاری (جیسے مادّہ ، ریشہ ، ڈھانچا یا جسمانی ساخت) ؛ خمیدہ ؛ ڈھیلا ؛ تھل تھل ؛ پلپلا ؛ لچکیلا ؛ لنگ ؛ لنگڑا ؛ لچیلا ؛ بے طاقت ۔ (مجازاً) مضبوطی اور قوت سے محروم جیسے ذہن یا کردار کی ؛ کمزور ۔

limply, adv. نرمی یا ڈھیلے پن سے ۔

limpness, n. نرمی ، ڈھیلا پن ۔

limpet, n. لمپٹ ؛ چٹانی ناعمہ ؛ ایک کیڑا جو چٹانوں سے چمٹا رہتا ہے ؛ ایک یک خلوی آبی یا ساحلی صدفیہ یا ناعمہ طبقے کا گھونگا جس کا خول مخروطی ہوتا ہے جو تہ میں کھلا ہوتا ہے ، جس کے پاؤں چپٹے ہوتے ہیں تاکہ رینگ سکے اور چٹانوں سے چمٹ سکے ۔ (مجازاً) جو کسی شخص یا چیز سے بری طرح چمٹا رہے ؛ چم چچڑ ؛ تسمہ پا ۔

limpid, a. صاف شفّاف جیسے پانی ؛ ابرک یا شیشہ ؛ نیم شفاف ؛ ساکن ؛ سنجیدہ ؛ واضح ؛ ہیئت یا اسلوب کے لحاظ سے قابل فہم ؛ روشن ؛ غیر مبہم ؛ غیر مکدر ؛ نتھرا ہوا ۔

limpidity, limpidness, n. صفائی ، وضاحت ۔

limpidly, adv. صاف طور پر ؛ واضح طور پر ۔

limpkin, courlan, n. کورلن ؛ ایک کرخت آواز والا لم ڈھینگ پرندہ ، آرامس گوارونا (Aramus guarauna) جو امریکا اور غرب الہند کے گرم دلدلی علاقوں میں رہتا ہے ۔

limulus, n. شاہ سرطان ؛ نعلی سرطان ؛ بڑا کیکڑا جو اسی نام کی جنس سے متعلق ہے ۔

linage, lineage, n. سطرانہ ؛ ایک صفحے میں مطبوعہ سطور کی تعداد ؛ مضامین یا اشتہارات کا معاوضہ جو مطبوعہ سطور کے حساب سے ہو ؛ صف بندی ، قطارَ بندی ؛ سطور بندی ۔

linalool, n. ایک تارپینی ناسیرشُدہ الکحل جس کی ایک واضح بُو ہوتی ہے ، یہ تیلوں ، صابنوں اور عطریات میں استعمال کی جاتی ہے ۔

linch pin, n. میخِ محور ؛ وہ کیل جو پہیّے کو دُھرے سے باہر نکلنے سے روکتی ہے ؛ دُھرے کی کیل ۔

Lincolnesque, a. ابراہیم لنکن سے مخصوص یا اس جیسا ۔

lincolnian, a. ابراہیم لنکن کے رویے ، انداز ، اطوار اور مسلک سے متعلق یا حوالے سے ۔

lindane, a. لنڈین ؛ ایک قلمی سفید سفوفی مادہ جو قریباً تمام تر بینزین ہیکسا کلورائڈ کا گاما ہم ترکیب ہے اور جو کیڑوں اور جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

linden, n. شجرِ لائم ؛ لِنڈن ؛کھٹّا ؛ ٹیلیا (Tilia) جنس کا کوئی درخت جس کے زرد اور دودھیا رنگ کے پھول اور دل کی شکل کے پتے ہوتے ہیں مثلاً یورپی ٹیلیا جسے ترش لیموں بھی کہتے ہیں ؛ زیز فون ؛ ایک بڑی امریکی نوع جسے بیس وڈ (basewood) بھی کہتے ہیں ، دونوں اکثر پودوں کو سایہ فراہم کرنے کے لیے کاشت کیے جاتے ہیں ؛ ایسے درختوں کی لکڑی ۔

line, n. خط ؛ لکیر ؛ سطر ؛ وہ نشان جو چوڑائی کے مقابلے میں لمبا ہو اور قلم ، پنسل یا کسی اوزار سے سطح پر لگایا جائے ۔ (ریاضی) لمبائی کی مسلسل حد سیدھی ہو کہ ٹیڑھی ، جس میں چوڑائی یا موٹائی نہ ہو ؛ متحرک نُقطے کا خاکہ ؛ کھینچی ہوئی لکیر کے مشابہ کوئی چیز ، جیسے رنگ کی پٹی ، سیون ، سیاڑ یا چٹانوں کے تہ در تہ ہونے کا نشان ؛ چہرہ کی جھری یا گردن کا بل ؛ انسان کی ہتھیلی پر لکیروں یا نشانوں میں سے کوئی ایک جو دست شناسی میں قسمت یا کردار کی علامت سمجھا جاتا ہے (جیسے : the life line) ؛ قطار یا سلسلہ (جیسے : line of trees) ؛ لکھے یا چھپے ہوئے حروف یا الفاظ کی قطار ، سطر (جیسے : ten lines in a paragraph)؛شعرکا ایک مصرع ۔ (عموماً جمع) کسی کھیل یا اداکار کے بولے جانے والے الفاظ ؛ مختصر تحریری پیغام (جیسے : Drop a line to a friend) ؛ عمل ؛ کارروائی یا خیال کا انداز (جیسے : a line of policy) ؛ ہم آہنگی یا رضامندی کی حالت ؛ کچھ علم یا اطلاع (on کے ساتھ ، جیسے : to get a line on his where-abouts) ۔ (عوامی) دل نشین اور ترغیبی تقریر (جیسے : His line gained her sympathy) ؛ کسی کے تجربے ، دلچسپی یا ذوق کا میدان یا شعبہ (جیسے : That is out of my line) ؛ ایک قسم کا خاص پیشہ یا کاروبار اور اس کا انوکھا سامان تجارت (جیسے : A man in the hardware is selling a line of house hold goods) ؛ حقیقی یا تصوراتی حد یا خط (جیسے : the equatorial line) ؛ صحیح اور غلط کے درمیان لکیر ، راستہ یا سمت (جیسے : the line of march) ؛ لوگوں ، پودوں اور جانوروں کا تاریخی ترتیب سے متواتر تسلسل ، بالخصوص خاندانی وراثت میں (جیسے : a line of emperors, a line of hybrids) ؛ جزوی پیداوار اور جمع آوری کا تخصُّص (جیسے : an assembly line) ؛ شاہد و مشہود کے مابین سیدھا راستہ (جیسے : a line of vision) ؛ دھاگا ، رسی ، ڈوری یا رسا (جیسے : a fishing line) ؛ عوامی مواصلاتی نظام (جیسے : a bus line) ؛تار ،مقامات یا مراکز کو ملانے کے لیے جیسے ٹیلی گراف ، ٹیلی فون یا ٹیلی وژن کو ؛ موسیقی کے کلیدی تختے سے سیدھے ، افقی یا متوازی خطوط یا ان سے اوپر یا نیچے کھینچے گئے خط ؛ خاکہ ، حلیہ ، شکل یا خدوخال (جیسے : the line of my features) ۔ (عسکری) جہازوں اور ٹینکوں کی پہلو بہ پہلو ترتیب ؛ متحارب افواج کے نگران افسروں کا گروہ ۔(اکثر جمع) دفاعی مقاصد کے لیے سپاہیوں کی تقسیم یا صف بندی (جیسے : within the enemy's lines) ۔ (کھیل) گیند پھینکنے کے نقشے ؛ فٹ بال میں سات کھلاڑی جو خطِ کشمکش کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوتے ہیں ۔ (برج کا کھیل) اسکور پیڈ پر موجود افقی خط جس کے نیچے کھیل جیتنے کے لیے حاصل کردہ نمبر اور اس کے اوپر کنٹریکٹ یا آنر وغیرہ کے ذریعے حاصل کردہ نمبر درج ہوتے ہیں ۔

hold the line, مضبوط حیثیت حاصل کرنا ؛ موجودہ حالات برقرار رکھنا (جیسے : The government will hold the line against inflation) ۔

in line, سیدھا ؛ معیار کے مطابق ؛ قابو میں رکھتا ہوا (جیسے : the rowdy soldiers were kept in line) ۔

in line for, کوئی چیز حاصل کرنے کے انتظار میں (جیسے : He was in line for a salary rise)

on the line, براہ راست ؛ بے تکلفانہ ؛ فوری (جیسے : to deliver cash on the line, to lay it on the line) ۔

out of line, مناسب طریق کار یامعیار کی پابندی نہ کرتے ہوئے (جیسے : Shouting is out of line in a hospital) ۔

read between the lines, بین السطور سمجھنا ، وہ مفہوم سمجھنا جو واضح طور پر بیان نہ کیا گیا ہو ۔

toe the line, ذمہ داری پوری کرنا ؛ قاعدے یا ضابطہ کی سختی سے پابندی کرنا (جیسے : all army privates must toe the line)

linable, lineable, a. قابلِ صف بندی ۔

lineless, a. بے خط ، بے صف ۔

linelike, a. خط نُما ۔

line, v.t. لکیر یا لکیروں کے ذریعے خاکہ بنانا ؛ خط کھینچنا ؛ خاکہ بنانا ؛ نشان دہی کرنا ؛ سطر ڈالنا ؛ نشان ڈالنا (جیسے : to line a person's silhouette)؛لکیر یا لکیریں بنانا ؛ لکیر کھینچنا (جیسے : to line a graph)؛ قطار میں لانا ، ترتیب دینا (اکثر up کے ساتھ ، جیسے : to line up the markers for surveying)؛کسی چیز کے ساتھ قطار بنانا (جیسے : to line the road with houses) ؛ کوئی حیثیت یا مطلوبہ چیز حاصل کرنا (up کے ساتھ) ۔ (قدیم) رسی کے ساتھ ناپنا یا جانچنا ۔ (فعل لازم) کسی صف میں جگہ لینا ؛ صف بنانا ؛ پراجانا ؛ صف میں کھڑا ہونا ؛ قطار میں کھڑا ہونا (up کے ساتھ ، جیسے : to line up for the march) ؛ بیس بال کے کھیل میں پوری طاقت سے لائن پر حملہ کرنا ۔

line, v.t. اندر کی طرف استر لگانا ؛ اندر کی طرف استر لگا کر محفوظ کرنا ، جیسے لباس کو ؛ بھرنا یا پُر کرنا جیسے رقم سے ؛ پشت یا چہرہ بنانا مثلاً کتاب کا ؛ استر دینا ۔ (اسم) گوند وغیرہ کی موٹائی لکڑی کی پرتوں میں ۔

lineage, n. حسب نسب ؛ نسب نامہ ؛ شجرۂ نسب؛ سلسلہ نسب ؛ مشترک مورث اعلیٰ سے اولاد کا سلسلہ ؛ جدامجد سے اولاد کا سلسلہ ؛ نسل ؛ خاندان ؛ اصل ؛ سلسلہ ؛ گھرانا ۔

lineage, n. دیکھیے : Linage ۔

lineal, a. صُلبی ؛ موروثی ؛ آبائی ؛ براہ راست سلسلے سے متعلق جیسے اسلاف یا اخلاف ، اجداد یا اولاد ؛ موروثی ، جو متواتر ورثے میں چلا آیا ہو ؛ خطی ۔

lineally, adv. نسل در نسل ؛ پُشتینی ؛ خاص نسل سے ؛ موروثی طور پر ۔

lineament, n. (عموماً جمع) کسی جسم یا شکل کا خاکہ یا حلیہ (بالخصوص چہرے کا) ؛ امتیازی یا خصوصی نقش و نگار ؛

صورت ؛ شکل ؛ خط و خال ؛ چہرہ مُہرہ ۔

lineamental, a.
حلیہ سے متعلق ۔

lineamentation, n.
حلیہ ، چہرہ مہرہ ، خدوخال ۔

linear, a.
خطی ؛ قطاری ؛ خط یا لکیر سے متعلق یا اس کے بارے میں ؛ رسی یا دھاگے سے مشابہ ؛ مخطط ؛ خط دار ؛ تنگ اور لمبا ؛ ڈور جیسا ؛ سیدھا ؛ مستقیم ؛ خطوط کا حامل یا خطوط پر مشتمل (جیسے : linear design) ؛ لکیر میں پھیلا ہوا (جیسے : a linear series) ؛ لمبائی سے متعلق یا صرف ایک سمت کی پیمائش لیے (جیسے : linear measure) ۔ (ریاضی) پہلے درجے کا جیسے مساوات ؛ مصوری سے متعلّق جس میں خط کی حرکت اور توازن دونوں نمایاں ہوں ۔

linearly, adv.
خطی طور پر ؛ طُولاً ۔

linear accelerator, n.
(طبیعیات) مُسرع خطی ؛ مُسرع روانات ؛ مسرع برقیات ؛ ایک آلہ جو خط مستقیم میں بار دار ذرات کی رفتار تیز کرنے کے لیے ہوتا ہے جس میں متبادل برقیرے کے خلا اور میدان سے عاری علاقے اس طرح رکھے جاتے ہیں کہ ان میں سے گزرنے والے ذرات توانائی کا متواتر اضافہ حاصل کرتے رہیں ۔

linear measure, n.
پیمانۂ طول ؛ لمبائی کا پیمانہ ؛ لمبائی کی پیمایش کا ایک نظام ، جو رقبے اور حجم سے مختلف ہے ؛ لمبائی کی پیمایش کے نظام کی اکائی جیسے انچ یا میٹر ؛ طولی پیمانہ

linear perspective, n.
خطی تناظُر ؛ ایک تکنیک جو خصوصاً مصوری میں استعمال ہوتی ہے تا کہ چپٹی سطح پر خلا کے تناظر اور فریب نظر کی نمائندگی کے لیے لکیریں کھینچی جائیں جو ایک مقررہ افقی نقطے کی طرف مرکوز ہوتی ہوں ۔

linear programming, n.
(ریاضی) خطی حد بندی ؛ خطی تفاعل کی (جس کے متغیرات بعض خطی قیود کے تحت ہوتے ہیں) زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم قدر معلوم اور متعین کرنے کا طریق کار یا نظریہ ۔

lineation, n.
نقشہ ؛ سطر کشی ؛ خط کشی ؛ لکیروں میں تقسیم ؛ ایک خط یا خاکہ؛ لکیروں یا خطوط کی ترتیب یا مجموعہ ؛ جدول ۔

lineate, lineated, a.
خط دار ، مُخطط ؛ دھاری دار ؛ لکیر دار ۔

linebacker, n.
(فُٹ بال) دفاعی کھلاڑی ؛ وہ کھلاڑی جو ان کھلاڑیوں کے پیچھے ہو جو لکیر پر دفاعی کھلاڑی کے طور پر کھیلتا ہے یا پاس کا یا بھاگ دوڑ کے کھیل کا دفاع کرتا ہے ۔

linebacking, n.
دفاع ؛ دفاعی کھیل ۔

linebreeding, n.
(حیاتیات) داخلی تولید جو افراد میں اسی سلسلۂ نسب کے اندر پسندیدہ خصوصیات کو ترقی دینے یا برقرار رکھنے کے لیے ہو ۔

linebreed, v.i.
پسندیدہ خصائص کے ارتقا کے لیے اسی سلسلۂ نسب میں داخلی نسل کشی ہونا ۔

line cut, line block, n.
خطی کندہ کاری ؛ کندہ کاری جو لکیروں اور ٹھوس علاقوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

line drawing, n.
لکیری تصویرکشی ؛ وہ تصویر جو لکیروں اور ٹھوس بے سایہ حصّوں پر مشتمل ہو ، یہ خطی کندہ کاری میں طبع کرنے کے لیے موزوں ہوتی ہے ۔

line drive, liner, n.
بیس بال جس کو لائن کے اندر میدان کے متوازی،زور سے بلا مارا گیا ہو ۔

line engraving, n.
خطی کندہ کاری کی ایک قسم جو دھات کی پتری سے بنائی جاتی ہے ، جس میں مختلف دبازت ر کثافت کی لکیریں کندہ ہوتی ہیں ؛ کندہ کی ہوئی پتری جو استعمال کی جائے ؛ اس پتری سے کی جانے والی طباعت ۔

line engraver, n.
خطی کندہ کار ۔

line gauge, n.
جسامتِ طباعت کے نقاط ظاہر کرنے والا پیمانہ جس پر پائیکا(Pica) ، اگیٹ (agate) اور دوسری پیمایشوں کے نشان لگے ہوتے ہیں ۔

line haul, n.
سامان کی دو ڈپوؤں یا گوداموں کے درمیان نقل و حرکت جو لادنے اور اتارنے سے مختلف ہے ۔

lineman, linesman, n.
لائن مین ؛ بجلی ، ٹیلی گراف اور ٹیلی فون کے تاروں کی مرمت کرنے والا ؛ ریلوے کا ملازم جو پٹڑی کا معائنہ کرتا رہتا ہے ۔ (مساحت) فاصلے کی نشان دہی کے لیے رسی تھامنے والا ؛ لائن کا محافظ ۔ (فٹ بال) وہ شخص جو محافظ کے طور پر آگے بڑھ کر کھیلے ، حریف کو روکے یا مرکز میں رہ کر کھیل جاری رکّھے ۔

linen, n.
لیلن ؛ سَن کا کپڑا ، دھاگا یا سُوت ۔ (عموماً جمع) اشیا جو پہلے سن سے بنتی تھیں لیکن اب اکثر کپاس سے بنتی ہیں (جیسے: table linens) ۔ (صفت) سن یا سن کے سوت سے بنا ہوا ؛ سن کے تانے بانے کا ؛ سن کا بنا ہوا ۔

line officer, n.
(عسکری) جنگی دستے میں متعین افسر ۔

line of force, n.
(طبیعیات) خطِ قُوّت ؛ برقی یا مقناطیسی میدان میں ایک نظریاتی خط جو اس میدان کی سمت اور قوت کے مطابق ہوتا ہے ۔

line of scrimmage, n.
(فٹ بال) خط کشمکش ؛ ایک فرضی خط جو فٹ بال کے میدان میں سے گزرتا ہے اور گول کی لائنوں کے متوازی ہوتا ہے جس پر کھلاڑی کشمکش سے پہلے متعین کیے جاتے ہیں ۔

line of sight, line of vision, n.
خطِّ نظر ؛ سمت النظر ؛ ایک فرضی خط جو دیکھنے والے کی آنکھ سے اس چیز تک پھیلا ہوتا ہے جس پر نظر یا آلۂ مشاہدہ مرکوز کیا گیا ہو ؛ ایک سیدھا فرضی خط جو آتشیں اسلحے کی مکّھی کو نشانہ کے مطابق کرکے حاصل کیا جاتا ہے ؛ سیدھا راستہ ، جب اس میں افق حائل نہ ہو ، جو ریڈیو ، نشریات اور انٹینا کو مربوط کرتا ہے ۔

lineolate, lineolated, a.
(حیاتیات) مخطّط ؛ دھاری دار ؛ باریک خطوط دار ؛ باریک خط دار ؛ باریک لکیروں والا ۔

line out, v.i.
(بیس بال) ایسی ضرب لگانا جو لائن کے اندر ہو اور اسے حریف کھلاڑی اچک لے ۔ (فعل متعدی) خطوط کے ذریعے بیان کرنا ؛ خاکہ بنانا ؛ نشان لگانا (کوئی حصّہ قلم زد کرنے کے لیے) ؛ قلمزد کرنا ، خط تنسیخ کھینچنا ۔

liner, n.
خط کَش ؛ وہ شخص یا چیز جو لکیروں کے ذریعے نشان زد کرے ؛ دخانی جہازوں اور طیاروں کا کوئی نظام ؛ مومی پنسل یا کاسمیٹک میں سے کوئی شے جیسے کوئی مائع یا لئی جو آنکھوں کو نمایاں کرنے کے لیے استعمال کی جائے ۔ (بیس بال) بلّے کی لائن کے اندر ضرب ۔

liner, n.
استر کار ؛ استر لگانے والا ؛ خط کش ؛

جو چیز استر کا کام دے ؛ استر ؛ پشت : کوٹ کا استر جو زپ یا زنجیر کے ذریعے کوٹ سے علیحدہ کیا جا سکتا ہو ؛ وہ حصّہ جو کسی دوسری چیز سے جوڑا جا سکے ، جیسے خود کار استر۔

linesman, n. دیکھیے : lineman ۔ (کھیل) وہ نامزد کارکن جو میدان کی لکیروں پر نگاہ رکھتا ہے جیسے ٹینس کے کھیل میں ؛ ایک نامزد کارکن جیسے فٹ بال میں جو کھیل کے دوران میں حاصل کردہ یا ضائع کردہ فاصلوں کی نشان دہی کرتا ہے اور اس طرح ثالث (ریفری) اور منصفوں کو مدد بھی دیتا ہے۔

line squall, n. خطی جھکڑ ؛ جھکڑ یا گرج کا طوفان یا طوفانوں کا سلسلہ جو سرد محاذ پر پیدا ہوتا ہے۔ اس کی خصوصیت ہوا کے رخ میں تبدیلی اور عموماً حرارت میں کمی ہوتی ہے۔

line storm, equinoctial storm, n. اُستوائی طوفان ؛ خطی طُوفان ؛ شدید طُوفان باراں جو نُقطۂ اعتدال کے وقت اُٹھتا ہے۔

line-up, line up, n. صف بندی ، قطار بندی ؛ اشخاص یا اشیا کی قطار میں ترتیب یا عمل کی حالت ؛ اشخاص یا اشیاخود ، بالخصوص مشتبہ لوگوں کی قطار جو پولیس نے شناخت کے لیے جمع کیے ہوں ؛ ان لوگوں کا گروہ جن کے مفادات اور مقاصد یکساں ہوں ۔ (کھیل) کھلاڑیوں کے مقامات کا نقشہ یا جدول ۔

ling, n. لنگ (ماہی) ؛ شمالی اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک لمبی خوردنی مچھلی ، جس کا تعلق کوڈ خاندان سے ہے ؛ اس سے متعلق متعدد مچھلیوں میں سے کوئی ایک بالخصوص بربوط ماہی (burbot) ۔

ling, n. عام خلنج ؛ گچھے دار گلابی پھولوں کی ولایتی جھاڑی ۔

lingam, linga, n. لنگم ؛ لنگ ؛ ہندو مت میں شیو دیوتا کے آلۂ تناسل کی علامت،ہندو جس کی پوجا کرتے ہیں ۔

lingcod, cultus, n. شمالی بحر الکاہل کی ایک بڑی خوردنی مچھلی جو عام سبز مچھلی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

linger, v.i. گھسٹنا ؛ لٹکنا ؛ کسی ایک مقام پر معمول یا توقع سے زیادہ دیر تک رہنا یا ٹھہرنا (گویا روانہ ہونے میں ہچکچاہٹ کے باعث) ؛ دیر کرنا ؛ ٹہلنا یا مٹر گشت کرنا ؛ دھیرے دھیرے چلنا ؛ غور و خوض ، سوچ بچار یا خوش خیالی میں منہمک ہونا ؛ کام میں سست پڑنا ؛ دیر لگانا یا سوچ میں پڑنا ؛ سسک سسک کرمرنا ؛جاری رہنا ، باقی رہنا یا جمنا اگرچہ نہ رہنے یا غائب ہونے پر مائل ہو ؛ ٹھہرنا ؛ رکنا ؛ ڈھیل ڈلنا ؛ ڈھیل ہونا ۔ (فعل متعدی) فرصت کے یا اکتاہٹ کے انداز میں گزرنا ، جیسے وقت یا زندگی (عموماً away یا out کے ساتھ ، جیسے : to linger away the hours) ؛ طول کھینچنا ۔ (قدیم) گھسیٹنا یا لمبا کرنا ۔

lingerer, n. تاخیر کرنے والا ؛ ٹال مٹول کرنے والا ۔

lingeringly, adv. تاخیر سے ۔

lingerie, n. عورتوں کا زیریں لباس یا سونے کا لباس ؛ زنانہ بے تکلفی کا لباس ؛ اندرونی زنانہ لباس ۔

lingo, n. (بول چال) زبان ؛ تقریر ؛ جس زبان کو کوئی سمجھتا نہ ہو ، اس کے لیے حقارت یا مزاح کا لفظ ؛ غیر مفہوم بولی ؛ کسی خاص شعبہ ، پیشہ یا گروہ کا مخصوص ذخیرۂ الفاظ یا بولی ۔

lingua, n. لسان ؛ زبان یا کوئی حِصّہ جو زبان سے مشابہ ہو ۔

lingua franca, n. مشترکہ زبان ؛ بین الاقوامی زبان ؛ رابطے کی زبان ؛ لسان ؛ بولی ؛ بھاشا ؛ فرانسیسی ، اطالوی ، ہسپانوی ، عربی اور جدید یونانی زبانوں کے الفاظ پر مشتمل ایک زبان جو مشترک ذریعۂ ابلاغ کے طور پر بحیرۂ روم کے ساحلی علاقوں میں مستعمل ہے ؛ کوئی مخلوط زبان جو ذریعہ ابلاغ کے طور پر استعمال ہو ، بالخصوص تجارت اور کاروبار میں مختلف زبانیں بولنے والے لوگوں کے درمیان ۔

lingual, a. لسانی ؛ زبانی ؛ زبان کا یا زبان کے بارے میں یا زبان سے مشابہ کسی حصے کے متعلق ؛ بولنے میں زبان کے استعمال سے متعلق ۔ (صوتیات) بول چال کی آوازوں کے بارے میں جو زبان کی مدد سے ادا کی جاتی ہیں ، جیسے t اور d ۔ (اسم) (صوتیات) لسانی آواز ۔

lingually, adv. لسانی طور پر ۔

linguist, n. ماہرِ لسانیات ؛ عالم السنہ ؛ زبان داں ؛ ماہرِ السنہ ؛ وہ شخص جو زبانوں کا ماہر ہو بالخصوص وہ جو کئی زبانیں جانتا ہو ؛ ہفت زبان ؛ علم اللسان کا متخصص ۔

linguistic atlas, dialect atlas, n. لسانی نَقشہ ؛ نَقشوں کا سلسلہ جس میں علاقائی زبانوں کے اختلافات کی نشان دہی کی گئی ہو ۔

linguistic form, n. لِسانی ہیئت ؛ زبان کا کوئی قابلِ فہم حصّہ جیسے فقرہ ، لفظ ، لاحقہ یا اسی قسم کا کوئی اور حصّہ ۔

lingusitic geographer, dialect geographer, n. لسانی جُغرافیہ داں ؛ بولیوں کے جُغرافیہ کا عالِم ۔

linguistic geography, dialect geography, n. لِسانی جُغرافیہ ؛ لوگوں اور علاقوں میں زبانوں اور بولیوں کی ارضی تقسیم اور حرکت کا علِم ۔

linguistics, n. لسانیات ، علِمُ الالسنہ ؛ وہ عِلم جو زبان کے ماخذ ، ساخت ، تاریخ ، علاقائی اختلافات اور صوتی خصائص سے بحث کرے ۔

linguistic, linguistical, a. لِسانی ؛ لسانیاتی ۔

linguistically, adv. لِسانیاتی طور پر ؛ لِسانی طور پر ۔

lingulate, a. زبان نُما ؛ زبان کی شکل کا یا تسمے کی مانند ؛ لبہ دار ۔

liniment, n. مالشی تیل ؛ طلا ؛ ایک سیّال چیز عموماً روغنی ، جو مالش کرنے یا جلد پر لگانے کے لیے ہوتی ہے جیسے موچ ، اینٹھن یا خراش وغیرہ کے لیے ۔

linin, n. (حیاتیات) لِینین ؛ ریشۂ نوات ؛ شبکۂ نوات ؛ ایک مادّہ جو جال کی شکل کا ڈھانچا بناتا ہے اور لونین (Chromatin) کے ذرات کو خلیے کے مرکزیے سے مربوط کر دیتا ہے ۔

lining, n. استر ؛ کسی چیز کے اندر کی طرف کسی چیز کی تہ (جیسے : a silk lining in a garment یا a brick lining in a furnace) استر لگانے کا عمل ؛ استر کاری ۔

link, n. جوڑ ؛ قلابہ ؛ ربط ؛ کڑی ؛ حلقہ ؛ کوئی حلقہ یا الگ ٹکڑا جو زنجیر میں شامل ہو ؛ تار کی سو سلاخوں میں سے کوئی ایک جن میں مساحت کی جریب منقسم ہوتی ہے ؛ جریب کا ڈنڈا جو لمبائی کی اکائی کے طور پر مستعمل ہے اور ۹۲ ء ۷ انچ کے برابر ہوتا ہے ؛ زنجیر نما سلسلے کا کوئی حصہ جیسے زنجیر کی صورت میں قیمہ بھری آنتوں کا کوئی ٹکڑا ؛ کوئی چیز جو ایک حصے

locomotor ataxia, n. (امراضیات) لڑکھڑاتی چال؛ ریڑھ کی ہڈّی کی ایک بیماری، جو آتشک سے پیدا ہوتی ہے، اس میں شدید درد ہوتا ہے اور ارتباط اور چلنے میں دشواری پیدا ہوتی ہے اور انجام کار فالج ہو جاتا ہے۔

locoweed, n. کنیر؛ جنوب مغربی امریکا کے مختلف پھلی دار پودوں میں سے کوئی ایک جو کنیر کی بیماری کا سبب بنتے ہیں۔

loculate, loculated, locular, a. (حیاتیات) دُرجکی؛ خانوں یا خلیوں کا حامل، خانوں یا خلیوں کا مرکب یا خانوں یا خلیوں میں منقسم؛ دُرج دار؛ خانہ دار۔

loculation, n. (خلیہ داری؛ خانہ داری۔

loculus, locule, n. (حیوانیات) دُرج؛ چھوٹا خانہ؛ جوف یا خلیہ۔ (نباتیات) بیضہ دانی جس میں بیج ہوتا ہے؛ زیرہ دانی جس میں پودے کا زیرہ ہوتا ہے؛ قدیم تہ خانہ یا قبر کا خانہ یا گوشہ جس میں خاکدان یا لاشیں رکھی جاتی تھیں۔

locum tenens, locum, n. (برطانوی) قائم مقام؛ نائب (جیسے طبیب یا پادری کا)۔

locumtenency, n. عارضی قائم مقامی؛ وہ شخص جو عارضی طور پر کسی طبیب یا پادری کا قائم مقام ہو۔

locus, n. جگہ؛ مقام؛ موقع؛ محل۔ (ریاضی) کوئی انحنا یاشکل جو متحرک نقطے، لکیر یا سطح نے پیدا کی ہو؛ شکل یا مجموعہ جو نقاط، خطوط اور سطوح کا حامل ہو، جن سے کسی مقررہ حالت کی تکمیل ہوتی ہو۔ (جینیات) کسی مورثہ (gene) کا لونیے (Chromosome) پر طولاً استقرار یا مقام۔

locust, n. ٹڈی، ملخ، جرادہ؛ چھوٹے محاسے والا ایک ٹڈا جو تلخیہ (Acrididae) خاندان سے متعلق ہے جس کی بعض انواع کثیر تعداد میں ترک وطن کرتی ہیں اور نباتات کو تباہ کر دیتی ہیں؛ کوئی ٹڈی دل (جیسے: seventeen year locust)۔ (نباتیات) خاردار شاخوں اور سفید پھولوں والا ایک امریکی پھلی دار درخت؛ کاذب ببول یا اس کی پائدار لکڑی؛ مختلف درختوں میں سے کوئی ایک جیسے کرات، honey locust، (Gleditsia triacanthos)

locustlike, a. ملخ نُما؛ ٹڈی نما۔

locution, n. طرز تکلّم؛ طرز بیان؛ اظہار کی خاص صورت؛ ترکیب؛ زبانی اظہار یا تقریر کا اسلوب؛ طرزادا؛ اسلوبِ بیان؛ اندازِ تقریر؛ طرزِ گفتگو؛ محاورہ؛ لفظ یا فقرہ۔

lode, n. (معدنیات) رگ معدن؛ پانی کا کٹاؤ؛ رگ کی مانند فلزاتی ذخیرہ؛ کچ دھات کا کوئی ذخیرہ جس کی کم و بیش متعین حدود ہوتی ہیں جو اسے اردگرد کی چٹانوں سے الگ کرتی ہیں؛ پرت (دھات)۔

loden cloth, loden, n. ایک اُونی کپڑا جوگف دار اور پانی روک ہوتا ہے اور اوپر پہننے کے بھاری لباس کے طور پر کام آتا ہے۔

lodestar, loadstar, n. رہنُما ستارا؛ قطب ستارا؛ وہ ستارا جو راستہ دکھاتا ہے بالخصوص شمالی ستارا؛ وہ چیز جس پر توجُّہ مرکوز ہو۔

lodestone, loadstone, n. سنگ مقناطیس؛ معدنی مقناطیس جو مقناطیسی قطبیت کا حامل ہوتا ہے اور لوہے کو کھینچتا ہے؛ اس کا ایک ٹکڑا جو مقناطیس کا کام دے؛ چمبک پتھر؛ مقنیطہ۔ (مجازاً) کوئی چیز جس میں کشش ہو؛ پُر کشش چیز۔

lodge, v.t. کسی کو سکونت یا مکان مہیّا کرنا بالخصوص عارضی طور پر؛ کسی کو کوئی کمرا یا کمرے اپنے مکان میں معاوضے پر مہیا کرنا؛ مکین کے طور پر رکھنا؛ سکونت یا رہایش یا پناہ کے طور پر کام دینا؛ پناہ دینا؛ رکھنا؛ رکھنا یا جمع کرنا جیسے کسی جگہ، ذخیرے یا نگہداشت کے لیے؛ سپرد کرنا؛ ودیعت کرنا؛ قائم کرنا؛ ٹھہرانا؛ دائر کرنا؛ تہ نشین کرنا؛ کسی خاص جگہ یا مقام پر لانا یا بھیجنا (جیسے: The bullet lodged in his heart)؛ رکھنا یا ملفوف کرنا؛ دینا جیسے اختیار کا؛ رکھنا، دینا، کرنا، جیسے اطلاع یا شکایت (کسی عدالت یا ایسی ہی ہیئت مقتدرہ کے سامنے)؛ برباد ہو جانا یا بچھ جانا جیسے نباتات کا طوفان میں؛ سُراغ لگانا، کھوج لگانا مثلاً برن کا اس کے مانند یا مسکن تک۔ (فعل لازم) رہایش یا مکان کا ہونا بالخصوص عارضی طور پر جیسے کسی مکان یا ہوٹل میں؛ کسی

دوسرے کے گھر کرائے پر رہنا ؛ کسی جگہ یا مقام پر مقرر ہونا ـ

lodger, n. منزل گُزین ؛ سکونت پذیر،مکین ، کرایہ دار ، مہمان ـ

lodge, n. لاج ؛ چھوٹی بھدی پناہ یا قیام گاہ ؛ انڈین امریکی خاندان کی اکائی یا رہایش ، کوٹھری یا جھونپڑی ؛ وہ مکان جو عارضی مسکن کے طور پر استعمال کیا جائے جیسے شکار کے موسم میں ؛ مکان یا جھونپڑی کسی باغ یا حویلی میں جو کسی نگران ، مالی یا اس طرح کے کسی شخص کے قبضے میں ہو ؛ ٹھہرنے کی سرائے یا ہوٹل ؛ کسی جانور کا مسکن ، بالخصوص اُودبلاؤ یا چھچھوندر کا ؛ کسی برادرانہ یا خُفیہ انجمن کی شاخ کی جلسہ گاہ ؛ شاخ کے ارکان ؛ خفیہ انجمن مجموعی طور پر ـ

lodgeable, a. قابلِ سکونت ؛ رہایش کے قابل ـ

lodging, diggings, digs, n. قیام گاہ ؛ مَسکن ؛ اقامت گاہ ؛ رہنے کی جگہ بالخصوص عارضی ؛ کسی مکان بالخصوص کمرے میں کرایہ پر رہایش ـ (جمع) ایک کمرا یا کمرے جو کسی دوسرے کے مکان میں رہایش کے لیے کرایہ پر لیے گئے ہوں ـ

lodging house, n. قیام گاہ ؛ وہ مکان جس میں سکونتی کمرے کرایہ پر دیے جائیں ، بالخصوص سرائے یا ہوٹل کی بجائے کوئی دوسرا مکان ـ

lodgment, lodgement, n. رکھنے کا عمل یا رہنے کی حالت ؛ رہنے کی جگہ ، سکونت گاہ ؛ جو چیز رکھی یا جمع کی گئی ہو ـ (عسکری) وہ مقام یا مورچہ جو دشمن سے حاصل کیا گیا ہو یا دُھس جو اس پر بنایا گیا ہو ـ

lodicule, n. (نباتیات) نخالک ؛ ان چھلکوں میں سے ایک جو گھاس کے پھل کی جڑ میں ہوتے ہیں ؛ غلافچہ ؛ گلیمچہ ـ

loess, n. لوئیس ؛ غباری تودہ ؛ آندھی کا بنایا ہوا ریتلی مٹی کا تودہ ، جو کسی قدر زرد اور کلسی (چُونے والا) ہوتا ہے ، یہ یورپ ، ایشیا ،مسیسپی کی وادی میں عام پائے جاتے ہیں ـ

loessial, a. مٹّی کے تودے سے متعلق ـ

loft, n. منزل ؛ کوٹھا ؛ بالائی کمرا ؛ اٹاری ؛ بالا خانہ ؛ پر چھتی ؛ وہ فرش یا کمرا جو کسی دوسرے کمرے کے اوپر ہو ، بالخصوص جو براہ راست چھت کے نیچے ہو جیسے اٹاری ؛ اصطبل کے اوپر کا مکان جو ذخیرہ گاہ کے طور پر مستعمل ہو ؛ گھاس کا گودام ؛ گرجا یا بڑے کمرے کی گیلری یا بالا خانہ جیسے سماع کے لیے ؛ کسی مال گودام ، تجارتی عمارت یا کارخانے کی بالائی منزل ـ (گالف) ڈنڈے کے سامنے کے حصہ کی ڈھلان جو عمودی سطح کی پچھلی طرف ہو اور گیند کو اوپر کی طرف دھکیل دے ؛ گیند اوپر اچھالنے کا عمل ـ (فعل متعدی) اوپر اچھالنا مثلاً گالف کے ڈنڈے کا ؛ اوپر اچھالنا یا پھینکنا جیسے گالف کی گیند کو ؛ عُبُور کرنا یا صاف کرنا یا دور کرنا جیسے رکاوٹ ـ (فعل لازم) کسی چیز کا اوپر ہوا میں اچھالا یا پھینکا جانا ـ

loftless, a. بے اٹاری ـ

lofting iron, lofter, n. (گالف) لوہے کے سر والا گالف کا ڈنڈا جس کا سامنے کا حصہ ڈھلواں ہوتا ہے ، یہ گیند کو اوپر اچھالنے کا کام دیتا ہے ـ

lofty, a. عظیم ؛ نہایت بلند ؛ لمبا ؛ حالت یا کردار میں بالا ؛ باوقار ؛ سرکش ؛ مغرور ؛ زبان یا اسلوب میں ارفع ؛ رفیع ؛ شاندار ؛ مرتفع ؛ بالا ؛ سربفلک ؛ بلند مرتبہ؛ رفیع الشان ؛ ممتاز ؛ بلند پرواز ؛ پُرشوکت ـ

loftily, adv. بلندی سے ؛ غرور سے ؛ شان سے ؛ تکبُّر سے ؛ عالی دماغی سے ؛ رفعت سے ـ

loftiness, n. بلندی ، رفعت ؛ عظمت ؛ ارتفاع ؛ تمکنت ؛ غرور ؛ تکبّر ـ

log, n. کُندہ ؛ گولا ، لٹھا ؛ بے کٹے شہتیر کا بڑا ٹکڑا خواہ وہ درخت کے ٹہنے کا ہو یا تنے کا ، کندہ یا سوختہ ـ (مجازاً) کوئی بے حس چیز ـ (جہاز رانی) رفتار پیما ؛ پانی میں جہاز کی رفتار کی شرح ناپنے کا آلہ ؛ چال ناپ ؛ حساب یا یادداشت یا روزنامچہ مثلاً بحری جہاز یا طیّارے کے سفر ، متحرک تصویر کی عکّاسی یا ریڈیو یا ٹیلی وژن کی نشریاتی ترسیل کا ـ (فعل متعدی) لٹھوں یا کُندوں میں کاٹنا ؛ شہتیر کاٹنا (جیسے : to log the forest) ؛ حساب کتاب رکھنا (جیسے : to log the night's events) ـ (فعل لازم) درختوں کا کاٹاجانااوردوسری جگہ بھیجا جانا (جیسے : to log in the western mountains) ـ

log, n. دیکھیے : Logarithm ـ

logan berry, n. (نباتیات) توت سیاہ یا عوسج جنس کا سُرخ پھل ـ

logaoedic, a. (عروض) ایک خاص بحر جس کے ارکان ڈکٹائل (dactyle) اور ٹروچی (trochee) یا اینا پاپیسٹ (anapaest) اور آئمب (iamb) ہوتے ہیں ، اس کی روش نثر سے مشابہ ہوتی ہے ؛ نثری بحر (جیسے : logaoedic verse) ـ (اسم) نثری نظم ـ

logarithm, log, n. لوگارتم ؛ لوگارتھم ـ (ریاضی) جزو یا طاقت جس کے لیے ایک مقررہ اساسی عدد کو بڑھایا جاتا ہے تاکہ ایک دیاہوا عدد حاصل ہو سکے ، جسے ضد لوگارتم کہتے ہیں ـ

logarithmic, logarithmical, a. لوکارتمی ؛ لوگارتھمی ـ

logarithmically, adv. لوکارتم کے طور پر ؛ لوگارتھم کی رُو سے ـ

logbook, n. لاگ بُک ؛ روزنامچۂ جہاز ؛ ایک کتاب جس میں بحری جہاز یا طیارے یا دفتر کی گاڑیوں کے سفر کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں ؛ کسی ترقی یا کارنامے کی کتاب ؛ روزنامچہ ؛ ترقی نامہ ؛ کیفیت نامہ ؛ رائے نامہ ؛ کتاب و قائع ؛ رجسٹر واقعاتِ جہاز ؛ جہاز نامہ ؛ کشتی نامہ ـ

loge, n. سائبان یا احاطہ ؛ تھیٹر یا او پیرا ہاؤس میں باکس (کٹہرا) ؛ پہلی بالکنی کا سامنے کا حصہ جسے تقسیم کرکے یا کٹہرا لگا کے الگ کر دیا گیا ہو ـ

logged, a. حرکت کو متأثر کرنے والی کسی سُست یا بھاری چیز سے منسوب ؛ جس میں رطوبت سرایت کر گئی ہو ؛ آب زدہ ، سیم کا مارا ہوا ـ

logger, n. درختوں کی کٹائی میں مشغول ؛ درخت کاٹنے اور بھیجنے والا ؛ لٹھے یا لکڑی کے کندے لادنے کی مشین ؛ ٹریکٹر جو درختوں کی کٹائی پر لگایا گیا ہو ـ

loggerhead, n. بیوقوف ، احمق شخص ؛ کور مغز آدمی ؛ کندۂ ناتراش ؛ گاؤدی ؛ کودن ؛ اُلّو ؛ لوہے کا لمبے دستے والا گرم گولہ جو تار کول یا مائعات کو گرم کرنے یا پگھلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ـ

(جہاز رانی) وھیل بوٹ (وھیل شکار کرنے کی کشتی) کے دُنبالے کا کَھم ، جس کے اردگرد ہارپون کا رسّا گزارا جاتا ہے ۔ (حیوانیات) بڑے سر کا آبی کچھوا ، بحراوقیانوس کا کریٹا (Caretta) ۔ (طیوریات) امریکی آلا گزنہ (Lanius ludovicianus)نیز : loggerhead shrike ۔

at logger heads, اختلاف رائے پر جھگڑنے والے ۔

loggerheaded, a. بیوقوف ، احمق ۔

loggia, n. چھتّا یا گیلری ، جو کم از کم ایک طرف سے کُھلا ہو ۔

logic, n. منطق ؛ علم استدلال جس میں جائز استنباط کے اصول استعمال ہوتے ہیں ، علم مناظرہ ؛ دلائل ؛ بحث ؛ دلیل و استدلال کا ایک نظام یا طریقه ؛ نظام یا اصول استدلال جو کسی خاص شعبه علم پر منطبق ہوں ؛ قوت استدلال ؛ قائل کرنے کی قُوّت (جیسے : The irresistible logic of facts,) ؛ واقعات کے اسباب و نتائج کا ناگزیر تعلق ، جو کسی خاص نتیجے کی طرف لے جائے ؛ عقل یا گہرا شعور جیسے قول و عمل میں ۔ (کمپیوٹر) صداقتی جدولوں اور عوامل کے اصول اور اطلاق (جس میں حسابی عمل شامل ہو) ۔

logician, n. منطق میں ماہر شخص ، منطقی ، منطق دان ۔

logical, a. معقول ؛ مدلّل ؛ منطقی ، منطق سے متعلق ؛ قابل تسلیم ؛ لازمی ؛ منطق کے اصولوں کے مطابق (جیسے : logical reasoning) ؛ معقول یا عقلاً جس کی توقع ہو (جیسے : War was the logical consequence.) ؛ اصول منطق کے مطابق استدلال ۔

logically, adv. منطقی طور پر ؛ ازروئے منطق ؛ منطقی اعتبار سے ؛ منطق کے قاعدے سے ۔

logicality, logicalness, n. منطقیت ۔

logical positivism, logical empiricism, n. منطقی ایجابیت ؛ ابتدائی بیسویں صدی میں فلسفے کی ایک تحریک جس کا نظریه ہے که بیان کی صرف دو قسمیں ، جن میں قدرِ صداقت موجود ہو سکتی ہے ، تجزیاتی بیان اور وہ بیانات ہیں جن کی حسّی ادراک کے ذریعے تصدیق ہوسکے ،باقی تمام مابعد الطبیعی ، اخلاقی اور جمالیاتی بیانات قدرِ صداقت سے عاری ہیں ۔

logion, n. حدیثِ مسیح ؛ روایتی کہاوت یا مقوله جیسے کسی مذہبی مبلغ/رہنما کا ۔ (بعض اوقات بڑے L سے) حضرت مسیح علیه السلام کا قول بالخصوص جو اُن مجموعوں میں شامل ہو، جن کے متعلق قیاس ہے که یه موجودہ اناجیل کے مآخذ میں شامل ہیں یا وہ قول جو حضرت مسیح علیه السلام سے منسوب ہو مگر اناجیل میں شامل نه ہو ۔

logistic, logistical, a. منطقی ؛ حسابی ؛ شماری ؛ فوجی انصرام سے متعلِق ؛ تناسبی ؛ عملی حساب سے متعلِق ۔

logistically, adv. حسابی طور پر ۔

logistics, n. نظامِ فوج ؛ فوجی نظم و انصرام ؛ فوجی علم کا وہ شُعبه، جس کا تعلق سامان اور فوج کی نقل حرکت ، ترسیل ، دیکھ بھال اور رسد نیز دیگر سہولتوں کی فراہمی سے ہے ۔

logistician, n. فوجی نظم و انصرام کا ماہر ۔

logjam, n. بیڑا ؛ آپس میں جوڑے ہوئے لٹھوں یا شہتیروں کا بیڑا جو دریا یا ندی میں بہا دیا جاتا ہے ؛ کوئی رکاوٹ ، روک یا تعطل ۔

logogram, logograph, n. علامتِ لفظ ؛ رمز ؛ کوئی علامت یا اختصار جو کسی کثیر الاستعمال لفظ یا مجموعۂ الفاظ کی نمائندگی کرے ، جیسے ''C'' سینٹ (cents) کے لیے مستعمل ہے ۔

logogrammatic, a. علامتی ؛ اختصاری ۔

logogrammatically, adv. علامتی طور پر ۔

logograph, n. دیکھیے : Logogram ۔

logographic, a. علامتی ۔

logographically, adv. علامتی طور پر ۔

logography, logotypy, n. (طباعت) لفظی ٹائپ کا استعمال ؛ اختصار نویسی کے بغیر روداد نویسی کا طریقه ، جس میں متعدد روداد نویسوں میں سے ہر ایک باری باری چند الفاظ لکھتا ہے ؛ وقائع نگاری ؛ لفظی عبارت ۔

logogriph, n. لفظی مُعمّا ؛ ایک مُعمّا جس میں کوئی خاص لفظ اور دوسرے الفاظ اشعار کے ایک مجموعه میں دیے گئے اشاروں سے معلوم کیے جاتے ہیں ؛ لفظی بجھارت ، وہ مُعمّا جس میں لفظی بجھارت ہو ، چیستان ۔

logomachy, n. نزاعِ لفظی ؛ لفظوں کے متعلق بحث ؛ زبانی جھگڑا ؛ الفاظ بنانے کے مختلف کھیلوں میں سے کوئی ایک ؛ الفاظ سازی ۔

logomachist, n. لفظی چیستان کا ماہر ۔

logorrhea, n. (امراضیات) یاوہ گوئی یا فضول گوئی کا مرض ۔

Logos, n. (الٰہیات) یسوع مسیح ؛ کلمۂ الٰہی ؛ تثلیث کا اقنوم ثانی ۔ (چھوٹے l سے) (فلسفه) عقل اوّل جو کائنات کی ساخت اور ترقی میں جاری و ساری ہے ؛ اصول عقلی ۔

logotype, n. (ٹائپ‌سازی) لفظی ٹائپ ؛ واحد ٹائپ جس میں دو یا زیادہ حروف ہوں ؛ کوئی رکن یا لفظ ۔

logroll, v.t. سودے بازی کے ذریعے کسی مسودۂ قانون کو کامیابی سے منظور کرانا ۔ (فعل لازم) سیاسی سودے بازی میں مشغول ہونا ۔

logroller, n. مسودۂ قانون کو منظور کرانے والا ۔

logrolling, n. قانون سازوں کے درمیان مشترکه سیاسی مفاد کے لیے سودے بازی ؛ کسی خاص جگه سودے بازی کا عمل ؛ بلا تأمل رقم جوئے میں لگانا ؛ برلنگ (birling) ۔

logwood, n. (نباتیات) سُرخ لکڑی ؛ چوب سرخ ؛ بقم ؛غرب الہند اور وسطی امریکا کے ایک درخت بقم (Haema, toxylon campechianum) کی بھاری بھوری سرخ پکی لکڑی جو رنگ سازی اور نسیجیاتی (histological) کاموں میں استعمال ہوتی ہے ۔

logy, a. (بول چال) بھاری ؛ سُست ؛ کُند ۔

loin, n. کمر ؛ پُٹھا ؛ صُلب ؛ کُولھا ۔ (عموماً جمع) آدمی یا اکثر چوپایوں کے جسم کا وہ حصه یا حصے جو ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف ہوتے ہیں ، کاذِب پسلیوں اور کولھے کی ہڈی کے درمیان ؛ انجیل اور شاعری میں جسم کا وہ حصه جسے ڈھانپنا چاہیے ، جسے جسمانی طاقت یا تولیدی قوت کا مرکز خیال کیا جاتا ہے ، صُلب ، کوکھ ؛ پُٹھے کا گوشت ، جس میں ریڑھ کے مُہرے شامل ہوں ، پُٹھ ۔

loincloth, n. لنگوٹ ، لنگوٹی ؛ کپڑے کا وہ ٹکڑا جو کمر یا پٹھوں پر پہنا جاتا ہے اور اکثر رانوں کے درمیان سے

گزارا جاتا ہے ۔

loiter, v.i.,v.t. ٹہلنا ، مٹر گشت کرنا؛کسی ایک جگہ یا راستے میں ٹھہرتے ٹھہرتے چلنا ؛ سُست اور کاہلانہ انداز میں چلنا (جیسے : to loiter along) ؛ وقت کا ضائع ہونا یا کام میں دیر ہونا ؛ کاہلانہ اور بے مقصد انداز میں وقت گزارنا (عموماً away کے ساتھ ، جیسے : to loiter away the hours,) ۔

loiterer, n. ٹہلنے والا ، تاخیر کرنے والا ؛ وقت ضائع کرنے والا ؛ کاہل ؛ ہرزہ گرد؛ کوچہ گرد ؛ آوارہ گرد ۔

loll, v.i. سُستی اور کاہلی سے بیٹھنا ؛ ٹہلنا ؛ کُتے کی طرح زبان باہر نکالنا ۔ (فعل متعدی) لٹکنے یا جُھکنے دینا ۔ (اسم) ٹہلنے کا عمل ، مٹر گشت ؛ ٹہلنے والا ۔

lollipop, lollypop, sucker, n. گولی ؛ ایک سخت مٹھائی جو چبانے کی بجائے چُوسی جاتی ہے اور یہ چھوٹی لکڑی یا تیلی پر لگی ہوتی ہے ۔

lollop, v.i. (برطانوی بولی) ٹہلنا یا مٹر گشت پر ہونا ؛ لٹک کے ساتھ چلنا یا اچھلتے ہوئے چلنا ۔

Lombard, n. لمبارڈ ؛ شمالی اطالیہ کے علاقے لمبارڈی میں چھٹی صدی میں آباد ہو جانے والے جرمانی قبیلے کا ایک فرد ؛ اس قبیلے کی نسل کا کوئی شخص ؛ لمبارڈی کا پیدایشی یا باشندہ ۔

Lombardic, a. لمبارڈی ؛ لمبارڈ قبیلے سے متعلِّق ۔

Lombard Street, n. لندن ، (انگلستان) کی ایک سڑک جو لندن کے مالی مرکز کے طور پر مشہور ہے ؛ لندن کا ساہوکارا ۔

Lombardy poplar, n. کبودہ (سیاہ پاپلر) کی ایک قسم کبودۂ اطالوی (Populus nigra italica)؛اس کی شاخیں اوپر کو اٹھی ہوتی ہیں اور مخروطی تنے کے قریب ہوتی ہیں ۔

loment, lomentum, n. (نباتیات) لومینٹ شکستنی ؛ بعض پھلیوں کا مُنہ بند خشک پھل جو پک کر بیج والے ٹکڑوں میں الگ الگ ہو جاتا ہے ؛ علفہ ۔

lomentaceous, a. ایسا پھل دار یا اس سے متعلق ۔

lone, a. اکیلا ؛ کسی ساتھی کے بغیر؛ تنہا ؛ جہاں دوسرے قریب نہ ہوں ؛ مجرّد ؛ فرد ، واحد ؛ بے یار و مددگار ۔

loner, n. تنہائی پسند آدمی ؛ وہ شخص جو تنہا رہنا پسند کرے ۔

lonely, a. سنسان ؛ جہاں دوسرے قریب نہ ہوں ؛ تنہا؛ ساتھیوں اور دوستوں سے الگ؛ رفاقت اور ہمدردی سے محرومی کی وجہ سے اداس؛ جس میں اداسی ، تنہائی اور بے کار ہونے کی خصوصیت پائی جائے ؛ اکیلا ؛ مجرّد ؛ تجرّد پسند ؛ اُجاڑ ؛ ویران (جیسے : a lonely beach) ۔

lonelily, adv. تنہاطور پر ۔

loneliness, n. تنہائی ، ویرانی ؛ اکیلا پن ؛ خلوت گُزینی ؛ گوشہ نشینی ؛ تجرد پسندی ۔

lonesome, a. رفاقت سے محرومی کے باعث مغموم یا تنہا ؛ بیدلی کا باعث ؛ اکیلا ؛ گوشہ نشین ؛ اداس ۔

by one's lonesome, (بول چال) تن تنہا ۔

lonesomely, adv. تنہائی سے ۔

lonesomeness, n. تنہائی ؛ اکیلا پن ؛ اداسی ۔

long, a. لمبا ، دراز ، طویل ؛ کافی وسعت کا حامل ؛ جو چھوٹا نہ ہو (جیسے : a long distance) ؛ تناسب میں غیر معمولی طور پر بڑا (جیسے : a long arm,) ؛ وقت کے لحاظ سے کافی یا بہت وسعت کا حامل (جیسے : a long while) ؛ شروع سے آخر تک کافی یا بڑی وسعت کا حامل ؛ بہت سی چیزوں کا حامل جیسے سلسلہ ، شمار و علیٰ ہذا القیاس ؛ جو مختصر نہ ہو ؛ جو جگہ ، مدت ، مقدار یا ایسی ہی کسی چیز میں خاص وسعت کا حامل ہو (جیسے : five miles long) ؛ عام یا معیاری مقدار ، گنجایش یا مدت میں بڑھ کر (جیسے : longton) ؛ مکانی و زمانی بُعد لیے ہوئے (جیسے : a long memory) ؛ ضخیم/طویل (جیسے : a long book) ؛ بیزار کن ؛ طویل المیعاد (جیسے پرامیسری نوٹ)۔(بالخصوص قانون) وقت کے لحاظ سے بعید ، دُور (جیسے : a long date) ۔ (عروض ، صوتیات) جسے ادا کرنے میں زیادہ وقت صرف ہو (جیسے انگریزی حروف علت , ... fate, me, pine, note, lute جیسے الفاظ میں a , e, i, o, u) ؛ جس کے جیتنے کا امکان نہ ہو (جیسے: a long chance) ۔ (بول چال) لمبا؛ طویل ۔ (مالیات) مالا مال کسی جنس یا ذخیرہ سے ؛ اس لیے قیمتوں کے اضافے پر نفع کا انحصار رکھنے والا ۔ (اسم) لمبی چیز؛ طویل مدت (جیسے : before long) ؛ لمبے آدمیوں کے لباس کا سائز ۔ (عروض، صوتیات) لمبی آواز یا رُکن ۔ (مالیات) خریداری، ذخائر یا اجناس جن کی قیمتوں میں اضافے کی توقع ہو ۔ (متعلق فعل) زمان و مکان کی بڑی حد تک ؛ دور تک (جیسے : a reform long advocated,) ؛ خاص مدت یا وقت کے لیے (جیسے : How long did he stay?) ؛ تمام وقت میں (جیسے : all summer long,) ؛ ظاہر کردہ وقت سے بعید (جیسے : long before) ۔

in the long run, طویل مدت یا تجربے کے بعد ؛ آخر کار ؛ انجامِ کار ۔

so long as, as long as, بشرطیکہ ، جہاں تک ۔

long, v.i. دلی تمنا رکھنا ؛ بہت آرزو ہونا (مصدر یا for اور after کے ساتھ) ؛ جی چاہنا ؛ شوق سے چاہنا ؛ مشتاق ہونا ؛ چاہنا ؛ ترسنا ۔

longboat n. (جہازرانی) طویل ترین اور مضبوط ترین کشتی جو کوئی بادبانی جہاز لے کر گیا ہو ۔

long bow, n. لمبی کمان ؛ پرانے انگریز تیر اندازوں کا ایک ہتھیار جو تقریباً چھ فٹ لمبا ہوتا تھا اور ہاتھ سے کھینچا جاتا تھا ؛ بڑی کمان ۔

draw the longbow, مبالغہ کرنا ؛ غیر ممکن کہانیاں سنانا ۔

long distance, n. دوردراز علاقوں کے لیے ٹیلی فون کے رابطے کا نظام ۔

long-distance, a., adv. دور کے مقامات کو ملانے والا ؛ دور ، دور سے ۔

long division, n. (ریاضی) تقسیم مرکب ؛ عموماً وہ تقسیم جو کم از کم دو ہندسوں کی رقم سے ہو ؛ جس میں تمام حسابی مراحل تحریری طور پر ظاہر کیے جاتے ہیں ۔

long dozen, n. تیرہ ؛ بڑی درجن ۔

longeron, n. (طیرانیات) طیّارے کا لمبا بندھن یا سہارا طیّارے کے ڈھانچے کی لمبان کا تختہ ۔

longevity, n. درازیٔ عُمر ؛ لمبی عمر ؛ طویل عمر ؛ عمر کی

طوالت یا دورانیہ ؛ ملازمت کی مدّت یا عرصہ ۔

longevous, a. طویل العمر ؛ لمبی عمر والا ۔

long green, n. (عوامی) زر کاغذی ؛ کاغذی سکّہ ۔

long hair, n. (بول چال) مُو دراز ؛ گیسودراز ؛ دانشور ؛ فنون کا پرستار یا فن کار بالخصوص کلاسیکی موسیقی کا ؛ کلاسیکی موسیقی ۔ (صفت) فنکار کی خصوصیت یا اس کی پسند ؛ کلاسیکی موسیقی سے متعلق ۔ نیز: long haired

longhand, n.,a. عام خط یا تحریر جو ہاتھ کی لکھائی میں استعمال ہوتا ہے جس میں الفاظ مکمل طور پر لکھے جاتے ہیں ۔

longhead, n. (بشریات) دراز سر؛ راس مستطیل ؛ وہ سر جس کا راسی اشاریہ کم ہو ؛ دراز سر شخص ۔

longheaded, a. (بشریات) دراز سر؛ زیرک ؛ دوربین ؛ ہوشیار ۔

longheadedly, adv. ہوشیاری سے ؛ زِیرکی سے ۔

longheadedness, n. ہوشیاری یا زِیرکی ۔

longhorn, n. لمبے سینگوں والا ؛ دراز سینگ ؛ طویل القرن ؛ سولھویں صدی میں ہسپانیہ سے جنوبی مغربی امریکا میں لایا گیا لمبے سینگوں والا ایک مویشی ۔ (عموماً بڑے L سے) ٹیکساس کا باشندہ۔نیز: Texas long horn ۔

longhorn, n. چیڈر کا پنیر جو اسطوانے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

long-horned beetle, long horn, n. (حشریات) لَم سنگا حشرہ ؛ اسطوانہ نما لمبے محاسوں اور چمکدار جسم والے بھنوروں میں سے کوئی ایک جو اپنے پہل رُوپ (لاروا) شکل میں بُھوکے ہونے کی وجہ سے لکڑی میں چھید کر دیتے ہیں اور پھلوں نیز جنگلی درختوں کے لیے تباہ کن ثابت ہوتے ہیں ۔

long-horned grass hopper, n. (حشریات) : دراز شاخ ٹڈا ؛ ایسے ٹڈوں میں سے کوئی ایک جن کی خصوصیت بال کی مانند لمبی مونچھیں، ان کے چرچراہٹ پیدا کرنے والے اعضا جن سے موسیقی پیدا ہوتی ہے اور ان کے سمعی اعضا ہیں جو سامنے کے جوڑ کی جڑ میں واقع ہوتے ہیں ۔

long house, n. چوپال ؛ ارو کوئس (Iroquois) یا دیگر شمالی امریکی انڈین کی اجتماعی قیام گاہ یا کونسل کا اجلاس گاہ ۔

longicorn, n. (حشریات) دراز شاخ ؛ دراز شاخک ؛ دراز قرنہ ۔ (اسم) لمبے محاسے/مونچھوں والا بھونرا ۔

longing, n. شوق ؛ آرزو ؛ مستقل تمنّا ؛ خواہش ؛ ارمان ؛ اشتیاق ؛ چاہ ۔ (صفت) آرزو مند ؛ تمنائی ۔

longingly, adv. بہ اشتیاق ؛ آرزو مندی سے ؛ بہ تمنّا ؛ بڑی چاہ سے ۔

longitude, n. (جغرافیہ) درجۂ طُول ؛ طول البلد ؛ زمین کی سطح پر شرقاً غرباً فاصلہ جو اس زاویے سے ناپا جاتا ہے جو کسی خاص مقام کے نصف النہار اور کچھ نصف النہاروں کے درمیان ہوتا ہے جیسا کہ گرین وچ (انگلستان) کا ° جو درجوں میں یا گھنٹوں اور منٹوں میں ظاہر کیا جائے ۔ (فلکیات) طریق الشمس کی قوس جسے اعتدال ربیعی کے نُقطے سے شرقاً عرض البلد کے دائرہ کے قاعدے تک ناپا جاتا ہے ؛ دائرہ المسیر پر نقطہ اعتدال ربیعی سے شرقاً زاویاتی فاصلہ (جیسے وہ ستارہ جس کا مقام زیر بحث ہو) ۔

longitudinal, a. طول بلدی ؛ طول البلد سے متعلق یا طولی (جیسے : longitudinal distance, longitudinal measure) ؛ کسی چیز کے طول کی سمت میں پھیلاؤ (جیسے : a flag with longitudinal stripes) ؛ طولاً جانے والا ۔ (حیوانیات) جسم کے طویل محور سے متعلق یا اس کے ساتھ پھیلا ہوا یا آگے سے پیچھے یا سر سے دُم تک کی سمت ۔

longitudinally, adv. طولاً ، لمبائی میں ۔

long jump, (زیادہ تر برطانوی) لمبی چھلانگ ؛ عریض چھلانگ ۔

long leaf pine, n. شہ برگ چیڑ؛ لمبے پتوں والا چیڑ؛ جنوبی امریکا کا ایک لمبا درخت جس کی چھال نارنجی بھوری ہوتی ہے اور اس سے عمارتی لکڑی اور تارپین کا تیل حاصل کیا جاتا ہے ۔

long-lived, a. لمبی عمر کا ، طویل العمر ، بڑی عمر کا ۔

long-livedness, n. درازئ عمر ۔

long pig, n. بڑا سور (مجازاً آدمی) ؛ انسانی گوشت جو آدم خوروں کی ضیافت میں تیّار کیا اور کھایا جاتا ہے ۔

long-playing, a. فونوگراف یا ریکارڈ جس کا قُطر دس سے بارہ انچ ہو اور جو ایک منٹ میں ۳۳-۱/۳ چکر کاٹتا ہے ۔

long-range, a. طویل فاصلی ؛ طویل فاصلوں اور طویل مدت سے متعلق (مستقبل کی) ؛ لمبی زد ۔

longshoreman, n. جہاز قُلی ؛ گودی مزدور ؛ گودی کا مزدور جو جہازوں پر مال لادنے اور اتارنے پر مقرر ہو ۔

long shot, n. وہ کام جس میں کامیابی کی امید کم ہو ، لیکن کامیابی کی صورت میں منافع بہت زیادہ ہو ۔ (قمار بازی) شرط مثلاً دوڑ کے گھوڑے پر ؛ بڑی شرط جس میں کامیابی کی امید کم ہو ۔

not by a long shot, (بول چال) ہرگز نہیں ؛ خارج از بحث ، کلیۃً خارج از بحث ۔

long-sighted, a. دُور بیں ؛ دراز بیں ؛ دور اندیش ؛ دور کے نتائج کو قبل از وقت دیکھنے والا ؛ بعید بین ؛ دراز نظر ؛ عاقبت اندیش ۔

longsightedness, n. بعید نظری ؛ دور بینی ؛ دور اندیشی ؛ درازنظری ۔

longsome, a. طوالت کی بنا پر بیزار کن ؛ اُکتا دینے والا ۔

longsomely, adv. بیزار کُن طور پر ۔

longsomeness, n. بیزار کُن طوالت ؛ بیزاری ۔

longspur, n. (طیوریات) سہرہ ؛ برقش یا سہرہ خاندان کے سرد موسم کے پرندوں کی انواع میں سے کوئی ایک ، جن کی شکل چڑیا سے مشابہ ہوتی ہے اور ہر پاؤں کا پچھلا پنجہ لمبا ،خار نما ہوتا ہے،یہ قطب شمالی کے ٹنڈرا اور شمالی امریکا کے مرغزاروں میں رہتا ہے ۔

long-suffering, a. متحمّل ؛ مُدّت دراز سے تکلیف اٹھانے والا ؛ جو طویل مدت سے صدمات اور اشتعال انگیزی کو برداشت کر رہا ہو ؛ صابر ؛ متحمل مزاج جسے آسانی سے مشتعل نہ کیا جاسکے ۔ (اسم) ناسازگاری اور تکلیف پر صبر اور تحمل ؛ بردباری ؛ غم خواری ؛ حِلم ؛ تحمُّل ؛ برداشت ؛ سہار ۔ نیز (قدیم) sufferance ۔

long-sufferingly, adv. طویل تکلیف سے ، طویل رنج کشی سے ۔

long suit, n. (تاش) وہ رنگ جس میں کسی کے پاس

looking glass, آئینہ ؛ سنگار آئینہ ؛ آرسی ؛ شیشہ ۔
look out, n. نگرانی کرنے کا عمل ؛ نگرانی مثلاً کسی ہونے والی چیز کی ؛ کوئی شخص یا جماعت جو ایسی نگرانی کے لیے مقرر کی گئی ہو ؛ وہ جگہ یا مقام جہاں سے ایسی نگرانی کی جائے ؛ تلاش ؛ خبرداری ؛ چوکسی ؛ انتظار ؛ دیدبان ؛ منظر ؛ نگرانی ۔ (برطانوی) نظر ؛ منظر ؛ امید ؛ نقطۂ نظر ۔ (بول چال) کسی کی پروا یا فکر کا مرکز ؛ مرکز خیال ۔
loom, n. کھڈّی ؛ کرگھ ؛ دھاگے یا سوت کو بُن کر کپڑا بنانے کی مشین یا کل ؛ بُننے کا فن یا عمل ؛ بُنائی ۔ (جہازرانی) پتوار کا حصّہ جو پھل اور دستے کے درمیان ہوتا ہے ۔
loom, v.i. غیر واضح طور پر ظاہر ہونا یا غیر واضح اور بڑا دکھائی دینا ؛ کسی کے تصور میں بڑے قدوقامت میں ظاہر ہونا ؛ خوفناک نظر آنا ؛ دھندلا سا نظر آنا ۔ (مجازاً) دھمکانا ؛ ڈرانا (جیسے : The possibility of an epidemic loomed over the city.) ۔ (اسم) دھندلی شکل مثلاً کسی چیز کی جو فاصلے سے یا دھند میں سے دیکھی جائے (جیسے : the loom of an iceberg) ۔
loom, n. (برطانوی) ایک قسم کی مرغابی ۔
loon, n. (طیوریات) پن ڈُبی ؛ غواصہ ؛ لون ؛ غوطہ خور آبی پرندوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک جن کی خصوصیت زیر آب طویل تیراکی ، تیز نوکیلی چونچ اور قہقہے سے مشابہ آواز ہوتی ہے
loon, n. بیکار اور نکمّا آدمی ؛ مردک ؛ خبطی شخص ۔ (اسکاٹ لینڈ) لڑکا ۔
loony, looney, luny, a. (عوامی) خبطی ؛ مجنون ؛ نہایت احمق ؛ سڑی ۔ (اسم) (عوامی) پاگل آدمی ۔
looniness, n. پاگل پن ؛ خبط ؛ سڑی پن ؛ جنون ۔
loop, n. پھندا ؛ حلقہ ؛ رسّی ، دھاگے ، فیتے یا اسی طرح کی کسی اور چیز کا موڑا ہوا یا دوہرا کیا ہوا حصہ تاکہ دو حصّوں کے درمیان خلا رہے ؛ وہ حصّہ جو اس طرح دُہرا کیا گیا ہو ؛ لکڑی یا دھات کا خمیدہ ٹکڑا یا حلقہ ، جو بند کرنے کے آلے کے طور پر یا کوئی چیز داخل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کنڈل ؛ پیچ ؛ حلقہ رُو ؛ چھلا ؛ پھانسا ؛ چکّر ؛ تُکمہ ؛ کوئی چیز پھندے یا حلقے سے مشابہ (جیسے کاغذ پر کھینچی ہوئی لکیر یا دریا کا موڑ) ۔ (طبیعیات) کسی آلۂ موسیقی کا مرتعش تار ، ارغنون یا اسی طرح کے کسی ساز کی نالیوں کی دو گرہوں کے درمیان ہوا کا کالم ؛ ضدِّ عُقدہ ۔ (برق) بند سرکٹ ۔ (طیرانیات) کسی طیارے کا مکمّل چکر جب وہ عموداً حرکت کر رہا ہو ۔ (فعل متعدی) حلقہ بنانا یا حلقے کی شکل دینا ؛ کسی چیز میں حلقہ یا حلقے بنانا ؛ دائرہ بناتے ہوئے کسی چیز سے گھیرنا ؛ کسی حلقے سے باندھنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز سے حلقہ یا حلقے بنانا پرواز کے دوران ۔ (فعل لازم) حلقہ یا حلقے بننا ؛ حلقے بناتے ہوئے حرکت میں ہونا جیسے کوئی چلتا ہوا کیڑا ۔
loop the loop, اُڑتے ہوئے ہوائی جہاز سے حلقے یا حلقوں کا سلسلہ بننا ؛ گاڑی کا حلقہ نما راستے یا سڑک پر چلنا ۔
looper, n. وہ شخص یا چیز جو حلقہ بنائے یا چکر کاٹے ؛ لہراتا ہوا کیڑا ؛ کُنڈل کیڑا ؛ بخیہ ؛ پُرزہ ۔
loop, loophole, n. (قدیم) چھوٹا اور تنگ دہانہ یا شگاف جیسے دیوار میں ؛ چھید ؛ موکھا ؛ سوراخ ۔

تاش کے پتّوں کی سب سے بڑی تعداد ہو ؛ وہ وصف یا عمل جس میں کوئی شخص برتر اور خاص استعداد کا حامل ہو ۔
long-term, a. طویل المیعاد ؛ نسبتاً طویل دورانیے والا (جیسے : a long term contract) ۔
Long Tom, n. ایک دور مار میدانی توپ ۔ (سابقاً) ایک لمبی بندوق یا توپ جو جنگی جہازوں پر نصب ہوتی تھی ۔
longueur, n. طویل اور بیزار کن ٹکڑا مثلاً کتاب یا ڈرامے میں ۔
long-winded, a. دراز دَم ؛ بڑے دَم والا ؛ جو دیر تک کام یا کلام کر سکے ؛ دم پھولے بغیر طویل محنت کرنے کے قابل ۔
long-windedly, adv. بڑے دم سے ۔
longwindedness, n. دراز دَمی ۔
loo, n. لُو ؛ تاش کا ایک کھیل جس میں جرمانہ پُول سے ادا کیا جاتا ہے ؛ جرمانہ جو مجموعی طور پر ادا کیا جائے ۔ (فعل متعدی) تاش کے کھیل لُو میں پُول سے جرمانہ ادا کرنا ۔
loofa, loofah, n. لوفہ ؛ رام توری ؛ کدو سے مشابہ ایک پودا جس کا تعلق رام توری کی جنس سے ہے ،اس میں ریشہ دار پھل لگتا ہے ،جو چھلنی یا اسفنج کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔
look, v.i. اپنی نظر استعمال میں لانا ؛ کسی چیز کی طرف متوجّہ ہونا ؛ ذہن یا توجُّہ کسی طرف مبذول ہونا ؛ کسی خاص حالت یا انداز کا طاری ہونا (جیسے : to look upset) ؛ کسی کو جانچنے ، تلاش کرنے یا دیکھنے میں نظر کا استعمال میں آنا ؛ ذہن یا نگاہ سے مانُوس ہونا (جیسے : She looks familiar to me) ؛ کسی خاص سمت ، خیال یا حالت میں ہونا ؛ سامنا ہونا ؛ بعض علامات کا ظاہر ہونا ۔ (فعل متعدی) نظر سے ظاہر کرنا یا اظہار کرنا ؛ مناسب انداز میں دکھائی دینا (جیسے : to look one's age,) ؛ تلاش کرنا (up کے ساتھ) ؛ جانچنا ، آزمایش کرنا (اکثر over کے ساتھ) ۔ (اسم) دیکھنے کا عمل ، کسی شخص یا چیز کا پہلو ؛ نگاہ سے آزمایش یا تلاش ۔ (عموماً جمع) ظاہری حُلیہ یا شکل ۔
look after, نگرانی کرنا ، دیکھ بھال کرنا ۔
look back, یاد کرنا ، پچھلی بات پر غور کرنا ؛ ماضی کو یاد کرنا ؛ گزشتہ واقعات پر نظر ڈالنا ۔
look down on, حقارت سے دیکھنا ؛ گھٹیا سمجھنا ؛ کمتر سمجھنا ۔
look forward to, توقّع کرنا ؛ شدت سے انتظار کرنا ۔
look in, مختصر دورہ کرنا ۔
look on, غور کرنا ، تماشا کرنا ؛ دیکھنا ؛ نظر کرنا ؛ خیال کرنا ؛ لحاظ کرنا ۔
look out, چوکنا ہونا ، ہوشیار ہونا ؛ ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا ؛ جھانکنا ؛ باہر دیکھنا ؛ خبر دار رہنا ؛ منتخب کرنا ؛ نگرانی کرنا ۔
look the other way, نظر انداز کرنا ، احتراز کرنا ۔
look up to, احترام کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ عزت کی نظر سے دیکھنا ؛ عزت کرنا ؛ عقیدت رکھنا ۔
looker, n. دیکھنے والا ۔ (عوامی) پُر کشش شکل کا مالک شخص ،عموماً good اس سے پہلے لگایا جاتا ہے ۔
looker-on, تماش بین ؛ تماشائی ؛ تماشابین ۔

loophole, n. دیکھنے کے لیے دیوار میں روزن یا روشندان ؛ قلعہ بندی میں ایسا روزن جس میں سے چھوٹا اسلحہ داغا جاسکے ؛ کسی چیز سے بچنے کا موقع ؛ کسی دستاویز یا قانون کے متن کی بنیاد میں بچ نکلنے یا محصول سے بچنے کی یا قانونی ذمہ داری سے فرار حاصل کرنے کی صورت ؛ رخنہ ؛ مفر ؛ راہِ فرار ؛ موکھا ؛ بھاگنے کی جگہ ۔ (فعل متعدی) روزن مہیا کرنا یا رخنے پیدا کرنا ۔

loop stitch, n. (سِلائی) ٹانکے کی ایک قسم جس میں حلقے استعمال کیے جاتے ہیں مثلاً زنجیری ٹانکا ۔

loopy, a. حلقوں سے پُر ۔ (عوامی) عجیب سنکی ؛ خبطی ۔ (اسکاٹ لینڈ)مکار ؛ عیّار ۔

loose, a. کُھلا ، ڈِھیلا ؛ بھربھرا ؛ بندھنوں ، بیڑیوں یا رکاوٹوں سے آزاد (جیسے: to get one's hand loose) ؛ بندش یا ربط سے آزاد (جیسے : a loose end) ؛ غیر مخلوط جیسے کیمیائی عنصر ؛ جو آپس میں بندھا ہوا نہ ہو جیسے کاغذ یا پھول ؛ غیر استعمال شدہ ، صرف نہ شدہ ؛ کُھلا (جیسے : loose funds) ؛ مناسب نگرانی یا روکنے کے اختیار سے محروم (جیسے: loose tongued) ؛ نرم جیسے آنتیں ؛ جو سخت یا انقباضی نہ ہو ، جیسے کھانسی ؛ اخلاقی پابندی سے آزاد یا اصول اور کردار کے معاملے میں نرم ؛ من موجی یا غیر عفیف (جیسے : a loose woman) ؛ جو اپنی جگہ مضبوطی سے نصب نہ ہو ، ڈھیلا (جیسے : a loose tooth) ؛ سُست ، ڈھیلا یا تناؤ سے عاری ؛ ڈھیلا ، ناچُست ، جیسے لباس ؛ جو ساخت یا ترتیب میں گھنا یا گف نہ ہو (جیسے : a loose weave) ؛ منسلک ہوتے ہوئے بھی آزادی کا حامل (جیسے : a loose organization) ؛ زمین یا مٹی جو چپکنی نہ ہو ؛ غیر مربوط ، غیر صحیح یا نادرست (جیسے : loose thinking) ۔ (کھیل) وہ صف جس میں ٹیم یا گروہ کے ارکان چھدرے کھڑے ہوں ؛ گیند وغیرہ جو کھیل کے دوران میں کسی ٹیم کے قابو میں نہ آئے ۔

loosely, adv. کُھلے طور پر ؛ ڈھیلے انداز میں ؛ بے قاعدگی سے ؛ بے پروائی سے ۔

looseness, n. ڈھیلا پن یا کُشادگی ؛ بے قاعدگی ؛ گُمراہی ؛ بد چلنی ۔

loose, v.t. کھولنا ؛ چھوڑنا ؛ پابندیوں یا بندش سے آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ خلاصی دینا جیسے بندش ، ذمّہ داری یا سزا سے ؛ کھولنا یا ڈھیلا کرنا جیسے کوئی بند ، بیڑی یا گرہ ؛ چھوڑنا ، چلانا یا اُڑانا ؛ ڈھیلا ، نرم یا کم سخت بنانا ؛ نرمی سے نصب کرنا ؛ ڈھیلا کرنا ، مضبوطی سے قائم نہ رہنے دینا ۔ (جہاز رانی) کھولنا ، بندھن سے آزاد کرنا (جیسے : .to loose a boat from its moorings) ۔ (فعل لازم) کشتی کو لنگر گاہ سے آزاد ہونے دینا یا چھوڑنا ؛ تیر یا گولی کا چھوڑنا یا چلایا جانا ۔

loose, adv. ڈھیلے انداز میں ، ڈھیلے پن سے ۔

cut loose, let loose, آزاد کرنا ، چھوڑنا (بول چال) آزادانہ طور پر مزے اُڑانا ۔

loose end, n. کوئی چیز جو غیر مربوط یا کھلی لٹکی ہوئی ہو (جیسے: the loose end of a rope) ؛ کوئی معاملہ ، حالت یا تفصیل جسے غیر تصفیہ شدہ یا نامکمل چھوڑ دیا گیا ہو ۔

at loose ends, منتشر ، غیر فیصلہ شدہ یا ناطے شُدہ حالت میں ۔

loose-jointed, a. ڈھیلے جوڑوں والا بالخصوص ڈھیلا بنا ہوا جس کے جوڑ مضبوطی سے بٹھائے نہ گئے ہوں ۔ (حیاتیات) لچکیلی اور لوچدار حرکت جس کی خصوصیت ہو ۔

loose-jointedness, n. استرخاءِ مفاصل ؛ جوڑوں کا ڈھیلا پن ۔

loosen, v.t. ڈھیلا کرنا ، سختی یا ٹھوس پن کم کرنا ؛ سُست بنانا یا نرمی کرنا (جیسے : ,to loosen one's grasp) ؛ سختی یا شدت میں کمی کرنا (جیسے ضوابط یا نظم میں) ؛ آنتوں کا کُھلنا یا قبض سے آزاد ہونا ؛ بندھنوں سے آزاد کرنا ۔ (فعل لازم) ڈھیلا یا زیادہ ڈھیلا ہونا ؛ کُھلنا ؛ چُھٹنا ؛ الگ ہونا ۔

loosener, n, ڈھیلا کرنے والا ۔

loose sentence, n. سُست جُملہ ؛ ڈھیلا جُملہ ؛ وہ فقرہ جس میں اصل جملہ پہلے آئے اور بُنیادی خیال ظاہر کرے ،اس کے بعد تابع جملہ اور اصلاحی حروف بعد میں آئیں جو دوری فقرے(periodic sentence) سے مختلف ہو ۔

loose smut, n. کانگ ہاری ؛ اناج کی ایک بیماری جو جنس کانگ ہاری کے فُطر سے پیدا ہوتی ہے ، اس سے دانوں کے سر میں سوراخ ہو جاتے ہیں اورآٹا سا بن جاتا ہے ۔

loosestrife, n. بسنتی گُلاب کے جنس کی برگ دار ڈنٹھل والی بُوٹیوں میں سے کوئی ایک جیسا کہ عام زرد رنگ پھولوں والی بُوٹی ؛ جنس حنا کے متعدد جھاڑی والے پودوں میں سے کوئی ایک ۔

loot, n. [اردو] لُوٹ کا مال یا غنیمت ، یغما ؛ مال غنیمت جو کہ لوٹ مار سے حاصل کیا جائے جیسے جنگ میں ؛ کوئی چیز جس پر بددیانتی اور ظلم سے قبضہ کیا جائے (جیسے : a burglar's loot) ۔ (عوامی) مال ۔ (بول چال) قیمتی چیزوں کا انبار (جیسے:the child's brithday loot) ۔ (فعل متعدی) لُوٹنا جیسے مفتوحہ شہر کو ؛ ہتھیانا جیسے سرکاری عہدے میں بدعنوانی کے ذریعے ؛ لے جانا یا ہتھیانا جیسے لُوٹ کا مال ۔ (فعل لازم) غنیمت کا حاصل ہونا ؛ ڈاکہ زنی ہونا ۔

looter, n. ڈاکو ؛ لوٹنے والا ؛ لُٹیرا ؛ رہزن ؛ قزّاق ۔

lop, v.t. شاخ تراشی کرنا ؛ کسی چیز کا سرا یا انتہائی یا غیر ضروری حصّے کاٹ ڈالنا یا ہٹا دینا (عموماً off کے ساتھ)؛درخت کی شاخیں کاٹنا یا تراشنا ۔ (اسم) شاخ تراشی یا وہ حصہ جسے تراشا گیا ہو ؛ قلم ؛ سرشاخہ ؛ تراش ؛ کترن ؛ چھانٹن ۔

lopper, n. تراشنے والا ، تراشندہ ۔

lop, v.i. ڈھیلے یا بے جان انداز میں لٹکے ہونا ؛ نیچاہونا ؛ معلّق ہونا ؛ جُھکے ہوئے یا بھدے انداز میں ہلنا ، حرکت میں آنا یا رواں ہونا ۔ (فعل متعدی) ڈھیلے انداز میں لٹکنے دینا ۔ (صفت) جُھکا ہوا (جیسے : lop ears) ۔

lope, v.i. شلنگے بھرتے ہوئے یا چھلانگیں لگاتے ہوئے چلنا ؛ لمبے لمبے قدم بھرنا/اٹھانا ۔ (فعل متعدی) چھلانگیں لگوانا جیسے گھوڑے کو ۔(اسم) اچھلتی چال ؛ لمبا اور آسان قدم ۔

loper, n. شلنگے بھرنے والا ؛ چھلانگیں لگانے والا ۔

lop-eared, a. جُھکے ہوئے یا لٹکے ہوئے کانوں والا (جیسے : a lop-eared rabbit) ۔

lophobranch, n. طرہٗ خیشوم ؛ کلغ گلپھڑا ؛ کلغی نُما پھیپھڑوں والی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ؛ عظم دار مچھلیوں کا ایک گروہ جن کے پھیپھڑے طُرہ یا گچھے کی صورت میں

ہوتے ہیں جیسے دریائی گھوڑے اور نے نما مچھلیاں ۔ (صفت) کلغی نما بھیپھڑوں والی مچھلی سے متعلق ۔

lophobranchiate, a., n. بافہ خیشومی ؛ کلغی نما بھیپھڑوں والی مچھلی سے متعلق یا کلغی نما بھیپھڑوں والا ؛ طُرۂ خیشومی ۔

loppy, a. ڈھیلا لٹکتا ہوا ؛ جُھکا ہوا ؛ معلّق ۔

lopsided, a. بے توازُن ؛ جو ایک طرف سے زیادہ بھاری اور بڑا ہو ؛ غیر متناسب ؛ غیر متوازن ؛ ناہموار ۔

lopsidedly, adv. غیر متناسب طور پر ۔

lopsidedness, n. عدم تناسب ؛ عدم توازن ۔

loquacious, a. بسیار گو ؛ باتونی ؛ فضول گوئی کا عادی ؛ بکّی ؛ پُر گو ؛ فضول گو ؛ بکواسی ؛ گپی ؛ یا وہ گو ؛ کلّے دراز ؛بہت بولنے والا ، آواز دینے والا ۔

loquaciously, adv. فضول گوئی سے ۔

loquaciousness, loquacity, n. فضول گوئی ، بکواس ؛ بک بک ؛ زیادہ گوئی ۔

loquat, n. لوکاٹ ، چین اور جاپان میں سے آنے والا ایک چھوٹا سدا بہار درخت جو دوسری جگہوں پر بھی آرایش اور اس کے زرد آلوچہ نما پھل کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ، اس کا پھل اکثر محفوظ کرکے کھایا جاتا ہے یعنی مربّا وغیرہ کی صورت میں ۔

loran, n. ایک طریقہ جس کے ذریعے جہاز ران اپنے جہاز یا طیّارے کا مقام متعین کرتا ہے ۔ اس کا انحصار مختلف زمینی اسٹیشنوں سے بھیجے گئے ریڈیائی اشاروں کے فرق کی پیمایش پر ہے ۔

lord, n. امیر ؛ مالک ؛ آقا ؛ سردار ؛ مخدُوم ؛ وہ شخص جو اعلیٰ طاقت اور اختیار کا حامل ہو جیسے حکمران ، بادشاہ ، سردار یا جاگیر کا مالک ؛ جو شخص اپنے شعبے میں استاد یا راہ نما تسلیم کیا گیا ہو ۔ (بڑے L سے) ہستی اعلیٰ یعنی اللہ تعالیٰ کا اسم ؛ حضرت یسوع مسیح بالخصوص our Lord کی ترکیب میں ۔ (بڑے L سے ، برطانوی) ڈیوک سے کم تر رُتبہ کے نوابوں کا لقب جیسے مارکوئیس ، ارل ، وائی کاؤنٹ ، بیرن یا اخلاقاً مارکوئیس یا ڈیوک کے چھوٹے بیٹے کا لقب ؛بشپ ،عدالت کے مُنصِف (جج) یا اعلیٰ عہدہ دار کے لقب کا سابقہ (جیسے : Lord Mayor, Lord Chancellor) ۔ (فعل لازم) غالب ہونا ؛ مطلق العنان حاکم ہونا (it کے ساتھ ، جیسے : to lord it over us) ۔

The Lords, نواب اور بشپ جن پر برطانوی پارلیمنٹ کے دو ایوانوں میں سے ایک ایوان مشتمل ہوتا ہے ۔

lordly, a. نوابانہ ؛ لارڈ کے شایان شان ؛ شاندار ، باوقار ، پُرتمکنت ؛ عالی مقام ؛ لارڈ سے متعلّق ۔ (متعلق فعل) باوقار طور پر ۔

lordliness, n. نوابی ؛ شان ، وقار ، تمکنت ، نوابیّت ؛ ٹھاٹھ باٹھ ۔

Lord of Misrule, n. قائدِ لہوولعب ؛زمانۂ سابق میں انگلستان میں وہ شخص جو بڑے دن (کرسمس) کے موقع پر کھیل تماشے کی قیادت کرتا تھا ۔

lordosis, n. (امراضیات) فطاء ، ریڑھ کی ہڈّی کا اندر کی جانب غیر معمولی ٹیڑھ یا ٹیڑھا پن ۔

lordotic, a. ریڑھ کی ٹیڑھ سے متعلّق ؛ فطائی ۔

Lord's day, یوم السبت ، اتوار ۔

lordship, n. سرداری ؛ آقائیت ؛ لارڈ کا اختیار ؛ وہ علاقہ جس پر لارڈ کو اختیار ہو ؛ حاکمیت ؛ اقتدار ۔ (بڑے L سے) برطانیہ میں خطاب جو لارڈ کو عطا کیا جاتاہے ،عموماً his یا your کے ساتھ مستعمل ہے ۔

Lord's Prayer, n. وہ دعا جو "Our Father" کے الفاظ سے شروع ہوتی ہے ، جو حضرت یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھائی تھی (متی ۶ : ۹ ۔ ۱۳ ، لوقا ۹ : ۲ ۔ ۴) ۔

Lord's Supper, n. عَشائے ربّانی ؛ آخری عشائیہ ، اس کی یاد میں عشائیہ ؛ شرکت عشائے ربّانی ۔

Lord's table, communion table, n. عَشائے ربانی کی عبادت کے لیے چبوترہ یا میز ۔

lore, n. روایات کا علم ؛ ذخیرۂ علم جو کسی خاص موضوع ، بالخصوص روایتی علم ، لطائف / قصص یا عام مسلّمہ عقائد کے متعلق ہو ؛ علم ، دانش ، حکمت ۔

lore, n. (حیوانیات) کسی پرندے کی آنکھ اور چونچ کے درمیان کی جگہ یا دوسرے جانوروں کی ایسی ہی جگہ جیسے سانپوں کی ۔

loreal, a. چونچ اور آنکھ کے درمیانی جگہ سے متعلق ۔

lorgnette, n. مقربہ ؛ اوپیرا میں استعمال کرنے کی دستہ دار عینک ؛ عینک جسے اس کے دستے کے اندر تہ کیا جاسکے ؛ ناٹک بین ؛ دستہ دار دو چشمہ ۔

lorgnon, n. چشمہ جیسے ایک شیشے والا چشمہ ؛ دو شیشوں والا چشمہ جیسے بینی گر چشمہ یا دستہ دار چشمہ ۔

lorica, n. قدیم رومی چار آئینہ یا زرہ ۔ (حیوانیات) حفاظتی غلاف (قشر) جو بعض حیوانات نقاعیہ (infusorians) کو میسر ہوتی ہے ؛ پوستینی حیوانات ۔

loricate, loricated, a. زرہ دار ؛ زرہ پوش ؛ قشری ؛ غلافی ؛ پوستینی ۔

lorikeet, lory, n. لوری ؛ طوطے کے خاندان کے بعض چھوٹے پرندے ، جو آسٹریلیا اور قریب کے جنوبی بحرالکاہل کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں ، ان کی خصوصیات چمکیلے پر و بال ہیں اور نوک زبان برش سے مشابہ ہے ۔ (آسٹریلوی) طوطا ۔

loris, n. جنوبی ہند اور لنکا کا ایک چھوٹا ، دُبلا ، بے دُم ، بڑی آنکھوں والا ، شب گرد لیمور (بندر) (Loris gracilis) ۔

lorn, a. (شاعری) تنہا ؛ چھوڑاہوا ؛ مہجور ؛ بے کس ؛ اجاڑ ، ویران ؛ متروک ؛ بے چارہ ۔

lorry, n. لاری ؛ چار پہیّوں والا ٹرک ، ویگن ، ریل کی پٹڑی پر چلنے والی بے پہلو گاڑی جو بھاری اور بڑے حجم کے بوجھ لے جانے کے لیے ہوتی ہے ؛ چھکڑا ۔ (برطانوی) ایک نیچی ، چپٹی گاڑی جسے گھوڑے کھینچتے ہیں ؛ بڑا موٹر ٹرک ۔

lory, n. دیکھیے : Lorikeet

lose, v.t. کھونا ؛ محروم ہونا ؛ اتفاقاً اس طرح کسی چیز سے محروم ہونا کہ اس کے پانے کی کوئی امید نہ ہو (جیسے : to lose a wallet) ؛ بھول کر کہیں رکھنا (جیسے : He lost his pen) ؛ نُقصان اٹھانا یا محروم ہونا (جیسے : to lose one's life) ؛ جان گنوانا ، موت سے غم زدہ ہونا (جیسے : to lose a child) ؛برقرار یا قائم نہ رکھ سکنا

(جیسے : to lose one's balance) ؛ گنوانا، ہارنا (جیسے : He lost money on the stock market,) ؛ ختم ہو جانا ؛ نہ ہونا (جیسے : to lose all fear) ؛ تباہ ہونا،برباد ہونا ، (اب زیادہ تر مجہول طور پر مستعمل ہے ، جیسے : The ship and crew were lost) ؛ نگاہ ، سماعت یا توجہ سے دور ہونا (جیسے : to lose a face in a crowd,) ؛ کسی سے جدا ہونا یا بے خبر ہونا (جیسے to lose one's way or aim) ؛ تعاقب یا دوڑ میں بہت پیچھے رہ جانا ؛ کسی کام میں نہ آنا ؛ ضائع کرنا ؛ حاصل کرنے ، لینے یا پکڑنے میں ناکام ہونا ؛ رہ جانا (جیسے : to lose a meal) ؛ ہارجانا جیسے انعام یا شرط ؛ کسی کھیل ،مقدمے یا جنگ میں شکست کھانا ، ہارنا (جیسے : The lawyer lost the case) ؛ شکست کا سبب ہونا ؛ (جیسے : The delay lost the battle for them) ؛ حیران و پریشان ہونا ؛ کسی چیز میں اس طرح محو ہونا کہ کسی اور چیز کی خبر نہ رہے (جیسے : to lose oneself in the music,) ؛ ڈاکٹر کا زندگی بچا نہ سکنا ۔ (فعل لازم) نقصان کا ہونا (جیسے : to lose on a contract) ؛ کامیاب نہ ہونا جیسے کسی مقابلے یا کھیل میں ؛ کسی طرح کم کرنا یا تخفیف کرنا (جیسے : to lose in translation,) ۔

losableness, n. تلف پذیری ، نقصان پذیری ۔

loser, n. نُقصان اٹھانے والا ؛ کھونے والا ؛ ضائع کرنے والا ؛ ہارنے والا ۔

lose out, v.i. (بول چال) کسی کوشش میں ناکام ہونا ؛ کوئی چیز حاصل نہ کر سکنا ۔

loss, n. نُقصان ؛ ضرر ؛ خسارہ ؛ ٹوٹا ؛ گھاٹا ؛ بربادی ؛ تباہی ؛ ہلاکت ؛ کمی ؛ جو کھوگیا ہو ، محرومی ؛ کسی چیز سے محرومی کی حالت ؛ موت کی وجہ سے غم کی حالت ، سوگواری ؛ موت (جیسے : mourning the loss of a parent) ؛ برقرار یا قائم رکھنے میں ناکامی (جیسے : loss of prestige or speed) ؛ کسی چیز کا اچھا استعمال کرنے میں ناکامی (جیسے: a loss or waste of time) ؛ شکست سے نقصان (جیسے : loss of a race or game) ؛ کوئی چیز رکھنے ، سنبھالنے یا حاصل کرنے میں ناکامی کی وجہ سے نقصان یا ضرر (جیسے : to bear the loss of a robbery) ۔ (عسکری) ہلاکت کی وجہ سے سپاہیوں کی تعداد میں کمی ۔ (عموماً جمع) اس طرح ضائع ہونے والے سپاہیوں کی تعداد ؛ اتلاف ۔ (بیمہ) نقصان ، موت یا دوسرے واقعات جن کے لیے بیمہ کا تحفظ حاصل ہو (بیمہ دار کو) ۔ (طبیعیات) کسی آلہ میں مزاحمت یا رگڑ کی وجہ سے بجلی یا میکانی قُوت کے نقصان کا پیمانہ ۔

at a loss, حیرانی و پریشانی یاتذبذب میں ہونے کی حالت ؛ وہ رقم جس پر کسی چیز کی لاگت ، اس کی قیمتِ فروخت سے زیادہ ہو۔

loss leader, n. کوئی تجارتی چیز عموماً کسی پرچون کی دکان میں ، جس کی قیمت اس کی لاگت سے کم رکھی گئی ہو تاکہ دُکّان کے کاروبار میں اضافہ ہو۔

loss ratio, n. (بیمہ) وہ رقم جو مقررّہ مدت میں (عموماً سالانہ) وصول شدہ بیمے کی اقساط کے تناسب سے مطالبات کے طور پر ادا کی گئی ہو۔

lost, a. گُم شُدہ ؛ برباد ؛ جو اَب موجود یا زیر قبضہ نہ ہو (جیسے : lost powers,) ؛ جو اب نہ پایا جائے (جیسے : lost articles,) ؛ راہ بھولا ہوا ، سمت یا مقام کے تعین میں پریشان (جیسے : The child was lost) ؛ جو اچھے مقصد کے لیے استعمال نہ ہوا ہو جیسے موقع ، وقت یا محنت ؛ ضائع شُدہ (جیسے : The day was lost)؛جیسے کوئی حاصل نہ کر سکا ہو (جیسے : a lost prize) ؛ شکست کی حامل ، ہاری ہوئی (جیسے : a lost battle) ؛ تباہ شُدہ ، ختم شُدہ ؛ محو ، منہمک ؛ حیران ، پریشان ، بے بس (جیسے : He has the look of a lost man,) ۔

lost cause, وہ مہم یا کوشش جو ناکام ہو۔

lost to, جو اب ملکیت میں نہ ہو یا دسترس سے باہر ہو (جیسے : an opportunity lost to him) ؛ غافل ؛ بے خبر (جیسے : lost to all sense of duty) ۔

lot, n. قُرعہ اندازی ؛ قسمت ؛ نصیب ؛ خاص طور پر نشان زدہ چیزوں کا مجموعہ جو کسی مسئلے کے تصفیہ کرنے ، فیصلہ کرنے یا فاتح کا اتفاقی انتخاب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کسی چیز کے تصفیہ کے لیے ایسی اشیا کا پھینکنا یا نکالنا (جیسے : to choose a person by lot for a task) ؛ فیصلہ یا انتخاب جو اس طرح کیا جائے ؛ کوئی چیز جس کا تعیُّن قرعہ اندازی سے کیا جائے ، جیسے جائیداد کا حصّہ ؛ تقسیم شدہ حصہ ۔ (مجازاً) وہ حصہ جو قسمت یا خدا نے زندگی میں مقرر کر دیا ہو یا کسی کا نصیب ، مقدر یا بخت بن چکا ہو (جیسے : to have a happy lot, happiness beyond the common lot of mankind) ۔ (فلم)اسٹوڈیو ، نگار خانہ ؛ زمین کا الگ یا ممتاز حصہ یا ٹکڑا ؛ کسی چیز کا ممتاز حصہ مثلاً تجارتی سامان کا ۔ (بول چال) اشیا یا افراد کی مجموعی تعداد ؛ خاص قسم کا شخص (جیسے : one who is a bad lot) ۔ (اکثر جمع) بہت زیادہ ؛ بہت (of کے ساتھ ، جیسے : a lot of books, lots of money) ۔ (فعل متعدی) کسی مقصد کے لیے قرعہ ڈالنا ؛ قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کرنا ؛ کسی کو اس کے حصے کے طور پر دینا ؛ بانٹنا ؛ ٹکڑوں میں تقسیم کرنا جیسے زمین ۔ (فعل لازم) قرعے کا ڈالا یا نکالا جانا ۔ (متعلّق فعل) بڑی تعداد میں ، زیادہ (جیسے : He is a lot wiser) ۔

lota, lotah, n. [اردو] لوٹا ، آفتابہ ؛ ایک گول برتن ، جو عموماً پیتل یا تانبے کا ہوتا ہے ، یہ پانی رکھنے کے لیے برصغیر میں مستعمل ہے ۔

loth, a. دیکھیے : Loath ۔

Lothario, n. (بعض اوقات چھوٹے ا سے) عورتوں کو پھسلانے والا آدمی ؛ بدمعاش ، اوباش ۔

lotic, a. رواں آبی ؛ چلتے پانی میں رہنے والا یا اس سے منسُوب ۔

lotion, n. (علم ادویہ) لوشن ؛ زخم شویہ ؛ ایک سیّال جو طبّی اور آرایشی مقاصد کے لیے جلد پر لگایا جاتا ہے (جیسے : a hand lotion) ۔

lottery, n. لاٹری ، قرعہ اندازی ؛ عوامی ، خیراتی یا نجی مقاصد کے لیے سرمایہ اکٹھا کرنے کا ایک کھیل یا طریقہ جس میں نمبر لگے ہوئے ٹکٹ فروخت کیے جاتے ہیں جن کی قرعہ اندازی سے ٹکٹوں کے حامل انعامات کے حقدار ہوتے ہیں ؛ وہ واقعہ یا معاملہ جس کا سبب قسمت یا اتفاق کو سمجھا جائے ۔

lotto, n. لوٹو ؛ ایک کھیل جس میں نمبر لگی

ہوئی گوٹیں تھیلے وغیرہ سے نکالی جاتی ہیں جو کارڈوں کے نمبروں کے مطابق نمبر رکھتی ہیں اس میں جیت اُس کھلاڑی کی ہوتی ہے جو قطار کو سب سے پہلے پورا کرے ۔

lotus, lotos, n. کنول ؛ نیلوفر ؛ پدم ؛ پنکج ؛ کنار ؛ سدرہ ؛ بیری ؛ پرند پا ؛ ایک پودا جو عام طور پر عناب یا گزنہ کے درخت کی نوع سے سمجھا جاتا ہے، اس کا حوالہ یونانی اساطیر میں ملتا ہے کہ اس پودے کا پھل کھانے والے پر خواب یا فراموشی کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی ؛ اس کا پھل ؛ متعدد نیلوفری پودوں میں سے کوئی ایک ، جن کے مزین پھول اور تیرنے والے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں جیسے دو مصری آبی کنولوں میں سے کوئی ایک ؛ جنس کنول کی دو انواع میں سے کوئی ایک ؛ خوشبودار متبرک کنول اور آبی کوتاہ بلوط ، دونوں کا تعلق برصغیر سے ہے ؛ کسی ایسے پودے کی نمائندگی یا تصویر ، جو مصری اور ہندو فن آرایش میں عام ہو ؛ کوئی جھاڑی والی بوٹی جس کے پھول سرخ ، گلابی یا سفید ہوں ، جو جنس کنول میں شامل ہو ان میں سے کچھ کی قدر و قیمت ہے جیسے چراگاہی پودے ۔

lotus-eater, n. (کلاسیکی اساطیر) ہومر کی اوڈیسی (داستان) میں ایک نسل جو بے خبری اور خوابیدگی کی زندگی بسر کرتی تھی ، کیونکہ وہ کنول کے پھل کھاتے تھے جس سے یہ حالت پیدا ہوئی ۔ (مجازاً) وہ جو اپنے گردو پیش کے واقعات سے بے تعلقی کی زندگی بسر کرے ؛ دن کو خواب دیکھنے والا ۔

lotus-eating, n., a. بے خبر ؛ خوابیدہ ۔

loud, a. جہر ؛ اونچا ، بلند آواز ؛ بلند آواز یا صوتی شدت کا حامل ؛ بہت سنائی دینے والی آوازیں پیدا کرنے والا ؛ پُر شور ؛ پُر غُل ؛ بلند ؛ بھاری ؛ تُند ؛ تیز ؛ سخت ؛ کڑا ؛ بھڑک دار ؛ بھڑکیلا ؛ نمایشی ؛ مؤثر ؛ پُر زور ۔ (بول چال) بھڑ کیلا ؛ چمکیلا مثلاً لباس ؛ تیز جیسے بُو ؛ عامیانہ جیسے اطوار و اخلاق ۔

loudly, adv. زور سے ، بلند آواز سے ؛ پکار کر ؛ بہ الفاظ بلند ۔

loudness, n. بلند آوازی ؛ جہرالصوت ؛ جہر ؛ بلندی ؛ غُل ؛ غوغا ؛ شور ؛ بلند یا بھاری آواز ۔

louden, v.i., v.t. بلند آواز کرنا یا ہونا ؛ آواز بڑھانا ۔

loud-mouthed, loudmouthed, a. بلند آواز جس سے دُوسرے تکلیف محسوس کریں ؛ پُر شور ۔

loudspeaker, n. مُکبِّر الصوت ، ان برقی آلات میں سے کوئی ایک ، جو بولنے والے کی آواز ، موسیقی یا اسی طرح کی کسی آواز کو بڑھا دیتا ہے ؛ لوگوں سے خطاب کا ایک نظام ؛ ناقوس ؛ آواز رساں ؛ بلند گو ؛ بھونپو ؛ صوت افزا آلہ ۔

lough, n. جھیل ؛ کھاڑی ۔

Louis Quatorze, a. فرانس کے لوئی چہار دَہُم ۱۶۴۳ء تا ۱۷۱۵ء کے عہد سے متعلّق یا اس عہد کے فن تعمیر یا فرنیچر اور سازوسامان کی طرز سے متعلق ؛ جس کی خصوصیت لوئی ٹریز کے عہد میں کلاسیکی ہئیت اور جزئیات کا زیادہ استعمال تھا اور آرایش کی فراوانی تھی ۔

Louis Quinze, a. فرانس کے لوئی پانزدہم ۱۷۱۵ تا ۱۷۷۴ء کے متعلق یا تعمیر ، فرنیچر اور سازوسامان کے نہایت آراستہ و مزین طرز کے متعلق جو اس زمانہ میں رائج تھا ، جس میں تناسب سے بے پروائی اور آرایش کی زیادتی ہوتی تھی ۔

Louis Seize, a. فرانس کے لوئی ہفدہم ۱۷۷۴ء تا ۱۷۹۲ء سے متعلق یا اس طرز سے متعلق جو تعمیر ، فرنیچر اور سازوسامان میں رائج تھا ، جس کی خصوصیت لوئی کنز کے دور کی نسبت سے کلاسیکی سادگی کی طرف مراجعت تھی ۔

Louis Treize, a. فرانس کے لوئی سیز دہم ۱۶۱۰ء تا ۱۶۴۳ء سے متعلق یا ان اسالیب کے بارے میں جو تعمیر ، فرنیچر اور سازوسامان میں اس عہد میں مروج تھے جو پہلی نشأۃ الثانیہ کی نسبت کم بلکے اور شاندار تھے ، ان میں وہ اشکال اور نقوش اختیار کیے جاتے تھے جو کلاسکیی طرز پر مبنی تھے ۔

lounge, v.i. بیکاری اور کاہلی سے وقت گزارنا ؛ کاہلی سے بیٹھنا تکیہ لگا کر ؛ لیٹنا ؛ سہل اور غیر مشغول انداز میں چلنا ۔ (فعل متعدی) لیٹنے میں وقت گزارنا ۔ (اسم) آرام کے لیے ایک قسم کا صوفہ ، جو اکثر پشت کے بغیر ہوتا ہے اور جس کے ایک سرے پر سر ٹکانے کا تکیہ ہوتا ہے ؛ ٹہلنے کے لیے جگہ جیسے ہوٹل ، گاڑی یا طیارے میں ؛ عام لوگوں کے لیے کھُلا کمرا جس میں شراب پیش کی جاتی ہے مثلاً کسی ہوٹل میں ۔

lounger, n. ٹہلنے والا ، نکمّا ؛ بے کار ؛ آوارہ گرد ۔

lounging, a. ٹہلتا ہوا ۔

loupcervier, n. کینیڈا کا بن بلاؤ جو ہرن کا شکار کرتا ہے ۔

loupe, n. ایک چھوٹا شیشہ جو چیزوں کو بڑا بنا کر دکھاتا ہے، (مکبّر عدسہ) جو آنکھ سے لگایا جاتا ہے یا چشمہ کے ساتھ لگا لیا جاتا ہے ، یہ خاص طور پر صراف اور گھڑی ساز استعمال کرتے ہیں ۔

louse, n. جُوں ؛ قمل ؛ چلّڑ ؛ متعدد بے پر چوڑے جسم کے کیڑوں کا مشترکہ نام جن کے مُنہ کے حصّے کاٹنے اور خون چوسنے کے لیے ہوتے ہیں ، جن کا تعلق جنس قمل اور گزندہ قمل سے یا پودوں کی جوؤں کے خاندان سے ہے ، اور یہ آدمیوں ، پودوں اور جانوروں کے طفیلی ہیں ۔ (عوامی) کمینہ اور مکروہ شخص ؛ ذلیل اور قابل نفرت شخص ۔ (فعل متعدی) جوؤں سے پاک کرنا ۔

louse up, (عوامی) خراب کرنا یا بگاڑنا ۔

lousy, a. مقّمل ؛ جُوؤں بھرا ؛ جوں دار ۔ (بول چال) مکروہ ، قابل نفرت ؛ خراب یا گھٹیا ؛ کمینہ ؛ ادنیٰ ؛ ذلیل ؛ مَیلا ۔ (عوامی) بہت زیادہ رکھنے والا ، بھر پور (with کے ساتھ ، جیسے : He is lousy with brains) ۔

lousily, adv. بھر پور انداز میں ۔

lousiness, n. بھر پور پن ؛ جوؤں سے بھرے ہونے کی حالت ۔

lousewort, n. (نباتیات) مویزک ؛ کشمش بُوٹی ؛ علفِ خنازیری ؛ ایک پودا جس کے پتے سرخس (fern) سے مشابہ اور پھول سرخی مائل زرد ہوتے ہیں ، پہلے اس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ اس سے جُوئیں پیدا ہوتی ہیں ، کیونکہ اسے بھیڑیں چرتی ہیں ۔

lout, n. بے ڈھنگا شخص ؛ گنوار ؛ مسخرہ ؛ دہقانی ؛ دبنگ ؛ اناڑی ؛ اَنگھڑ ۔

loutish, a. مسخرہ ؛ گستاخ ؛ بے ڈھنگا ؛ بے سلیقہ ؛ اُلّو ؛ نا تراشیدہ ۔

loutishly, adv. بے ڈھنگے پن سے ۔

loutishness, n. بے ڈھنگا پن ۔

lout, v.i. (قدیم) جُھکنا یا خم کھانا ؛ شایستگی یا عاجزی سے جُھکنا ۔

louver, louvre, n. دھنوالا ؛ بادگیر ؛ روشندان ؛ کھڑکی ؛ روشندانوں یا روزنوں کا انتظام جو کھڑکی یا اسی طرح کے کسی خلا کو ڈھانپتے ہیں ؛ اکیلا روزن ، قرُون وسطیٰ کی عمارتوں کی چھت پر بنی ہوئی بُرجی یا منارچہ جو ہوا اور روشنی فراہم کرتا ہے ؛ جِھری سے مشابہ متعدد روزنوں میں سے کوئی ایک ، جیسے موٹر کار کی جالی میں ہوا کے لیے ہوتا ہے ۔

louver board, louver boarding, آگے بڑھے ہوئے ڈھلواں تختوں میں سے کوئی ایک جو اس طرح بنا ہوا ہوتا ہے کہ ہوا تو اندر آئے لیکن بارش اندر نہ آ سکے ؛ چھجّا ۔

louvered, a. روزن دار ۔

lovable, loveable, a. قابلِ محبت ؛ ایسے مزاج والا کہ اس سے محبت کی جائے ؛ پیارا ؛ خُوش کُن ؛ خوشگـوار ؛ لاڈلا ؛ ہردلعزیز ؛ خوش ادا ۔

lovability, lovableness, n. محبوبیت ؛ خوش ادائی ؛ شیریں مزاجی ؛ دلپذیری ۔

lovably, adv. قابلِ محبت انداز میں ۔

lovage, n. اجمود ؛ سنبل ؛ ایک یورپی بُوٹی levisticum officinale جس کا تعلق اجمود خاندان سے ہے جسے کبھی گھریلو علاج معالجے کے لیے کاشت کیا جاتا تھا ۔

love, n. عشق ؛ الفت ؛ چاہت ؛ محبت ؛ پیار ؛ پریم ؛ گرم جوش ذاتی وابستگی کا احساس یا گہری محبت ، جیسے کسی دوست ، والدین یا بچے کے لیے ؛ جنس مخالف کے فرد کے لیے جذباتی لگاؤ ؛ جنسی جذبہ یا خواہش یا اس کی تسکین ؛ پیار اور محبت کا مرکز ؛ محبوب ؛ معشـوق ؛ محبت یا پیار کی اصطلاح ؛ عشق معاشقہ ؛ آشنائی ـ (بڑے L سے) جنسی پیار کی تجسیم (جیسے : Eros or Cupid) ؛ محبـت کا دیوتـا ؛ کسی کے متعلق شدید جھکـاؤ یا رغبت/پسندیدگی (جیسے : love of books) ؛ وہ چیز جس سے محبت کی جائے (جیسے music was her love) ؛ خدا کی رحمت بھری محبت اس کی اپنی مخلوق کے لیے یا خدا کے لیے مخلوق کی عقیدت بھری محبت ۔ (ٹینس) صفر ؛ کچھ نہیں یا کوئی اسکور نہیں ۔

for love, معاوضے کے بغیر ۔

for love or money, کسی نہ کسی طرح ؛ کسی صورت میں بھی (جیسے : not to be had for love or money) ۔

for the love of, محبت کی خاطر ، مروت میں/کے لیے ۔

in love, کسی شخص یا چیز کا گرویدہ ، عاشق ۔

make love to, چوما چاٹی کرنا ؛ بوسہ لینا ؛ چومنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ محبت ظاہر کرنا ؛ پیار کرنا ؛ معاشقہ کرنا ۔

no love lost, محبت کا فقدان ، جیسے ان دواشخاص کے درمیان جو ایک دوسرے سے بالکل لاپروا ہوں ۔

love, v.t. محبت کرنا یا گہرا لگاؤ رکھنا ؛ شدید یا جذباتی پیار رکھنا ، جیسے اپنی مخالف جنس کے فرد سے ؛ کسی سے عشق کرنا ؛ کسی کو بہت پسند کرنا یا اس سے بہت خوشی حاصل کرنا (جیسے : to love music) ؛ بوس و کنار کے ذریعے یا محبت بھرے اشاروں سے اظہار محبت و عقیدت کرنا ؛ پروان چڑھنا ، جیسے کوئی پودا یا جانور ، سازگار آب و ہوا میں ۔ (فعل لازم) محبت ہونا یا پیار ہونا ، خصوصاً مخالف جنس کے فرد کی محبت میں گرفتار ہونا ۔

love affair, n. محبت کا تعلق ، معاشقہ ، دو محبت کرنے والوں کے مابین رومانوی تعلُق ، بالخصوص ناجائز آشنائی ؛ کسی چیز سے دلـچسپی یا وابستگی (جیسے : a love affair with opera) ؛ عشق بازی ؛ معاملہ ؛ محبت ۔

love apple, n. ٹماٹر کا سابقہ نام ۔

lovebird, n. افریقی طوطا ؛ افریقہ اور جنوبی امریکا کے چھوٹے طوطوں کے خاندان میں سے کوئی ایک طوطا جن کے نر مادہ اظہارِ محبت میں بہت نمایاں ہوتے ہیں ۔

love feast, n. برادرانہ ضیافت ؛ قدیم عیسائیوں میں برادرانہ محبت اور خیر سگالی کی علامت کے طور پر کھائی جانے والی ضیافت ؛ بعض جدید مذہبی فرقوں کی اسی قسم کی عبادت ؛ ضیافت یا لوگوں کے دیگر اجتماعات جیسے کسی سیاسی جماعت کے ارکان کا اجتماع جو خیر سگالی کے جذبات کے فروغ کے لیے ہو ۔

love game, n. (ٹینس) صفر کھیل ؛ وہ کھیل جس میں ہارنے والی ٹیم یا شخص نے کوئی اسکور نہ کیا ہو ۔

love-in-a-mist, n. (نباتیات) گل شووی ؛ باغوں میں اُگنے والا ایک پودا دمشقی شونیز (Nigella damascena) جس کا تعلق گل اشرفی یا تلسی کے خاندان سے ہے ، اس کے پتے پَروں کی طرح کٹے ہوئے اور پھول سفیدی مائل یا نیلے ہوتے ہیں ۔

love-in-idleness, n. (نباتیات) بنفشۂ فرنگی ، جنگلی پینزی (Pansy)، سہ رنگہ‌بنفشہ (Viola tricolor) ۔

love knot, n. پیار کی گانٹھ ؛ گرۂ محبت ؛ ایک آرایشی گرہ ، جو محبت کی علامت ہو ؛ فیتے کی گرہ جو محبت کی نشانی کے طور پر لگائی یا پہنی جائے ؛ عشق کا عہد ؛ فیتے کی ایک خاص قسم کی گرہ ۔

loveless, a. بے محبت ، محبت سے محروم (جیسے : a loveless marriage) ؛ محبت کے احساس سے عاری ؛ محبت حاصل نہ کرسکنے والا ؛ محرومِ محبت ۔

lovelessly, adv. محبت کے بغیر ۔

lovelessness, n. محبت سے محرومی ۔

love-lies-bleeding, n. (نباتیات) گل تاج خروس ؛ قطیفہ ؛ گُلِ جاوید ؛ ایک پودا جس پر قرمزی رنگ کے نوکدار پھول لگتے ہیں ؛ اسی جنس کے اور بہت سے پودے ۔

lovelock, n. طُرّہ کاکُل ؛ خمِ زلف ؛ بالوں کی الگ لٹ ؛ پہلے زمانہ میں بالوں کی لمبی لٹ جو الگ آراستہ کی جاتی تھی ، درباری لوگ ایسا کرتے تھے ؛ زلفِ مصنوعی ۔

lovelorn, ہجراں نصیب ؛ جس کو محبوب نے چھوڑ دیا ہو ؛ مہجور ؛ عاشق سے محروم ؛ فرقت زدہ ؛ بِرہ کا مارا/کی ماری ۔

lovely, a. دلبر ؛ پیارا ؛ دلکش ، خوبصورت ؛ ایسا حُسن جو دل اور آنکھ دونوں کو لُبھائے ، جیسے کوئی شخص یا چہرہ ؛ دلاویز اور بے پناہ حسین جیسے پھول ؛ بہت اخلاقی اور روحانی حُسن کا حامل (جیسے : a lovely character) ؛ عشق انگیز ؛ محبوب ؛ حسین ۔ (بول چال) پُر مُسرت ؛ خوشگوار (جیسے : we had a lovely time,) ۔ (متعلق فعل) نہایت اچھا ؛ بہت خوب ۔ (اسم) (بول چال) پُر

کشش عورت ۔

loveliness, n. خوبصورتی ، دلکشی ؛ حُسن ؛ خوبی ؛
محبوبی ؛ لطف ؛ دلبری ؛ نزاکت ؛ دل آویزی ۔

love-making, n. معاشقہ ؛ عشق بازی ؛
محبت کرنے والوں کے درمیان جنسی تعلق ؛ عاشقی ۔

lover, n. عاشق ؛ محب ؛ دوست ؛ خیر خواہ ؛
جو جنس مخالف کے فرد کا فریفتہ ہو ؛ عموماً مرد ؛ ساتھی ، زوج ؛
طالب ؛ چاہنے والا ؛ شیدائی ؛ پرستار ؛ یار ؛ آشنا ؛ سجن ؛ پی ؛ پیا ؛
پریتم ۔ (جمع) عاشق و معشوق ؛ وہ شخص جس کو کوئی چیز بہت
پسند یا محبوب ہو (جیسے : Lover of music) ۔

loverly, a., adv. شایان عاشق ؛ عاشقانہ
(جیسے : loverly attentions)-(متعلق فعل) عاشقانہ انداز میں ۔

love seat, n. چھوٹا صوفہ
یا غلاف دار دوہری کرسی ۔

love set, n. (ٹینس) وہ سیٹ جس میں فاتح
نے کوئی کھیل ہارا نہ ہو ۔

lovesick, a. بیمارِ محبت ؛ جس سے
محبت کا اظہار ہو ؛ مریضِ عشق ؛ مفتون ؛ دل فگار ؛ فریفتہ ؛ بیمار ؛
مریض الفت ۔

lovesickness, n. بیماریٔ محبت ، آزار محبت ؛ مرضِ الفت ۔

loving, a. مشتاق ؛ محبت آمیز ؛ جس سے محبت وشفقت کا اظہار ہو ۔

lovingly, adv. محبت آمیزی سے ؛ اُلفت سے ؛
محبت سے ؛ عشق سے ؛ پیار سے ۔

lovingness, n. اشتیاق ، محبت آمیزی ؛
شفقت ؛ محبت ؛ الفت ؛ مہربانی ۔

loving cup, n. شراب کا بڑا پیالہ ؛ دو یا
زیادہ دستوں والا شراب کا بڑا پیالہ جو ضیافتوں میں ایک مہمان سے
دوسرے کی طرف گردش کرتا ہے ؛ ایسا ہی پیالہ/کپ جو کسی کو انعام
کے طور پر دیا جائے ۔

loving-kindness, n. محبت آمیز مہربانی ؛ شفقت ؛
محبت ؛ مہر ؛ رحم ۔

low, a. نشیبی ؛ نیچا ؛ پست ؛ کوتاہ ؛ مدھم ؛ اوپر کی
طرف کم حد کا حامل ؛ سطح سے ذرا سا اوپر اٹھتا ہوا ؛ اوسط
بلندی یا گہرائی سے کم ، جیسے کوئی سیّال یا ندی ؛ جو زمین یا فرش
سے زیادہ اوپر نہ ہو ؛ جو افق سے زیادہ اونچا نہ ہو جیسے کوئی جرم
سماوی ؛ عام سطح سے نیچے (جیسے : low ground) ؛ سمندر یا سطح
سمندر سے قریب کے علاقوں سے متعلق ؛ بمقابلہ ایسے علاقوں کے جو
اونچے اور سمندر سے دور خشکی میں ہیں ، افتادہ یا مُردہ ؛ گہرا یا
عمیق جیسے کہاں ؛ رُتبے یا عہدے کے پیمانے میں بہت نیچے ، ادنیٰ ؛
پست ، عاجز یا مسکین ؛ گھٹیا قسم یا کردار ؛ تہذیب و تنظیم میں
پسماندہ ؛شایستگی و وقار سے عاری(جیسے : thought or expression)؛
پست یا ذلیل ؛ ناشایستہ یا آوارہ ؛ بد چلن ؛ سستا ؛ ختم ہونے
کے قریب (جیسے : low on food,) ؛ کمزور ، ناتواں ، ضعیف ؛ غیر
مقوی یا غیر قوت بخش جیسے خوراک ؛ کم مقدار یا کم درجہ یا کم قوت ؛
نچلے نمبر والا ؛ ادنیٰ ؛ کمینہ ؛ خط استوا کے قریب واقع (جیسے : a
low latitude) ؛ بڑی مقدار ، قدر یا خوبی سے عاری ؛ نسبتاً آہستہ
ارتعاش سے پیدا شدہ جیسے آواز ؛ نیچی ، کم آواز ؛ مضمحل یا اداس ۔
(صوتیات) مصوت ؛ زبان اور تالو کے درمیان وسیع خلا کے ساتھ پیدا
کردہ حرف علت کی آواز ۔ (متعلق فعل) نیچی جگہ ، مقام یا درجہ پر ؛
زمین ، فرش یا بنیاد کے قریب ؛ جو بلند نہ ہو ؛ عاجزی سے ؛ ارزانی سے ؛
نچلے درجے پر ؛ دھیمے لہجہ میں ؛ نرمی سے ؛ خاموشی سے ؛ نسبتاً مؤخر
یا تازہ تر (جیسے : a date) ۔

lowness, n. پستی ؛ نچائی ۔

low, n. جو نیچا ہو ؛ نیچی جگہ ، نشیب ۔
(موسمیات) کم دباؤ والا فضائی علاقہ ۔ (تاش) تُرپ کے رنگ میں سب
سے چھوٹا پتا ؛ کھیل کے شرکا کے اسکور میں کم ترین اسکور ۔
(میکانیات) تحریکی ڈُھرے کی رفتار سے انجن کی کرینک دھرے کی
رفتار تک سب سے کم گیرہ ترسیل کا تناسب ، جو ٹارک (پیچہ) یاقوّت
کو زیادہ سے زیادہ بڑھاتا ہے ۔

low, v.i. ڈکرانا ، بیل یا گائے کا ۔
(اسم) گائے یا بیل کی آواز ۔ نیز : lowing ۔

lowborn, a. کم ذات ؛ نیچ ؛ کم اصل ؛ نیچ ذات ؛ شودر ۔

lowboy, n. درازوں والی پست الماری
جس کے پائے چھوٹے ہوں ۔

lowbred, a. ناشایستہ ؛ کم تر نسل کا ؛کم تر
یا گھٹیا نسل کے خصائص کا حامل ؛ بے تربیت ؛ کم ذات ۔

lowbrow, n. (عوامی) پست جبینی ؛ ثقافتی معاملات سے
بیگانہ شخص یا عامیانہ مذاق کا حامل ۔ (صفت) (عوامی) عامیانہ یا
ناشایستہ مذاق لوگوں سے متعلق ۔

Low Church, a. اینگلیکن کلیسا میں ایسی جماعت
سے متعلق جو کلیسا کے اختیار اور رسم و روایات پر زور نہ دے مگر
انجیل کی تبلیغ پر زور دے ۔

Low Churchman, n. تبلیغ انجیل کی حامی جماعت کا رُکن ۔

low comedy, n. ایسا طربیہ یا مزاحیہ ڈراما جس
کی خصوصیت جسمانی فعل ہو اور جس میں نہایت بیہودہ کیفیات اور
ناشایستہ مزاح ہو جیسے پھکڑ بازی ۔

low-down, lowdown, a. کمینہ ؛ حقیر ؛ قابل نفرت ۔
(اسم) (عوامی) معاملے کے حقائق ؛ صداقت ۔

lower, a. کم تر ؛ پست تر حیثیت ، حالت
میں دوسری اقدار یا مراتب سے کم تر ؛ کسی چیز کے نیچے واقع
(جیسے : the lower peg) ۔ (عموماً بڑے ا سے) (ارضیات) قدیم
ارضیاتی عہد سے متعلق ؛ زمین کے جدید تر بالائی طبقات کے نیچے ؛
جنوب میں زیادہ دُور ۔

lower, v.t. حیثیت میں کم کرنا ، نیچا کرنا ؛
کم یا پست کرنا (جیسے قیمت ، حجم ، آواز ، مقدار یا درجہ وغیرہ
میں) ؛ عاجز کرنا ؛ نیچا کرنا ؛ کمزور کرنا ۔ (فعل لازم) گھٹنا ؛ اُترنا ؛ کم
تر ہونا ؛ پست تر ہونا ؛ چھانا ؛ گرنا ؛ جُھکنا ۔ (اسم) کوئی چیز جو دوسری
کے نیچے واقع ہو ، نچلی نشست ۔

lower, lour, v.i. تیوری چڑھانا ؛ بیزار نظر آنا ؛
اداس یا غمگین معلوم ہونا ؛ طوفان کی دھمکی دینا ۔ (اسم) تیوری ؛
تاریک یا دھندلا آسمان ۔

lowering, louring, a. ابر آلود ؛ بیزار ؛ چڑ چڑا ؛

طوفان کی خبر دینے والا۔

loweringly, adv.
چڑ چڑے پن سے۔

lowery, loury, a.
ابر آلود ؛ اداس ، رنجیدہ۔

lower-case, a.
(طباعت) چھوٹے حروف والا ، خفی ، بڑے حروف(جلی)کے مقابلے میں -(اسم) چھوٹا حرف- مخفف:.l.c ۔ (فعل متعدی) چھوٹے حروف کے ساتھ چھاپنا۔

lower-class, n.
زیریں طبقہ ؛ نچلا طبقہ ، معاشرے کا وہ طبقہ جو سماجی رتبے کے لحاظ سے سب سے نیچے ہو ؛ ادنیٰ طبقہ۔

lower-class, a.
ادنیٰ طبقہ کا۔

lowerclassman, n.
ادنیٰ طبقے کا فرد ؛ ثانوی مدرسہ یا کالج کا طالب علم۔

lower criticism, n.
گھٹیا تنقید ؛ ادنیٰ تنقید ؛ اصلی متون کی زبان کی تحقیق و تفتیش پر مبنی تنقیدِ انجیل (higher criticism سے مختلف)۔

lower most, a.
سب سے نچلا ؛ انتہائی زیریں ؛ ادنیٰ۔

lowest common denominator, least common denominator, n.
(ریاضی) کسور کے سلسلہ کے نسب نما کا ذو اضعاف اقل جیسے ۱/۲ ، ۱/۴ ، ۱/۸ کے نسب نماؤں کا ذو اضعاف اقل ۸ ہے۔

lowest common multiple, least common multiple, n.
(ریاضی) ذواضعاف اقل ؛ سب سے چھوٹا عدد جو کسی مجموعۂ اعداد کے ہر عدد پر پورا تقسیم ہو جیسے ۱۲ ذواضعاف اقل ہے ۳ ، ۲ ، ۶ کا۔

low frequency, n.
(ریڈیو) سُست تعدّد ؛ پست تعدُّد ، کم تعددِ ارتعاش ؛ ۳۰ سے ۳۰۰ کلو سائیکل تک کا تعدد۔

Low German, n.
ادنیٰ جرمن ؛ اُن جرمن بولیوں میں سے کوئی ایک ، جو جرمنی کے شمالی زیریں علاقے میں بولی جاتی ہیں ؛ مغربی جرمانک زبانوں کا ایک گروہ جس میں ولندیزی ، فلیمش ، فریسین اور بعض اوقات انگریزی کے علاوہ زیریں جرمنی کی بولیاں شامل ہوتی ہیں۔

low-key, low-keyed, a.
قُوّت اور شدت میں کم ، مسدود یا محدود ؛ محدود قوت یا شدّت کا۔

lowland, n., a.
نشیبی ملک ؛ وہ ملک جو ہمسایہ ملک کی نسبت نشیب میں ہو ؛ نشیبی یا مسطح مُلک ؛ میدانی علاقہ۔

the Lowlands,
جنوبی اور مشرقی اسکاٹ لینڈ کے نشیبی علاقے۔

lowlander, n.
نشیبی علاقے کا باشندہ (بڑے L سے) نشیبی ممالک کا آدمی۔

low-level, a.
پست سطح کا ؛ کم عہدے یا اہمیت کا حامل ؛ زمین سے قریب (جیسے : low-level bombing)۔

lowly, a.
زندگی میں پست حیثیت کا مالک ، غیر اعلیٰ ؛ غیر رفیع ؛ عاجز ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ غریب ؛ نیاز مند ؛ منکسر ؛ سادہ مزاج ؛ سیدھا سادا۔ (متعلق فعل) پست حیثیت سے ، پست طور پر یا پست حالت میں ؛ عاجزی سے ؛ نیاز مندانہ ؛ انکساری سے۔

lowliness, n.
پستی ، پست حیثیتی ؛ عاجزی ؛ کم مائگی ؛ عجز ؛ فروتنی ؛ انکسار ؛ نیاز مندی۔

Low Mass, n.
(رومی کیتھولک کلیسا) وہ عشائے رَبّانی جو سادہ تقریب میں ایک پادری اور ایک قربان گاہ کے لڑکے یا ایک خدمتگار کے ساتھ منائی جائے۔

low-minded, a.
کمینہ یا پست ذہن ؛ بیہودہ اور پست جذبات کا حامل ؛ تُھڑ دلا ؛ کم ہمت۔

low-mindedly, adv.
پست ذہنی سے۔

low-mindedness, n.
پست ذہنی ، پست خیالی ؛ کم ہمتی ؛ تُھڑ دلا پن۔

lown, a., n.
(بولی) پر سکون ؛ خاموش ؛ ساکن۔

low-necked, a.
کھلے گلے کا ؛ وہ پوشاک یا لباس جس میں گردن اور شانے کُھلے رہیں ؛ نیچے گلے کا(لباس)۔

low-pressure, a.
کم دباؤ کا ؛ کم دباؤ کا حامل یا کم دباؤ ڈالنے والا جیسے بھاپ یا پانی ؛ کم زور۔

low-tension, a.
(برق) کم تناؤ ؛ ادنیٰ تناؤ ؛ کم قوت ؛ کم وولٹیج کی رَو میں کام کرنے والا۔

low-test, a.
اُبلنے سے پہلے اونچے درجۂ حرارت پر پہنچنے والا ، جیسے گیسولین۔

low tide, n.
جزرِ ؛ بھاٹا ؛ پانی کی سب سے کم سطح ؛ وہ وقت جب ایسا ہو۔ (مجازاً) کسی چیز کا پست ترین درجہ۔

lox, n.
مائع آکسیجن جو راکٹوں کے داسروں میں استعمال ہوتی ہے۔

lox, n.
دُھوانکھی یا دھوئیں پر سینکی ہوئی سالمن مچھلی کی ایک قسم جو بیگلز اور کریم پنیر کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔

loxodrome, n.
ہم میلانی خطوط ؛ مساوی المیلان۔ دیکھیے : Rhumbline –

loyal, a.
وفادار ؛ باوفا ؛ وفا شعار ؛ اپنی قسم ، کام یا ذمہ داری کا پابند ؛ اپنے اقرار کا پابند مثلاً بادشاہ ، حکومت یا مملکت کا وفا دار ؛ کسی شخص یا چیز کا وفا دار جس کا احسان مند ہو ؛ خیر خواہ ؛ فرمانبردار ؛ مُطیع ؛ امن جُو ؛ نمک حلال۔

loyalist, n.
وفا دار شخص ؛ شاہ پرست ؛ بادشاہ دوست۔

loyally, adv.
وفاداری سے ؛ نمک حلالی سے ؛ خیرخواہی سے۔

loyalty, n.
نمک حلالی ؛ وفاداری ؛ خیر خواہی ؛ اطاعت ؛ فرمانبرداری۔

loyalty oath, n.
حلفِ وفاداری ؛ حلف جس کے ذریعے کوئی شخص اپنے ملک اور حکومت سے اپنی وفاداری کا اقرار کرتا ہے ، عموماً مزید اس شرط کے ساتھ کہ وہ کسی مبیّنہ تخریبی گروہ کا رُکن نہیں یا نہیں رہا ہے جیسے کمیونسٹ پارٹی (اشتراکی جماعت) کا۔

lozenge, n.
شکلِ معین ؛ کوز ؛ قُرص ؛ ٹکیہ ؛ چینی کی چھوٹی قرص ، جس میں عموماً دوا شامل ہو اور جو ابتداً معین کی شکل کی ہوتی تھی۔ (جیومیٹری) ذو اربعۃ الاضلاع معین شکل ، جس کے دو زاویے حادہ اور دو منفرجہ ہوں ؛ ہیرے کی شکل۔

luau, n.
جزیرہ ہوائی کی ایک ضیافت جس میں عموماً مقامی تفریح شامل ہوتی ہے۔

lubber, n., a.
سُست ؛ بھدا اور بیوقوف آدمی ،
گنوار ؛ کام چور ۔ (جہاز رانی) جو ملّاحی کا ماہر نہ ہو؛ اناڑی ۔

lubberliness, a.
بے ڈھنگا پن ؛ بھداپن ؛ کام چوری ۔

lubberly, adv.
کام چوری سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛
بھوہڑ پن سے ؛ بے سلیقگی سے ؛ بھدے پن سے ؛ بے ڈھنگی سے ۔

lubberline, lubber's line, lubber's mark, lubber's point, n.
(جہاز رانی) قطب نُما
یا آلۂ جہاز رانی پر ایک مقررہ خط جو کسی جہاز یا طیّارے کی آگے
کی سمت ظاہر کرتا ہے ۔

lubber's hole, n.
(جہاز رانی) مستول کے سرے پر
واقع پلیٹ فارم میں موکھا جس میں سے ملّاح سرے تک جائے بغیر چڑھتے
اور اترتے ہیں ۔

lube, n.
(بول چال) چکنائی ۔ lubricant کا مُرخَم ۔

lubricant, a.
چکنا کرنے والا ؛ چکناؤ ۔ (اسم) چکنا کرنے
والا مادہ مثلاً گریس یا تیل ۔

lubricate, v.t.
تیل دینا ؛ چکنانا ؛
چکنا یا ہموار کرنا ؛ کوئی روغنی یا چکنا مادہ لگانا ؛ ایسا کوئی مادہ
رگڑ کم کرنے کے لیے لگانا (جیسے : to lubricate parts of a
mechanism) ۔ (فعل لازم) چکنائی لگانا یا کسی چیز کا چکنا ہونا ۔

lubrication, n.
چکناؤ ؛ تدہین ؛ چکنائی ؛ چکناہٹ ۔

lubricative, a.
چکنا ؛ چکنائی والا ۔

lubricator, n.
چکنانے والا ؛ مُدَّہن ۔

libricous, libricious, a.
چکنا ، پھسلواں جیسے کوئی سطح ؛
روغنی ہمواریت یا ملائمت کا حامل؛غیر مستحکم ؛ غیر یقینی ؛ گریزاں ،
غیر مستقل ؛ شوخ ؛ آوارہ ، اوباش ؛ بے ثبات ۔

lubriciously, adv.
پھسلواں انداز میں ؛ شوخی سے ۔

lubricity, n.
چکناہٹ ؛ اوباشی ؛ پھسلن ؛
رپٹن ؛ شہوت پرستی ؛ آوارگی ۔

lucarne, n.
دریچہ ؛ کھڑکی ؛ روزنہ ؛
اوپر کی منزل کی کھڑکی ، مینارہ کی کھڑکی ۔

lucent, a.
چمکیلا ؛ تابندہ ؛ صاف ؛
شفاف ؛ نیم شفاف ؛ چمکدار ؛ روشن ؛ مُنوَّر ۔

lucency, n.
چمک دمک ؛ شفافی ؛ نیم شفافی ؛ چمکیلا پن ۔

lucently, adv.
چمک دمک سے ۔

lucerne, lucern, n.
(برطانوی) لُوسرن ؛ فصفصہ ، یونجہ ؛
ایک سبز چارا ؛ مَینا ؛ سہ برگہ ۔

lucid, a.
واضح ؛ مجلاً ؛ آسان ، سہل یا قابل فہم ؛
واضح تصور ، خیال اور فہم کا حامل ؛ معقول ؛ سنجیدہ ؛ روشن یا
چمکیلا ، شفاف ؛ نتھرا ؛ درخشاں ؛ صاف نکھرا ۔

lucidity, lucidness, n.
آسانی ؛ معقولیت ؛ چمک ؛ تابندگی ؛
وضاحتِ بیان ۔

Lucifer, n.
ابلیس ؛ سرکش ؛ جاہ پسند
بڑا فرشتہ جسے شیطان سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جس کو جنت سے نکال
دیا گیا تھا ؛ زہرہ ستارہ جب یہ ستارۂ سحر کی حیثیت سے نمودار ہوتا
ہے ؛ ستارۂ سَحر ؛ نور آور ؛لولئی فلکہ(چھوٹے ا سے) فِرکی دیا
سلائی ؛ کبریت ؛ دیا سلائی جو رگڑ سے جلے ۔

luciferous, a.
تاباں ؛ روشنی دینے والا ، مُنیر ؛
روشنی بخش ۔

luciferase, n.
(کیمیا) نور انگیز مادّہ ؛ نور فشاں مادّہ ؛
ایک مادّہ غالباً کیمیائی خمیر جو جگنوؤں اور اسی قسم کی انواع کے
روشن اعضا میں موجود ہوتا ہے اور جو نورزا مادّے کے ساتھ عمل کرکے
روشنی پیدا کرتا ہے ۔

luciferin, n.
(کیمیا) لیوسی فیرن ؛ لوسیفرن ؛
ایک نامیاتی مادّہ جو نور انگیز مادّے (luciferase) کے ساتھ مل کر
مختلف نامی اجسام میں روشنی پیدا کرتا ہے ؛ نورزامادہ ۔

Lucite, n.
لوسائٹ ؛ ایک شفاف حر ملائم،اکرائلی لِک رال
(acrylic) جو بالخصوص شیشے کے متبادل کے طور پر مستعمل ہے ۔
(تجارتی نشان) ۔

luck, n.
قسمت ، نصیب ، مقدر ؛ بخت ؛
بھاگ ؛ اتفاق ؛ واقعات کے تسلسل میں جو کچھ اتفاقاً انسان کو پیش
آئے ؛ تقدیر ؛ خوش قسمتی یا کامیابی ، جو اتفاق کا نتیجہ خیال کی
جائے ؛ کوئی چیز جس پر خوشی قسمتی محمول کی جائے ۔

luckily, adv.
خُوش قسمتی سے ؛ بھاگ سے ؛
تقدیر سے ؛ حسنِ اتفاق سے ۔

luckiness, n.
خوش قسمتی ؛ خوش نصیبی ؛ بخت آوری ؛
اقبال مندی ؛ نیک فالی ۔

lucky, a.
خوش قسمت ، خوش بخت ؛
کامیابی سے ہم کنار ، کامران ؛ خوش نصیب ؛ نصیبہ ور ؛ اقبال مند ؛
خوش بختی لانے والا ؛ خوشگوار ، سازگار ۔

lucrative, a.
نفع آور ؛ نفع بخش ؛ دولت خیز ؛ سود مند ۔

lucratively, adv.
نفع بخشی سے ۔

lucrativeness, n.
نفع بخشی ؛ نفع آوری ؛ سود مندی ۔

lucre, n.
یافت ؛ دولت ؛ مال و زر ؛ روپیہ پیسہ ؛ مالی منعفت
(جیسے : filthy lucre) ۔

lucubrate, v.i.
عالمانہ انداز میں لکھنا ؛
جاں فشانی سے لکھنا یا پڑھنا؛بالخصوص رات کو چراغ کے سامنے پڑھنا ۔

lucubration, n.
عمیق مطالعہ ؛ عالمانہ تصنیف ؛
مطالعۂ نیم شب ؛ رات کا مطالعہ ۔

lucubrator, n.
عالمانہ انداز میں لکھنے والا ؛
رات کو مطالعہ کرنے والا ۔

luculent, a.
نُورانی ؛ روشن ؛ پُر انوار ؛
واضح جیسے دلائل ، توجیہات ؛ قائل کُن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ صاف ؛
شفّاف ۔

luculently, adv.
واضح طور پر ۔

Lucullan, Lucullean, Lucullian, a.
خوش خور ؛ ایک دولت مند
رُومی سے متعلق جو اپنی عیش و عشرت،خصوصاً خوش خوری کے لیے
مشہور تھا (جیسے : a Lucullan feast) ۔

ludicrous, a.
مُضحِک ؛ قہقہہ آور ؛ مزاحیہ ؛
بہت مضحکہ خیز ؛ خندہ آور ؛ مہمل ؛ بیہودہ ؛ مستحقِ حقارت ۔

ludicrously, adv.
مضحکہ خیز انداز میں ؛
ہنسی کے طور پر ؛ مسخرے پن سے ۔

ludicrousness, n.
مضحکہ خیزی ؛ تمسخر یا تضحیک ۔

lues, n.
آتشک ۔ دیکھیے : Syphilis ۔

luetic, a. آتشک زدہ ۔

luetically, adv. آتشک سے ۔

luff, n. (جہاز رانی) باد رخ ؛ اس طرح چلنا کہ جہاز کا رُخ ہوا کے موافق ہو ؛ اگلے پچھلے بادبان کا سامنے کا کنارا ؛ جہاز کے دنبالے کا پورا اور عریض ترین حصہ ؛ ہتیلی ۔ (فعل لازم) (جہاز رانی) جہاز کا رُخ ہوا کے موافق ہونا جبکہ بادبان ہوا سے پُھولے ہوئے ہوں ؛ ہوا کی موافقت میں باد بانوں کا حرکت میں ہونا ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) جہاز کا رُخ ہوا کے ڈھب پر لانا ؛ جہاز کا مُنھ ہوا کی طرف پھیرنا ۔

Luftwaffe, n. نازی (ناتسی) دور حکومت میں جرمن ہوائی فوج یا فضائیہ ۔

lug, v.t. کھینچنا ؛ گھسیٹنا ؛ تاننا ؛ اینچنا ؛ اس طرح کھینچنا جیسے کوئی بھاری چیز مشکل سے کھینچی جاتی ہے ۔ (بول چال) غیر معقول انداز میں شامل گفتگو کرنا ؛ دخل در معقولات کرنا ۔ (فعل لازم) کھینچنا یا تاننا ۔ (اسم) کسی چیز کا آگے بڑھا ہوا حصہ ، جو انسانی کان سے مشابہ ہو ، جیسے دستہ ؛ حلقہ یا جوت جس میں سے ڈنڈا گزرتا ہو ۔ (عوامی) بھدّا اور بے ڈھنگا شخص ۔

lug, n. دیکھیے : Lugworm ۔

luggage, n. سامان ، جیسے مسافر کا ؛ سوٹ کیس ، صندوقچے ؛ سفری سامان ۔

lugger, n. ایک کَشتی ، عموماً چھوٹی جس میں دو یا تین مستول چہار گوشہ باد بانوں کے ساتھ ہوتے ہیں ۔

lugsail, lug, n. (جہاز رانی) ایک چہار پہلو بادبان جو اُس بَلّی پر جُھکا ہوتا ہے جو مستول پر سے ترچھی گزرتی ہے ۔

lugubrious, a. مغمُوم ؛ ماتم دار ؛ رنجیدہ ؛ اُداس ، بالخصوص مبالغہ آمیز یا مضحکہ خیز انداز میں ۔

lugubriously, adv. مغموم انداز میں ۔

lugubriousness, lugubriosity, n. غم گینی ؛ رنجیدگی ؛ اُداسی ؛ ماتم زدگی ۔

lugworm, lobworm, n. کیچوا ؛ کوئی آبی کیڑا جس کے گلپھڑے گچھے کی شکل میں ہوتے ہیں ، اس کا تعلق جنس ریگ باش (Arenicola) سے ہے ، جو ساحل سمندر کی ریت میں بل بنا کر رہتا ہے اور طُعمہ ماہی کے طور پر زیادہ استعمال ہوتا ہے ۔

lukewarm, a. نیم گرم ؛ کُنکُنا ؛ کوسا ؛ جو پُر جوش نہ ہو ، سرد مہر ؛ لاتعلق ، بے حس ۔

lukewarmly, adv. نیم گرمی سے ؛ سرد مہری سے ۔

lukewarmness, n. نیم گرمی ؛ سرد مہری ؛ کُنکناپن ؛ کوسا پن ؛ بے پروائی ؛ کم التفاتی ۔

lull, v.t. لوری دے کر یا تھپک کر سُلانا ؛ نرم اور تسکین بخش انداز میں سُلانا ؛ خاموش کرنا ؛ پُر سکون بنانا فریب سے ؛ تسکین دینا ؛ دھیما کرنا ۔ (فعل لازم) دھیما ہونا ، پر سکون ہونا ؛ چُپ ہونا ۔ (اسم) طوفان ، ہنگامہ ، خلفشار یا بڑی سر گرمی سے پہلے یا بعد عارضی سکون ؛ تسکین کی قوت ؛ تسکین بخشی ؛ طوفان کے بعد کا ٹھہراؤ یا خاموشی ؛ سنّاٹا ۔

lullaby, n. لوری ؛ وہ گیت جس کے ذریعے بچّوں کو پُر سکون بناتے یا سُلاتے ہیں ؛ کوئی تسکین بخش گانا ۔ (فعل متعدی) لوری کے ذریعے بچّوں کو چُپ کرانا ۔

lulu, n. (عوامی) کوئی چیز یا کوئی شخص جو شکل ، دائرۂ کار یا خوبصورتی میں نمایاں یا غیر معمولی ہو ۔

lum, n. (اسکاٹ لینڈ ، برطانوی) چمنی ، دُودکش ۔

lumbago, n. وجع المفاصل ؛ گٹھیا ؛ گھُٹنے کا درد جو کمر کو متأثر کرے ، دردِ کمر ؛ چک ۔

lumbar, a. صُلبی ؛ کمر کا یا کمر سے متعلق ؛ پُشتی ۔ (اسم) مُہرہ پُشت ؛ شریانِ کمر یا ایسی کوئی چیز ؛ صُلبی رگ ۔

lumber, v.i. بڑی جسامت کی وجہ سے بے ڈھنگے پن سے حرکت میں ہونا ؛ کھڑکھڑانا ۔

lumber, n. لٹھے یا کُندے جن کو چیر کر مختلف جسامت اور قطع کے شہتیر اور تختے بنائے گئے ہوں ؛ کٹے شہتیر ۔ (برطانوی) کاٹھ کباڑ ؛ چوب تراشی ؛ بیکار اشیا جیسے پرانا سامان یا ایسی ہی گھر کی بیکار چیزیں ، جو ایک طرف پھینک دی گئی ہوں ۔ (فعل متعدی) کُندوں یا لٹھوں کو شہتیر وغیرہ میں تبدیل کرنا ۔ (برطانوی) بیکار چیزوں سے جگہ گھیرنا یا راستہ روکنا ؛ بیکار جگہ گھیرنا ؛ ڈھیر لگانا ۔ (فعل لازم) بیچنے کے لیے چیر کر شہتیر وغیرہ بنانا ؛ بھاری بھاری قدم پڑنا ؛ بھدے پن سے چلنا ۔

lumberer, lumberman, n. ترکھان ؛ چوب تراش شخص ؛ شہتیروں وغیرہ کا کاروبار کرنے والا ، شہتیر فروش ۔

lumberless, a. کاٹھ کباڑ سے محفوظ ۔

lumbering, a. بھدا ؛ بے ڈھنگا ؛ بے ڈھنگے پن سے حرکت کرنے والا ۔

lumberingly, adv. بے ڈھنگے پن سے ۔

lumberingness, n. بے ڈھنگا پن ۔

lumbering, n. لکڑ کٹائی ؛ درخت گرانے ، کاٹنے اور بیچنے کے لیے تختے بنانے کا کاروبار یا پیشہ ؛ چوب تراشی ۔

lumberjack, n. شہتیر کاٹنے یا ان کی نقل و حمل کرنے والا ؛ شہتیر فروش ؛ ایک سیدھی اون یا چمڑے کی صدری (جیکٹ) جو عموماً کُولھوں تک لمبی ہوتی ہے اور اس میں پیٹی لگی ہوتی ہے ، یہ شہتیر فروشوں کی صدری سے مشابہ ہوتی ہے ۔ (اسم) (کنیڈین) کینیڈا کا نیل کنٹھ ۔

lumberyard, n. چوب گودام ؛ وہ علاقہ جہاں لکڑی اور شہتیر وغیرہ کا ذخیرہ کیا جائے ؛ تجارتی ادارہ جہاں چوبی اشیا رکّھی اور فروخت کی جائیں ؛ کاٹھ گودام ۔

lumbricoid, a. عام کیچوے کا یا اس سے مشابہ ؛ خُراطینی ۔

lumen, n. (بصریات) نورانیہ ؛ نوریہ ؛ ایک اکائی جو روشنی کے اخراج کو ظاہر کرتی ہے ، یہ اس روشنی کے مساوی ہوتی ہے جو ایک سینٹی میٹر کے فاصلے پر رکھی ہوئی موم بتی سے ایک مربع سینٹی میٹر کے رقبے میں پڑتی ہے ۔ (تشریح الاعضا) اسطوانہ نُما عضو میں واقع قنات جیسے شریان کی ، قنات درونہ ۔ (نباتیات) خلیے کی دیواروں کا جوف جو نخزینہ (proto plast) کے اخراج کے بعد پیدا ہوتا ہے ؛ جوفِ خلوی ۔ (طب) کسی نلی کا سوراخ جیسے قاساطیر (catheter) کا ۔

Luminal, n. فینو بار بیٹل (Phenobarbital) کا تجارتی نام ۔

luminance, n. تنویر ؛ منوّر سطح یا مآخذ ؛ روشنی کی چمک کا پیمانہ یا ناپ ۔

luminary, n.,a. نیّر ؛ کسی خاص شعبہ میں ممتاز حیثیت کا حامل شخص ؛ علم و دانش کی روشنی پھیلانے والا ؛ صاحبِ فضل ؛ ذی شرف ؛ وہ چیز یا جسم جو روشنی دے ؛ بالخصوص جرمِ سماوی مثلاً سورج یا چاند ؛ روشنی پھیلانے والی چیز۔

luminescence, n. نورانیت ؛ لمعان ؛ تزّہُر روشنی کا اخراج جو براہ راست تابش کے باعث نہ ہو اور تاباں اجسام کے درجۂ حرارت سے کم درجہ پر واقع ہو ، جیسا کہ عارضی تزہر یا درخشندگی یا فلوریت (fluorescence) اور مستقل تزہر یا درخشندگی یا فارسفوریت (-phos phorescence) کے معاملے میں ہے ؛ روشنی جو اس طرح پیدا کی جائے۔

luminesce, v.i. روشن کرنا ، تابندہ کرنا۔

luminescent, a. نورانی ؛ تاباں ؛ روشن ؛ درخشندہ۔

luminiferous, a. روشن کُن ؛ نور آفریں ؛ نُور فشاں۔

luminosity, n. روشنی ؛ درخشندگی ، تابانی ؛ کوئی روشن چیز ؛ تابندگی ؛ چمک ؛ درخشانی ؛کسی رنگ میں روشنی کی شدت۔

luminous, a. تاباں ؛ درخشاں ؛ چمکیلا ؛ منوّر ؛ ذہنی طور پر روشن ؛ روشن دماغ ؛ بصیرت افروز ؛ روشن ضمیر ؛ واضح ، صاف ؛ قابل فہم ؛ لمعانی ؛ نوری ؛ نورانی ؛ چمکدار۔

luminously, adv. تابندگی سے ؛ روشن دماغی سے۔

luminousness, n. تابانی ؛ درخشانی ؛ روشن دماغی۔

luminous energy, n. روشنی کی توانائی ؛ وہ روشنی جو انسانی آنکھ دیکھ سکے ؛ ۳۸۰۰ اور ۷۶۰۰ انگسٹروم کے مابین طول موجی برقی مقناطیسی تاب کاری۔

luminous flux, n. نُوری نفاذ ؛ سیل نُور ؛ کسی خاص ذریعے سے دیدنی توانائی کی ترسیل کی شرحِ وقت ، جسے عموماً نورانیہ (لیومن) میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

luminous paint, n. منوّر رنگ ؛ وہ رنگ جو فاسفورس شامل ہونے کے باعث اندھیرے میں چمکتا ہے ، جیسے بیریئم سلفائیڈ ؛ روشن تاب رنگ ؛ درخشاں رنگ۔

lummox, n. کُند ذہن اور بے ڈھنگا شخص۔

lump, n. ڈھیلا ، ڈلا ؛ سوجن ، گلٹی ؛ آماس ؛ گومڑ (جیسے : a lump on the head) ؛ میزان ، مجموعہ ، اجتماع ؛ کثیر مقدار۔ (بول چال) کند ذہن اور احمق شخص ؛ بڑا اور مضبوط آدمی۔ (صفت) ڈلے کی شکل کا ؛ کسی چیز کی مجموعی تعداد (جیسے : a lump sum.) ؛ مجموعی (رقم) ؛ کُل (رقم)۔ (فعل متعدی) ڈلا بنانا ؛ ڈھیر کرنا ؛ گومڑ کی صورت میں ابھرنا یا گومڑوں سے بھر جانا ؛ اکٹھے ہو کر ایک کُل یا ڈھیر بن جانا۔ (فعل لازم) ڈلے کا بننا ؛ گومڑ ہونا ؛ گومڑ کی صورت میں ابھرنا ؛ بھاری بھر کم طریقہ سے رواں ہونا۔

a lump in one's throat, جذبات کے باعث گُلو گرفتہ ہونا ؛ بھرّا جانا۔

in the lump, ڈھیر کی صورت میں ؛ بحیثیت مجموعی ؛ کُلّی طور پر ؛ تھوک۔

lumpingly, adv. بھدّے پن سے۔

lump, v.t. (بول چال) ناگوار سمجھنا ؛ ناگواری سے برداشت کرنا ؛ ناپسندیدہ ضرورت کے طور پر برداشت کرنا (جیسے : .If you don't like it, lump it)۔

lumpen, a. بے گھر اور بے وسیلہ افراد یا گروہوں سے متعلق ؛ بالخصوص ان کے عام اقتصادی رُتبے کے لحاظ سے۔

lumpfish, n. بُوم ماہی ؛ اُبھری ہوئی پشت والی ایک بھدّی مچھلی جس کی جلد پر گول استخوانی گلٹیاں ہوتی ہیں ، شمالی بحر اوقیانوس میں پائی جاتی ہے۔

lumpish, a. جسیم ؛ ڈھیلے یا ڈلے کی مانند ؛ بھاری اور بھدا ؛ کند ذہن یا احمق ؛ ڈھیلے جیسا۔

lumpishly, adv. احمقانہ طور پر۔

lumpishness, n. کند ذہنی ؛ حماقت ؛ بھدا پن ؛ بھاری پن ؛ بیوقوفی ؛ سُستی۔

lumpy, a. گلٹی دار ؛ ڈلوں سے بھرا ہوا ؛ گومڑوں سے پُر جیسے کوئی سطح ؛ ڈلے کی مانند جیسے بھاری اور بھدا ؛ گُتّھل ؛ ناہموار یا متموج جیسے پانی ؛ موج دار ؛ ڈلے دار۔

lumpily, adv. بھاری پن سے ، بھدے پن سے۔

lumpiness, n. بھدا پن ؛ بھاری پن۔

lumpy jaw, actinomycosis, n. (امراضیات ، بیطاری امراضیات) جبڑا گلٹی مرض ؛ چھوت کی بیماری ، متعدی مرض ؛ بالخصوص مویشیوں کی بیماری ، جو طفیلی کیڑوں کی وجہ سے ہوتی ہے ، اس میں جبڑے کے گرد ابھری ہوئی گلٹیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

Luna, n. لُونا ؛ چاند کی دیوی ؛ چاند ، جس کی رومیوں نے دیوی کی حیثیت سے تجسیم کی ہے۔

lunacy, n. دیوانگی ؛ جنون ؛ حماقت کی انتہا ؛ پاگل پن ؛ سابقاً وہ پاگل پن جو سنجیدگی کے وقفوں سے ٹوٹتا رہتا تھا ؛ سودا ؛ خبط۔ (قانون) ذہنی عدمِ توازن کی کوئی بھی شکل ، عموماً جس میں حماقت شامل نہیں ہوتی۔

luna moth, Luna moth, n. ماہ پروانہ ؛ شمالی امریکا کا بڑا ریشم کا کیڑا (Actias luna) جس کے پَر سبزی مائل ہوتے ہیں ، پچھلے پَر لمبی دُم کے حامل ہوتے ہیں اور ہر پَر پر ہلالی شکل کا دھبّا ہوتا ہے۔

lunar, a. ہلالی ؛ قمری ، چاند کا یا چاند سے متعلق ؛ جس کی پیمایش چاند کی گردش سے کی جائے (جیسے : a lunar calen- dar) ؛ شکل میں چاند کی مانند۔ (نجوم) چاند کے زیر اثر ؛ چاندی کا یا چاندی سے متعلق ؛ نُقرئی ؛ ہلالیہ ؛ سیمیں ؛ ہلال نُما۔

lunar caustic, n. (کیمیا) سلور نائٹریٹ ؛ سنگ جہنّم ، ایک مرکب جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ، بالخصوص داغنے والے عامل کی حیثیت سے ؛ ہلالی کاوی ؛ نقرئی کاوی۔

lunar eclipse, n. چاند گرہن یا چاند گہن ؛ خسوف ؛ چاند کا جُزوی یا کُلّی طور پر تاریک ہونا جب وہ زمین کے سائے کے تاریک ترین حصّے میں داخل ہوتا ہے۔

lunate, lunated, a. نیم ماہہ ؛ چاند سا ؛ آدھے چاند کی شکل کا ، ہلالی ؛ ہلال نُما۔

lunatic, lunatical, n., a. مخبوط الحواس ؛ پاگل آدمی ؛ جنونی ؛ ایک مسخرہ کردار ؛ پاگل ؛ انتہائی طور پر غیر معقول یا عاقبت نا

اندیش ؛ مسخرا ، احمق ؛ سڑی ؛ باؤلا ؛ دیوانہ ؛ سودائی ؛ مجنون ؛
پاگلوں کے استعمال کے لیے (جیسے : a lunatic asylum) ۔

lunatic fringe, n. انتہا پسند یا کسی تنظیم
بالخصوص سیاسی یا سماجی تنظیم میں کٹر یا متعصب اقلیتی گروہ ۔

lunation, lunar month, n. قمریہ ؛ ایک نئے چاند
سے دوسرے چاند تک کی مدت ، جو اوسطاً ۲۹ ۱/۲ دن ہے ، قمری مہینہ ؛
قمری ماہ ؛ چندر ماس ؛ قمر کا دَورِ وضعی ۔

lunch, n. luncheon کا مُرخّم ۔
ظہرانہ ؛ نہار ؛ ہلکا کھانا ، بالخصوص وہ جو ناشتے اور عشائیہ کے
درمیان ہوتا ہے ، ظہرانے کی خوراک ؛ دوپہر کا کھانا ۔ (فعل لازم و
متعدی) ظہرانہ فراہم کرنا ؛ ظہرانہ تناول کرنا ۔

luncher, n. ظُہرانہ کھانے والا ۔

luncheon, n. ظہرانہ ؛ دوپہر کا کھانا ،
عموماً رسمی یا پر تکلّف طور پر ۔ دیکھیے : lunch ۔

luncheonette, n. دیکھیے : lunchroom ۔

lunchroom, luncheonette, n. طعام گاہ ؛ دوپہر کا کھانا
تناول کرنے کا کمرا ؛ وہ طعام خانہ جہاں ہلکا یا جلد تیار ہونے والا کھانا
پیش کیا جاتا ہے ۔

lune, n. پھانک ؛ قاش ؛ ہلال یا نصف چاند کی
شکل کی کوئی چیز ؛ کسی سطح یا کُرّہ پر کوئی ہلالی شکل جو دائرے
کی دو قوسوں سے مقید ہو ۔ (جمع) پاگل پن کے دورے ۔

lunette, n. محرابی روشندان ؛ کوئی چیز جو
ہلال نما یا نصف دائرے کا خاکہ یا حصہ ہو ۔ (فنِ تعمیر) محراب دار
چھت یا دیوار میں ایسی کوئی جگہ ؛ ایسی جگہ کو پُر کرنے کے لیے
تصویر ؛ قوس نمایا گول روزن یا کھڑکی ، جیسے کسی محراب میں ۔
(قلعہ بندی) کوئی کام یا عمارت جس میں دو طرفہ طنفی زاویہ ہو ۔

lung, n. پھیپھڑا ، شُش ، ریہ ، انسان یا
ہوا میں سانس لینے والے دوسرے فقاری حیوانات کے دو تھیلی نما آلات
تنفس میں سے کوئی ایک ؛ ایک ایسا ہی آلۂ تنفس جو بعض غیر فقاری
جانوروں میں بھی پایا جاتا ہے ؛ ایک میکانی آلۂ تنفس جیسے فولادی
پھیپھڑا (iron lung) ۔

lunged, a. پھیپھڑے والا ، شُش دار ؛ پھیپھڑے
کی خاص تعداد یا قسم کا حامل (جیسے : weak lunged) ۔

lunge, n. شمشیر زنی میں تلوار کی ہُول ؛
کوئی اچانک پیش قدمی ؛ جھپٹ ؛ جھوک ۔ (فعل لازم و متعدی) ہول
مارنا ؛ جھپٹنا ؛ ہلّہ کرنا ؛ جھپٹانا ۔

lunge,longe, n. تربیت یا ورزش کے دوران گھوڑے کی
راہ نمائی کے لیے لمبی رسّی ۔ (فعل متعدی) رسّی کے ذریعے گھوڑے
وغیرہ کو ورزش یا مشق کرانا یا تربیت دینا ۔

lunger, n. (عوامی) پھیپھڑوں کی دق میں مبتلا شخص ؛
مدقوق ؛ دق زدہ ۔

lungfish, n. شُش دار مچھلی ؛ ڈیپنوئی (Depnoi)
خاندان کی کوئی مچھلی جو سانس لینے کے لیے گلپھڑوں کے علاوہ
پھیپھڑے بھی رکھتی ہے ؛ پھیپھڑے دار مچھلی ۔

lung wort, n. حشیشۃ الریہ ؛ گاؤ زبان خاندان کا
ایک نیلے پھولوں والا یورپی پودا (Pulmonaria officinalis) جس کے
پتوں پر چتیاں ہوتی ہیں ؛ شمالی امریکا کا ایک نیلے پھولوں والا پودا
(Mertensia virginica) جو اسی خاندان سے متعلّق ہے ۔

lunisolar, a. قمری شمسی ؛ چاند اور سورج
کے باہمی تعلق یا عمل سے متعلق یا اس پر منحصر ۔

lunitidal, a. قمری مدی حرکت ؛ مدّی حرکت کے
اُس حصّے کے متعلق جو چاند پر منحصر ہوتی ہے ۔

lunitidal interval, n. قمر مدی وقفہ ؛ قمر جواری وقفہ ؛
کسی خاص نصف النہار پر چاند کے گزر اور اس کے بعد پیدا ہونے والے
قمری مدِّ کامل کے درمیان وقفہ ۔

lunker, n. (بول چال) کوئی بڑی چیز بالخصوص شکار
کی جانے والی بڑی مچھلی ۔

lunkhead, n. (بول چال) ایک کند ذہن اور بیوقوف شخص ؛ احمق شخص ۔

lunkheaded, a. بیوقوف ؛ احمق ؛ غبی ۔

lunula,lunule, n. قاش ؛ ہلالی شکل ؛ ہلال کی شکل
کی کوئی چیز جیسے انگلی کے ناخن کی جڑ کا سفید ہلال ۔

lunulate, lunulated, n. ہلال نما ۔

Lupercalia, n. (عموماً ساخت میں جمع) جشن لوپَرکَس ؛
جَشنِ زرخیزی ؛ قدیم رُومی جشنِ زرخیزی جو رومی دیوتا لیو پرکس
(Lupercus) کے اعزاز میں ہر سال ۱۵ فروری کو منایا جاتا ہے ۔

Lupercalian, a. رُومی جشنِ زرخیزی سے متعلّق ۔

lupine, a. گُرگیں ؛ بھیڑیے کی مانند ؛
گرگ صفت ؛ خونخوار ؛ حریص ؛ بُھوکا ۔

lupine, lupin, n. لوبیائی پودا ؛ باقلائے مصری ؛ باقلائی
جنس لوپنس (Lupinus) کا ایک پودا ؛ ایک یورپی بُوٹی جس کے بیج
خوردنی ہوتے ہیں ، یہ قدیم زمانے سے کاشت ہو رہی ہے ، مشرقی امریکا
کی ریتیلی زمین میں عام اُگنے والی جنگلی بوٹی جس کے پھول نیلے ،
گلابی اور سفید ہوتے ہیں ۔ (جمع) اس پودے کے بیج ۔

lupulin, n. سفوف رازک ؛ ایک باریک زرد
سفوف جو رازک کے پھل سے حاصل ہوتا ہے اور طب میں مسکّنِ دوا
کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

lupus, lupus vulgares, n. (امراضیات) ذئبہ ، اکلہ ؛
ایک جلدی بیماری ؛ مختلف امراض میں سے کوئی ایک جو (عصبی
دق) عُصبۂ سِل سے پیدا ہوتی ہیں اور جلد اور غشائے مخاطی میں زخم
پیدا کرتی ہیں ۔

lurch, v.i. اچانک ایک طرف کو لڑھک جانا
(جیسے کوئی جہاز سمندر میں) ؛ ایک طرف کو لڑکھڑانا جیسے کسی
مخمور آدمی کا ؛ لُڑھنا ؛ اُلٹنا ؛ لڑکھڑانا ۔ (اسم) جہاز کا اچانک جھکاؤ ؛
لڑکھڑاہٹ ؛ جھوک ۔

lurch, n. مکمّل شکست ؛ بالخصوص تاش کے ایک کھیل
میں ؛ بیچارگی ؛ مصیبت ؛ اڑی ؛ بپتا ۔

in the lurch, بے بسی یا پریشان کن
حالت میں ؛ بلا میں ۔

lurcher, n. (قدیم) اٹھائی گیرا ؛ شکار چور ؛ چوری
سے شکار کرنے والا ۔ (برطانوی) چوری سے شکار کرنے والے کا کُتّا
جسے خاموشی سے شکار کرنے کی تربیت دی گئی ہو ۔

lure, n. پُھسلاہٹ ؛ بہلاوا ؛ ترغیب ؛ خوشی یا فائدہ کی

امید کے ذریعہ ترغیب ؛ لالچ ؛ طمع ؛ فریب ؛ کشش ؛ مصنوعی طعمہ یا
لاسا جو جانوروں کے شکار میں استعمال ہوتا ہے ، بالخصوص مچھلی یا
باز کے شکار میں یا وہ طعمہ جو باز کو واپس بُلانے کے لیے استعمال
کیا جائے ؛ چمڑے کی چڑیا ۔ (فعل متعدی) ترغیب دینا ؛ لبھانا ؛ طعمہ
کے ذریعے ترغیب دینا یا طعمہ کی طرف ترغیب دینا ؛ پُھسلانا ؛ جھانسا
دینا ۔

lurement, n. ترغیب ؛ پُھسلاہٹ ۔

lurer, n. ترغیب دینے والا ، لبھانے والا ۔

luringly, adv. لُبھاتے ہوئے ۔

lurid, a. بہت نمایاں یا ہیجان خیز ؛
فاش یا خوف ناک شدت ، غضب یا وحشت ، شدید جذبات یا وحشیانہ
بے لگامی کی وجہ سے (جیسے : lurid crimes,) ؛ چمک یا رنگ میں
خیرہ کُن ؛ غیر فطری یا شدید چکا چوند کے ساتھ روشن یا تابندہ ؛ رنگ
میں زرد ، پھیکا یا بھیانک ۔

luridly, adv. وحشت ناک انداز سے ۔

luridness, n. وحشت ناکی ۔

lurk, v.i. تاک میں یاگھات میں ہونا ؛ چوری چُھپے رواں ہونا ؛
مخفی ہونا ؛ نظروں میں نہ ہونا یا نہاں ہونا ۔

lurker, n. گھات میں بیٹھنے والا ؛ چُھپا رہنے والا ۔

lurkingly, adv. گھات لگائے ہوئے ؛ گھات میں ۔

luscious, a. شیریں ؛ میٹھا ؛ لذیذ ؛ رسیلا ؛ ذائقے یا خوشبو کے
لحاظ سے بہت خوشگوار ؛ شعور ، احساس اور ذہن کے لیے خوش کُن ؛
شدید جذباتی کشش کا حامل ؛ زیبایشی لحاظ سے نہایت پُرکشش ۔

lusciously, adv. رسیلے انداز میں ؛ پر کشش انداز میں ۔

lusciousness, n. کشش ؛ خوشگواری ؛ مٹھاس ؛
شیرینی ؛ مزہ ، لذّت ۔

lush, a. شاداب ؛ گھنے پتوں والا ؛
جس کی خصوصیت ، کثرت ، فراوانی اور زیادتی ہو ؛ تازہ ؛ رسیلا ؛ رس
بھرا ؛ رس دار ۔

lushly, adv. فراوانی سے ۔

lushness, n. فراوانی ، کثرت ۔

lush, n. (عوامی) کثرت شراب نوشی کا عادی ، بلا نوش ۔
(فعل لازم و متعدی) شراب پینا ؛ شراب کا عادی ہونا ۔

lust, n. شہوت ؛ جنسی بھوک ؛ ناجائز جنسی خواہش یا
بھوک ؛ شدید خواہش یا آرزو ، ہوس ؛ لپکا ؛ لت ؛ کسی چیز پر قابض
ہونے یا اس سے لطف اٹھانے کی تمنا یا ہوس (جیسے lust for money) ۔
(فعل لازم) شہوت ہونا ؛ ہوس ہونا ؛ آرزو ہونا (for یا after کے ساتھ) ۔

luster, Brit. lustre, n. ؛ دمک ؛ منعکس روشنی کی چمک ؛ آب و تاب ؛
تابندگی ؛ درخشندگی ؛ روشنی ؛ جلا ؛ نُور ؛ شان ؛ شوکت ؛ امتیاز
(جیسے کسی کارنامہ کی وجہ سے) ؛ ناموری ؛ شہرت ؛ جھاڑ فانوس جو
نقشین شیشے کے ٹُکڑوں یا آویزوں سے مزین ہو ؛ مٹّی یا چینی کے
برتنوں کی چمکیلی سطح ؛ چمکیلا کپڑا ۔ (معدنیات) معدنیات کی
منعکس سطح کی نوعیت کا اختلاف یا فرق ۔ (فعل متعدی) چمک مہیّا
کرنا ؛ روشن کرنا ۔ (فعل لازم) تابندہ ہونا ۔

lusterless, a. بے چمک ، ماند ، پھیکا ۔

luster, Brit. lustre, n. دیکھیے : lustrum ۔

lustering, Brit. lustring, n. کپڑے میں چمک پیدا کرنے کا
تکمیلی عمل ۔

lusterware, n. چمکیلی اور رنگ برنگ سطح کے ظروف ۔

lustful, a. نفس پرست ؛ بہت آرزو مند ؛
شہوتی ؛ مست ؛ شہوت پرست ؛ پُر شہوت ؛ کامی ؛ تماش بین ۔

lustfully, adv. شہوت سے ؛ آرزو مندی سے ۔

lustfulness, n. شہوت پرستی ؛ آرزو مندی ۔

lustral, a. مُطہر ؛ رسم تطہیر سے متعلق
یا اس میں استعمال ہونے والا ؛ پاک کرنے والا ؛ ہر پانچ سال بعد واقع
ہونے والا ، پنجسالہ ۔

lustrate, v.t. رسم کے ذریعہ پاک کرنا ؛
دھونا ؛ صاف کرنا ؛ شُدھ کرنا ۔

lustration, n. تطہیر ؛ پاکی ؛ صفائی ؛ طہارت ۔

lustrative, a. پاک شُدہ ؛ مُطہَر ۔

lustrous, a. چمک دمک والا ؛ روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛
چمکیلا ؛ مشہور و معروف ؛ منوّر ؛ تابدار ؛ نُورانی ؛ فروزاں ۔

lustrously, adv. چمک دمک سے ۔

lustrousness, n. چمک دمک ؛ تابانی ۔

lustrum, luster, (Brit.) lustre, n. قدیم روم میں لوگوں کی
تطہیر جو ہر پانچویں سال کے آخر میں مردم شماری کے بعد انجام دی
جاتی تھی ؛ نو روز پنج سالہ ؛ تطہیر پنج سالہ ؛ پانچ سال کی مُدّت ۔

lusty, a. چاق و چوبند ؛ ہٹاکٹا ؛
تندرست و توانا ؛ جس کی خصوصیت زندگی ، جذبہ ، قُوّت اور صحت
ہو ؛ مضبوط ؛ لذیذ ، جیسے مشروب یا کھانا ؛ زور آور ؛ موٹا تازہ ؛
تناور ؛ شہزور ۔

lustily, adv. توانائی سے ؛ تندرستی سے ؛
زور سے ؛ جوش سے ؛ مضبوطی سے ؛ قوت سے ۔

lustiness, n. طاقت ؛ توانائی ؛ تندرستی ؛ قوت ؛
زور ؛ بل ؛ جوش ؛ مضبوطی ۔

lusus naturae, n. اعجوبہ ؛ بد ہئیت شخص ، جانور یا پودا ؛
عجیب الخلقت ؛ خرق عادت ۔

lutanist, lutenist, n. بربط نواز ؛ ستار بجانے والا ۔

lute, n. رباب ؛ ستار ؛ طنبور ؛ عُود ؛ بربط ؛
تار کا ساز جس کا جسم ناشپاتی نُما اور گردن لمبی ، ٹیڑھی اور خمیدہ
ہوتی ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) بربط بجانا ۔

lute, n. گل حکمت ؛ مٹی سے مشابہ گچ
یا مرکب جو جوڑ بٹھانے اور مسام دار سطوح کا رساؤ بند کرنے کے
لیے استعمال ہوتا ہے ۔ نیز luting ۔(فعل متعدی) گچ سے بند کرنا یا لپائی
کرنا ؛ گل حکمت کرنا ۔

luteal, a. اصفر ؛ جسم اصفر (Corpus luteum)
کا یا اس سے متعلق ؛ اصفر نما ۔

lutein, n. لیوٹن ؛ زردیٔ برگ ؛ صفرا ؛ زردی
مائل یا نارنجی مرکب جو بہت سے پودوں ، انڈے کی زردی ، حیوانی
چربی اور اجسام اصفر میں ملتا ہے اور خاص حیاتی کیمیائی مطالعے
میں استعمال ہوتا ہے ۔ نیز Xanthophyll-اجسام اصفر سے تیار کی
جانے والی مہیّج دوا ۔

luteinize, v.t. جسم اصفر بنانا ۔ (فعل لازم)
جسم اصفر میں تبدیل ہونا ۔

luteinization, n. تصفیریت ؛ جسم اصفر میں تبدیلی ۔

luteinizing hormone, n. غدۂ نخامیہ کی ایک رطوبت جو فقاری حیوانات کے تولیدی اعضا کو تحریک دیتی ہے ۔

luteolin, n. (کیمیا) لیوٹولن ؛ ایک گہرا زرد مرکب جو خاص طور پر ریشم رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

luteous, a. زردی مائل ؛ سبزی مائل زرد رنگ کا ۔

lutestring, n. ایک چمکیلا ریشمی کپڑا جو پہلے زنانہ لباس کے لیے استعمال ہوتا تھا ؛ ایک چمکیلا تنگ بھاری فیتہ ۔

lutetium, lutecium, n. (کیمیا) لیوٹیشیئم ؛ نایاب ارضی سلسلے کا ایک دھاتی عُنصر ۔

Lutheran, a. لوتھری ؛ جرمن مذہبی مصلح مارٹن لوتھر (۱۴۸۳ء تا ۱۵۴۶ء) سے متعلق یا اس کے عقیدہ کے بارے میں ؛ لوتھری کلیسا سے متعلق ۔ (اسم) لوتھر کا پیرو ؛ لوتھر کے عقیدے کا پابند ؛ لوتھری کلیسا کا رکن ۔

Lutheranism, Lutherism, n. لوتھریت ؛ لوتھر کا عقیدہ یا مذہب ۔

luting, n. مٹّی سے مشابہ گچ ۔ دیکھیے : Lute ۔

lutist, n. بربط نواز ؛ بربط ساز ۔

lux, meter-candle, n. (بصریات) ضوئیہ ؛ نورانیہ ؛ روشنی کی ایک اکائی جو ایک لیومن (نورانیہ) فی مربع میٹر کے مساوی ہے ؛ میٹر قندیل ۔

luxate, v.t. (تشریح الاعضا) کسی جوڑ کو اُتارنا (اپنی جگہ سے ہٹانا) ، کسی جوڑ کو بطور عضو بے جگہ کرنا یا اُتارنا ؛ بے ٹھکانے کرنا ۔

luxation, n خلع مفصل ؛ موچ ۔

luxe, n. عیش ؛ شان ؛ تکلّف ؛ نفاست ۔

luxuriant, a. گھنا ؛ کثیر ، فراواں جیسے سبزہ ؛ برگ و بار ؛ آزادانہ یا بکثرت اُگنے یا بڑھنے والا ؛ بکثرت ؛ زیادہ ، بیش از بیش ؛ رنگین ، چمکدار ؛ بھبھوکا جیسے مجسمے یا آرایش وغیرہ ؛ مزیّن جیسے زیورات ۔

luxuriance, luxuriancy, n. کثرت ؛ فراوانی ؛ گھنا پن ؛ فراوانئ پیداوار ۔

luxuriantly, adv. بہ افراط ؛ بہتات سے ؛ کثرت سے ، فراوانی سے ۔

luxuriate, v.t. بے روک ٹوک مشغول ہونا یا عیش کرنا (in کے ساتھ) ؛ فراوانی سے اُگنا ؛ عیش کی زندگی بسر کرنا ؛ مزے اُڑانا ؛ خوشی تلاش کرنا یا خوش ہونا ؛ مبالغہ کرنا (جیسے : to luxuriate in praise) ۔

luxuriation, n. عیش پرستی ۔

luxurious, a. نفس پرست ؛ شہوتی ؛ کثیر ؛ فراواں ؛ ثروت مند ؛ عیش پسند ؛ مزے لینے والا ؛ آسایش پسند ؛ پُر شوکت ؛ ٹھاٹ کا ؛ بہت آراستہ و پیراستہ (جیسے : a luxurious style of writing) ۔

luxuriously, adv. کثرت سے ؛ فراوانی سے ؛ عیش سے ؛ تکلّف سے ؛ بہ عیش و عشرت ؛ آرام سے ۔

luxuriousness, n. فراوانی ؛ عیش پسندی ۔

luxury, n. تعیّش ؛ تکلّف ؛ کوئی غیر ضروری چیز جو عموماً قیمتی یا کم یاب ہو اور ذاتی طور پر تسکین بخش ہو ؛ ایسی غیر ضروری چیزوں میں آزادانہ اور متواتر مشغولیت ؛ عیش و عشرت ؛ عیّاشی ؛ شہوت پرستی ۔

lycanthropy, n. گُرگ خوئی ؛ پاگل پن کی ایک قسم جس میں مریض خود کو بھیڑیا سمجھتا ہو ؛ انسان کی بھیڑیے کی شکل میں افسانوی تبدیلی ؛ قطرب زدگی ؛ گرگ شدگی ۔

lycanthrope, n. قطرب زدہ ؛ گرگ خُو ؛ جس شخص میں بھیڑیے کی علامات پائی جائیں ؛ بھڑ مانس ۔

lycanthropic, a. گُرگ خوئیانہ ؛ مرض گرگ خوئی سے متعلق ۔

lycee, n. فرانس میں سرکاری ثانوی مدرسہ جس میں طلبہ کو جامعہ کی تعلیم کے لیے تیّار کیا جاتا ہے ۔

lyceum, n. درسگاہ ؛ عوامی درس گاہ ؛ لائیسم ؛ وہ تنظیم یا عمارت جو کھیلوں ، تقریروں ، مجلسوں اور مباحثوں کے ذریعے مقبول عام تعلیم کے مقصد کی خاطر قائم ہو ۔ (بڑے L سے) مسقف روشوں والا ایتھنز کا ایک باغ جہاں ارسطو کا مکتبِ فلسفہ قائم تھا ؛ ندوۂ علمیہ ؛ دارالفنون ؛ درسگاہ ارسطو ۔

lychee, n. دیکھیے : Litchi ۔

lych gate, n. دیکھیے : Lich gate ۔

lychnis, n. (نباتیات) وردہ ؛ اسی نام و جنس کے مختلف بھڑکیلے پودوں میں سے کوئی ایک جیسے کورونیریا (coronaria) اور کیلسی ڈونیکا (calcedonica) یہ پھولوں کے باغ میں عام پائے جاتے ہیں ، ان کے پھول قرمزی سے گلناری رنگ تک کے ہوتے ہیں ؛ جنس کپا ؛ حشیشۃ السراج ۔

lycopodium, lycopod, n. (نباتیات) رصن ؛ نبات کبریت ؛ لائیکو پوڈیم ؛ گرگ پایہ ؛ جنس رصن کا کوئی پودا جیسے کَلَب موس (Club moss) اور گراؤنڈ پائن (ground pine) ، جس کا ڈنٹھل سیدھا کھڑا یا بیل کی مانند اور پتّے نم گیاہ کی طرح سدا بہار ہوتے ہیں ، پہلے یہ کرسمس کی آرایش میں استعمال ہوتا تھا ۔

lycopodium powder, سفوف رَصَن ؛ ایک باریک زرد سفوف جو رصن کے بذروں سے بنایا جاتا ہے اور دوا سازی نیز آتشبازی میں مستعمل ہے ۔

lyddite, n. (کیمیا) لڈائٹ ؛ ایک دھماکا پیدا کرنے والا مادّہ جو پکرک ایسڈ (picric acid) سے تیار کیا جاتا ہے ۔

lye, n. قلیاب ؛ بغاوہ ؛ لائی ؛ القلی کا محلول جو لکڑی کی راکھ کی ترویق سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ کوئی طاقت ور القلی کا محلول جیسے پوٹاشیم اور سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ جو عموماً دُھلائی یا صابون سازی میں استعمال ہوتا ہے ؛ سجی کا پانی ؛ سجی دار پانی ۔

lygus bug, n. (حشریات) پتّوں کے لیے مضر کیڑوں کی مختلف انواع میں سے کوئی ایک ، جو پتوں کا رس چوستے ہیں ۔

lying, n. دانستہ دروغ گوئی ۔ (صفت) جھوٹا ، دروغ گو ۔

lying-in, n. زچگی ؛ بچّے کی ولادت کے دوران اور اس کے بعد عورت کی حالت یا گوشہ گیری ۔ (صفت) بچّے کی ولادت سے متعلق ۔

lymph, n. (فعلیات) لمف ؛ خلطِ مائی ؛ صاف قابل انجماد جسمانی رطوبت جو نخزمایہ (plasma) اور سفید

جسیمہ (corpuscle) پر مشتمل ہوتا ہے اور لِمفی نالی کے نظام میں جاری ہوتا ہے ؛ اس طرح کی کوئی رطوبت جو متورم مقام سے خارج ہوتی ہے ؛ مُصل ؛ پنچھا ۔

lymphoid, a. لِمف سے مشابہ ؛ لمفی غدہ نُما ۔

lymphadenitis, n. (امراضیات) لمفی غدود کے سوزش ۔

lymphatic, a. (تشریح الاعضا) بلغمی مزاج ؛ لمف سے متعلق یا اس کا حامل ؛ کاہل مزاج اور سُست عمل ؛ لمفاوی مزاج ؛ لمفاوی؛لمفی ؛ لمف زا ۔ (اسم) لمفی نالی ؛ شریان لمفی ؛ عِرقِ لمفی ؛ پچھے دار رگ ۔

lymphatically, adv. کاہلی سے ؛ سُستی سے ۔

lymph cell, lymph corpuscle, n. لمفی خلیہ ؛ لمف میں پایا جانے والا خلیہ ۔

lymph gland, lymph node, n. لمفی غدہ ؛ لمفی غدود ؛ لمفی نسیج کے متعدد غدی مادّوں میں سے کوئی ایک ، جو لمفی نظام میں بکھرے ہوئے ہیں اور جو لمفی خلیے پیدا کرتے ہیں ۔

lymphoblast, n. (فعلیات) لمفی نہوض ؛ ایک نا پختہ خلیہ جو لمفی خلیہ بن جاتا ہے ۔

lymphoblastic, a. (فعلیات) لمفی نہوض سے متعلّق ۔

lymphocyte, n. (فعلیات) لمفی خلیہ ؛ لمفی غدود ؛ خون کے سفید جسیموں میں سے، کوئی ایک، جو لمفی نسیجوں کی شکل اختیار کرلیتے ہیں ۔

lymphocytic, a. لِمفی خلیے سے متعلّق ۔

lymphocytosis, n. (امراضیات) خون کی وہ حالت جب اس میں لمفی خلیوں کی تعداد متجاوز ہو جاتی ہے ۔

lymphocytotic, a. خون میں لمفی خلیوں کی زیادتی سے متعلق ۔

lymphogranuloma, n. (امراضیات) لمفی خلیے کی سوزش ؛ ایک جنسی مرض جس میں لمفی غدود متورم ہو جاتا ہے ۔

lymphogranulomatosis, n. لمفی نسیج کی سوزش کا مرض ؛ ایک خبیث مرض جس میں لمفی نسیج متورم ہو جاتی ہے ۔

lymphoma, n. لمفی نسیج کی رسولی ۔

lymphomatoid, a لمفی نسیج کی رسولی سے متعلق ۔

lymphomatosis, n. لمفی غدود کا مرض ۔

lymphomatous, a. لمفی نسیج کی بیماری سے متعلق ۔

lymphopoiesis, (امراضیات) لمفی نسیج کی تشکیل ۔

lymphopoietic, a. لمفی نسیج کی تشکیل سے متعلق ۔

lyncean, a. سیاہ گوش/بَن بلاؤ سے متعلق ؛ تیز نگاہ ؛ تیز نظر ۔

lynch, v.t. اختیار اور قانونی عمل کے بغیر لوگوں کا کسی کو پھانسی دے کر یا جلا کر موت کی سزا دینا ۔

lyncher, n. قانونی عمل واختیار کے بغیر جان سے مارنے والا ۔

lynching, n. قانونی عمل واختیار کے بغیر ؛ جان سے مارنے یا مشتعل ہجوم کا کسی کو ہلاک کرنے کا عمل ۔

lynx, n. سیاہ گوش ؛ بَن بلاؤ ، جنگلی بِلاّ ؛ یورپ ، ایشیا اور امریکا کی درمیانے قد ، لمبی ٹانگوں ، بہت چھوٹی دم ، گچھیلے کان اور کنٹھے دار گالوں والی متعدد بلیوں میں سے کوئی ایک بالخصوص کینیڈا اور امریکا کی گربۂ سیاہ گوش ۔ (بڑے L سے) (فلکیات) ایک شمالی چھوٹا مجمع النجوم جو دُبِّ اکبر اور ممسک العنان (Auriga) کے درمیان ہے ۔

lynx-eyed, n. تیز نظر ؛ تیز نگاہ ۔

lyonnaise, a. (طبّاخی) پیاز سے تیار کیا ہُوا (جیسے: lyonnaise potatoes) ؛ پیازہ ۔

lyophilic, a. (کیمیا) پاشیدگی پسند ؛ اس لسونتی مادہ پر دلالت کرنے والا جس کی فوری طور پر ترسیب نہ ہو سکے کیونکہ وہ اپنے انتشاری مادے (dispersion medium) کے ساتھ شدت سے پیوستہ ہوتا ہے ۔

lyophilization, n. (حیاتی کیمیا) حیاتیاتی مواد کو خلا میں منجمد کرکے خشک کرنے کا عمل ۔

lyophilize, v.t. حیاتیاتی مادہ کوخلا میں منجمد کرکے خشک کرنا ۔

lyophobic, a. (کیمیا) پاشیدگی گریز ؛ لَسونتی ذرّات اور تعلیقی مادے (suspension medium) میں کمزور تعلق کا مظہر ؛ تحلیل ترس ؛ حل گریز ۔

lyrate, lyrated, a. (حیوانیات) بربطی ؛ بربط نُما ، جیسا کہ بعض پرندوں کی دُم ہوتی ہے ۔ (نباتیات) اس پتے کے متعلق جو عرضاً متعدد گوشوں میں منقسم ہو اور جڑ میں نہایت چھوٹا ہو ؛ بربط شکل ۔

lyre, n. بربط ؛ بِین ؛ سُرود ؛ قدیم یونان کا کھوکھلے جسم اور دو منحنی بازوؤں پر مشتمل ایک بربط نما ساز جو چوٹی کے قریب آڑے ٹکڑے سے مربوط ہوتا تھا جس پر سے کھینچے ہوئے تار نیچے آتے تھے اور یہ گانے میں آواز کی سنگت کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔ (فلکیات) شمالی مجمع النجوم ؛ شلیاق ۔

lyrebird, n. بربط دُمہ ؛ دو آسٹریلوی نغمہ زن پرندوں میں سے کوئی ایک جن کا تعلّق جنس مینورا (menura) سے ہے ، ان کا یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ نر اختلاط کے وقت اپنی بربط نُما دُم کی نمایش کرتا ہے ۔

lyric, a. (شاعری) بربطی ؛ غنائی ؛ گیت یا نغمہ کی غنائی ہیئت اور وصف کی حامل ؛ جس سے شدید ذاتی جذبات کا اظہار ہو ؛ سُرودی ۔ (موسیقی) جس میں آواز کا ہلکا پن پایا جائے جیسے بلند سُروں میں ؛ بربط سے متعلق یا اس کے لیے وضع کردہ یا اس کے ساتھ گایا جانے والا یا ایسی نظمیں کہنا جو بربط کی سنگت میں گائی جا سکیں ؛ غزل گوئی ۔ (اسم) غنائی نظم ؛ غزل ۔ (عموماً جمع) گیت کا مضمون یا متن ۔

lyrical, a. غنائی ؛ بربطی ؛ سُرُودی ۔

lyrically, adv. غنائی طور پر ؛ بربطی انداز میں ۔

lyricalness, n. غنائیت ؛ بربطیت ۔

lyricism, n. نغمے کی مانند کردار یا اسلوب ، جیسے شاعری میں ؛ ذاتی احساسات کا فنکارانہ اظہار ؛ نغمگی ؛ بربطیت ؛ غنائیت ؛ تغزّل ؛ غنائی طرز ادا ۔

lyricist, n. غنائی شاعر ؛ غنائی نظمیں لکھنے والا ؛ بربط نواز ۔

lyrism, n. نغمگی ؛ نغمہ گری ۔

lyrist, n. بربط نواز ؛ غنائی شاعر ۔

lyse, v.t. (حیاتی کیمیا) خلیہ پاش مادّے